سوال نہیں، حقیقت یہ ہے کہ تضمین اور تخلیق میں بیر ہے۔ تضمین مستقل نظم کی حیثیت سے غالب کے فن سخن میں گویا صنف ممنوعہ ہے۔ انہوں نے صرف نعت گوئی کیلئے اپنا یہ اصول توڑا ہے۔ قدسی کے کلام پر تضمین کرنا غالب کے لئے ایک نہایت تنگ میدان میں شہسواری کے کمال دکھانے کے مترادف تھا، مگر اس با کمال شاعر نے تضمین لکھی ہے تو اسے بھی ایک ادبی تخلیق کی عظمت بخش دی ہے اور تضمین کی بندشوں کے باوجود اپنے فنی معیار کو قائم رکھا ہے۔

خازن جوهر عرفان خدا حضرت رمز
جس کی پیشانی سے ظاہر تھے فیوض ابدی

منبع فضل و کرم معدن فیاض ازل
ساقی میکدۂ علم و ہنر صہبائی

پانچویں شعر میں غالب کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے۔

شیر میدان سخن غالب یکتائے زمن
فخر خوش فہمی و خوشگوئی و شیرین سخنی

مومن کا ذکر دسویں شعر میں یوں آتا ہے:

مومن و مضطر و مدھوش و حیات و حیدر
بسمل و طالب و آشفتہ و اسحق و غنی

ظفر، مومن،[1] مجروح، شہید اور صہبائی کی تضمینیں ان کے اپنے اپنے مطبوعہ مجموعوں میں موجود ہیں، اس لئے ہم صرف غالب کی تضمین پیش کر رہے ہیں۔ تضمین غالب کے ادبی آثار میں ایک نادر چیز ہے۔ ان کے بعض ممتاز معاصرین نے ان کے کلام پر تضمین کی، مگر ان کی فنی غیرت نے کبھی گوارا نہیں کیا کہ وہ بھی کسی کے کلام پر تضمین کریں۔ معاصرین تو کجا انہوں نے متقدمین کے کلام پر بھی تضمین نہیں کی۔ بات یہ ہے کہ تضمین نگار ایک ادبی طفیلیہ ہوتا ہے اور ادبی طفیلیہ ہونا ان کی اجتہادی شان کے خلاف تھا۔ اور تو اور، ان کے خسر نواب الہی بخش خان معروف نے ان کی دو غزلوں کی تضمین کی، مگر انہوں نے اخلاقاً بھی کبھی ایسا نہیں کیا کہ ان کی ایک آدھ غزل پر تضمین کر دیں۔ اور فنی خودداری ہی کا

---

۱ - مجموعے کی طباعت سے پہلے ان کی وفات ہوچکی تھی۔

حدیث قدسی کے تضمین نگاروں میں بہادر شاہ ظفر، غالب، مومن، مجروح صہبائی، غلام امام شہید اکبر آبادی اور حکیم آغاجان عیش کے علاوہ مرزا محمد سلطان فتح الملک رمز (ولیعہد بہادر شاہ ظفر) صاحب عالم مرزا رحیم الدین حیا، صاحب عالم مرزا فخر الدین حشمت ابن مرزا معظم بخت بہادر، مرزا محمد شہیر الدین مغل مرزا قادر بخش صابر، مرزا قادر شکوہ شکوہ، نواب مرزا والا جاہ بہادر لکھنوی المتخلص بہ عاشق، مرزا عالیجاہ بہادر لکھنوی المتخلص بہ شیدا، محمد عبداللہ علوی، احمد حسن وحشت، سید امیر مرزا خورشید، مرزا رحیم بیگ رحیم میرٹھی، (مؤلف ساطع برہان) حزین شاگرد عارف، مولا بخش قلق میرٹھی منشی عزت سنگھ عیش، سندر لال شگفتہ لکھنوی اور بدر الدین مہر کن نقشی تخلص قابل ذکر ہیں۔ یہ وہی بدرالدین ہیں جن سے غالب مہریں بنوایا کرتے تھے۔ مہر کنی کی مناسبت سے یہ نقشی تخلص کرتے تھے اور اپنی مہر کنی کا التزام انہیں اس درجہ ملحوظ تھا کہ انہوں نے اپنی تضمین اس مصرعے سے شروع کی ہے ع

اے نگین ختم اللہ تو ہے ختم نبی

'حدیث قدسی' کے مرتب قاضی محمد عمر نے ایک غزل جس میں دو اس مجموعے کے آخری صفحات میں درج ہے تضمین نگاروں کے تخلص نظم کئے ہیں۔ شروع کے چار شعر یہ ہیں:-

آج پھر بزم سعادت کی ہے ترتیب نئی
جمع ہوتے ہیں سبھی مدح سرایان نبی

گوہر مملکت و سایۂ حق مہر عطا
شاہ ذی جاہ ظفر مظہر نور قدسی

دلی کے ایک نعتیہ مشاعرے کی تضمینیں

سعدی کے نعتیہ قطعے کی طرح شاہجہانی دربار کے ملک الشعراء قدسی کی نعتیہ غزل کو جو شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی اس کا کچھ اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس غزل کی اب تک سینکڑوں تضمینیں ہوچکی ہیں ۔ مجھے اس سلسلے میں ان تضمینیں کے صرف ایک مجموعہ کا ذکر کرنا ہے جسے قاضی محمد عمر ساکن دھلی نے ۱۸۵۶ء کے اواخر مین 'حدیث قدسی' کے نام سے مرتب کیا تھا ۔ مگر اس کی طباعت ایک مدت بعد ہوئی ۔ یہ مجموعہ دلی کے ایک نعتیہ مشاعرے کا گلدستہ ہے جو ۵۷ء کے ہنگامے سے پہلے کا غالباً آخری نعتیہ مشاعرہ تھا ۔ اس مجموعے کی اہمیت اس سے اور بھی بڑھ جاتی ہے کہ غالب کی بھی فارسی تضمین اس میں شامل ہے، جو ان کے مطبوعہ کلام میں موجود نہیں نہ ان کے کلیات نظم کے معلومہ قلمی نسخوں میں ہے ۔ البتہ سبد باغ دودر، ۱ اور بیاض ۲ فرحت، میں موجود ہے ۔ اس طرح اس تضمین کے استناد کے بارے میں یہ دونوں قلمی نسخے 'حدیث قدسی' کی تصدیق کرتے ہیں اور 'حدیث قدسی' سے ان دونوں قلمی نسخون کی تصدیق ہوتی ہے ۔ ان تینوں ماخذوں میں تضمین کا متن صرف دو تین جگہ مختلف ہے، مگر یہ اختلاف سہو کاتب تک محدود ہے ۔

---

۱ ۔ بحوالہ صفحہ ۷

۲ ۔ عہد غالب کی ایک قلمی بیاض جس میں صرف غالب کا فارسی کلام ہے ۔

۴ - قدسی سبزواری میر حسین کربلائی — دهم

۵ - قدسی تفرشی، میر محمد حسن — دهم

۶ - قدسی باکوبی، عباس قلی آقا — سیزدہم

راقم نے غالب کا یہ خمسہ رسالہ 'آج کل، نشریہ دہلی ۱۵ فروری ۱۹۴۷ء میں ایک تعارفی مضمون کے ساتھ شایع کیا تھا جسے ذیل میں درج کیا جاتا ہے:

قدسی کا مقطع: اس نعت کے مقطع میں طبیب قلبی کو باضافت فارسی پڑھا جاتا ہے، حالانکہ یہ غلط محض ہے باضافت عربی پڑھنا چاہئے طبیب کی ب کو پڑھنا چاہیے -

مجموعہ علی گڑھ : ۵، ۶؛ سبد چین غ : ۱ تا ۱۷؛ سبد چین م : ۱ تا ۱۷؛ نیز ۲۰ بشمارہ ۱۸؛ باغ دو در : ورق ۳۲ ب) ۔

خمسہ

قدسی کی مشہور نعتیہ غزل جس کی یہ تخمیس ہے عام طور پر شاہجہاں بادشاہ کے ملک الشعرأ محمد جان قدسی مشہدی کی خیال کی جاتی ہے، لیکن خارجی اور داخلی شواہد اس کے خلاف ہیں ۔ کلیات قدسی مشہدی کے کسی معلومہ قلمی نسخے میں یہ نعت شامل نہیں ۔ اس کے علاوہ اس کا قدیم ترین ماخذ تیرھویں صدی ھجری سے پہلے کا نہیں ۔ پھر اس کا اسلوب اور کہیں کہیں زبان بھی ہندی نژاد شاعر کی معلوم ہوتی ہے مثلاً 'رحم فرما'، 'درین ملک عرب' سے مترشح ہوتا ہے کہ شاعر نے یہ نعت ملک عرب میں، غالباً مدینہ منورہ کے ایام تشرف میں کہی ہے ۔

ممکن ہے یہ نعت پاک و ہند کے تیرھویں صدی کے ایک شاعر سید محمد خان قدسی الہ آبادی کی ہو، جن کا ذکر تذکرۂ 'روز روشن' (ص ۶۶۳) میں ہے ۔

قدسی مشہدی اور قدسی الہ آبادی کے علاوہ قدسی تخلص کے دوسرے فارسی شعرأ جو سولھویں صدی یا اس سے پہلے کی صدی کے نصف اول میں ہوئے ہیں حسب ذیل ہیں ۔ (دیکھیں فرہنگ سخنوران) ۔

	صدی
۱ ۔ قدسی ہروی ؟	نہم ھجری
۲ ۔ قدسی نقارچی (ندیمی نقارہچی)	نہم
۳ ۔ قدسی گیلانی مولانا محمد مراد	دھم

۱۸ : غالب کی دھلی میں نرایئنداس نام کے تین صاحبان نمایاں حیثیت رکھتے ھیں ۔ ان میں سے دو غالب کے ساتھ 'دھلی سوسائٹی، کے رکن تھے، نرایئنداس نہر والا اور نرایئنداس گڑ والا ۔ تیسرے نرایئنداس کے بارے میں 'یادگار دھلی، میں ھے کہ پان بنانے میں دھلی کے باکمال لوگوں میں سمجھے جاتے تھے اور ان کی پان کی دوکان بلیماران میں تھی، لیکن 'بلیماران، کے زیادہ قرین قیاس حوالے کے باوجود راقم کا خیال یہ ھے کہ یہ رباعی نرایئنداس نہروالا کے لئے کہی گئی ھو گی جو دھلی سوسائٹی کے رکن تھے ۔ اُن کا نام پہلی مرتبہ سوسائٹی کے ۱۰ اکتوبر ۱۸۶۵ء کے جلسے کے حاضرین میں ملتا ھے (رسالہ دھلی سوسائٹی، نمبر ۱) ۔ غالب پہلے سے رکن تھے اور ۱۱ اگست ۱۸۶۵ء کے جلسے میں شریک ھوئے تھے ۔ راقم کے اس قیاس کی بنیاد رباعی کے چوتھے مصرعے کا لفظ 'بند ھے، جو جاننے والے کے اور ممدوح کے ذھنی سابقے یعنی 'نہر والا، کی رعایت سے لایا گیا ھوگا ۔ یہ رباعی اسی زمانے یعنی ۱۸۶۵ء یا ۱۸۶۶ء کی معلوم ھوتی ھے ۔

۲۰ : سید سے مراد سورت کے نواب سید ابراھیم علی خاں وفا ھیں ۔ غالب نے یہ رباعی اور ایک قطعہ جو باغ دودر کا قطعہ ۳۳ ھے (دیکھیں باغ دودر ص ۹۲؛ تحقیق نامہ ص ۱۸۹) اپنے خط (خطوط، مہر، ص ۴۰۲، خط ۷؛ اردوے معلی، حصہ اول ص ۱۸۰) کے ساتھ بھیجی تھی، جس کی تاریخ کے بارے میں جناب غلام رسول مہر نے نشاندھی کی ھے کہ اگست ۱۸۶۸ء کے بعد کا ھونا چاھئے ۔ (دیکھیں مذکورہ خط کا حاشیہ، ص ۴۰۲) (اضافات ج : رباعیات کے حصے میں ۱ تا ۲۰ اسی ترتیب سے؛

رامپور کتابت شدہ ۱۸۶۱ء میں رباعیات میں دوسری ہے، لیکن نسخۂ طبع ۱۸۶۳ء میں شامل نہ ہوسکی ۔

۸ : 'جاور گردش'، دساتیری لفظ ہے بمعنی 'انقلاب'، اس لفظ کے یہ معنی کلیات نثر غالب طبع ۱۸۶۸ء میں دستنبو کی فرہنگ میں بھی بتائے گئے ہیں ۔ یہ رباعی دستنبو (کلیات نثر غالب ص ۱۹۵) میں درج ہے ۔ انقراض بادشاہی اودھ کے بیان میں آئی ہے ۔

۹ : دوسرے شعر کا مضمون فردات میں فرد : ۱۱ میں بھی آیا ہے ۔ یہ رباعی دستنبو (کلیات نثر غالب، ص ۲۰۳) میں درج ہے ۔ چہارشنبہ ۲۴ فروری ۱۸۵۸ء کو سر جان لارنس، چیف کمشنر کی دہلی میں آمد پر کہی گئی تھی ۔

۱۰ : اس رباعی کے ممدوح دہلی کے لالہ مہیش داس پسر چھوڑامل ساہوکار ہیں ۔ یہ نواب امین الدین احمد خاں کے خاص احباب میں تھے ۔ غالب سے مراسم اسی راہ سے ہونگے ۔ آنکی ولدیت اور یہ بات کہ نواب کے خاص دوست تھے راقم کو نواب شمس الدین مرزا برلاس لوہاروی کی بیاض سے معلوم ہوئی ۔ لالہ مہیش داس دہلی کے آنریری مجسٹریٹ اور دہلی سوسائٹی کے رکن تھے جسکے ارکان میں ۱۱ اگست ۱۸۶۵ء سے غالب بھی تھے (رسالہ دہلی سوسائٹی، نمبر ۱، بابت ۱۸۶۶ء) ۔ یہ رباعی دستنبو (کلیات نثر ص ۲۰۵) میں لالہ صاحب کے بارے میں ان الفاظ کے ساتھ درج ہے : ''خوی آن داشتمی کہ بشب جز فرغ ہیچ نخوردمی و اگر آن نیافتمی خوابم نبردی ۔ دربن ہنگام کہ بادۂ فرنگ در شہر بسیار گرانست و من پر تہیدستم اگر جوانمرد خدا دوست خدا شناس دریا دل مہیش داس [بہ تصیحیح] بفرستادن بادۂ شکری ہندی کہ در رنگ با فرنچ برابر و در بوی [بہ تصحیح] ازان خوشتری برآتش آب نزدی جان

رباعیات

۱ : یہ رباعی نواب ضیاالدین احمد خان نیر رخشاں کے پوتے یعنی نواب شہاب الدین خان ثاقب کے صاحبزادے کے لئے لکھی گئی تھی، شاید نواب شجاع الدین خان تاباں کے لئے۔

۳ شاید یہ رباعی اور رباعی : ۵ بتقریب نوروز مشہور شاہزادے فیروز بخت کے لئے لکھی گئی ہو۔

۴ : 'ماندیم'۔ ماندن بطور مصدر متعدی متقدمین کے ہاں ملتا ہے؛ لیکن متأخرین خاص طور سے 'سبک ہندی' کے ممتاز شعرا کے متروکات میں سے ہے۔ یہاں مخل فصاحت ہے۔ ماندن، بمعنی 'رکھنا' اور چھوڑنا، ایرانی محاورے میں اب متروک ہے، البتہ افغانستان میں اب بھی بولا جاتا ہے۔

۵ : دیکھیں رباعی : ۲ کی مندرجہ بالا تعلیق

۶ : یہ رباعی، جیسا کہ واضح ہے، مرزا شاہرخ (متوفی۱۸۴۷ء) کے لئے لکھی گئی تھی، دیکھیں تحقیق نامہ، ص ۲۰ و ص ۳۲۔) اور غالب کے دیوان فارسی، نسخہ بانکی پور، کتابت شدہ ۱۲۵۴ھ مطابق جولائی ۱۸۳۸ء کے ورق ۱۳۲ب پر بائیں طرف کے حاشیے میں درج ہے۔ دیوان فارسی مطبوعہ ۱۸۴۵ء اور کلیات نظم فارسی مطبوعہ ۱۸۶۳ء میں شامل نہ ہوسکی۔

۷ : یہ رباعی دیوان غالب کے نسخۂ بانکی پور کتابت شدہ ۱۲۵۷ھ مطابق ۱۸۴۱ء نیز نسخہ ۱۸۴۵ء (طبع دارالسلام) اور نسخہ

فردات

۱ : اس زمین میں غالب کے بعض پیشروؤں کی غزلیں ہیں
مثلاً ظہوری :

زود خوش نیست که قاتل ز مقابل برود
بایدش بود که جان از تن بسمل برود

نظیری :

کس چو من نیست که پیش نظر از دل برود
غایب از دیده نگردد ز مقابل برود

فیضی :

همچو من گرم روی کو که ره دل برود
ناقه را پی کند و آن سوی منزل برود

۲ : یه شعر اور فردات کا بارھواں شعر دونوں اس ترجیع بند کے ہیں، جو وائسرائے اور گورنر جزل سر جان لارنس کی مدح میں ہے اور سبد چین (غ نیز م) اور باغ دودر میں شامل ہے۔ (دیکھیں ہماری تعلیقی توضیح ص ۱۹٦ پر)۔ ان دو اشعار کا فردات میں درج کرنا سہواً نہیں معلوم ہوتا، بلکہ شاید متعلقہ تقریبات کے موقعوں پر ان کے کتبے لکھ کر لگائے گئے ہوں گے۔ انگریزی حکام کی توجہ اور خوشنودی کے لئے ان کا نمایاں کرنا یعنی فردات کے طور پر درج کرنا مناسب تھا۔

۳ : ۱۸٦۴ء میں ۱۵ اکتوبر کو وائسرائے سر جان لارنس نے، جو کلکتے سے شملے منتقل ہوگئے تھے اور انھوں نے شملے کو اپنا صدر

نفتہ کے نام ایک دوسرے خط میں (ایضاً، خط ۲۱) غالب نے لکھا ہے ''عارف علی شاہ خراسانی نے اسی مطلعے پر . . . تین اعتراض کئے تھے : پہلا، نقاب کے ساتھ عارض و رخ کا ذکر بھی ضرور تھا، وہ نہیں ہے ۔ دوسرا، گنج تو ویرانے ہی میں ہوتا ہے، پھر اس پر تاسف ہی کیا، جو کہتے ہیں 'تاکے؟'، تیسرا، 'ویرانہ' کو 'خرابہ' کہتے ہیں نہ 'خراب'، اور ان اعتراضوں کے بعد انہوں نے دخل کیا تھا :

از جسم بجان حجاب تاکے
گل بر رخ آفتاب تاکے''

تفتہ ہی کے نام ایک اور خط میں غالب نے اس مطلعے کا مفہوم بتایا ہے اور اعتراضات کے جواب کی تکمیل کی ہے (دیکھیں خطوط، مہر، ص ۳۴۳ و ۳۴۴، خط ۲۲) ۔

یہ غزل غالب نے اپنے اردو خط مورخہ ذی الحجہ ۱۲۷۷ھ (جون ۱۸۶۱ء) کے ساتھ نواب علاؤالدین احمد خان علائی کو بھیجی تھی ۔ اسی سال کہی ہوگی ۔ یہ غزل کلیات نظم فارسی (مطبوعہ ۱۸۶۳ء) میں شامل نہ ہوسکی ۔ ۱۸۶۷ء میں سبد چین میں شائع ہوئی ۔ (خطوط مہر، ص ۲۹۲، اردوئے معلی حصہ اول، ص ۱۰)

(سبد چین غ : غزل ۷، سبد چین م : غزل ۷ باغ دو در : ورق ۳۰ـالف) ۔

غزل : ۱۱

بے خبر کے نام ۱۸۶۶ء کے ایک خط میں غالب نے لکھا ہے
''میں نے سات شعر امیر خسرو کی غزل پر لکھ کر مطرب کو دئے،
وہ مجلسوں میں گانے لگا ۔ اکبر آباد، لکھنؤ تک مشہور ہوئے ۔
وہ غزل جس کا مطلع یہ ہے :

از جسم بجان نقاب تاکے　　این گنج درین خراب تاکے

ایک صاحب آگرے میں اور ایک صاحب لکھنؤ میں معترض ہوئے
کہ 'گنج در خرابہ باید نہ در خراب'۔ ہر چند کہا کہ 'خرابہ'
مزید علیہ اصل نعت 'خراب' عربی الاصل بمعنی ویران و ویرانہ ہے،
جس کی ہندی اوجڑ ، معترض مصر رہا ۔ صائب کے دیوان میں سے
یہ مطلع نکلا :

بہ فکر دل نہ فتادی بھیچ باب دریغ
بہ گنج راہ نہ بردی درین خراب دریغ

(خطوط، مہر، ص ۳۰۲، خط ۲۰،

امیر خسرو کی غزل اس زمین میں در اصل باختلاف قافیہ ہے
جس کا مطلع ہے :

ای معدن (۱) ناز ناز تاکی　　برما در تو فراز تاکی

اور یہ بھی متداول مجموعے میں موجود نہیں ۔ دیوان خسرو
کے دو قلمی نسخوں میں ہمیں ملتی ہے (نسخہ بشمارہ Ap i VI-31
اور نسخہ بشمارہ Ap i VI-31B، پنجاب یونیورسٹی لائبریری) البتہ
عہد شاہجہانی کے شاعر فایز دہلوی کے کلیات میں بالکل اسی زمین
کی غزل ملتی ہے (کلیات فایز، ورق ۳۸۸ ب)

---

(۱) نسخہ بدل : مایہ

غزل : ۹

۸ نیز مقطع : 'حضرت اعلی' سے مراد شاید نواب افضل الدولہ والی دکن ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ غزل قصیدہ : ۲ کے ساتھ بھیجی گئی ہوگی۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۹۳، سبد چین غ : غزل ۹، سبد چین م : غزل ۹، باغ دو در : ورق ۳۰ – الف)۔

غزل : ۱۰

نواب علاؤالدین احمد خان علائی کی بیاض میں ایک خط نقل ہوا ہے جو غالب نے نواب امین الدین احمد خان کو بھیجا تھا۔ اس خط کے ساتھ غالب نے یہ غزل بھیجی تھی اور اس کے بارے میں خط میں لکھا تھا "برادر پرورا . . . این غزل بجواب غزل حزین است، هله من جان جہانم تنه ناهایا هو . . ." اس بیاض کا حوالہ اور مذکورہ خط کا اقتباس راقم نے دہلی میں محترمہ حمیدہ سلطان صاحبہ کی وساطت سے جناب مرزا شمس الدین برلاس لوہاروی کی بیاض سے لیا تھا۔

'تنہ ناهایا ہو' غالب نے تفتہ کے نام ایک خط میں لکھا ہے "تم نے 'تن تن' کا ذکر کیوں کیا ؟ میں نے اس باب میں کچھ نہ لکھا تھا ، 'تن تن' اور 'تننننا' اصوات ہیں تار کے، ہندی اور فارسی میں مشترک۔" (خطوط مہر، بنام تفتہ شمارہ ۱۱۵)

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۰۰، سبد چین غ : غزل ۱۰، سبد چین م : غزل ۱۰، باغ دو در: ورق ۳۰ – الف)۔

اس میں جو طعن و تعریض ہے وہ مبری ہی نسبت ہے ۔،، (ایضاً ص ۴۰)
اس کے بعد یہ غزل درج کی ہے ۔ بعد کی تفصیل کے لئے دیکھیں
یادگار، صفحات ۱۴ تا ۴۳ ۔

مطلع : 'مقصد،۔۔۔۔۔یہ عربی لفظ بہ کسرۂ صاد ہے بمعنی منزل
مقصود ۔ فارسی میں بھی یہی تلفظ اور یہی معنی ہیں ۔ اس مطلعے
میں غالب نے مقصد کو وہ خدا کہہ کر گنجلک پیدا کر دی ہے۔
اس مقام پر یہ اشارہ بیجا نہ ہوگا کہ اردو میں مقصد بہ فتحۂ صاد
اور روز مرہ میں بمعنی مقصود مستعمل ہے ۔

۷ : 'وجودک ذنب،۔۔۔۔۔دیکھیں خواجہ حالی کی توضیح
(یادگار، ص ۱۴) ۔

۱۱ : کسانکہ۔۔۔۔۔یہ لفظ اس اسلوب بیان میں غیر فصیح ہے ۔

۱۲ : مخاطب خواجہ حالی ہیں ۔

(سبد چین غ : غزل ۱۰، سبد چین م : ۱۰، باغ دو در
ورق ۲۹-الف) ۔

غزل : ۸

یہ غزل جیسا کہ مقطعے سے بھی ظاہر ہے حافظ کے تتبع میں
کہی گئی ہے ۔ (دیوان حافظ، ص ۲۵۰)

۵ : اضافات جمیل، سبد چین کی قدیم و جدید اشاعتوں اور
باغ دو در کے مخطوطے میں 'زخم نمکدان، ہے جو صریحاً غلط
ہے ۔ اس شعر میں لف و نشر مرتب ہے؛ 'عشق، کے مقابل 'زخم،
اور استعارات دروغ، کے مقابل 'نمکدان، آیا ہے ۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۴۹۲، سبد چین غ : غزل ۵،
سبد چین م : غزل ۵، باغ دو در : ورق ۲۹ ب)

غزل : ٦

٦ : باغِ دودر کے قلمی نسخے میں دوسرے مصرعے میں 'چن' کے بجائے 'چه' ہے جو صریحاً غلط ہے ۔
(باغ دودر : ۲۹ ۔ الف)

غزل : ٧

یہ غزل غالب نے خواجہ حالی کو لکھ کر بھیجی تھی، جنھوں نے اس کی تقریب یادگار غالب (ص ۹۳) میں یوں بیان کی ہے ''ایک روز مرزا کی بزرگی، استادی اور کبرسنی کے ادب اور تعظیم کو بالائے طاق رکھ کر خشک مغز واعظوں کی طرح اُن کو نصیحت کرنی شروع کی ۔ چونکہ ان کا ثقل سماعت انتہا کے درجے کو پہنچ گیا تھا اور ان سے بات چیت صرف تحریر کے ذریعے سے کی جاتی تھی نماز پنجگانہ کی فرضیت اور تاکید پر ایک لمبا چوڑا لکچر لکھ کر اُن کے سامنے پیش کیا جس میں اُن سے اس بات کی درخواست تھی کہ آپ کھڑے ہو کر، یا بیٹھ کر، یا ایماً و اشارے سے غرض جس طرح ہوسکے نماز پنجگانہ کی پابندی اختیار کریں، اگر وضو نہ ہوسکے تو تیمم ہی سہی مگر نماز ترک نہ ہو،، یہ انھوں نے اپنا واقعہ بیان کیا ہے اور آگے چل کر اس سلسلے میں لکھا ہے '' اس کے بعد میں اُن سے رخصت ہو کر چلا آیا ۔ دوسرے روز حضرت نے ایک غزل لکھ کر میرے پاس بھیجی جس میں اگرچہ میرے نام اور تخلص کی تصریح نہ تھی لیکن اُس کے بعض مضامین اور اشارات سے معلوم ہوا کہ

۵ : 'کلاہ بر ہوا انداختن' کنایہ ہے مسرت و افتخار سے (دیکھیں وارستہ کی مصطلحات الشعرا)

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۸۷، باغ دو در : ورق ۲۸۔ الف)

غزل : ۵

یہ غزل غالب نے خواجہ غلام غوث بیخبر کو اپنے ایک خط مؤرخہ ۷ جولائی ۱۸۶۵ء کے ساتھ بھیجی تھی (خطوط، مہر، ص ۳۳۲، خط ۱۳)، جس میں لکھا تھا "بھائی امین الدین خاں کے اصرار سے خسرو کی غزل پر ایک غزل لکھی ہے۔ علاؤ الدین خاں نے اس کی نقل ان کو بھیج دی ہے۔ میں دیوان پر نہیں چڑھاتا۔ مسودہ بھیجتا ہوں۔۔۔۔" (ایضاً، ص ۳۳۴)۔

امیر خسرو کی غزل کا مطلع ہے :

ہر شبم جان بر لب آہ و نالۂ زار آورد
تا کدامین باد بوئی زان جفا کار آورد

(عناصر دواین خسرو، ص ۲۵۰)

مطلع : 'اناالله خوان' صفت مقدم ہے اور اسی طرح 'اناالحق گوی' بھی۔

۶ : باغ دو در کے مخطوطے میں مصرع اولیٰ میں 'آن کند' کے نیچے قیس اور 'این شگافد' کے نیچے فرہاد بطور توضیح درج ہے۔

۸ : 'جذبہ' بمعنی کشش۔ یہاں یہ کشش زلیخا کی طرف سے ہے۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۴۷، باغ دو در : ورق ۲۸۔ب)

اشارہ کرنا چاہتے تھے تو انہیں 'مہمل کل' کے بجائے 'تابع کل' کہنا چاہیے تھا جس میں لفظ 'موضوع' مقدر سمجھ لیا جاتا، یعنی کل کا تابع موضوع۔

اس غزل میں شروع کے چھ شعر ایک فرضی مخاطب سے خطاب میں ہیں جو غالب کو رندانہ زندگی سے باز رکھنا چاہتا ہے۔ ان اشعار میں غالب نے اپنا دفاع کیا ہے، جس میں روئے سخن محتشم الدولہ کی طرف ہے۔

۱۰ : 'جاورہ' ــــ راجپوتانہ میں ریاست جاورہ کا صدرمقام

۱۱ : 'خان جہان خاں' ــــ ریاست جاورہ کے مدارالمہام جن کی وساطت سے یہ غزل ممدوح کو بھیجی گئی تھی۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۸۸، سبد چین غ : غزل ۳، سبد چین م : غزل ۳، باغ دو در : ورق ۷۲ب)

دھلی سوسائٹی کی روداد بابت جنوری ۱۸۶۵ء سے پتہ چلتا ہے کہ نواب شہاب الدین احمد خاں ثاقب کی سفارش پر اس سال ۱۱ جنوری کو محتشم الدولہ سوسائٹی کے رکن بنائے گئے۔ قیاس کہتا ہے کہ یہ غزل اسی زمانے میں کہی گئی ہو گی جب وہ دھلی آئے ہوئے تھے۔

یہ غزل بیدل کی زمین میں ہے (دیوان بیدل، قلمی؛ ورق ۲۷۵ب و ۲۷۶ ب)۔

غزل : ۴

یہ غزل خواجوی کرمانی کی زمین میں ہے (کلیات خواجو، ص ۶۸۲، غزل ۵۳)۔

غزل : ۳

یہ غزل بھی، جو محتشم الدولہ نواب غوث محمد خان بہادر شوکت جنگ رئیس جاورہ (متوفی ۲ ذوالحجہ ۱۲۸۱ھ مطابق ۲۹ اپریل ۱۸۶۵ء بہ عمر ۴۳ سال) کے لئے کہی گئی تھی اس مجموعے کی پہلی غزل کی طرح مدحیہ ہے۔

مطلع : غزل کے ممدوح نواب محتشم الدولہ ہیں جو بڑے دیندار اور پرہیزگار تھے، جیسا کہ ان کی سوانح میں مذکور ہے۔ (آثارمالوہ) غالب نے اسی لئے اپنی مے نوشی کا غزل کے مطلع اور ابتدائی اشعار میں دفاع کیا ہے۔

۵ : محمل گل — سر سبز و شاداب درختوں کے لئے استعارہ ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں راقم کا مضمون 'محمل گل اور رطل گران'، مشمولہ 'نذر رحمان'، مطبوعہ لاہور مارچ ۱۹۶۶ء۔ اس کا نسخہ بدل 'مہمل گل' ہے جو سبد چین کی قدیم و جدید اشاعتوں میں اور اضافات جمیل اور باغ دودر میں اسی طرح ہے۔ اس صورت میں اس کا مفہوم 'شراب'، ہوا، اس لئے کہ 'گل' کا تابع مہمل فارسی میں 'مل' ہوتا ہے جو خود ایک کلمہ بھی ہے جس کے معنی چھوٹے ساغر کے علاوہ شراب کے بھی ہیں، لیکن اس میں تقریباً فیصلہ کن اشکال یہ ہے کہ فارسی محاورے میں جب گل و مل کہتے ہیں تو مل تابع مہمل نہیں ہوتا بلکہ تابع موضوع ہوتا ہے بمعنی ساغر شراب یا شراب۔ دوسری طرف شعر کے مصرع اولیٰ اور اس مسلسل غزل کے ساتویں شعر سے سیاق و سباق کا جو قرینہ قائم ہوتا ہے وہ 'محمل گل' کے حق میں ہے جس کے لفظی معنی ہیں 'پھولوں کی چنگیر' جس کے ساتھ پائدان بھی ہوتا ہے یا وہ پائدان جو پھولوں کی چنگیر رکھنے کے لئے ہو۔ اگر غالب یہاں شراب کی طرف

ہے ۔ اس سے قیاس ہوتا ہے کہ یہ غزل غالب مذکورہ تاریخ (مطابق ۱۶ ستمبر ۱۸۶۱ء) سے پہلے کہہ چکے تھے ۔ مذکورہ مقطعے میں وزیر سے مراد واضح طور پر نواب مختار الملک، افضل الدولہ نظام حیدر آباد کے وزیر اعظم ریاست ہیں ۔

یہ وہ زمانہ ہے کہ ابھی غالب کا کلیات نظم فارسی نہیں چھپا تھا، بلکہ اُس کا مخطوطہ بھی ابھی منشی نولکشور کو نہیں دیا گیا تھا، لیکن یہ غزل کلیات میں جو ۱۸۶۳ء میں چھپا شامل نہ ہو سکی ۔ پھر کسی وجہ سے سبد چین (مطبوعہ ۱۸۶۷ء) میں بھی درج ہونے سے رہ گئی ۔

قیاس کہتا ہے کہ اس غزل کا چھٹا شعر بھی انھوں نے اسی موقع پر، جب مقطع بدلا ہے، بڑھایا ہوگا ۔ اس شعر میں غالب کی اس مایوسی کا انعکاس ملتا ہے، جو انھیں مختار الملک کی طرف سے ان کے قصیدے کا جواب نہ ملنے پر ہوئی تھی ۔ میر حبیب اللہ ذکا کے نام ان کے خط مورخہ ۱۰ ربیع الاول ۱۲۸۰ھ مطابق ۲۶ اگست ۱۸۶۳ء میں ہے ''میں نے نواب مختار الملک کو قصیدہ [: در مدح سخن چرا نگویم] بھیجا، کچھ قدردانی نہ فرمائی،، ۔

یہ غزل سابقہ مقطعے کے ساتھ قصیدہ بھیجنے کے بعد، اور گمان غالب ہے کہ ذکا کی طرف سے وہ خط آنے کے بعد بھیجی گئی ہوگی، جس میں نواب مختار الملک کا یہ فقرہ نقل کیا گیا تھا ''صلہ ضرور است . . . ،، ذکا کا یہ خط، جس کا حوالہ ہم گذشتہ صفحات میں قصیدہ ۲ کے تعارف کے ضمن میں دے چکے ہیں، ستمبر ۱۸۶۱ء کے پہلے ہفتے میں یا اُس کے لگ بھگ غالب کو ملا ہوگا ۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۵۵، سبد چین غ : غزل ۲، سبد چین م : غزل ۲، باغ دو در : ورق ۲۷ ب)

وزن کی سعدی کی غزل : 'من ندانستم ازاول کہ تو بیمہرو وفائی'
(از طیبات) کے دو شعروں کا حوالہ آیا ہے ۔ سعدی کی غزلیات کے چار
دواوین میں اس وزن کی کئی غزلیں ہیں لیکن سجع طرازی کی یہ
کیفیت غالب ہی کی غزل میں ہے ۔

۵ : 'یوسف ثانی'ــــاس لئے کہ نواب یوسف علی خان کے
جانشیں تھے ۔

۸ : 'فردوس مکان'ـــــنواب یوسف علی خان کا لقب بعد وفات ۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۵۵' سبد چین غ : غزل ۱' سبد
چین م : غزل ۱' باغ دو در : ورق ۷۲ الف) ۔

غزل : ۲

یہ غزل غالب نے اپنے خط کے ساتھ علائی کو ۱۸۶۱ء میں
بھیجی تھی' شاید ۱۵ اکتوبر کے بعد (خطوط مہر' ص ۶۷) ۔ جیسا
کہ اس غزل کے مقطعے میں اشارہ کیا گیا ہے' مقطعے کا مصرع
ثانی حافظ کے مشہور شعر کا ہے اور یہ پوری غزل حافظ کی
غزل : 'ساقی بنور بادہ بر افروز جام ما' کے تتبع میں کہی گئی ہے ۔
معلوم ہوتا ہے کہ اس غزل کا مقطع پہلے یہ تھا :

غالب بخود ببال کہ گشتیم روشناس
در دفتر وزیر نوشتند نام ما

یہ شعر غالب کے اس فارسی خط میں آیا ہے جو ''بہ مولوی محمد
حبیب اللہ منشی نواب مختار الملک نائب والی حیدر آباد'' کے عنوان
سے پنج آہنگ مشمولۂ کلیات نثر فارسی (مطبوعہ ۱۸۶۸ء) میں درج
ہے اور اس کے آخر میں تاریخ سہ شنبہ یازدہم ربیع الاول ۱۲۷۸ھ ثبت

ابلیس نے سانپ بن کر نماز میں خلل ڈالنا چاہا تھا (اس روایت کے لئے دیکھیں بحارالانوار مجلسی، جلد ۱۱، ص ۳۔)

(اضافات ج : قصیدہ ۷، باغ دو در : ورق ۲۶ب۔الف)

غزل : ۱

یہ غزل غالب نے اپنے ۲۹ مارچ ۱۸۶۶ء کے مکتوب کے ساتھ نواب کلب علی خاں خلد آشیاں کو بھیجی تھی اور اس مکتوب میں لکھا تھا "ایک غزل نئی طرز کی، نئی بحر میں عرض کرتا ہوں یہ جشن حال کی نذر ہے۔ خدا کرے، مقبول ہوا"۔ اس غزل میں عنصری کے تغزلات کی طرح ممدوح کے اوصاف کا بیان ایسے انداز سے ہے کہ قصیدہ سرائی اور غزل سرائی دونوں کا رنگ جھلکتا ہے۔ پھر اس میں تنسیق صفات متوازی اور متوازن مخلوط ترکیبات، خاص طور سے فاعلی سماعی ترکیبات کی صورت میں ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہے کہ اس وزن میں غزلیں صرف ایران کے شاعروں کی ملتی ہیں۔ شاید اسی لئے غالب نے اس غزل کو نئی طرز کی قرار دیا۔ دربار رام پور میں ایرانی شاعر بھی تھے اور وہ زیادہ تر خراسانی اسلوب شاعری کے پیرو تھے۔ وہ بھی غالب کے ذہنی مخاطب ہو سکتے ہیں۔ خراسانی اسلوب کی بعض خصوصیات اس غزل میں موجود ہیں۔ غالب نے اس غزل کا وزن بھی فعلاتن (چار بار) اس کے عنوان میں درج کیا تھا اور اسے بحر ہزج مثمن سالم قرار دیا تھا۔ عرشی صاحب نے اپنے حواشی میں اس کی تصحیح کی ہے اور بتایا ہے کہ یہ در اصل بحر رمل مثمن مخبون ہے۔ اس ضمن میں موصوف نے شمس الدین فقیر دہلوی کے رسالۂ وافیہ سے ایک اقتباس نقل کیا ہے، جس میں اسی

...لدوله کے نسب کے بارے میں تاریخ
...ے : ''مرزا محمد مخاطب به نعمت خان نے تاریخ
...ماه کی لکھا ہے کہ والدہ نواب آصف جاه بهادر
... بته کا نسب طرف سے والدہ اپنی ستائیس واسطے سے
... اعرج نبیرۂ حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کو
... یہ نواب آصف جاہ اورنگ زیب عالمگیر کے نانا
... اور افضل الدولہ کے دادا کے دادا ۔ ان کا نام قمرالدین خان
حضابات ہیں نظام الملک آصف جاہ بہادر (آصف جاہ اول)۔ آصف
اہ کی والدہ وزیرالنساء بیگم محمد سعد اللہ خان لاہوری وزیر
ورنگ زیب عالمگیر کی بیٹی تھیں۔ افضل الدولہ کے بارے میں
یخ خورشید جاہی (ص ۳۶۶) میں ہے کہ ان کا صلبی نسب
محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے ۔ مادری نسب کی
بنا پر نظمان دکن میں کہلاتے ہیں (خورشید جاہی
ص ۳۶۷) ۔

''ان دو قطعہ بند اشعار میں جو افضل الدولہ کی طاعت و عبادت کی تعریف میں ہیں 'والا گہر، کہہ کر مخاطب کرنے میں وجہ بلاغت یہ ہے کہ یہ تخاطب بر بنائے نسب مدح سے ہم آہنگ ہے، جس میں ممدوح کی عبادت کو باعث پشیمانی ابلیس اور وجہ فخر آدم کہا ہے، اور اس میں حضرت امام زین العابدینؑ کے بارے میں ایک مشہور روایت کی طرف تلمیح بھی ہے، جس میں یہ ہے کہ تہجد کی نماز پڑھتے وقت سانپ نے پاؤں کے انگوٹھے میں کاٹا تھا مگر امام کے استغراق عبادت میں فرق نہ آیا، اور اس واقعے کے بعد سے حضرت امام کا لقب زین العابدین ہوا ۔ روایت میں ہے کہ

... درود کو معاش کا بندوبست کرکے بقعۂ متبرکۂ کعبہ شریف و مدینۂ منورہ روانہ فرمائے کہ وہاں حاضر رہیں اور ہمیشہ درود و صلوۃ کے شغل میں عمر اپنی صرف کریں۔ جہاز تیار کر کر واسطے حاجیوں کے وقف کیا اور منادی کی کہ شراب بلدہ میں نہ بکا کرے۔ تمام کلال خانے باہر ہوگئے (خورشید جاہی ص ۸۰۴)

۱۰: عہد افضل الدولہ میں حیدرآباد دکن کی ایک ممتاز شخصیت راجہ سمبھو پرشاد کے مسلمان ہونے کا واقعہ، جو ۲۰ محرم ... مطابق ۱۲ ستمبر ۱۸۶۰ء کا ہے، خاصہ اہم تھا۔ ملک میں اس کا چرچا ہوا ہوگا۔ اس شعر میں غالب کے تخیل کا محرک یہ واقعہ ہو سکتا ہے۔ (ایضاً ۴۸۸)

۱۱: اس شعر پر بحث شروع میں آچکی۔

۱۲: تحفظ حیوانات کی طرف اشارہ ہے، جس کی ... مثال یہ ہے:

''اور ایک ظلم بے بازی اور مرغ بازی ہمیشہ سے کیا کرتے تھے کہ جیسے مینا اور طوطے اور گلہریوں کے لاکر بیچا کرتے تھے اور بلبل اور تیتر لا کر دیتے۔ لوگ ان کو بازار لڑایا کرتے تھے اور چڑیاں شہر کی گلیوں میں پکڑا کرتے تھے۔ ممانعت میں اسکی تاکید شدید کی۔ موقوف فرمایا'' (ایضاً، ص ۴۸۱)

۱۳: ''سب امن و امان میں ہیں۔ عنایت سے جناب باری کی کہیں شر اور فساد نہیں۔'' (ایضاً، ص ۴۷۹)

۱۵، ۱۶: 'شاہ' اور 'خسرو' کے لئے دیکھیں سابقہ تصحیح بیت ۲ سے متعلق۔ 'والا گہرا'۔ یہاں 'والا گہر' بمعنی والا نسب

بیت ۲: ۱۹ محرم ۱۲۷۵ھ مطابق ۲۹ اگست ۱۸۵۸ء کے واقعات میں مؤلف تاریخ خورشید جاھی نے لکھا ھے ''سکه بہادر شاہ بادشاہ غازی کا موقوف ھوکر ایک طرف نظام‌الملک آصف جاہ، ایک سمت کو ضرب حیدرآباد قرار پایا اور تیمناً عدد ۹۲ لفظ محمد کا صلی اللہ علیه وسلم زیب رقم کیا۔ پس اس روز سے اس سکه نے رواج پایا اور حالی مشہور ہوا۔ حال‌آنکه رواج حالی کا وقت سے غفران منزل کے تھا که اسکی اجازت خود نے دی تھی مگر سکه بہادر شاہ کا تھا۔ الحمدللہ حضرت کو بادشاہ شش صوبۂ دکن کا فرمایا۔،،

(خورشید جاھی ص۶۹۶)

۳: آپ بڑے قوی ھیکل اور بہت خوبصورت تھے۔،،

(افضل‌الدوله ص۹)

۴تا۶: ''فیاض روزگار ھیں،، (خورشید جاھی ص۸۰۴)

''افضل‌الدوله بہت دریا دل واقع ھوئے تھے،،

(افضل‌الدوله ص ۱۰)

۹: 'نظم امور دنیا،۔تفصیل کے لئے دیکھیں: تاریخ خورشید جاھی ص ۸۰۴ کتاب افضل‌الدوله ص ۱۲

'کاردین،۔''ایام صاحبزادگی سے بہت خوش اعتقاد صاحب سلوک فیاض روزگار ھیں ! اور مزاج وھاج مایل طرف خیرات مبرات کے .. بعد جلوس ارباب استحقاق سے تین سو حافظ واسطے برکات دور قرآن کے اور پون سو [۷۵] بخاری شریف اور مشکوۃ شریف اور حصن حصین کے قاری اور گیارہ جماعت مولودالنبی کے پڑھنے والے اور سپاہ سے پانچہزار جوان علی غول کے نو ملازم فرمائے . . . فرش صحن مکه مسجد کا جو گچه اور چونه کا تھا سنگ بست فرمایا .

جو نازک صورت پیدا کردی تھی اس کا احساس غالب کو بھی تھا ۔ اسی لئے وہ خود بھی بالکل خاموش ہوگئے، چنانچہ اس قصیدے کے بارے میں پھر کوئی اشارہ ان کے خطوں میں نہیں ملتا، یہاں تک کہ میر حبیب اللہ ذکا کے خطوط میں بھی جو غالب کے نام ہیں کوئی ایسا انعکاس نہیں ملتا، جس سے معلوم ہو کہ غالب نے انہیں اس قصیدے کے بارے میں کچھ لکھا تھا، حالانکہ مختار الملک کی مدح کے قصیدے کا صلہ یا جواب نہ ملنے کی شکایت ذکا کے نام کے خط میں موجود ہے ۔ (خطوط، مہر ص ۴۶۴) یہاں یہ نکتہ بھی قابل توجہ ہے کہ ذکا نے بھی انہیں نواب مختارالملک کی مدح کے قصیدے (در مدح سخن چرانگویم) کے سلسلے میں جو غالب نے ایک مدت پہلے بھیجا تھا اور صلے کے منتظر تھے، یہی لکھا تھا کہ نواب نے قصیدہ دیکھکر فرمایا ''صلہ ضرور است و واسطہ نیز'' (خ شن و خمش، ص ۱۳) اور نواب کے ان الفاظ کی توضیح میں کہا تھا کہ آئندہ جو مکتوب یا قصیدہ بھیجیں وہ ''ایجنٹ دہلی'' یا ''اہل فرہنگ فرنگ'' میں سے کسی دوسرے کی وساطت سے بھیجیں جو وہاں کا ''منتظم امور'' ہو (ایضاً)

اب ہم افضل الدولہ کی شخصیت حکومت اور عہد حکومت کے بارے میں کتاب افضل الدولہ اور تاریخ خورشید جاہی سے چند اقتباسات درج کرتے ہیں، جن سے واضح ہوتا ہے کہ قصیدہ نظم کرتے ہوئے ریاست حیدرآباد کی یہ باتیں غالب کی نظر میں ہوں۔

مطلع: '' آپ کے عہد مبارک میں سلطنت کے مالیہ میں اضافہ ہوا ملک سرسبز و شاداب نظر آنے لگا اور رعایا آسودہ حال ہوگئی''

(افضل الدولہ ص ۱۳)

۱۸۶۰ء میں نئی نئی کھلی تھی اور اب اپنے دربار و خلعت کے لئے کوشاں تھے، بلکہ ملکہ وکٹوریا بننے کے لئے اپنی ۱۸۵۶ء والی پرانی درخواست کی تجدید کی فکر میں ہے اور چند سال بعد، ۱۸۶۵ء کے شروع میں، انھوں نے اس مقصد کے لئے درخواست بھی دی۔ دوسری طرف ریاست حیدر آباد میں انگریزوں کا اثر و اقتدار اور والی ریاست کی خیر خواہی انقلاب ۱۸۵۷ء میں اور اس کے بعد سے ایک نمایاں حقیقت رہی تھی، چنانچہ ۷ ستمبر ۱۸۶۰ء کو سرکار انگریزی اور سرکار حیدر آباد کے درمیان دوستی کا معاہدہ ہوا تھا اور افضل الدولہ کی خدمات کے اعتراف میں کئی اہم سیاسی حقوق دیئے جانے کے علاوہ ۸ اکتوبر ۱۸۶۰ء کو گورنر جنرل کی طرف سے بیش قیمت تحائف بھی انہیں پیش کئے گئے تھے (خورشید جاہی ص ۵۱۷)۔ یہ خبریں ملک کے اخبارات میں شائع ہوئی تھیں اور عام تھیں۔

غالب کو اس قصیدے کا، جو انھوں نے صاحب عالم مارہروی کی تجویز پر کہا اور بھیجا بھی ضرور اور یقیناً انھی کے ذریعے سے بھیجا ،افضل الدولہ کی طرف سے کوئی صلہ بلکہ ستایشی جواب تک نہیں ملا، حالانکہ ان کا سوال تھا ”بصلہ گرنتوازی بستایش بنواز،،۔ اس کا سبب ہو نہ ہو یہی نازک صورت حال تھی جو قصیدہ پہنچنے کے بعد پیدا ہو گئی اور اس کا مذکورہ شعر کوئن وکٹوریا کے تمغے پر طنز بن گیا۔ اس کے علاوہ اس قصیدے میں افضل الدولہ کی دینداری پر بہت زور دیا گیا تھا اور ان دنوں ان کی یہی دینداری سیاست میں ایک مسئلہ بنی ہوئی تھی۔ قصیدے کی دینی روح غالب کی شعوری تخلیق تھی اور اسی مناسبت سے انھوں نے اس ثنایئے کو ”داغ دل حسان،، کہا تھا۔ شوخی حالات نے

آباد دکن - اس شہر کی تحریر سے معلوم ہوا اس طرح مفہوم ہوا کہ وہ جو ناظم حیدر آباد نے جناب ملکہ معظمہ کے عنایتی خطاب جدید کے لینے سے انکار کیا تھا احوال اس کا صحیفہ سابق میں ہم نے داخل اخبار کیا تھا - اب کچھ سوچ کر وہ بات انکے خیال میں آئی ہے - قبول کرنے میں رضا مندی دکھائی ہے مگر اس کو گلے میں پہننے سے ناراضی اظہار کرتے ہیں صاف انکار کرتے ہیں،،

اس پس منظر میں جو ان مندرجہ خبروں میں نظر آتا ہے غالب کا یہ شعر : 'بازیچۂ طفلان شدہ است'، جس میں 'تراشیدن اجزای اعضای بتان' کا ذکر ہے، انگریزی سیاست کی اور ملکہ وکٹوریا کے تصویری تمغے کی ہجو بن جاتا ہے اور اتفاق کی بات تمغے کے ہنگامے کے دنوں میں یہ واقعہ بھی پیش آیا تھا کہ ۱۳ جمادی الاولی ۱۲۷۸ھ (۱۶ نومبر ۱۸۶۱ء) کو، جیسا کہ تاریخ خورشید جاہی (ص ۶۲۲) اور تاریخ حیدر آباد دکن (ص ۳۴۲) میں ہے ''کسی لقے نے بازاروں میں سے،، (خورشید جاہی کے الفاظ میں) نواب مختار الملک اور امیر کبیر شمس الامرا کی کوٹھیوں کے دروازوں پر کاغذ چپکا دئے، جن پر ستارۂ ہند کی ہجو لکھی تھی - اس لئے یہ الفاظ ''کفر در راستہ بازیچۂ طفلان شدہ است،، تمغے کے ہنگامے کے دوران میں یا اس کے بعد غالب کے قلم سے ہرگز نہیں نکل سکتے تھے - یہ قصیدہ یقیناً اس ہنگامے سے پہلے کا ہے اور یہ خاص شعر کہتے وقت، جو افضل الدولہ کے دینی انہماک کی تعریف و توصیف کے ضمن میں آیا ہے، غالب محض شاعرانہ تخیل کی بات کر رہے تھے، جو اتفاق سے بعد میں واقعہ بن گئی، ورنہ یہ زمانہ وہ ہے جب انگریزی سرکار سے ان کی پنشن

اس سلسلے میں کشف الاخبار بمبئی (جلد ۷، نمبر ۳۳، مورخہ ۲۳ جمادی الثانی ۱۲۷۸ھ مطابق ۲۶ دسمبر ۱۸۶۱ء) نے یہ خبر شائع کی تھی: ''حضور والا ناظم حیدر آباد نے استار [کذا] آف انڈیا کا خطاب لیا اور جو کہ اول آس کے لینے میں مذہبی سبب سے عذر کیا تھا اس کے واسطے ایک مولوی نے جو سرکار انگریز بہادر کا دوستدار ہے سرکار نظام کو سمجھایا تھا اس الجیھڑے کو بطریق احسن کے ساجھایا تھا کہ اس خطاب محترم کے قبول کرنے میں آپ کیوں عذر کرتے ہیں۔ دیکھئے کعبہ شریف کے جانے والے حاجیوں کے پاس اس طرح کے سکے اور ریال وغیرہ ہوتے ہیں کہ جس کے اوپر بھی حکومت فرنگ والوں کی تصویر ہوتی ہے، پس اس حالت میں جناب ملکہ معظمہ کی تصویر کا چاند پہننے میں تردد نہ کرنا چاہئے''

اسی اخبار کے ۱۰ اکتوبر ۱۸۶۱ء کے پرچے (جلد ۷ نمبر ۲۲، ص ۷) میں ہے: ''مہتمم اگلشن میں، کو حیدر آباد سے خبر آئی ہے 'آفتاب عالمتاب، نے اس کی نقل داخل اخبار فرمائی ہے کہ ناظم حیدر آباد نے بابت قبول کرنے عہدہ استار انڈیا [کذا] کے انکار کیا۔ کہتے ہیں کہ ان کا وزیر اور امیر کبیر شمس الامرا [کذا] واسطے رفع اس دقت کے بہت کوشش کر رہے ہیں، کیونکہ زمرۂ اہل اسلام کے باہم اس امر کا مباحثہ ہے کہ جس حالت میں تصویر کا بگاڑنا ناظم صاحب کو جایز اور درست ہے تو یہ تغمۂ شاہی [کذا] ملکۂ معظمہ کوئین وکٹوریا کو پہننا کس طرح سے جایز ہوگا . . . '' پھر اس اخبار کے ۱۷ اکتوبر ۱۸۶۱ء کے پرچے (جلد ۲ نمبر ۲۳، ص ۵) میں ہے: ''خبر حیدر

اتفاق سے خطاب 'ستارہ ھند' کے دئے جانے پر یہ واقعہ پیش آیا تھا کہ خطاب کے تمغے کے ایک رخ پر ملکہ وکٹوریا کی جو تصویر تھی اس کی وجہ سے افضل الدولہ کو خطاب کے قبول کرنے میں، جب یکم ستمبر ۱۸۶۱ء کو ریزیڈنٹ نے اس تجویز کی انھیں اطلاع دی ھے، کچھ تامل ھوا تھا، چنانچہ تاریخ خورشیدجاھی میں ھے (ص ۵۱۶) کہ ریزیڈنٹ نے ''خریطہ بابت ارسال ستارۂ ھند و لقب نائٹ طرف سے ملکہ انگلینڈ کے گذرانا۔ چونکہ حضور کو نوعے تامل ھوا . . . فرمایا ھم ملکہ زمانیہ اور لارڈ صاحب [گورنر جنرل] کی خوشی چاھتے ھیں اور چاھتے ھیں کہ دوستی روز بروز زیادہ ھو لیکن کوئی نئی بات [بدعت] نہ ھو ۔ بڑے صاحب [ریزیڈنٹ] نے کہا آپ اگر اسے قبول نہیں کرتے ھم لکھیں گا فیمابین آپ کے اور لارڈ صاحب و ملکہ کے پھر دوستی نہ رھے گی ۔ حضور بولے نہیں صاحب مجھے تمھاری خوشی منظور ھے اور خریطہ ھاتھ سے لے لیا'' پھر 'ستارہ ھند' کا تمغا نہ لینے کے بعد کی بات ھے : ''رسیڈنٹ صاحب [کذا] نے صدر میں اطلاع دی تھی کہ حضور کچھ تغیر و تبدل ستارۂ ھند میں، نظر کرنے اپنے دین و آئین کے، چاھتے ھیں ۔ منگل کے روز انیسویں [ربیع الثانی ۱۲۷۸ھ مطابق ۲۴ اکتوبر ۱۸۶۱ء] کو رزیڈنسی سے جواب تار پر آیا کہ ستارۂ ھند نشان دوستی کا ھے اگر مع شرایط اس کے قبول کرتے ھیں تو بہتر ھے ورنہ ھمارا نشان پھیر دو ۔ ھم نے اوروں کو بھی دیا ھے، ۔ فقط آپ کے لئے اس میں تغیر و تبدل ھو نہیں سکتا . . . '' (نقل از تاریخ خورشید جاھی، ص ۵۲۱) ۔

مجھ میں قصیدے کے لکھنے کی قوت کہاں؟ اگر ارادہ کروں تو فرصت کہاں؟ قصیدہ لکھوں، آپ کے پاس بھیجوں، آپ دکن کو بھیجیں ۔ متوسط کب پیش کرنے کا موقع پائے؟ پیش کئے پر کیا پیش آئے؟ ،،

اس کے بعد والی دکن کے قصیدے کے بارے میں کوئی ذکر یا اشارہ غالب کے بعد کے خطوط میں کہیں نہیں ملتا ۔ ایسا کوئی خط یا ایسے چند خطوط ضرور ہونگے، لیکن تلف ہو گئے یا ابھی ان کا انکشاف نہیں ہوا ۔ حبیب اللہ خان ذکا کے مجموعہ نظم و نثر 'خاش و خماش، میں جو خطوط غالب کے نام ہیں ان میں بھی زیر نظر قصیدے کا یا افضل الدولہ کا کوئی ذکر نہیں ۔ انمیں غالب کے نام قدیم ترین خط جو مجموعے میں بھی پہلا ہے ہماری رائے میں ۱۸۶۲ء کا ہے اور یہ وہ ہے جس مین ذکا نے غالب سے ان کے کلیات نظم فارسی کا اور، اپنی غلط فہمی کی بنا پر، 'ماہ نیم ماہ، کا ایک ایک قلمی نسخہ منگوایا ہے اور بتایا ہے کہ دستنبو اور اور 'مہر نمروز، کئی مہینے کی تلاش کے بعد انہیں مل چکی ہیں ۔ دستنبو کا پہلا ایڈیشن ۱۸۶۲ء میں شائع ہوا تھا اس لئے یہ خط 'دستنبو، کی اس اشاعت کے بعد کا اور کلیات نظم فارسی کی اشاعت (۱۸۶۳ء) سے پہلے کا ہے ۔ (دیکھیں خاش و خماش، ص۵) ہمارے اس خیال کی تائید کہ یہ قصیدہ یکم ستمبر ۱۸۶۱ء سے پہلے کا ہے اس سے بھی ہوتی ہے کہ غالب نے افضل الدولہ کی دینداری اور دینی اصلاحات کا ذکر کرتے ہوئے یہ شعر بھی اس قصیدے میں کہا ہے :

میتراشند زاعضای بتان اجزا را
کفر در راستہ بازیچۂ طفلان شدہ است

آتا ہے کہ غالب اس کا ذکر کرتے بلکہ اس خطاب کے عطا ہونے پر مبارک باد دیتے۔ بکم ستمبر ۱۸۶۱ء کو خطاب کی پیشکش اور اس سال ۹۔ اکتوبر کو خطاب کا تمغا اور متعلقات افضل الدولہ کو پیش کردئے گئے اور یہ دونوں خبریں اخبارات میں شائع ہوئیں، اور مشہور، ہوئیں، لیکن 'ستارہ ہند، کا اس قصیدے میں اشارہ تک نہیں، حالانکہ خود خطاب کی اہمیت، پھر غالب شاعر دہلی اور افضل الدولہ والی دکن دونوں کی نمایاں انگریز دوستی اور مصلحت وقت کے علاوہ خطاب کا لفظ 'ستارہ، خود بھی خاصا شعر انگیز تھا۔

قصیدے کے اس زمانی تعین کی مزید تائید میں ایک ظرف غالب کا وہ خط (مورخہ ۱۸۶۰ء بنام چوہدری عبدالغفور سرور، خطوط، مہر، ص ۳۸۸، نیز حاشیہ ص ۳۹۰، اسکے علاوہ اردوئے معلی، ص ۱) ہے جس کا حوالہ اس سلسلے میں جناب مالک رام صاحب نے بھی دیا ہے (آج کل، دہلی، فروری ۱۹۵۹ء)

اس خط میں صاحب عالم کی اس تجویز کے جواب میں کہ والی دکن کی مدح میں قصیدہ کہکر بھیجا جائے غالب نے اپنی زندگی بھر کی ناکامیوں اور خاص طور پر مدح گوئی اور صلہ یابی کے سلسلے میں اپنی حادثہ انگیز محرومیوں کی مختصر کہانی سنا کر اپنی بددلی اور ناامیدی کا اظہار کیا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ ''اگر قصیدے کا قصد کروں، قصد تو کرسکتا ہوں، تمام کون کرے گا؟ سوائے ایک ملکہ کے کہ وہ پچاس پچپن برس کی مشق کا نتیجہ ہے کوئی قوت باقی نہیں رہی . . . پایا ہے۔ دل و دماغ جواب دے چکے ہیں۔

---

(۱) مثلاً کشف الاخبار بمبئی

قصیدوں کے بعض بنیادی مضامین بھی متوازی ہیں - (تاج ریزہ کے قصیدے کے متن کے لئے دیکھیں : ڈاکٹر اقبال حسین کی کتاب Early Persian Poets Of India ، مطبوعہ پٹنہ، ۱۹۳۸، جس میں یہ قصیدہ تقی کاشی کی تألیف خلاصة الاشعار کے ایک مخطوطے سے درج کیا گیا ہے -)

(اضافات ج : قصیدہ : ۲، سبد چین غ : قصیدہ ۶، سبد چین م : قصیدہ : ۶، باغ دو در : ورق ۲۵ الف)

قصیدہ : ۷

یہ قصیدہ افضل الدولہ میر تہنیت علی خان بہادر نظام الملک آصف جاہ خامس والی دکن (متولد ۳۰ ربیع الاول ۱۲۴۳ھ ۲۱ اکتوبر ۱۸۲۷ء، مسندنشین ۲۴ ماہ رمضان مبارک ۱۲۷۳ھ مطابق ۱۸ مئی ۱۸۵۷ء متوفی ۱۸ ذیقعدہ ۱۲۸۵ مطابق ۲۹ فروری ۱۸۶۹ء) کی مدح میں ہے - اس قصیدے کا زمانہ تصنیف مارچ ۱۸۶۱ء اور ستمبر ۱۸۶۱ء کے درمیان محصور ہے، اس لئے کہ ایک طرف غالب کے کلیات نظم فارسی کے قلمی نسخے میں، جو مارچ ۱۸۶۱ء کے اواخر میں غالب نے نواب رامپور کو بھیجا تھا یہ قصیدہ موجود نہیں ہے - دوسری طرف یکم ستمبر ۱۸۶۱ء کو ملکہ وکٹوریا کی طرف سے افضل الدولہ کے لئے خطاب 'ستارہ ہند' کی جس پیشکش کا اعلان ہوا تھا، جسے انھوں نے کچھ تامل کے بعد اسی دن قبول کر لیا تھا (بنا بر روایت مؤلف تاریخ خورشید جاہی، ص ۲۱۵) اس کا کوئی اشارہ اس قصیدے میں نہیں ہے - اگر یہ قصیدہ ستمبر ۱۸۶۱ء میں یا اس کے بعد کہا گیا ہوتا تو ہر لحاظ سے لازم

۵ دسمبر کو کمشنر روھیلکھنڈ ڈویژن نے سرکار انگلشیہ کی طرف سے نواب صاحب کو خلعت پہنایا تھا ۔ غالب اس جشن میں شرکت کے لئے ۷ اکتوبر کو دھلی سے روانہ ھو کر ۱۲ اکتوبر کو رامپور پہنچ گئے تھے ۔ (دیباچہ مکاتیب غالب، ص ۱۱۵ و ص ۱۱۸) یہ انھیں وھیں جا کر معلوم ھوا ھوگا کہ ۵ دسمبر کو خلعت آئے گا ۔ قصیدے کی زمین انھوں نے خلعت لائے جانے ھی کی مناسبت سے اختیار کی ھے ۔ یہ انھی تاریخوں ۱۲ اکتوبر اور ۵ دسمبر کے درمیان کہا گیا ھوگا (جشن اور قصیدے کے بارے میں دیکھیں عرشی صاحب کا دیباچہ مکاتیب غالب ص ۱۲۲ تا ۱۲۴)

۹ : فصل خزاں : جشن تخت نشینی اور قصیدے کی پیشکش کا زمانہ جس کی تفصیل اوپر بیان ھوئی، موسم خزاں کا تھا ۔

۱۰ : یہ نکتہ قابل ذکر ھے کہ ۶۲۶ھ میں خلیفہ بغداد المستنصر باللہ کا سفیر التتمش کے لئے خلعت لیکر آیا تھا تو دربار دھلی کے شاعر تاج الدین ریزہ نے اسی زمین میں (صرف باختلاف حرف ردیف) قصیدہ کہکر پیش کیا تھا، جس کا مطلع ھے :

مژدہ عالم را ز عالم آفرین آوردہ اند
زانکہ شہ را از خلیفہ آفرین آوردہ اند

اس قصیدے کا ایک شعر یہ ھے :

شادی عامست در شہرایکہ بہر شہریار
خلعت خاص امیرالمومنین آوردہ اند

تاج ریزہ کا قصیدہ غالب کی نظر میں ضرور تھا ۔ مشترک زمین کے علاوہ، جس میں غالب نے حرف ردف بدل لیا ھے، دونوں

روزینہ خوار فقیر نے آپ کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا ہے، مشتمل اس التزام پر کہ تشبیب کی ابیات اور مدح کے اشعار میں حمزہ و اولاد حمزہ و زمرد شاہ و غیرہ یا ان کے معاملات و حالات کا ذکر درمیان آئے۔ سو وہ قصیدہ آج اس خط کے ساتھ ارسال کرتا ہوں۔ امید ہے کہ حضرت اس کو پڑھ کر محظوظ ہوں۔ خدا آپ کو قیامت تک سلامت رکھے؛ مگر جب تک امیر حمزہ کا قصہ مشہور رہے گا؛ یہ قصیدہ بھی شہرت پذیر رہے گا . . . ،، (نیز دیکھیں عرشی صاحب کے متعلقہ حواشی، مکاتیب غالب، ص ۱۴۶، ۱۴۷)

۳۶ : طاقت اظہاری : غلط لفظ ہے۔

۳۹ : علی محمد خان : بانی ریاست روہیلکھنڈ، ممدوح کے جد چہارم (دیکھیں مکاتیب غالب، متن ص ۱)

اس قصیدے کی تلمیحات کے بارے میں جو داستان امیر حمزہ سے ماخوذ ہیں ضروری توضیحات کے لئے ایک طویل بیان چاہئے، اس لئے ہم اس بحث کو یہاں مسکوت رکھتے ہیں۔

(اضافات ج : قصیدہ ۳، سبد چین غ : ۵، سبد چین م : قصیدہ۵، باغ دو در : ورق ۲۳ الف)

قصیدہ : ۶

یہ قصیدہ غالب نے نواب کلب علی خان خلدآشیاں کے جشن تخت نشینی کے موقع پر، جو دسمبر ۱۸۶۵ء کے پہلے ہفتے میں منایا گیا تھا، خود پیش کیا تھا۔ یہ جشن رامپور سے دو کوس کے فاصلے پر آغا پور بستی میں یکم دسمبر کو شروع ہوا تھا، جہاں

۱۱ : مزدور : اردو میں مفتوح الاول ہے، لیکن فارسی میں مضموم الاول پڑھنا چاہئے۔

۱۲ : بارجای : سامنے کا لفظ 'بارگہ' تھا، جسے غالب نے بجا طور پر 'درسگاہ' کے مقابل 'گاہ' کی تکرار کی بنا پر ترک کیا ہے۔ لیکن 'بار جا' بھی جو خراسانی اسلوب میں زیادہ سجتا ہے اس عراقی ہندی اسلوب میں جو اس قصیدے کا ہے کھپتا نہیں۔

۲۳ : بعد آن مغفور : یہ الفاظ کچھ مزاحیہ سا اثر پیدا کرتے ہیں اور اس قصیدے کی متانت کلام کا ساتھ نہیں دیتے۔

۲۴ : قرون و دھور : غالب یہ الفاظ یہاں ظرف زمان اور متعلق فعل کے طور پر لائے ہیں۔ یہ استعمال فارسی زبان کی نحوی ترکیب کے خلاف ہے۔ 'عمرہا' یا 'سالہا' ہوتا تو ٹھیک تھا۔ لیکن 'قرون و دھور' یہاں بحذف حرف جار غلط ہے۔

(اضافات نخ : قصیدہ ۱، سبد چین غ ۳، سبد چین م : قصیدہ ۴، باغ دو در : ورق ۲۰ ب)

قصیدہ : ۵

یہ قصیدہ غالب نے نواب کلب علی خان خلدآشیان کو (دیکھیں قطعہ ۲۳ کی تعلیقی یادداشت صفحہ ۱۳۹ پر) جو اس قصیدے کے ممدوح ہیں، ۲۱ اگست ۱۸۶۵ء کو بھیجا تھا اور اس کے ساتھ اپنے خط (مکتوب ۵۴، مکاتیب غالب، ص ۱۴) میں لکھا تھا : "داستان حمزہ قصۂ موضوعی ہے۔ شاہ عباس ثانی کے عہد میں ایران کے صاحب طبعوں نے اس کو تالیف کیا ہے۔ ہندوستان میں امیر حمزہ کی داستان اس کو کہتے ہیں، اور ایران میں رموز حمزہ اس کا نام ہے۔ دو سو کئی برس اس کی تالیف کو ہوئے۔ اب تک مشہور ہے اور ہمیشہ مشہور رہے گا۔ آپ کے اس تکیہ دار

۷ : ماهتاب : سیاق کلام سے ظاہر ہے کہ غالب نے 'ماهتاب، یہاں 'چاند، کے معنی میں استعمال کیا ہے ۔ فارسی میں یہ استعمال عام محاورے کے لحاظ سے غلط ہے اور شاعرانہ زبان کی سطح پر بھی شاذ کا حکم رکھتا ہے، البتہ عام محاورے سے ہٹ کر علاقائی استعمال میں اس کی مثال ضرور ملتی ہے، چنانچہ کرمان میں 'ماهتاب، بمعنی 'چاند، آج بھی سننے میں آتا ہے اور شاعرانہ زبان کی سطح پر متقدمین میں سے خاقانی کے قصائد میں ایک جگہ اس معنی میں ملتا ہے :

از همنفسان نیست مرا روزی ازیراک
در روزن من هم نرود صورت مهتاب (دیوان، ص ۵۱)

اس کے باوجود عام فارسی محاورے میں 'ماه، 'چاند، کے معنی میں اور 'ماهتاب، 'چاندنی کے معنی میں ہے۔ خود خاقانی نے اپنے کلام میں چاند کے لئے ۹۵ مقامات پر ماه، اور ۹۴ مقامات پر مه (ماه) استعمال کیا ہے ۔ (ایضاً، فہرست کواکب) اردو مین عام طور پر 'ماهتاب، 'چاند، کے معنی میں اتا ہے اور 'چادر ماهتاب، جیسی ترکیبوں میں 'چاندنی، دیتا ہے ۔

۹ : فنجان : یہ لفظ زبان و بیان کے اس اسلوب میں جو غالب نے اس قصیدے میں اختیار کیا ہے مبتذل محسوس ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ 'شراب، کے ساتھ 'فنجان، کا تلازمہ بھی ضعیف ہے ۔ یہاں غالب 'ابریق، لاسکتے تھے یا فنجان کے بجائے 'پیمانہ‌اش، کہہ سکتے یا پھر 'سغراق، باندھتے، جس میں غرابت سہی مگر ابتذال تو نہ ہوتا ۔

قصیدہ : ۴

غالب نے یہ قصیدہ نواب کلب علی خاں والی رامپور کی
مسند نشینی (جمعہ ۲۳ ذیقعدہ ۱۲۸۱ھ مطابق ۲۱ اپریل ۱۸۶۵ء)
کی تہنیت میں لکھ کر بھیجا تھا۔ اس قصیدے کی تصنیف کا سنہ
۱۲۸۱ھ (۱۸۶۵ء) اور مہینہ ذی الحجہ (اواخر اپریل و ماہ مئی)
ہے اور تاریخیں ۱۰ ذی الحجہ (۶ مئی اور ۲۸ ذی الحجہ
(۲۴ مئی) کے درمیان ہو سکتی ہیں۔ یکم ذی الحجہ (۲۷ اپریل)
کو غالب نے نواب صاحب کو نواب فردوس مکاں کی تعزیت اور
ان کی مسند نشینی کی تہنیت کا خط بھیجا تھا (مکاتیب غالب،
حواشی، ص ۱۳۲، متعلقہ ص ۴۳، حاشیہ ۱)۔ پھر ۱۰ ذی الحجہ
(۶ مئی) کو ایک خط لکھا تھا جس کے ساتھ ایک دعائیہ مئی
رباعی بھیجی تھی (ایضاً متن، ص ۳۶)۔ مسند نشینی کی تہنیت
میں قصیدہ اب تک بھی نہیں بھیج سکے تھے، بلکہ اس میں اتنی
تاخیر ہوئی کہ محرم بالکل قریب آ گیا اور یہ قصیدہ ذی الحجہ
کی بالکل آخری تاریخوں میں بھیجا گیا۔ اسی لئے یکم محرم (۱۲۸۲ھ
مطابق ۲۷ مئی ۱۸۶۵ء) کو انھوں نے نواب صاحب کو خط
لکھا اور اس میں احتیاطاً یہ الفاظ لکھے ''تہنیت نامہ [مورخہ یکم
ذی الحجہ مطابق ۲۷ اپریل] ارسال کر چکا ہوں۔ جواب [مورخہ
۵ ذی الحجہ ۱۲۸۲ھ مطابق یکم مئی ۱۸۶۵ء] پا چکا ہوں۔
قصیدے کا لفافہ ارسال کیا ہے۔ یقین ہے کہ پہنچ گیا ہو گا
[یعنی محرم سے پہلے پہلے]۔'' اس کے معنی یہ ہیں کہ قصیدہ
انھوں نے تین چار دن پہلے ہی بھیجا تھا۔

قصیدہ : ۳

غالباً یہ پورا قصیدہ، اور یقینی طور پر اس کے سات شعر :
۳ تا ۶، ۱۱، ۳۵، غالب نے ۲۶ نومبر ۱۸۶۴ء کا دن گذر کر
چار گھڑی رات گئے نواب یوسف علی خاں والی رامپور کا خط ملنے
پر، جس میں اُن کے غسل صحت کی اطلاع تھی' رات کو بیٹھ کر
کہے تھے اور ۲۷ نومبر کو اپنے خط (شمارہ ۹۳، مکاتیب غالب،
ص ۲۹) کے ساتھ نواب صاحب کو بھیجے تھے - تفصیل کے لئے
دیکھیں عرشی صاحب کے متعلقہ حواشی(ایضاً، ص ۱۳۹) - عرشی
صاحب نے خیال ظاہر کیا ہے کہ غالب نے یہ سات شعر پورے
قصیدے سے منتخب کر کے بھیجے ہونگے -

۱، ۲ : عید سے عید غدیر مراد ہے جس کا دن ۱۸ ذی الحجہ
ہے- (تفصیل کے لئے دیکھیں 'الغدیر، تالیف عبدالحسین احمد النجفی،
نجف اشرف ۱۹۴۵ء) مطلع میں اور بعد کے چند اشعار میں لفظ 'غدیر،
کو جس کے لفظی معنی آبگیر کے ہیں مراعاۃ النظیر کی بنیاد بنایا
ہے - 'برهمه امیر، کا اشارہ ''من کنت مولاہ فهذا علی مولاہ،،
کی طرف ہے (ایضاً)

۱۰ : لفظ 'هجیر، کی بحث قطعہ ۴۰ کے تعلیقی اشارات میں
صفحہ ۱۸۲ پر آچکی ہے -

۱۳ : ناظم : نواب یوسف علی خاں فردوس مکان کا تخلص -

۱۴ : دوسرے مصرعے میں نواب صاحب کے نام کی طرف لطیف
اشارہ ہے -

(اضافات ج : قصیدہ ۲، سبد چین غ : قصیدہ ۴، سبد چین م :
قصیدہ ۴، باغ دو در : ورق ۲۲ الف)

اسی موقع پر کہا گیا ہو گا ۔

مثنوی ابر گہر بار مطبوعہ اکمل المطابع دہلی، ۱۲۸۰ھ کے آخر میں غالب کے جو دو قصیدے درج ہیں، ان میں یہ پہلا قصیدہ ہے ۔ پھر یہ سبد چین میں بھی شامل کیا گیا ۔

(اضافات ج : قصیدہ ۱؛ سبد چین غ : قصیدہ ۱؛ سبد چین م : قصیدہ ۱؛ باغ دو در : ورق ۱۸-الف)

قصیدہ : ۲

یہ قصیدہ بھی، جو لارڈ جان لارنس، گورنر جنرل (۱۸۶۴ء تا ۱۸۶۸ء) کی مدح میں ہے، پہلے قصیدے کی طرح مثنوی ابر گہربار کی جداگانہ اشاعت میں شامل تھا اور اس کے بعد سبد چین میں درج کیا گیا ۔

(اضافات ج : قصیدہ ۲؛ سبد چین غ و سبد چین م : قصیدہ ۲؛ باغ دو در : ورق ۱۹-الف)

یادداشت : بیت ۴۰ میں کونسل، جو بفتح سین باندھا گیا ہے، تصرف شاعرانہ نہیں ہے، البتہ اردو کے تلفظ کے مطابق ہے، جسے غالب نے فارسی میں بھی استعمال کیا ہے ۔ غالب کے زمانے میں اردو میں اس لفظ کا عام تلفظ یہی تھا، بلکہ یہ تلفظ بیسویں صدی تک بھی پہنچا اور بعض حلقوں میں رہا، لیکن انگریزی تعلیم عام ہو جانے کے بعد کونسل یا کؤنسل (بکسر سین) کو عام رواج حاصل ہو گیا ۔

تفصیل کے لئے دیکھیں حواشی مکاتیب غالب ص ۱۲۵ نیز آثار مالوہ ۔

(اضافات ج : مثنوی ۱، سبد چین غ : مثنوی ۱، سبد چین م : مثنوی ۱، باغ دو در : ورق ۱۶ ب)

مثنوی : ۲

۱ : وفا جوہر جواہر سنگھ جوہر کو کہا ہے ۔

۱۳ : پدر یعنی رائے چھجمل کھتری

۱۸ : بمادر بمعنی پیش مادر یا پہلوی مادر، لیکن اس معنی میں ب کا استعمال بجائے یا یہاں غلط ہے۔ اس لئے کہ نشستن کے فعل کے ساتھ ب اس معنی میں نہیں آسکتا ۔

۲۵ : نیر یعنی نواب ضیاء الدین احمد نیر رخشاں، عارف اور یعنی نواب زین العابدین عارف ۔

یہ مثنوی جناب قاضی عبدالودود صاحب نے مآثر غالب (ص ۱۱) میں درج کی ہے ۔ نیز دیکھیں متعلقہ حاشیہ، مآثر، ص ۵۱۔

(اضافات ج : مثنوی ۲، باغ دو در : ورق ۱۷۔الف)

قصیدہ : ۱

یہ قصیدہ لارڈ الگن (Lord Elgin) کی مدح میں ہے، جن کا نام دسویں شعر میں مذکور ہے، لارڈ الگن (ارل آف الگن ۔ Earl Of Elgin) ۱۸۶۲ء میں گورنر جنرل رہے تھے ۔ ۱۸۶۳ء میں میرٹھ میں ان کا دربار ہوا تھا ۔ (اخبار عالم نمبر ۱۳ جلد ۵) ۔ یہ قصیدہ

ترجیع بند

یہ ترجیع بند جو تیسرے بند کے دوسرے شعر کی تصریح کے مطابق ۱۸۶۶ء میں کہا گیا گورنر جنرل ' سرجان لارنس (Sir John Lawrence) کی مدح میں ہے، جو بعد میں لارڈ لارنس ہوئے - انکی عہدہ داری کا زمانہ ۱۸۶۴ء سے شروع ہو کر ۱۸۶۹ء میں ارل آف میو (Earl of Mayo) کے عہدہ دار ہونے تک ہے - ۱۸۶۶ء میں آنکی کلکتے سے آمد پر اہل دھلی کے لئے دربار انبالے میں ہوا تھا - غالب کو بلایا گیا تھا ، لیکن وہ جا نہیں سکے تھے - غالب کے خط ۹۶ (خطوط ، مہر، ص ۱۹۲؛ اردوئے معلی، خط ص ۱۰) میں اسکا ذکر ہے - اس خط میں غالب نے تاریخ چہار شنبہ ۱۳ رمضان درج کی ہے ، جو ۱۲۸۲ھ میں واقع ہوئی ہے اور ۳۱ جنوری ۱۸۶۶ء سے مطابقت رکھتی ہے مزید تصدیق کے لئے دیکھیں اخبار عالم، میرٹھ ، شمارہ ۰ جنوری ۱۸۶۵ء -

(انتخاب ج ، سبد چین غ ' سبد چیں م ؛ ترجیع بند بہ ایں دودر : ورق ۵۱ب)

مثنوی : ۱

۱، ۲ : اس مثنوی نما قطعے کے ممدوح نواب بہیرالدولہ وزیر الملک محمد علی خان بہادر صولت جنگ والی ٹونک ہیں

۷ : نواب صاحب جنوری ۱۸۶۵ء کو مسندنشین ہوئے تھے -

۹ : مادۂ تاریخ "اختر نیک" سے ۱۲۸۱ سال ھجری حاصل ہوتا ہے ، جس کی مطابقت یہاں مذکورہ بالا سال سے مقصود ہے -

اس ''اسیرے'' کو ''فارسی نظم کے سرمائے میں بیش بہا اضافہ'' قرار دیا ہے (ذکر غالب، ص ۶۳) غالب کی شخصیت اور فکر و فن کے مطالعے کے لئے آنکی اس شعری تخلیق کا مبسوط تنقیدی جائزہ بہت مفید ثابت ہوسکتا ہے، اور غالب کی شاعری میں ایک نئے موڑ کا سراغ لگانے میں مدد دے سکتا ہے، کہ کس طرح یہ حادثہ ''غازۂ روی ہنر'' ثابت ہوا ۔

بند : ۱ بیت، : ۱۰ : ''بشما ہمدم و ہمراز کنم''۔اس نحوی سیاق میں ''بہ'' کے بجائے ''با'' چاہئے تھا، جیسا کہ وفائی کے اس شعر میں ہے:۔

کسی کو با بت شیرین زبان ہمراز و ہمدم شد
بغیر حرف او از ہر چہ لب بربست ابکم شد

بند : ۴، آخری بیت : مصطفیٰ خان یعنی نواب مصطفی خان شیفتہ ، جنھوں نے غالب کی اس مصیبت میں دوستی کا حق ادا کیا تھا ۔

بند : ۵، بیت : ۱۰ : اس سال یعنی ۱۸۴۷ء میں عیدالضحی ۱۹ نومبر کو اور عید رمضان (عیدالفطر) ۲۲ ستمبر کو تھی۔

بند : ۶ : بیت : ۵ : ''پیوند بہم'' ۔ یہاں 'بہم' کے بجائے 'باہم' چاہئے تھا ۔

یادداشت: یادگارغالب میں غالب کے حادثہ اسیری کا سال ۱۲۶۳ھ غلط درج ہے۔ صحیح ۱۲۳۶ھ ہے (اضافات ج : ترکیب بند : سبد چین غ ؛ ترکیب بند ؛ سبد چین م : ترکیب بند ؛ باغ دودر: ورق ۱۲ الف)

ترکیب بند

یہ شاہکار نظم جو غالب کی ''قید فرنگ،، کے فنی حاصلات میں سے ہے، انکے ایام اسیری (۱) میں (یعنی اواخر ماہ مئی اور اواخر ماہ ستمبر ۱۸۴۷ء کے درمیان (۲)) وجود پذیر ہوئی، جیسا کہ خارجی اور داخلی شواہد سے ثابت ہے ۔ اس نظم کا تعارف سب سے پہلے خواجہ حالی نے کرایا اور اسکو اپنے تبصرے اور انتخاب میں نمایاں حیثیت دی ۔ (یادگار غالب، ص ۲۳) ۔ حالی نے اس ترکیب بند کو غالب کی ''عمدہ ترین،، نظموں میں شمار کیا ہے ۔ جناب غلام رسول مہر کی رائے میں یہ غالب کی ''ایک بہترین نظم،، ہے ۔ ظ انصاری نے کہا ہے ''جیل سے جو ۸۴ شعر کا ترکیب بند،، انھوں نے لکھا وہ جان و تن کی آزادی طلب کرنے والے شاعر کا ایسا کارنامہ ہے جس کی مثال دنیا کی بڑی بڑی زبانوں میں مشکل سے ملے گی شیخ [illegible] کا اندازہ ہے کہ پچھتر برس بعد اقبال نے مولانا محمد علی کی ''اسیری پر جو نظم لکھی اس پر غالب کے اسی زندان نامے کی کیفیت طاری ہے ۔،، (غالب شناسی، ص ۲۷) ۔ مانک رام صاحب نے غالب [illegible]

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھیں : یادگار غالب ص ۲۲؛ غالب ، مہر ، آٹھواں باب؛ مکاتیب غالب، دیباچہ (ص ۱۷ حواشی) ، ذکر غالب، ص ۲۶ ؛ آثار غالب ڈاکٹر شیخ محمد اکرام ص ۵۸ ؛ ہندوستانی اخبار نویسی ، ص ۲۵۶ ؛ نیز جناب مرتضیٰ حسین کا مقالہ : غالب اور قید ، آج کل، دھلی ، اپریل ۱۹۵۰ء ؛ گوپی چند صاحب نارنگ کا مقالہ: غالب اور حادثۂ اسیری، نقوش، لاھور، اگست ۱۹۶۰ء

(۲) غالب، مہر، ص ۱۸۷، حاشیہ ۔

زندگی کے ایک انقلابی نقطے کا پتہ دیتا ہے، بلکہ اس لئے بھی اہم ہے
کہ نظم میں اس عظیم شاعر کی یہ آخری نگارش ہے ۔ اس کے بعد
کی کوئی نگارش ہمارے علم میں نہیں ۔ اس قطعے کا ماخذ 'سبد
باغ دو در' ہے جو غالب کی فارسی نظم و نثر کے نایاب ذخیرے
پر مشتمل ہے ۔ میرے پاس اس مجموعے کا اصل نسخہ ہے جس کی
کتابت طباعت کی غرض سے مصنف کی زندگی میں ۱۲۸۳ھ (مطابق
۶۷ - ۱۸۶۶ء) میں شروع ہوئی تھی اور مصنف کی وفات کے ایک
سال چار مہینے بائیس دن بعد ۷ ربیع الآخر ۱۲۸۷ھ
(مطابق ۷ جولائی ۱۸۷۰ء) کو ختم ہوئی ۔ مگر اس مجموعے کے
طبع ہونے کی نوبت نہیں آئی ۔ 'سبد باغ دو در' غالب کا رکھا
ہوا تاریخی نام ہے جس سے آغاز کتابت کا سال ۱۲۷۳ھ حاصل
ہوتا ہے۔ جیسا کہ خاتمے کی عبارت میں درج ہے، کاتب نے یہ
نسخہ غالب کے شاگرد منشی ہیرا سنگھ کھتری کی فرمائش پر
لکھا تھا ۔ یہ منشی ہیرا سنگھ حوض قاضی کے قریب گندھی گلی
میں رہتے تھے۔ نسخے میں بعض اشارات سے قیاس ہوتا ہے کہ اسکا
بیشتر حصہ غالب کی نظر سے گزرا تھا ۔

یادداشت : سبد چین (مرتبہ مالک رام صاحب) میں سولہ
قطعات، از قطعہ ۳۵ تا قطعہ ۵۰ زائد ہیں، جو نہ غالب کی مرتبہ
سبد چین میں ہیں نہ باغ دودر میں ہیں ۔ یہ قطعات اردوئے معلی
اور دوسرے مطبوعہ ماخذوں سے لئے گئے ہیں۔

دم واپسیں برسر راہ ہے
عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے

حکیم محمود خاں مرحوم اور حکیم احسن اللہ خاں مرحوم ، یہ دونوں بزرگ جن کی شخصیتیں طبابت اور ثقاہت کے کمالات کی جامع تھیں اس توبہ کے محرک تھے اور اعزا کی سخت نگرانی جس کی طرف قطعۂ تاریخ میں اشارہ ہے اس توبہ کی محافظ تھی ۔ غالب کی رندانہ شوخی اس 'انابت نامے' میں بھی قائم ہے جس نے پرھیز کو بے بسی اور بے زری کا عطیہ ظاہر کیا ہے اور توبہ کو امتناع کا رنگ دیا ہے ۔ بہرحال اس توبہ یا امتناع کے امتحانی دور کو ابھی کچھ کم تین مہینے گذرے تھے کہ غم گیتی جاں گسل ثابت ہوا ۔ ۱۵ فروری ۱۸۶۹ء کو یہ آزاد مرد' قید حیات و بند غم سے رہا ہوگیا ۔ خواجہ حالی کا بیان ہے ''مرنے سے چند روز پہلے بیہوشی طاری تھی ۔ پہر پہر دو دو پہر کے بعد چند منٹ کے لئے افاقہ ہو جاتا تھا، پھر بیہوش ہو جاتے تھے''۔ ظاہر ہے کہ یہ حالت مسلسل ہونے تین مہینے کے ترک شراب سے ہوگئی ہوگی ۔ اب غالب کے سوانح نگار کا یہ مسئلہ شاید حل ہوسکے کہ ''غالب اگرچہ ہمہ تن مجموعۂ امراض بن چکے تھے لیکن یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ موت کا فوری سبب کونسا مرض بنا''۔

یہ قطعۂ تاریخ غالب نے سہ شنبہ یکم شعبان ۱۲۸۵ھ (مطابق ۱۷ نومبر ۱۸۶۸ء) سے ترک شراب کی تقریب میں شب ہفتم شعبان ۱۲۸۵ھ (مطابق شب بست و سوم نومبر ۱۸۶۸ء) کو نظم کیا تھا۔ یہ منظومہ نہ صرف اس ہم لئے اہم ہے کہ غالب کی

ٹوٹتی رهی، کبھی 'روز ابر' میں کبھی 'شب ماهتاب' میں، کبھی 'هوس طبیعی' کے هاتھوں، کبھی 'هیجان قوت غضبی' کی 'تسکین' کی خاطر، کبھی 'اک گونه بیخودی' کی غرض سے، کبھی 'دوری احباب' کا غم غلط کرنے کے لئے، کبھی 'غم گیتی' کو گوارا بنانے کیلئے ۔ چنانچه اس فسخ عزائم' کو اسکے حساس ضمیر نے خود بیان کیا هے:

یک روز به ترک باده گویی غالب
رخ روز دگر به باده شویی غالب

زین توبهٔ بے بقا چه جویی غالب
توبه ذب توبه است گویی غالب (۱)

مگر سه شنبه ۱۷ نومبر ۱۸۶۸ء کی توبه جسکو اس نے خود اتنی اهمیت دی که ایک هفتے کے کامیاب پرهیز پر اس توبه کی تاریخ کہی یقیناً تا دم مرگ قائم رهی هوگی ۔ به اس کی آخری علالت کا زمانه تھا اور اکثر یه شعر ورد زبان رهتا تھا ع :

---

۱ ۔ به غیر مطبوعه رباعی میں نے غالب کے کلیات فارسی قلمی ۱۸۶۱ء سے نقل کی هے جو کتابخانه ریاست عالیه رامپور میں محفوظ هے ۔ اسکے لئے میں ناظم کتابخانه مولانا عرشی صاحب کا ممنون هوں ۔ موصوف نے یه بھی بتایا که یه رباعی غالب کے اپنے قلم کی لکھی هوئی هے ۔

(۲) ۔ قطعه تاریخ میں دو تین سے مراد شاید یهی دو بزرگ هیں۔ نواب زین العابدین عارف مرحوم کی نواسی محترمه حمیده سلطانه صاحبه کے بیان سے اس خیال کی تائید هوتی هے ۔

کہ ۱۲۸۵ء ہے - جب ''خجستہ فرزند،، کے اعداد میں سے ۱۲۸۵
لے لئے جائیں تو ایک سو چوبیس بچتے ہیں - ان کو میں نے
دعائے عمر مولود قرار دیا - حق تعالیٰ اس مولود کو تمہارے
سامنے عمر طبیعی کو پہنچائے-،،

اس خط کے حاشیے میں جناب مہر صاحب نے اشارہ کیا ہے
کہ یہ خط اگست ۱۸۶۸ء کے بعد کا ہونا چاہئے -

(اردوئے معلی، حصہ اول، ص ۱۸۰، خطوط مہر، ص ۳۲۰،
باغ دودر: ورق ۱۲ - الف)

۴۴

یہ بھی سابقہ قطعے (۴۳) کی طرح سورت کے رئیس سید امداد
علی خاں بہادر وفا کے فرزند ارشاد حسین خاں کی ولادت کا قطعہ
تاریخ ہے - ارشاد حسین خان سے سال ہجری ۱۲۸۵ اور 'خجستہ رح'
سے عیسوی سال ۱۸۶۸ء حاصل ہوتا ہے -

(باغ دودر: ورق ۱۲ - الف)

۴۵

یہ قطعہ راقم الحروف نے رسالہ ' آجکل، (نشریہ دھلی، شمارہ
۱۵ - مئی ۱۹۴۷ء) میں ایک تعارفی یادداشت کے ساتھ شائع کیا تھا،
جسکی باز نوشت ذیل میں درج کی جاتی ہے - اس تحریر کے متن
یا حواشی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے -

غالب نے ترک شراب کی کئی دفعہ کوشش کی، مگر یہ توبہ

یوسف کی صاحبزادی عزیزالنسأ زوجہ غلام فخر الدین چار بچوں کی ماں تھیں ۔ یہ بات اس، کے ساتھ کامل توافق رکھتی ہے کہ اس وقت میرزا یوسف کی شادی کو تقریباً اکتالیس برس گذر چکے تھے اور انھیں دیوانہ ہوئے تیس برس ہوئے تھے ۔

یہ شادی بھی غالب کی شادی کی طرح دھلی میں ہوئی تھی ۔ فاضل گرامی مالک رام صاحب نے سرکاری دستاویزوں سے تحقیق کرکے معلوم کیا ہے کہ میرزا یوسف کی شادی لاڈو بیگم سے ہوئی تھی، جو سیدانی تھیں اور ان کا خاندان فراشخانے (شہر دھلی) میں آباد تھا ۔ (نوائے ادب، بمبئی شمارہ اپریل ۱۹۵۹، مقالہ بعنوان میرزا یوسف)

۵ : شمول : یہاں اس لفظ کا استعمال فارسی محاورے کے لحاظ سے غلط ہے ۔ اس کے بجائے غالب 'وجود، یا 'نفوذ، کہہ سکتے تھے ۔

(باغ دودر : ورق ۱۲ ۔ الف)

۴۳

یہ سورت کے نواب سید ابراھیم علی خاں وفا کے فرزند ... حسن خاں کی ولادت کا قطعہ تاریخ ہے ۔ یہ قطعہ اور ...کے ساتھ ایک رباعی جو باغ دودر کی رباعیات میں بشمارہ ۲۰ شامل ہے ... کو اپنے ایک اردو خط میں درج کرکے ... خط ۵) غالب نے اپنے خط میں ... کی ہے: ''یہ تو ظاھر ہے

(مطابق یکم ستمبر ۱۸۱۲ء) دوسری سه شنبه ۲۳ شعبان ۱۲۳۲ (مطابق ۸ جولائی ۱۸۱۷ء)۔ ہماری نظر میں شادی کی تاریخ ان میں سے پہلی تاریخ ہے، اس لئے کہ یہ تاریخ غالب کی شادی سے زیادہ دور نہیں، بلکہ ان دونوں شادیوں میں اتنا ہی فصل رہ جاتا ہے جتنا دونوں بھائیوں کی عمروں میں تھا۔ غالب کی شادی اکبر آباد سے دہلی آنے پر ۱۲۲۵ھ (مطابق ۱۸۱۰ء) میں مانی گئی ہے۔ غالب اور مرزا یوسف کے حالات اور مشرقی رسوم روایات کا تقاضا بھی یہی تھا کہ چھوٹے بھائی کی شادی غالب کی شادی کے بعد جلد از جلد انجام پائے۔ اس بنا پر تیسری امکانی تاریخ سه شنبه ۲۲ مارچ ۱۲۳۰ھ خارج از بحث ہو جاتی ہے اور دوسری مذکورہ تاریخ کا بھی امکان نہیں رہتا، خصوصاً اس بنا پر کہ یہ دوسری تاریخ جولائی میں پڑتی ہے، جو دہلی میں شدید گرمی اور حبس کا زمانہ ہے۔ برخلاف اسکے پہلی مذکورہ تاریخ ستمبر کی ہے، جس میں اعتدال خریفی واقع ہوتا ہے اور وہ موسم ہوتا ہے کہ دم باد سحر، 'فیض شمول نکہت گل' سے 'مشکبار' ہوسکتا ہے، یعنی [illegible] کیفیت ہوسکتی ہے جو اس قطعے کے پانچویں شعر میں بیان ہوئی ہے۔ جولائی کے مہینے میں دلی کی گلیاں پھولوں کی [illegible] سے مہکیں، یہ قابل تصور نہیں۔ اسکے علاوہ [illegible]

۲ - ۱۲۱۴ھ اور ۱۲۴۴ھ کی درمیانی مدت میں تاریخیں اور ہیں جن میں ۲۲ شعبان دو شنبے کے دن [illegible] ۷ ستمبر ۱۲۱۶ھ، ۵ نومبر ۱۲۱۹ھ، ۲۱ مارچ ۱۲۴۰ [illegible] تاریخیں غالب کی شادی سے پہلے ہیں اور ویسے بھی [illegible] شادی ان تاریخوں میں قابل تصور نہیں۔ تیسری تاریخ [illegible] کی شادی سے بہت زیادہ دور ہے۔ اس لئے یہ [illegible] خارج از بحث ہیں۔

۴۲

یہ قطعہ غالب کے چھوٹے بھائی میرزا یوسف کی شادی کا منظوم رقعہ یعنی دعوت نامہ ہے۔ میرزا یوسف غالب سے دو سال چھوٹے تھے (دستنبو ص ۱۹۷)۔ اس طرح ان کا سال ولادت ۱۲۱۴ھ قرار پاتا ہے۔ تیس سال کی عمر تک وہ اچھے رہے اور اس کے بعد سے ان کی عمر کے تیس سال دیوانگی کی حالت میں گذرے (ایضاً) اور ان کی موت[1] ساٹھ سال کی عمر میں ۱۷ اکتوبر ۱۸۵۷ء (شب بیست ونہم ماہ صفر ۱۲۷۴ھ) کو واقع ہوئی۔ (دستنبو ص ۲۰۰) اس حساب سے میرزا یوسف کی شادی ۲۹ صفر ۱۲۴۴ھ سے پہلے کی مدت میں ہوئی ہوگی۔ اس قطعے میں کہا گیا ہے کہ اس تقریب کی بزم نشاط دو شنبہ ۲۲ ماہ شعبان کا دن گذر کر (سہ شنبہ ۲۳ ماہ شعبان کی) شب میں منعقد ہوگی اور دوسرے دن صبح کو برات دولہن کے گھر روانہ ہوگی اور اسی دن دولہا کے گھر واپس آئے گی، جہاں مہمانوں کی پذیرائی کی جائے گی۔

اس بات کو نظر میں رکھتے ہوئے کہ میرزا یوسف کی شادی قاعدۃً غالب کی شادی کی طرح تیرہ سال کی عمر میں یا اسکے کچھ بعد ہوئی ہوگی، اس تقریب کی امکانی تاریخیں از روئے تقویم صرف دو (۲) قرار دینی ہونگی، ایک سہ شنبہ ۲۳ شعبان ۱۲۲۷ھ

۱۔ تفصیل کیلئے دیکھیں ذکر غالب، ص ۳۷، مالک رام صاحب کا مقالہ: میراز یوسف، نوائے ادب، بمبئی، شمارہ اپریل ۱۹۵۹ء۔

ص ٦٦، به ترتیب)

انتقال کردن، بمعنی وفات یافتن یا رحلت کردن فارسی محاور
نہیں ۔ یہ اردو کے محاورے، انتقال کرنا، کا تقلیدی ترجمہ ہے
خود اردو میں 'انتقال، ہندی کے انت کال ('انت، بمعنی آخرو خاتمہ
'کال، بمعنی وقت ومدت) کی تشابہی تعریب ہے، جیسے اس عالم سے
دوسرے عالم میں منتقل ہونے کے تصور سے وجہ جواز ملگئی
فارسی میں 'انتقال، نہیں 'ارتحال، ہے اور 'رحلت، اور دوسرے
متعدد مترادفات ۔ خود عربی زبان میں بھی 'انتقال، وفات کے لئے
استعمال نہیں ہوتا ۔ غالب یہ مصرعہ یوں کہہ سکتے تھے :

''رفت چون ناظر وحید الدین ز دنیا سوی خلد،،

غالب کے مصرعے میں 'کرد چون، بھی بد آہنگ تعقید ہے
ورنہ یوں بھی ٹھیک ہوتا : ''کرد چون ناظر وحید الدین
دنیا ارتحال،، اس کے علاوہ اور بھی متعدد صورتیں ممکن تھیں مثلا
''بست چون ناظر وحید الدین ز دنیا رخت خویش،، وغیرہ وغیرہ

وحید الدین احمد فتح دھلی کے بعد ایک موقع پر مسجد میں
نماز پڑھتے ہوئے کسی سپاھی کی گولی سے مارے گئے تھے (حیات
جاوید، ص ۸۸)

مادۂ تاریخ میں 'ناظر وحید الدین، کے اعداد ۱۲۷۵ھ
'سرزاری، یعنی 'ز، کے ۷ عدد کا تخرجہ ہے جس کا قرینہ
'پرند، ۔ اس طرح سال وفات ۱۲۶۸ھ حاصل ہوتا ہے جس
مطابقت ۱۸۵۷ سے ہے ۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۳۴، ق۱، باغ دو در : ورق ۱۱۴

پس منظر میں اس لفظ کے فراموش شدہ معنی بھی جھلک دکھاتے نظر آتے ہیں جیسا کہ اس شعر میں ہے:

سیرت به برج لهو و طرب باد سال و ماه
با طلعت چومهر هجیر اندر آسمان

ھدایت نے یہ شعر سوزنی سمرقندی کے نام سے درج کر کے لکھا ہے ''ولی درین شاهد تامل است،، یہ شاید اس وجہ سے کہ یہ شعر سوزنی کے دیوان میں نہیں ہے ۔ ویسے اسی زمین (نیر و ھجیر قافیہ اور 'اندر آسمان، ردیف) میں ایک قصیدہ دیوان سوزنی میں ہے: ای از کمال قدر تو نیر اندر آسمان (در مدح علیؒ بن احمد) (اضافات ج : حاشیہ ص ۲۹، باغ دو در: ورق ۱۱ب ۔)

ن د

۴۱

۱ : ناظر وحید الدین سے مراد ھیں سرسید کے بڑے ماموں، نواب مختارالدولہ وحید الدین احمد خان بہادر، جو نواب دبیرالدولہ امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خان بہادر مصلح جنگ وزیر اکبر شاہ ثانی کے خلف اکبر تھے، اور مرزا جہانگیر کے بیٹے تیمور شاہ کی سرکار میں مختار تھے ۔ (حیات جاوید ص ۸۸) ۔ ناظر کہلاتے تھے ۔

وحید الدین احمد، کے بجائے صرف 'وحید الدین، بھی کہہ سکتے ھیں، چنانچہ غالب نے علاءالدین احمد، شہاب الدین احمد، امین الدین احمد اور ضیاء الدین احمد نام جزو آخر کے بغیر استعمال کئے ھیں (دیکھیں خطوط، مہر، ص ۴۸، ص ۵۳، ص ۵۷،

'جہر' اوستائی زبان میں ہے چثرہ ۳ (بکسرہ جیم فارسی و سکون ثائے مثلثہ و ہای مختفی بطور علامت فتحہ ماقبل - فارسی خط میں) بمعنی چہرہ، بلکہ 'چہرہ' اسی قدیم 'چثرہ' کی جدید صورت ہے، جو فارسی دری میں رائج ہوئی - بعض زبانشناسوں نے اس لفظ میں 'ث' کے بجائے 'تھ' (بتائے مخلوط الہا) بھی پڑھا ہے - غرض 'ہجیر' دراصل بضمہ اول ہے اور اسکے لفظی معنی یا اصلی معنی ہیں 'خوب جہر' - پہلوی زبان میں یہی لفظ 'ہوچہر' کی صورت میں ملتا ہے، چنانچہ دینکرت میں یوسٹی نے اسکی نشاندھی کی ہے (دینکرت جلد ۲، ص ۱۵ و ص ۸۸) - فارسی دری میں 'ہجیر' کے مفہوم کا دوسرا جزو یعنی 'جیر' بمعنی 'چہرہ' معنوی لحاظ سے روپوش ہوگیا اور اس لفظ میں صرف خوب و زیبا و پسندیدہ و زبدہ و خلاصہ کے معنی نمایاں رہے، جو فرہنگوں میں درج ہیں، مثلاً برہان قاطع، فرہنگ انجمن آرای ناصری اور فرہنگ آنند راج میں۔ غالب نے یہ لفظ اسی مستحدث معنی میں استعمال کیا ہے - متقدمین کے ہاں بھی اسی معنی میں (۵) آیا ہے، لیکن قدماء کے اشعار میں کہیں کہیں لفظی رعایتوں کے

۳ - اوستا میں یشت ۱۳ کے فرگرد ۱۴ میں 'ہچثرہ' لفظ آیا ہے (Wolffe مترجمہ Avesta)

۵ - فارسی میں 'ہجیر' کے ایک اور معنی بھی ہمیں ملتے ہیں: دوپہر یا دن چڑھے، جو لفظ کے ابتدائی معنی سے مشتق ہیں یعنی ایسا وقت جب 'چہرۂ آفتاب' پورے طور پر ضوفشاں ہو - عبدالواسع جبلی کے اس شعر سے یہی معنی مستنبط ہوتے ہیں:

خلق او گہ لطافت چون نسیم اندر صباح
خشم او گاہ عداوت چون سموم اندر ہجیر

(دیوان عبدالواسع جبلی ص ۱۶۸)

بمشکل چند مثالیں ملتی ہیں جہاں یہ استعمال ہوا ہے ۔ البتہ اسم خاص کے طور پر ایران میں اب بھی ملتا ہے۔ شاہنامے میں بھی صرف اسم خاص کے طور پر آیا ہے ۔ گودرز کے بیٹے کا نام ہے جسے سہراب نے سفید دژ کی فصیل کے نیچے زندہ گرفتار کیا تھا :

هجیر دلاور میان را ببست برآن بارهٔ تیزتگ بر نشست

اس اسم خاص کو بعض فرہنگوں میں مفتوح الاول بتایا گیاہے، لیکن یہ بھی بضمہ اول ہے جیسا، کہ ہدایت۱ اور یوسٹی۲ (Justi) نے وضاحت کی ہے ۔

'هجیر' مرکب ہے 'ہ' (مضموم) اور جیر سے ۔ 'ہ' 'ہو' کا مخفف ہے ۔ ہخامنشی کتبوں کی قدیم فارسی میں اور اوستائی زبان میں بھی 'ہو' تھا جو فارسی دری کا 'خوب' ہے۔ 'ہ' سابقے کے طور پر بعض فارسی الفاظ میں محفوظ رہا، جیسے یہی 'هجیر' اور اس کے علاوہ 'ہویدا'، یعنی 'خوب پیدا'، مترادف آشکارا ۔ بعض دوسرے لفظوں میں اس 'ہ' کا ابدال 'خ' سے ہوگیا، جیسے خجستہ یعنی 'خوب جستہ'، مترادف مبارک ۔ 'هجیر' کی بھی دوسری صورت 'خجیر' فارسی میں ہے ۔ 'هجیر'، 'خجیر'، اور اسی کی ایک اور صورت ہے 'ہژیر'۳ ۔ یہ تینوں 'برہان قاطع' میں مذکور ہیں، اور حرف اول کی حرکت کے اختلافات بھی ظاہر کئے گئے ہیں ۔

---

۱ ۔ فرہنگ انجمن آرای ناصری ۔

۲ ۔ Iranisches Namenbuch

۳ ۔ یہ لفظ ناصر خسرو کے ہاں استعمال ہوا ہے ۔ دیکھیں تحلیل اشعار ناصر خسرو ص ۲۷۸

۳۹

۲ : براق : برق سے مشتق ہے ۔ صحاح جوہری میں ہے
"براق اس حیوان چہارپا کا نام ہے جو شب معراج
سیدنا رسول اللہ صلعم کا مرکب تھا ۔ حدیث معراج میں اسکا
آیا ہے ۔ براق کی وجہ تسمیہ شوخی رنگ اور کمال آب و
ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ سرعت حرکت میں برق کی مانن
ہے، اس لئے براق کہلایا ۔،، لسان العرب میں اسکے علاوہ برا
کو مرکب انبیاً بھی بتایا گیا ہے اور یہ قول بھی نقل کیا گیا
کہ براق فرس جبریل کا نام ہے ۔

رفرف : لسان العرب میں ہے کہ رفرف حدیث معراج
'بساط' کے معنی میں ہے، اور یہ قول بھی نقل کیا گیا ہے
رفرف کے اصل معنی ریشم وغیرہ کے باریک کپڑے کے تھے
بہت عمدہ بنا ہوا ہو ۔ پھر یہ لفظ اتساع کے طور پر بساط
معنی میں استعمال ہونے لگا ۔ نہایہ ابن اثیر میں ہے کہ یہ
چادر کے معنی میں حدیث وفات رسول اللہ صلعم میں بھی آیا ہے
مجمع بحارالانوار میں یہ بھی ہے کہ اس سے مراد شہپر جبریل
بھی ہوسکتے ہیں ۔

(اضافات ج : حاشیہ ص ۲۹ ق ۱، باغ دو در : ورق

۴۰

۱ : ہجیر : بضمہ اول اور بیای معروف ۔ یہ لفظ یہاں نامانو
سا ہے۔ قصیدے کی زبان میں اس کے استعمال کی گنجائش ہو سکتی ہے
لیکن اس صنف سخن میں بھی یہ قلیل الاستعمال ہے ۔ قدماء کے ہا

۳۸

یہ قطعہ غالب نے نواب میر غلام باباخان بہادر سورتی کی ایک مقدمے میں کامیابی کا حال بمبئی کے ایک اخبار میں پڑھکر نظم کیا تھا اور ایک خط میں درج کرکے انہیں بھیجا تھا (اردوے معلّی، حصہ اول، ص۸، خط۷، خطوط، مہر،ص۶۱۴ و ص۷۱۴،خط۸)''ظفر نامہ ابد،، مادۂ تاریخ ہے جس سے سال ہجری ۱۲۸۳ حاصل ہوتا ہے جو ۱۸۶۶ء اور ۱۸۶۷ء سے مطابقت رکھتا ہے۔ مذکورہ خط میں تاریخ درج نہیں ہے، البتہ مہر صاحب نے تاریخ مارچ ۱۸۶۷ء قرار دی ہے ۔ یقیناً یہ خط ۱۳ اپریل (۱۸۶۷ء) سے کچھ دن پہلے کا ہے، اس لئے کہ اس تاریخ کے ایک خط میں غالب نے میر موصوف کو لکھا ہے: ''میں بسبب فرط محبت اخبار میں تمھاری افزائش عزو جاہ دیکھکر خوش ہوا اور تم کو تہنیت دی ۔ ''ظفر نامہ ابد،، بہت مبارک لفظ ہے۔ انشاألله العظیم ہمیشہ مظفرومنصور رہو گے۔،، (اردوے معلی، حصہ اول ص۶ خط ۳؛ خطوط، مہر، ص ۷۱۴، خط ۹) مہر صاحب نے اپنے حاشیے میں بتایا ہے کہ یہ کامیابی ایک خاندانی مقدمے کی تھی ۔ (خطوط، ص ۷۱۴)۔

میر غلام بابا خان کے بارے میں دیکھیں مہر صاحب کے درج کردہ حالات (خطوط ص۱۱۴ و ص۱۲۴) اور مالک رام صاحب کا حاشیہ (تلامذۂ غالب ص ۱۵۶)۔

(اضافات ج : ق ۱۴؛ باغ دودر : ورق ۱۱ ب)

شاید اسی توارد کی وجہ سے اپنا یہ فارسی قطعہ غالب نے مثنوی ابر گہر بار کے ضمیمے، سبد چین اور دیوان فارسی میں شامل نہیں کیا، البتہ ایک اور فارسی قطعہ جو باغ دو در میں پندرھواں قطعہ ہے (ص ۱۲) اول الذکر دو مجموعوں میں درج ہے ۔ قیاس کہتا ہے کہ یہ مادہ تاریخ پہلے غالب نے نظم کیا ہوگا، جو بہادر شاہ کو پسند آیا اور انہوں نے غالب سے لے لیا اور اسے ایک مختلف انداز کے تعمیۂ ب کے ساتھ اردو میں باندھا، چنانچہ غالب نے اپنا یہ قطعہ عام نہیں کیا، لیکن بہادر شاہ کی وفات (۷ نومبر ۱۸۶۲ء) کے بہت بعد اپنے اس آخری مجموعے 'باغ دودر' میں محفوظ کردیا ۔ بہادر شاہ کے اس قطعے کا مادہ تاریخ اتنا اچھا نہ تھا جو انہوں نے فارسی میں کہا تھا ۔ خاص طور سے لوح قبر کے لئے 'ذوق جنتی' ہی نہایت مناسب تھا ۔ اسی لئے لوح پر مذکورہ اردو قطعہ کندہ کرایا گیا ۔

"ذوق جنتی" کے اعداد ۱۲۶۹ ہیں "ب" کے دو عدد بڑھا کر سال ۱۲۷۱ حاصل ہوتا ہے، جو ذوق کی وفات کا سال ہجری ہے ۔ بہادر شاہ کے فارسی قطعے کی مدد سے جس میں مہینے یعنی ماہ صفر کی تصریح ہے اس سال ہجری کی تطبیق ۱۸۵۴ء سے ہوتی ہے ۔ واقعات دارالحکومت دہلی (حصہ دوم ص ۵۴۷) میں ہے کہ پنجشنبہ ۲۴ ماہ صفر کو صبح ہوتے انتقال ہوا ۔ یہ تاریخ از روئے تقویم ۱۶ نومبر سے مطابقت رکھتی ہے اور اس طرح بہادر شاہ کے فارسی قطعے میں "شب چار شنبہ" عربی کے بجائے دیسی حساب کے مطابق ہے ۔

(اضافات ج : ق ۱۷، باغ دو در : ورق ۱۱ ب)

بانکی پور) جس کی کتابت ۱۲۵۴ھ (۱۸۳۸ء) میں ہوئی ہے انہی رائے چھجمل کا لکھا ہوا ہے ۔

(اضافات ج : ق ۱۶، باغ دو در : ورق ۱۱ـ الف)

۳۷

غالب کے اس قطعے میں مادہ تاریخ ''ذوق جنتی'' ہے، جس میں ''دل احباب'' یعنی ''ب'' کا تعمیہ ہے ۔ بہادر شاہ ظفر کے کہے ہوئے قطعے میں بھی جو اردو* میں ہے اور ذوق کی لوح قبر پر کندہ ہے مادہ تاریخ یہی ہے، جس میں ''بخشش اله'' کی ''ب'' کا تعمیہ ہے ۔ قطعہ یہ ہے :

طوطی ہند حضرت استاد ذوق نے
لی گلشن جہاں سے جو باغ جناں کی راہ

سال وفات جو کوئی پوچھے تو اے ظفر
کہہ ذوق جنتی ز سر بخشش اله

(دیکھیں واقعات دارالحکومت دھلی حصہ دوم (ص ۵۴۲ و ص ۵۴۳)

(*) ذوق کی تاریخ وفات کا ایک قطعہ بہادر شاہ نے فارسی میں بھی کہا تھا جو گلستان سخن (ص ۲۲۵) میں درج ہے :

شب چار شنبہ بماہ صفر
بحکم خداوند جان داد ذوق

ظفر روی اردو بناخن ز غم
خراشید و فرمود استاد ذوق

'موہن، اور 'من موہن، کار فرما ہیں، اور اسی طرف یہ لطیف اشارہ ہے - اس طرح اس قطعے کی تاریخ ۱۱ اگست ۱۸۶۵ء قرار پاتی ہے -

(اضافات ج : ق ۱۵، باغ دو در : ورق ۱۱-الف)

۳۶

رائے چھجمل کھتری، جواہر سنگھ جوہر اور ہیرا سنگھ درد کے باپ، غالب کے خاص دوستوں میں سے تھے۔ جوہر کے نام باغ دو در کے ایک فارسی خط میں غالب نے کہا ہے ''چھجمل میرے دیرینہ دوست ہیں - ہر ہفتے دو تین دفعہ میرے پاس آتے ہیں اور بہت بیٹھتے ہیں۔ میرے انکے درمیان اگر کوئی جھگڑا تھا تو قمار بازی میں تھا اور اب وہ بساط اٹھ گئی ہے تو محبت ہی محبت ہے، کوئی نزاع نہیں،، (تحقیق نامہ، ص ۱۶- اس کے علاوہ دیکھو اشاریہ باغ دو در)

غالب نے جواہر سنگھ کے نام ۹ اپریل ۱۸۵۳ء کے ایک اردو خط میں لکھا ہے ''ہاں لالہ چھجمل اکثر بیمار رہتے ہیں - ان دنوں میں خصوصاً اس شدت سے نزلہ چھاتی پر گرا کہ وہ گبھرا گئے اور زلیست کی توقع جاتی رہی - بارے کچھ صحت ہو گئی ہے بھائی یہ آفتاب سر کوہ ہیں . . . . . ،،

(خطوط 'مہر، ص ۵٦۹ خط ۲)

رائے چھجمل کا انتقال ۱۲۷۷ھ (۱۸٦۰-٦۱ء) میں ہوا - سادہ تاریخ 'بسا دریغ، ہے -

غالب کے دیوان فارسی کا نسخہ (محفوظہ کتب خانۂ خدابخش،

یہ خیال ہوتا ہے کہ اس شعر کے پس منظر میں ضرور یہی دو جلسے ہیں، ایک صبح کا اور ایک شام کا جو ہملٹن کی کوٹھی پر ہوئے اور جن سے ایسی اہم سوسائٹی کے قیام اور کام کا آغاز ہوا ۔

اس قطعے میں جارج بحرکت حرف را استعمال ہوا ہے، یعنی بہ ای مفتوح، جو عام اردو تلفظ کے مطابق ہے ۔

(اضافات ج : ق : ۳۱، باغ دو در : ورق ۱۱ - الف)

۳۵

اگرچہ اس قطعے میں کوئی صراحت نہیں ہے کہ یہ ڈپٹی کمشنر کون تھے جن کے لئے یہ قطعہ کہا گیا، لیکن اس قرینے سے کہ یہ اس قطعے کے بعد درج ہے جو کرنل جارج ہملٹن، کمشنر دہلی کی مدح میں ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پر ڈپٹی کمشنر سے مراد کیپٹن مکموہن (Captain Macmahon)، ڈپٹی کمشنر دہلی ہیں ۔ ہملٹن دہلی سوسائٹی کے سرپرست تھے اور مکموہن سکریٹری ۔ یہ قطعہ بھی غالب نے سوسائٹی کے دوسرے جلسہ میں پہلے قطعے کے بعد پڑھا ہوگا ۔ Macmahon کو سوسائٹی کی روداددوں میں 'مکموہن' لکھا ہے ۔ ان کے نام کا تلفظ اہل دہلی دیسی لفظ 'موہن' کے زیر اثر یونہی کرتے ہونگے ۔ قطعے کے دوسرے مصرعے میں ایک لطیف ایمائیت ہے جس سے اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ یہاں 'ڈپٹی کمشنر' سے مراد مکموہن ہیں، یعنی مصرعے کے یہ الفاظ "نقش نگین دل ماست نامش" بتارہے ہیں کہ 'مکموہن' کی رعایت سے غالب کے تخیل میں دیسی الفاظ

غالب نے اس طرح کی بات اپنی ایک اردو غزل کے اس شعر میں بھی کہی ہے:

نہ لٹتا دن کو تو کب رات کو یوں بے خبر سوتا
رہا کھٹکا نہ چوری کا، دعا دیتا ہوں رہزن کو

(اضافات ج ق ۱۳، سبد چین غ : ص ۳۹ م : ق ۳۳، ب غ ۵۰ د، ورق ۱۰ الف)

۳۴

کرنیل جارج ولیم ہملٹن (Col. George William Hamilton) جو اس قطعے کے ممدوح ہیں دھلی کے کمشنر تھے اور دھلی سوسائٹی کے بانی اور سرپرست۔ سوسائٹی کا پہلا جلسہ ان کی کوٹھی پر ۲۸ جولائی ۱۸۶۵ء کو صبح کے وقت ہوا تھا اور دوسرا جلسہ پھر انہی کی کوٹھی پر ۱۱ اگست ۱۸۶۵ء کو سہ پہر کو شروع ہو کر شام کے وقت ختم ہوا تھا، اور جیسا کہ ہم قطعہ (۳۲) کی بحث کے ضمن میں بیان کر چکے ہیں اس دوسرے جلسے میں غالب بھی سوسائٹی کے رکن کی حیثیت سے شریک ہوئے تھے (رسالہ دھلی سوسائٹی، نمبر ۱، ص ۱ و ص ۴ و ۵) غالب نے یہ قطعہ اس موقع پر پڑھا ہو گا، اور ممکن ہے فی البدیہہ کہا ہو(۱) قطعے کے دوسرے شعر میں انہوں نے ہملٹن کو 'صبح طرب' (مہر در خشاں) اور 'شام شرف' کا 'ماہ منور' کہا ہے۔ جس کی

---

(۱) سوسائٹی کے دوسرے جلسے کی روداد میں اس قطعے کا ذکر نہیں ہے۔ جلسہ ختم ہونے پر صرف ذاتی حرف و حکایت کے ضمن میں پڑھا ہو گا۔

مشابہ بہ فتحہ یا کسرہ کے ساتھ ادا کرینگے ۔ حرکت مختلسہ کا ذکر دانشگاہ تہران کے استاد دکتر پرویز ناتل خانلری نے اپنی کتاب ''تحقیق انتقادی در عروض فارسی،، (*) میں معیار الاشعار کے حوالے سے کیا ہے (ص ٦٢) ۔

حرکت مختلسہ وہی چیز ہے جسے جدید لسانیات میں 'neutral vowel' اور 'abnormal vowel' کہتے ہیں ۔

تتمہ : اس قطعے میں ''شناسندۂ ہندسہ،، سے مراد سرسید کے چھوٹے ماموں دبیرالدولہ نواب زین العابدین خاں بھی ہوسکتے ہیں جو اپنے والد خواجہ سید فرید الدین احمد کے بعد دہلی کے دوسرے مشہور ریاضی دان تھے - ۱۸۶۲ء میں مولانا حالی نے انھیں دہلی میں دیکھا ہے (حیات جاوید ص ۸۳) ۔

(اضافات ج : ق ۱۲، سبد چین غ : ص ۳۹، سبد چین م: ق ۳۲، باغ دودر : ورق ۱۰ ب)

۳۳

اس قطعے کا بنیادی مضمون وہی ہے، جو کسی کے اس فارسی شعر کا ہے، جو ضرب المثل ہے:

لنگکے زیرو لنگکے بالا نےغم دزد نے غم کالا

(*) اس کتاب کی دوسری اشاعت ''وزن در شعر فارسی،، کے نام سے ہوئی ہے ۔

تصور کردن وغیرہ سے فعل لا سکتے ہیں، لیکن فہمیدن سے نہیں۔ 'موجود فہمیدن، اردو کے 'موجود سمجھنا، کا لفظی ترجمہ اور فارسی میں خلاف محاورہ ہے۔

۲ : تنجیمی اصطلاحات کے لحاظ سے غالب نے اس مصرعے میں 'یا، غلط استعمال کیا ہے۔ برج حوت کی ابجدی علامت اہل تنجیم کے ہاں 'یا، ہے، جیسے 'یا، نہیں 'یا الف، کہتے اور پڑھتے ہیں اور غیر منقوط لکھتے ہیں۔ غیر منقوط اس لئے کہ اسے حرف 'ی، نہ سمجھ لیا جائے جس کا نام 'یا، ہے اور حساب جمل میں اس کے عدد دس ہیں، جبکہ 'یا، یعنی 'یا الف، کے عدد گیارہ ہیں۔ تنجیمی ارقام میں حرف 'یا، برج دلو کی ابجدی علامت ہے نہ کہ برج حوت کی اور یہ علامت یائے معکوس کی صورت میں یعنی بشکل 'ے، لکھی جاتی ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں شرح بیست باب تألیف ملا مظفر اور اس کے حاشیے میں مدخل تألیف خواجہ نصیرالدین محقق طوسی کا منظومہ (طبع تہران، ۱۲۷۶ھ)، جس کی متعلقہ بیت یہ ہے :

قوس 'ىر، 'ط، نشان جدی نہاد
دلو 'ے، 'یا الف، بہ ماہی داد

'جدی، کا تلفظ اردو میں عام طور پر جیم مفتوح دال مسکور اوریائے معروف سے کیا جاتا ہے۔ یہ اردو کا تصرف ہے کہ دال ساکن کو متحرک کر لیا اور یای صحیح کو یای علت معروف بنالیا ۔فارسی میں اس تصرف کا وجود نہیں۔ فارسی تلفظ میں دال اور یا دونوں ساکن ہیں ۔ 'یا، یائے صحیح ہے، حرب علت نہیں اور اس اجتماع ساکنین کی صورت میں یای صحیح کو حرکت مختلس

کی مدح میں ہے، جو سوسائٹی کے سرپرست تھے اور پینتسواں قطعہ کیپٹن مکموھن (Captain Macmahon) کے لئے کہا گیا ہے جو دھلی کے ڈپٹی کمشنر اور سوسائٹی کے دو صدر صاحبان میں سے ایک تھے (ایضاً، ص۲) ۔ اور اسی طرح باغ دو در کی رباعی (۱۰) رائے مہیش داس کے لئے اور رباعی (۱۸) لاله نرایتداس کے لئے اسی زمانے کی نظم کردہ معلوم ہوتی ہیں ۔ یہ دونوں صاحبان سوسائٹی کے رکن تھے ۔ (ایضاً، ص۱ و ص۸)۔

قوی احتمال ہے کہ یہ قطعہ سوسائٹی کے دوسرے اجلاس کے موقع پر کہا گیا ہو اور اس کے مخاطب مولوی ضیأ الدین احمد خاں ہی ہوں۔ یہ جلسہ ۱۱ ماہ اگست ۱۸۶۵ءکو ہوا تھا اور اس موقع پر غالب سوسائٹی کے ارکان میں شامل اور جلسے میں ''موجود،، تھے، اور مولوی ضیأالدین سوسائٹی کے پہلے ہی سے ممبر بن چکے تھے (ایضاً ص ۲) ماسٹر رامچندر اور منشی ذکاءاللہ کے نام دوسرے جلسے کی روداد میں نہیں، بلکہ اس سال ۲۱ نومبر کے جلسے کی روداد میں ملتے ہیں جو سوسائٹی کا آٹھواں جلسہ تھا (ایضاً، ص ۱۸) ۔ سوسائٹی کے دوسرے اجلاس میں جس کا ہم نے ذکر کیا ہے غالب نے اپنا ایک مضمون ضعف و نقاھت کی وجہ سے بیٹھے بیٹھے پڑھا تھا ۔ روداد میں ہے: ''صاحب کمشنر بہادر نے نواب اسد اللہ خاں سے فرمایا کہ میرزا صاحب آپ نے بھی کوئی مضمون ہماری سوسائٹی کے لئے لکھا ہے۔ میرزا صاحب نے بیان کیا کہ میں نے کچھ لکھا ہے مگر مجھ میں یہ طاقت نہیں ہے کہ کھڑا رہکر سناؤں ۔ اگر اجازت ہو تو بیٹھے بیٹھے پڑھوں ۔ صاحب موصوف نے فرمایا بہت اچھا ۔ نواب صاحب نے اوسی وقت اپنی جیب میں سے ایک کاغذ نکال کر پڑھنا شروع کیا ۔ اوس میں کچھ حال تباھی شہر دھلی اور کمی بارش کا تھا۔ سب حاضرین

۳۴

یہ قطعہ اس زمانے کا معلوم ہوتا ہے جب غالب دہلی سوسائٹی (قائم شدہ ۲۸ جولائی ۱۸۶۵ء) کے رکن تھے۔ (رسالہ دہلی سوسائٹی شمارہ : ۱ ، ص ۱) - غالب ۱۱ ماہ اگست ۱۸۶۵ء سے آخر عمر تک سوسائٹی کے رکن رہے - انکے بعد انکی جگہ میرزا حسین علی خاں شاداں ممبر بنائے گئے، جنکا نام سوسائٹی کی رو داد بابت جلسہ منعقدہ ۱۲ مارچ ۱۹۶۹ء میں ان الفاظ کے ساتھ درج ہے: ''فرزند متبنی میرزا اسد اللہ خاں صاحب غالب مرحوم'' (ایضاً ، شمارہ : ۴ ، ص ۳۴) -

زیرنظر قطعے میں 'شناسدۂ ہندسہ' سے مولوی ضیاالدین دہلوی اسسٹنٹ پروفیسر دہلی کالج، مراد ہوسکتے ہیں (جو بعد میں ڈاکٹر ——— ایل - ڈی - کے نام سے مشہور ہوئے*)، یا ماسٹر رامچندر، پروفیسر دہلی کالج، یا منشی ذکا اللہ دہلوی، (جو بعد میں ڈاکٹر، شمس العلمأ اور خان بہادر ہوئے) مراد ہیں اس زمانے میں دہلی کے مشہور ہندسہ‌داں یہی تین صاحبان تھے اور یہ تینوں سوسائٹی کے ارکان میں شامل تھے - ایضاً شمارہ : ۱ ص ۳ و ص۱۸) یہاں سید کے نانا خواجہ فریدالدین احمد (متوفی ۱۸۲۸ء) دہلی کے مشہور ہئیت داں مراد نہیں ہو سکتے، اس لئے کہ ان کا زمانہ بہت پہلے کا ہے، اور اس قطعے میں غالب کا بڑھاپا جھلک رہا ہے -

اس قطعے کے ساتھ قطعہ (۳۴) اور قطعہ (۳۵) بھی ان ہی دنوں میں کہے گئے ہونگے، اس لئے کہ چونتیسواں قطعہ کرنل ولیم ہملٹن (Col. George William Hamilton)، کمشنر دہلی

---

* شمس‌العلمأ اور خان بہادر بھی تھے -

۳۱

۱ : ''نواب''؛ ۱۵ : ''دارای دهلی و پنجاب''؛ سر رابرٹ منٹگمری (Sir Robert Montgomery) لفٹنٹ گورنر پنجاب مراد ہیں، جنھوں نے اپنے قیام دہلی کے موقع پر سہ شنبہ، ۳ مارچ ۱۸٦۳ء کو غالب کو بلا کر خلعت ہفت پارچہ دیا ۔ اس سے تقریباً دو ہفتے پہلے لفٹنٹ گورنر نے خلعت اور دربار کی بحالی کا حکم صادر کیا تھا ۔ غدر کے بعد سے غالب کے لئے یہ دونوں اعزاز موقوف تھے ۔

سر رابرٹ نے غالب کو خلعت دیتے ہوئے یہ خوشخبری بھی دی کہ گورنر جنرل کی طرف سے بھی ان کے لئے خلعت اور دربار کھل گیا ہے ۔ (اس مضمون کے لئے دیکھیں : خطوط مہر، ص ۳۱۳، خط ۲، ص ۳۲۹، خط ۸، اردوئے معلی، حصہ اول، ص ۱۱۲ و ص ۲۱۳، غالب، مہر، ص ۳۲۳ -

ذکر غالب، ص ۹۵، نیز متن باغ دو در ص ۱۳۲، یہ تحقیق نامہ ص ۳٦ و ص ۳۷ اور متعلقہ تعلیقات) ۔

یہ قطعہ ماہ مارچ ۱۸٦۳ء میں تیسری تاریخ کو یا اس کے کچھ بعد کہا گیا ہوگا ۔ اس قطعے کا شعر (۳) غالب کے اس جملے سے ہم آہنگ ہے ''حضرت یہ امر کس اصل پر متفرع ہوا؟'' (خطوط، مہر، ص ۳۲۹، خط ۸) ۔

(اضافات ج: ق ۱۱، سبد چین غ : ص ۳۹، سبد چین م : ۱۳، باغ دو در : ورق ۱۰ ـ الف) ۔

بشیرالدین احمد دہلوی نے لکھا ہے ''ان کی مستورات میں بیشتر اکثر پیرو اسلام اور پابند صوم و صلواۃ تھیں اور بعض تیتر بٹیر کچھ ادھر کچھ اُدھر ۔ غرض یہ خاندان عیسائیت اور اسلام کی ایک عمدہ معجون مرکب تھی، جن سے بہت سے کار خیر ہوئے ۔ اب بھی اس خاندان کے چند ممبر ہیں جو پیرو اسلام ہیں'' ۔ (اس یادداشت کا بنیادی مأخذ ہے : 'واقعات دارالحکومت دہلی'، جلد اول، ص ۲۷٦ تا ص ۲۸۴) ۔ اسکنر ۲۲ مئی ٦٦ء سے دہلی سوسائٹی کے رکن تھے ۔ (رسالہ سوسائٹی ، نمبر۲)

۱۳ : 'کاس ٹیان'، 'اولڈ ٹام' : دو قسم کی انگریزی شراب، Castilean اور Old Tom, جو غالب بقول خود ہمیشہ پیا کرتے تھے ۔ یہ دونوں بیس روپے درجن یا چوبیس روپے درجن آتی تھیں ۔ غالب نے ۲۹ دسمبر ۱۸۵۹ء کے خط میں بتایا ہے کہ یہ دونوں قسمیں پہلے نایاب ہوگئی تھیں اور اب پچاس روپے ساٹھ روپے درجن آتی ہیں ۔ پھر جنوری ۱۸٦۵ء کے خط میں اسی دو قسم کی شراب کے بارے میں لکھا ہے ''اب یہاں مہنگی ملتی ہے ۔ میں نے تم سے پوچھا ۔ جب وہاں بھی اس قیمت کو ملتی ہے تو میرا مقدور نہیں ۔ میں سمجھتا تھا کہ شاید وہاں ارزاں ہو ۔ خیر اس کو جانے دو ۔ روٹی ہی مل جائے تو غنیمت ہے ۔ مہینے بھر کی روٹی کا مول ایک درجن کی قیمت ہے''۔ یہ دونوں خط بابو گوبند سہائے کے نام ہیں ۔ (دیکھیں خطوط، مہر، ص ۲۹۵ و ص ۲۹٦ نیز مہر صاحب کے متعلقہ حاشیے ؛ اردوئے معلیٰ، حصہ اول، ص ۲۹۰) ۔ پوٹ وین : Port Wine, ایک قسم کی بہت ہلکی شراب ۔ نیز دیکھیں سبدچین م حاشیہ ص ۵۳

(اضافات ج: ق ۳۷، سبد چین غ : ص، سبد چین م : ق ۳۰، باغ دو در : ورق ۹ ب)

واقع ہے جس کے احاطے میں ان کا خاندانی St. James' Church
قبرستان ہے جو 'خاندان اسکنر کی هڑواڑ، کہلاتا ہے ۔

جمیس اسکنر کی سوانح کا خاکہ یہ ہے: سال پیدائش ۱۷۷۸ء
ہے ۔ گوالیار کے مہاراجہ سندھیا کی فوجی ملازمت میں ۱۷۹۸ء سے
تھے۔ ۱۸۰۳ء میں جب سندھیا اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے درمیان
جنگ چھڑی تو انھوں نے سندھیا کی ملازمت چھوڑ دی اور لارڈ
لیک کے تحت ملازمت اختیار کر لی، لیکن اس شرط پر کہ اپنے
قدیم آقا مہاراجہ سندھیا سے لڑنے نہیں جائیں گے ۔ کمپنی کی
حکومت کے زمانے میں نمایاں فوجی خدمات انجام دیں ۔ ان کا
رسالہ کمپنی کی فوجی تاریخ میں اور ناموں کے علاوہ 'اسکنرز
هارس، کے نام سے بھی مشہور ہے ۔ ۱۸۲٦ء میں راجہ بھرت پور کے
ساتھ معرکے میں اسکنر صاحب نے بڑی شہرت حاصل کی ۔ یہ وهی
معرکہ ہے جس میں نواب احمد بخش خاں کے دستے کے ساتھ جو
انگریزوں کی طرف سے لڑ رہا تھا غالب اور علی بخش خاں رنجور
بھی تھے ۔ جیمس اسکنر صاحب کا قیام زیادہ تر هانسی میں رهتا
تھا جہاں ۱۸٤۱ء میں ان کا انتقال ہوا، لیکن اپنی کوٹھی
انھوں نے دهلی میں بنوائی تھی ۔ الکزینڈر اسی میں رهتے
تھے ۔ انھیں فارسی اور اردو سے خاصا شغف اور شعر و سخن
سے دلچسپی تھی ۔ ان کی زوجہ ایلس اپنی عرف سردار بھو کی قبر
ہر جن کا انتقال ۳۲ برس کی عمر میں ۱۸۸۱ء میں هوا اور خاندان
اسکنر کی هڑواڑ میں دفن هیں انگریزی کے علاوہ فارسی اور اردو
میں بھی کتبے هیں ۔ کتبوں میں تین شعر فارسی میں هیں اور
چار اردو میں ۔ اردو کے اشعار میں الکزینڈر اسکنر کا تخلص سکندر
مذکور ہے،لیکن فارسی اشعار میں کوئی تخلص نہیں، مگر یہ نیر رخشاں
کے کہے ہوئے هیں (صحیفہ ص ۱٦۵) ۔ اس خاندان کے بارے میں

سنگی بیگم نام ایک خاتون سے شادی کر لی تھی ۔ میرزا کہتے
ہیں کہ امین الدین احمد خاں بھی مسرور کے متبع ہوگئے او
اپنے بچوں کو چھوڑ دیا،، ۔

یہ قطعہ 'سبد چین' کی پہلی اشاعت میں درج ہے جو اسی سال
یعنی ۱۸۶۷ء میں ہوئی ۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اس خ
کے بعد علائی کی خفگی دور ہو گئی تھی، جس کے شکریے میں
غالب نے یہ قطعہ اسی سال کہا اور اسی سال 'سبد چین' میں
درج ہوا ۔

زیر نظر خط کے شروع میں ہے '' استاد میر جان آئے او
آن کی زبانی تمھاری خیر و عافیت معلوم ہوئی،، ۔ ممکن ہے غالب
کا قطعہ یہی میر جان بعد میں نواب صاحب کی خدمت میں لے
گئے ہوں اور اس واقعاتی قطعے کے الفاظ ''جان نذر کنم،، میں او
قرینے سے ایہام مقصود ہو ۔ علائی کے نام کے خطوں میں غالب
میر جان کا ذکر کئی جگہ کیا ہے ۔

(اضافات ج : ق ۳۸، سبد چین ع ص ۴۷، سبد چین م: ق ۲۹؛
باغ دو در : ورق ۹ ب) ۔

۳۰

۷ : الکزینڈر اسکنر : Alexander Skinner، عوام میں سکندر
صاحب کہلاتے تھے اور دلی میں ان کا خاندان 'اسکنر صاحب والوں'
کے نام سے مشہور تھا ۔ ان کی کوٹھی جو ان کے والد کرنل
جیمس اسکنر (Col. James Skinner C.B.) نے بنوائی تھی گندے نالے
کے محلے میں اندرون کشمیری دروازہ دہلی واقع تھی ۔ اسی کشمیری
دروازے کے مقابل اور متصل جیمس اسکنر کا بنوایا ہوا گرجا

مرحوم کے متبع ہو کہ زین العابدین و حیدر حسن اور ان کی اولاد کو کبھی منہ نہ لگایا ۔ علاؤالدین خاں جیسا ہوشمند و ہمہ داں بیٹا، فرخ میر جیسا دانشور، بذلہ سنج اور شیرین سخن پوتا ۔ یہ دو عطیہ عظمیٰ و موہبت کبریٰ ہیں تمھارے واسطے من جانب اللہ۔

اگر دریافتی بر دانشت بوس
وگر غافل شدی افسوس افسوس

آج ۲۲، جون کی ہے ۔ آفتاب سرطان میں آگیا ۔ نقطہ انقلاب صیفی میں دن گھٹنے لگا ۔ چاہیے کہ تمھارا غیظ و غضب ہر روز کم ہو جائے ۔ (خطوط، مہر، ص ۵۲، اردوئے معلیٰ، حصہ اول ۔ ص ۲۹۳)‘‘

اس خط کی تاریخ کے تعین کے بارے میں جناب غلام رسول مہر نے اپنے حاشیے میں لکھا ہے: ’’میرا اندازہ ہے کہ یہ خط جون ۱۸٦۷ء کا ہوگا ۔ اس میں امیرالدین احمد خاں عرف فرخ میرزا سے گفتگو کا مفاد درج کیا ہے ۔ ان کی پیدائش ۱۸٦۱ء میں ہوئی ۔ اسی لئے انھیں بالشت بھر کا لڑکا بتایا گیا ہے‘‘ ۔ ان کی نسبت یہ الفاظ خط کے اس حصے میں ہیں جو ہم نے یہاں نقل نہیں کیا ۔

مہر صاحب نے محولہ خط میں غلام حسین خاں مرحوم کی طرف اشارے کی توضیح کرتے ہوئے اپنے حاشیے میں بتایا ہے ’’غلام حسین خاں مسرور جو میرزا غالب کے ہم زلف اور زین العابدین خاں عارف کے والد تھے، انھوں نے اپنی بیوی بنیادی بیگم اور اس کے بچوں کو بالکل چھوڑ رکھا تھا، اور

۲ : ایک اور خط میں جو کچھ کم ایک برس پہلے کا یعنی ۲۰ دسمبر ۱۸۵۸ء کا ہے غالب لکھتے ہیں "صاحب، ہوش میں آ۔ اور مجھ کو بتاؤ کہ یہاں جو پارسیوں کی دوکانوں میں 'فرنچ اور 'شام پین، کے درجن دھرے ہوئے ہیں یا ساھوکاروں اور جوھریوں کے گھر روپے اور جواھر سے بھرے ہوئے ہیں، میں کہاں وہ شراب پینے جاؤنگا اور وہ مال کیوں کر اٹھا لاؤنگا،، . . (خطوط مہر، ص ۲۲۵؛ اردوئے معلی، حصہ اول، ص ۲۰۱) ۔

کئی سال بعد کے ایک خط میں، جو ۱۱ جنوری ۱۸٦۴ء کا ہے، غالب نے بیان کیا ہے "جاڑا پڑ رھا ہے، توانگر غرور سے، مفلس سردی سے اکڑ رھا ہے ۔ آبکاری کے بندوبست جدید نے مارا ۔ عرق کے نہ کھینچنے کی قید شدید نے مارا ۔ ادھر انسداد دروازۂ آبکاری ہے، ادھر ولایتی عرق کی قیمت بھاری ہے،، (خطوط، مہر، ص ۳۷۷، خط ۴۰؛ خطوط، مہیش، ص ۲۲٦، خط ۴۱)

مندرجہ بالا اشاروں خاص طور سے آخری اقتباس میں اس قطعے کا پس منظر مل جاتا ہے ۔

(اضافات ج : ق ۳۵، سبد چیں غ : ص ۳۷، سبد چین م : ق ۲۸، باغ دو در : ق ۹ ب)

۳۹

میری نظر میں اس قطعے کے مخاطب نواب امین‌الدین احمدخاں ہیں، جو جون ۱۸٦۷ء میں اپنے فرزند علاءالدین احمد خاں علائی سے کچھ خفا تھے اور غالب نے انھیں اپنے ایک خط میں علائی کی سفارش کے طور پر لکھا تھا "مگر بھائی، غلام حسین خاں

تاریخ ہے، صرف اتنے فرق کے ساتھ کہ 'چو بینی' کے بجائے جو 'باغ دو در' اور سبد چین' میں ہے 'ببین چون' آیا ہے۔ تیسرا شعر جو 'باغ دو در' کے قطعے میں نہیں لیکن 'سبد چین' میں ہے یہ ہے:

خدایا پسندد خداوندگار
کہ از طبع غالب رود پیچ و تاب

مکاتیب میں جناب عرشی صاحب کا متعلقہ حاشیہ بھی دیکھیں۔

(اضافات ج : ق ۴۴، سبد چین غ : ص ۳۷، سبد چین م : ق ۲۷، باغ دو در : ورق ۹ - الف، مکاتیب : ص ۹۳)

۲۸

۱ : غالب نے ۸ نومبر ۱۸۵۹ء کے ایک خط میں لکھا ہے ''شہر کا حال کیا جانوں کیا ہے۔ 'پون ٹوٹی' کوئی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے سوائے اناج اور اُپلے کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر محصول نہ لگا ہو۔'' (خطوط، مہر، ص ۲۸۴، خط ۱۹، خطوط، مہیش، ص ۶۵۶، خط ۱۹)

'پون ٹوٹی' کی حقیقت سید احمد دہلوی نے یوں بیان کی ہے:
''الف، اسم مؤنث (اصل میں انگریزی Town duty ٹون ڈیوٹی تھا)، چنگی، وہ محصول جو شہر کے اندر آ کر بکنے کی چیزوں پر شہر کے اخراجات کے واسطے لیا جاتا ہے۔'' (فرہنگ آصفیہ)
ممکن ہے شراب کے لئے یہ پابندی بھی ''کہ نی برند ز شہر و نیاورند بشہر'' اسی 'پون ٹوٹی' کے ساتھ لگائی گئی ہو۔

کہ غالب نے یہ تاریخی قطعہ دوسرے میلے سے متعلق کہا تھا
خط کے آخر میں غالب نے یہ بھی لکھا ہے: ''اگر حضرت کی
مرضی ہو تو 'دبدبۂ سکندری' میں یہ تاریخ چھاپی جائے۔'' یہ
اخبار دبدبۂ سکندری، اسی سال یعنی ۱۸۶۷ء میں رامپور سے جاری
ہوا تھا (اختر شاہنشاہی، ص ۱۲۰) اور نمائش کا حال غالب
نے ضرور اسی اخبار میں پڑھا تھا۔ خط کے شروع میں ہے
''نمایشگاہ سراسر سور رامپور کا ذکر اخبار میں دیکھتا ہوں اور
خون جگر کھاتا ہوں کہ ہائے میں یہاں نہیں۔'' ۔ 'باغ بے نظیر'
کا ذکر جس میں یہ میلہ ہوتا تھا قطعے میں نہیں لیکن خط میں
ہے۔ خط کے جو جملے نقل کئے گئے، انکے آگے کی عبارت یہ ہے،
جو دلچسپ ہونے کی وجہ سے یہاں پیش کی جا رہی ہے:

''بالاخانے پر رہتا ہوں۔ اوتر نہیں سکتا۔ مانا کہ آدمیوں
نے گود میں لیکر اوتارا اور پالکی میں بٹھا دیا۔ کہار چلے۔ راہ
میں نہ مرا، اور رامپور پہنچ گیا۔ کہاروں نے جا کر بینظیر
میں میری پالکی رکھدی۔ پالکی قفس، اور میں طایر اسیر۔ وہاں
بھی بے بال و پر۔ نہ چل سکوں۔ نہ پھر سکوں۔ جو کچھ
اوپر لکھ آیا ہوں، یہ سب بطریق فرض محال ہے۔ ورنہ ان امور
کے وقوع کی کہاں مجال ہے۔''

غالب نے اس خط کے ساتھ جو قطعہ بھیجا تھا اس میں اشعار
کم تھے۔ ''بارے تین بیت کا قطعۂ تاریخ بھیجتا ہوں۔ اگر پسند
آئے تو میں خوشنودی مزاج مبارک سے اطلاع پاؤں۔'' (محولہ خط)
چنانچہ خط کے آخر میں تین شعر درج ہیں۔ پہلا وہی ہے جو
ہمارے قطعے کا پہلا ہے اور دوسرا شعر وہ ہے جس میں سادہ

نے یہ بھی بتایا ہے کہ یہ میلہ مارچ کے آخر* میں ہوا تھا اور
ٹھ دن رہا تھا۔

نواب خلد آشیاں کا انتقال ۲۳ مارچ ۱۸۸۷ء کو ہوا۔ مؤلف اخبار الصنادید نے لکھا ہے کہ نواب نے بائیس میلے کئے۔ تیئیسواں میلہ قریب تھا کہ رحلت کی۔ لیکن حساب سے صحیح تعداد اکیس ہوتی ہے نہ کہ بائیس۔

غالب کے قطعہ تاریخ سے ۱۲۸۳ھ حاصل ہوتا ہے۔ میلہ چونکہ مارچ کے آخر میں ہوتا تھا، اس لئے اس ہجری سال کے مقابل عیسوی سال ۱۸۶۷ ہوا۔ سال ۱۲۸۳ھ از روئے تقویم ۱۶ مئی ۱۸۶۶ء سے شروع ہو کر ۴ مئی ۱۸۶۷ء کو ختم ہوتا ہے۔ یہ قطعہ غالب نے اپنے جس خط کے ساتھ نواب صاحب کو بھیجا تھا اس پر تاریخ ۱۴ اپریل ۱۸۶۷ء ثبت ہے (مکاتیب، ص ۹۰، شمارہ ۸۰)۔ غالب نے قطعے کے مادہ تاریخ سے متعلق اس خط میں لکھا ہے: "بخشش بیحساب" کے بارہ سو پچاسی ہوتے ہیں۔ "طرب" کی نہایت بای موحدہ ہے۔ جب وہ نہ رہی تو دو عدد گھٹے اور ۱۲۸۳ رہ گئے، فہو المقصود۔" ۱۲۸۳ھ کی مطابقت یہاں ۱۸۶۷ء سے ہوتی ہے جیسا کہ بیان ہوا۔ اس سے واضح ہے

---

* مارچ کے آخر سے مراد اس مہینے کا آخری دھہ ہے، جیسا کہ ۱۸۸۷ء کی مثال سے ظاہر ہے، اور اس کے مفہوم میں مہینے کا نصف آخر بھی داخل ہے، اس لئے کہ اخبار مہر نیمروز (جلد۳، نمبر ۱۲، مؤرخہ ۳۰ مارچ ۱۸۸۱ء) میں جو شہر بجنور (روہیلکھنڈ) سے شائع ہوتا تھا، اس سال کے میلہ باغ بےنظیر ۱۷ ... بتایا گیا ہے۔

زیر بحث مصرعہ غالب یوں کہہ سکتے تھے :

خالقش ایجادوی در خاک دا کا کردہ است

یا

خالق وی زادگاھش خاک داکا کردہ است

یا

مولدش خلاق عالم خاک داکا کردہ است

۳۷

۱ : نمایشگہی، نواب : نمایشگاہ میلے کو کہا ہے اور نواب سے مراد ھیں نواب کلب علی خاں والی رامپور، جنھوں نے مسند نشین ہونے کے بعد شہر کے 'باغ بے نظیر' میں ایک میلے کی بنا ڈالی تھی کہ سال بہ سال ہوا کرے ۔ پہلے میلے کی تاریخ 'اخبار الصنادید (جلد۲، ص ۱۳۹) میں ذیقعدہ، ۱۲۸۲ھ مطابق آخر مارچ ۱۸۶۵ء بتائی گئی ہے ۔ اس میں عیسوی سال سہو کاتب ہے۔ نواب کلب علی خاں خلد آشیاں ۲۱ اپریل ۱۸۶۵ء کو مسند نشین ہوئے تھے، اس لئے یہ پہلا میلا جو مارچ کے آخر میں ہوا ۱۸۶۶ء (ذیقعدہ ۱۲۸۲ھ) میں ہوا ہوگا، یعنی پہلا سال جلوس ختم ہونے سے تقریباً چار ہفتے پہلے ۔ اخبار الصنادید میں اسکی تصریح ہے 'میلہ باغ بے نظیر' کا آغاز پہلے سال جلوس میں ہوا تھا ۔ مولف

ارشاد پناهی حضرت آغا شجاعت علی بن آغا عبدالعلی بن آغا محمد نبی الاصفهانی -

تتمہ : ابیات ۶ اور ۱۱ کے لئے 'مؤید' کی حسب ذیل عبارت ملاحظہ ہو۔ آغا احمد علی نے غالب پر نکتہ چینی کرتے ہوئے لکھا ہے:

فرۂ سہ فروزہ را منحصر بذات خود و ہمہ استادان ہندوستان زا را ازان بی بہرہ میداند. از ہذا لشئی' عجاب' و غلط است آنچہ می گوید کہ من فراوان کمال و دانش اندوختم تا دو سال' و در چہاردہ سالگی از آموزگار پرورش یافتم . . . ،، (ص ۱۲م)

بیت ۸ میں 'پیدا کردہ است' غالب نے ظاہر ہے (پیدا کیا ہے) کے معنی میں استعمال کیا ہے - فارسی میں یہ مصدر مرکب 'پیدا کردن' اس معنی میں نہیں آتا ہے' 'پاینہ' 'ڈھونڈلینا' 'حاصل کر لینا' 'واضح کرنا' کے معنی میں آتا ہے - میری کوئی چیز گم ہوگئی تھی ملگئی یا کوئی چیز مجھے مطلوب تھی ملگئی تو میں کہونگا 'پیدا کردم' - غالب سے یہ غلطی اردو کے زیر اثر ہوئی ہے- فارسی میں 'پیدا کرنا' کو 'آفریدن' 'خلق کردن' 'بوجود آوردن' وغیرہ کہینگے- دوسرے الفاظ میں کہنا چاہئے کہ فارسی میں 'پیدا' بمعنی 'ظاہر' اور 'دستیاب' ہے بمعنی 'متولد' نہیں - اسی طرح 'پیدایش' فارسی میں بمعنی 'ظہور' ہے بمعنی 'ولادت' نہیں - یہاں اس شعر کا سیاق و سباق اور اسلوب دونوں بتارہے ہیں کہ غالب کا مقصود 'ولادت' ہے نہ کہ 'ظہور' — اور 'پیدا کردن' ظہور میں لانے کو بھی نہیں کہتے' اس لئے کہ محاورے میں اسکے وہ معانی معین ہوچکے جو شروع میں بیان کئے گئے -

نگار آغا (ص۸۳ے)، دلشاد آغا (ص۶۶ے) ۔

البتہ اردو میں یا کہنا چاہئے کہ ہمارے معاشرے م
اسمائے ذکور کے ساتھ یہ لفظ جو فارسی میں مغولی زبان سے ا
اردو میں فارسی سے آیا ہے ق کے ساتھ اور غ کے ساتھ دونو
طرح رائج ہے اور صحیح ہے ۔ ہمارے ہاں یہ نام کا جزو ہو
ہے یا خاندانی اسمی سابقے یا اسمی لا حقے کے طور پر آتا ہے ا
نسلی نسبت کا اظہار کرتا ہے، مثلاً ایرانی النسل ہونے کا ۔

۲۳ : 'بہر من توہین و بہر خویش تحسین، 'مؤید، میں
انداز واقعی‌جا بجا ہے ۔ ایک نمونہ یہ ہے: ''باری احمد سند می آ
و غالب را مغلوب می کند، (ص ۶۸)

۲۷: 'موید برہان کے آخر میں ایک قطعہ تاریخ تالیف کتا
خود مؤلف کا ہے اور اس کے بعد تقاریظ کے مستقل عنوان
دوسرے حضرات کے قطعات تاریخ درج ہیں، یہ
سید محمود شیدا، مولوی ذوالفقار علی دوم مدرس فارسی مدر
عالیہ کلکتہ، مولوی عبدالرحیم صاحب مدرس پنجم مدرسہ مذکو
مولوی محمد اشرف خاں، خواجہ عبدالرحیم صہباء رئیس اعظم ڈھا
شاہزادہ محمد اعظم الدین سلطان، نبیرہ ٹیپو سلطان، مولوی امیرالد
حیدر، منصب نمبر [درجہ] اول، مولوی سید ریاضت اللہ، مونو
غلام سرور متخلص بہ سرور ۔

بعض تاریخی قطعوں کے ساتھ نثر میں تقریظ بھی ہے جس م
غالب پر طعن و تشنیع ہے ۔ مثلاً مولوی سید ریاضت اللہ کا اب
جملہ ہے: ''. . . بجواب قاطع برہان مؤلفہ میرزا اسد اللہ خا
غالب رنگ تالیف ریختہ است، ہمانا گرد از ساختکدۂ تحقیقاتش
انگیختہ . . .'، اس تقریظ میں آغا احمد علی کا سلسلہ نسب بھ
درج ہے : ''مولوی آغا احمد علی بن جناب مستطاب ارادت کا

بدال ما قبل مکسور است اقوا واقع ۔ سبحان اللہ دعوی شاعری و این مایہ از فن قوافی بے بہرگی ۔"

ہم نے ان اعتراضات پر بحث 'کلیات نظم غالب' کی اپنی اشاعت میں کی ہے ۔

آغا نے عیوب قافیہ کے علاوہ زبان کی غلطی بھی بتائی ہے:

"زباندانی او [غالب] مسلم الثبوت نہ ۔ در مثنوی باد مخالف کہ بخدمت سخنوران کلکتہ آشتی نامہ فرستادہ است میفرماید:

شعر : با من این خشم و کین دریغ دریغ
من چنان تان چنین دریغ دریغ

چون بدیدید بے گناہی من
تان نشستید روسیاہی من

و در مثنوی درد و داغ میگوید:

شعر : از غم گردون بپناہید تان
ہرچہ بخواہید بخواہید تان

دانشمندان خدارا از روی داد بفرمائید کہ این چیست مگر این منافی زباندانی وی نیست."

تان، پر اعتراض کیا ہے 'تان' کے بارے میں آغا احمد علی نے لکھا ہے کہ یہ صرف ضمیر متصل اضافی اور ضمیر متصل مفعولی کے طور پر آتا ہے، ضمیر متصل فاعلی کے طور پر نہیں آتا (موید ص ۱۴ تا ص ۱۵) ۔ اسلوب کلام کے لحاظ سے 'تان' کے ان اشعار میں استعمال کو غیر فصیح کہتے تو دوسری بات تھی، لیکن صرفی و نحوی لحاظ سے 'تان' کے ضمیر فاعلی کے طور پر لانے کو غلط کہنا سراسر غلط ہے یہ تو آج کل کی فارسی میں بھی رائج ہے اور فصیح روزمرہ میں استعمال ہوتا ہے: 'دیدیدتان'؟

لالہ ٹیک چند بہار کے بارے میں ہم پہلے اشارہ کر چکے که انہیں 'موید' میں مکرر 'محقق اعظم' کہا گیا ہے۔

۱۲ : آغا احمد علی نے 'موید' (ص۴۵۴) میں غالب فارسی اشعار پر اعتراضات کئے تھے۔ متعلقه عبارت حسب ذیل

''از نتائج جهل از علم قوافی است که اقوا در کلام [غالب] جاها واقع گشته. مثالی چند ازان این باشد. در مثنوی غالف گوید: شعار (کذا): هر که دیدم رهخموشی رفت بود بر آن گرفت گرفت نیز در غزلیات: اشعار :

تا بشوید نهاد ما ز وسخ
گشت گرمابه ساز از دوزخ

مور چون ساز میزبانی کرد
بسلیمان رسید پای ملخ

با تو شد همسخن پیام گزار
چه شکیبم بارزش پاسخ

در سخن کار بر قیاس مکن
ترش گردد ترش نه تلخ تلخ

ایضاً: هرچه فلک نخواسته است هیچکس از فلک نخواست
ظرف فقیه می نجست بادهٔ ما گزک نخواست

خرقهٔ خوش لست در برم برده چنین خشن خوش است
عشق به خار خار غم پیرهنم تنک نخواست

وله ایضاً: ز بس تاب خرام کلک آذر بیزد از کاغذ
مداد اندوزم از دودی که هردم خیزد از کاغذ

ظهور آمد تنزل هان بچشم کم مبین غالب
به پیدائی ز خاکستم چونام ایزد از کاغذ

در گرفت و پاسخ و تنک که بضم ما قبل آخر ست و ایزد کہ

بخبران بگفتۂ چون خودی کار برخود تنگ گیرند آگه دلان راچه افتاده که توقیع ناروارا پزیرند حیرتکده و ظلمتکده و صفوتکده وشفق کده و خرکده امثال اینها در نظم و نثر اهل عجم بسیار است ۔ فخر المتاخیرین فرماید شعر :

خاموش حزین کز نفس سینه خراشت
نشترکده گردید جگر مرغ حرم را،،

تفصیلی بحث کی یہاں گنجائش نہیں، صرف یہ اشارہ کافی ہونا چاہئے کہ آغا احمد علی نے قتیل کی حمایت کے لئے قدما اور متاخیرین کا فرق اپنی طرف سے قائم کیا، حالانکہ قتیل کے قول میں تعمیم ہے، بلکہ سیاق کلام اور محل گفتگو متاخیرین ہی سے زیادہ متعلق ہے اور ''مسموع نیست،، میں تعمیم کے علاوہ 'حال' کا پہلو زیادہ نمایاں ہے ۔ اسکے علاوہ قتیل کا موقف ہی یہ رہا ہے کہ وہ رائج الوقت فارسی اور استعمال متاخیرین و معاصرین کی نمائندگی کرتے ہیں ۔ ویسے 'مؤید' میں قتیل نمایاں حیثیت نہیں رکھتے۔ پوری کتاب میں صرف دو حوالے ہیں، ایک انکے 'رقعات' کا اور ایک 'نہرالفصاحۃ' کا۔ انکی دوسری تصنیفات : دیوان فارسی، ثمرات البدائع، ہفت تماشا، چار شربت، معدن الفوائد، شجرۃ الامانی، مظہرالعجائب، دریای لطافت (حصہ دوم) سے 'مؤید' میں استفادہ نہیں کیا گیا ۔

'جامع برہان' یا مؤلف 'برہان قاطع' کی نسبت آغا احمد علی کا جانبدارانہ رویہ 'مؤید' کے سرنامے ہی کی اس عبارت سے (ص ۲) واضح ہوجاتا ہے : '' . . . تصرفی در الفاظ و معانی ازو [مؤلف برہان قاطع] بوقوع نیامده و اغماض از شواهد نظر باختصار رفت و بس . . . ،،

قتیل کے ساتھ آغا احمد علی کی جانبداری ("سوکیری،")
اندازہ 'مؤید، میں انکی حسب ذیل بحث (ص۳۲۹) سے ہو سکتا۔

"مرزا محمد حسین قتیل درنہر الفصاحت نوشتہ کہ کدہ بمعنی
خانہ با پنج لفظ ملحق شدہ، سوای آن مسموع نیست بتکدہ و غمکدہ
آتشکدہ و میکدہ و گلشن‌کدہ و غیرآن چون آبکدہ نمیدانم
درشت است یا نادرست انتہی تحقیق آنکہ لفظ کدہ در کلام قد
در ہمین پنج شش لفظ بسیار مستعمل بودہ است امامتا خرین ا
لفظ را باسیاری از الفاظ کہ شمار آن از شمار گذرد استعمال ء
کنند چنانچہ این معنی از مطالعۂ بہارعجم واضح می شود و بہا
گلشن‌کدہ کہ در کلام متقدمین تا حال بنظر نیامدہ اگر مغک
کہ میر معزی سنجری ہم بستہ است آوردی بہتر بودی و آبک
نیز درکلام ہیچ یکی تا این دم ندیدہ ام ۔ پس مراد قتیل اینکہ ۔
باغیراین پنج لفظ الحاق‌کدہ نشیندہ ام و در استعمال غیرآن تردد
تأمل است چنانکہ در آبکدہ کہ غیرآن پنج است می گوید نمیدانم
درست است یا نادرست و غرض قتیل این نیست کہ غیر این پنج
لفظ جایز نیست و غلط است چہ برین تقدیر تردد در آبکدہ نداشتی
و غلط نگاشتی۔ غایتش استقرای وی درین مقام ناقص است و روایت
غالب از تلمیذوی بانکارش استاد معلوض نمیتواندشد،،

غالب نے 'قاطع برہان، میں لکھا تھا (ص۸۳) :

"یکی از پرورش یافتگان قتیل نومسلم در کلکتہ بمن گفت
اوستاد دربارۂ کدہ و ہمہ کہ آن مرادف خانہ و این ترجمہ تمام
است از روی اجتہادی کہ بدانسبت پیروان خویشی دارد جز اسمی
چند کہ شمار آن از پنج یا شش نگزرد ما قبل کدہ آوردن و اسم
مفرد ما بعد لفظ ہمہ نبشتن جایز نمی شمارد پاسخ گزاردم کہ

آئے اور وہ خود ''ہندوستان،، میں پیدا ہوئے۔

[جن کتابوں کا بلا واسطہ حوالہ نہیں ہے وہ مندرجہ بالا ماٰخذ (۵) و (۶) میں شامل نہیں کی گئیں]

۷ : آغا احمد علی نے 'مؤید، کے مقدمے (ص ۳) میں محمد حسین برہان کے ایرانی ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے کہا تھا کہ ایرانی سو سال بھی ہندوستان میں گذارے تب بھی کسی مقامی زبان کے تلفظ پر (جیسے حروف مخلوط الہا کا تلفظ) قدرت حاصل نہیں کر پاتا یعنی ایرانی ہی رہتا ہے۔ غالب نے جواب میں کہا ہے کہ ایسا شخص بہر حال اپنی جائے ولادت کی زبان سے واقف ضرور ہوتا ہے اور یہ اسکا ثبوت ہے کہ یہیں کا ہے۔

۸ : 'مؤید برہان، کے مقدمے کی ابتدا میں ہے ''احمد علی متخلص بہ احمد ابن آقا شجاعت علی اصفہانی اصلاً جہانگیرنگری مولداً۔،، جہانگیرنگر ڈھاکے کا دوسرا نام ہے۔

۹ : جامع برہان : محمد حسین برہانؔ بن خلف تبریزی (تفصیل کے لئے دیکھیں قاطع برہان بہ تصحیح و تقدیم استاد محترم جناب آقائی دکتر محمد معین، طبع تہران کا مقدمہ۔)

۱۰ : لالہ ٹیک چند بہار : بارھویں صدی ہجری (اٹھارھویں صدی عیسوی) کا فارسی داں اور فرہنگ نویس۔

مؤلف 'بہار عجم، و 'جواہر الحروف، و 'نوادر المصادر، و 'ابطال ضرورت، و 'بہار بازار،۔ 'مؤید، میں بہار کو 'محقق اعظم، کہا گیا ہے مثلاً ص ۹۳، ص ۳۴۹۔

(بہار کے لئے دیکھیں جناب ڈاکٹر سید عبداللہ کی تحقیقی کتاب ''فارسی ادب میں ہندوؤں کا حصہ،،)

اور نو مسلم تھے۔ قبول اسلام سے پہلے انکا نام دیوالی سنگھ ت
ان کے والدکا نام تھا درگا ھی مل ۔ قتیل کا یہ قول مشہور ہے
'بوی کباب مرا مسلمان کرد'

۵ : ہندیان: موید کے مقدمے (ص۳ببعد) میں آغا احمد
نے برصغیر کے جن فرہنگ نویسوں کے مجموعوں کو محل استن
قرار دیا تھا وہ حسب ذیل ھیں (تالیف کا نام قوسین میں ہے) ۔

۱ ۔ قاضی بدر محمد دهلوی (اداۃالفضلا)، ۲ ۔ میرزا ابراهیم
قوام فاروق (شرف نامۂ منیری) ۳ ۔ شیخ محمد لاد دهلوی (مو
الفضلا)، ۴ ۔ شیخ الهداد فیضی سرهندی (مدارالافاضل)، ۵ ۔ م
عبدالرشید ٹھٹوی (فرهنگ رشیدي و رسالۂ معربات)، ۶ ۔ عبدالرح
ابن سور (کشف اللغات)، ۷ ۔ سراج الدین علی خان آرزو (سرا
اللغات و چراغ هدایت)، ۸ ۔ ٹیک چند بہار (بہارعجم و نواد
المصادر و جواهرالحروف و ابطال ضرورت)، ۹ ۔ سیالکوٹی مل
وارسته (مصطلحات الشعرا)، ۱۰ ۔ قبول محمد (هفت قلزم)
۱۱ ۔ اوحد الدین بلگرامی (نفائس اللغات)، ۱۲ ۔ غیاث الدین رامپور
(غیاث اللغات)، ۱۳ ۔ تحفۃ العجم (سید حسین شاہ حقیقت) ۔

انکے علاوہ موید کی بحثوں میں مولف نے برصغیر کے بعض
دوسرے فارسی دانوں کے حوالے بھی دیئے ھیں : عبداللطیف گجراتی
(لطائف اللغات)؛ عبدالواسع هانسوي (رساله و غرائب اللغات)؛
عبدالرحیم دهري (فرهنگ دبستان مذاهب)؛ مرزا محمد حسن قتیل
(رقعات و نہر الفصاحۃ)؛ امام بخش صہبائی دهلوی (حل مقامات
جواهر الحروف)؛ مولوی انور علی (رسالہ املای فارسی) وغیره

۶ : 'هندوستان زایان' سے مراد ھیں : محمد حسین برهان
تبریزی اور اسکے امثال، جنکے آبا و اجداد ایران سے هندوستان

کی بنا پر دوسرے ماخذوں میں لکھنوی بھی کہا گیا ہے ۔ قتیل کے حالات اور تصنیفات کا ذکر جن تذکروں میں ملتا ہے اُن میں شمع انجمن تالیف سید محمد صدیق حسن، عقد ثریا، تالیف مصحفی اور نتائج الافکار تالیف قدرۃاللہ گوپاموی خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ قتیل سے غالب کی بیزاری کے بارے میں دیکھیں غالب کی مثنوی 'باد مخالف، جسکا یہ شعر مشہور ہے:

آنکہ طی کردہ این مواقف را
چہ شناسد قتیل و واقف را

اسکے علاوہ دیکھیں اس موضوع پر مستقل کتاب 'قتیل اور غالب، مؤلفہ سید اسد علی انوری فریدآبادی ۔

غالب کی ایک غزل کا یہ شعر بھی قتیل کے بارے میں مشہور ہے: غالب خستہ نوا را چہ بہ گفتار آری
بہ دیارے کہ ندانند نظیری ز قتیل .

آغا احمد علی نے 'موید برہان، میں مرزا قتیل کے رقعات سے صفحہ ۲۱ پر اور قتیل کی نہر الفصاحت سے صفحہ ۴۲۹ پر استناد کیا ہے اور ص ۳۵۱ پر غالب کی مدح کرتے ہوئے لکھا ہے "بر اکثر فرہنگ و ارباب دانش مثل خان آرزو و صاحب بہار عجم و مرزا قتیل و میر عبدالواسع ھانسوی و غیرھم زبان طعن کشادہ است۔ بارے ازین ہم نترسد کہ گویند ای غالب، شعر:

ماری تو کہ ہر کرا ببینی بزنی
یابوم کہ ہر کجا نشینی بکنی

لاحول ولا قوۃ الا باللہ،،

۳ : ہندو زادۃ : قتیل کی طرف اشارہ ہے جو قوم کے کھتری

لفظا 'شامل، غلط معنی میں استعمال کیا ہے، بلکہ اس سے بڑھ کر یہ غلطی کی ہے کہ 'شامل کردن، کہا ہے جو فارسی کا محاورہ نہیں' اردو کے 'شامل کرنا، کا لفظی ترجمہ ہے۔ ''شامل اقلیم ایران کردہ است،، کے بجائے فارسی میں کہینگے ''جزو اقلیم ایران قرارداده است،، یا ''جزو اقلیم ایران ساختہ است،،۔ غالب یہ شعر یوں کہہ سکتے تھے :

کیچ و مکران را کہ در سند است و از ایران جدا
ضبط در اقلیم ایران بیمحابا کردہ است

لفظ شامل کا غلط استعمال بعض دوسرے ہندی نژاد شاعروں اور نثرنویسوں کے ہاں بھی ملتا ہے، لیکن غالب جو اس معاملے میں بیحد محتاط ہیں، اُن سے توقع نہیں ہوتی تھی کہ ایسی غلطی کر جائینگے، اور وہ بھی ایسے نازک موقع پر جہاں ہندی نژاد فارسی نویسوں کے خلاف میدان قائم کر رہے ہوں۔ یہ غلطی انکی 'قاطع برہان، میں بھی ہے ''دراسماً نیز ہای موحدہ شامل گشت،، (ص ۲۸) ۔

۳ : برلچ : یعنی بلوچ۔ 'ترکان سمر قند و بخارا، کے ایرانی نژاد ہونے کی طرف اشارہ اپنی ایرانیت کو محفوظ کرنے کے لئے ہے۔ غالب اپنے کو ترک ایبک اور 'مرزبان زادۂ سمرقند، کہتے تھے۔

قتیل : مرزا محمد حسن قتیل فریدآبادی دھلوی، بارھویں صدی ھجری (اٹھارھویں صدی عیسوی) کے نصف آخر کا فارسی شاعر، زبان دان اور صاحب انشا (متوفی ۱۲۴۰ھ مطابق ۲۵-۱۸۲۴ء) فاضل معاصر جناب غلام رسول صاحب مہر نے مآثرالامرا کی بنیاد پر خیال ظاہر کیا ہے کہ یہ فریدآباد دھلی کا ایک محلہ تھا نہ کہ وہ قصبہ جو دھلی کے نواح میں ہے۔ (خطوط، حاشیہ ص ۱۳۵) بعض تذکروں میں (مثلاً شمع انجمن) قتیل کو لاھوری بتایا گیا ہے، اس بنا پر کہ اسکے خاندان کی اصل لاھور کی تھی۔ اسی طرح لکھنؤ میں قیام

شامل : یہ لفظ یہاں جس معنی میں استعمال کیا گیا ہے اس معنی میں فارسی میں نہیں آتا ۔ یہ غالب کی فاحش غلطی ہے جو ظاہر ہے اردو کے زیر اثر ہوئی ہے۔ اردو میں یہ لفظ 'جزو' اور 'شریک' کے معنی میں آتا ہے اور اردو کی نہ صرف عامیانہ بلکہ فصیح تقریر و تحریر یہاں تک کہ ادبی اسلوب میں بھی اس معنی میں مستعمل ہے ۔ یہ استعمال اردو کے تصرفات میں سے ہے ۔ فارسی میں اس لفظ کے معنی میں ایسا تغیر نہیں ہوا، مثلاً یوں تو کہہ سکتے ہیں ''اقلیم ایران شامل سندنیست،، لیکن یوں نہیں کہہ سکتے ''سند شامل ایران نیست،، یا مثلاً اگر کہیں ''مثنوی‌ها شامل این دیوان نیست،، یہ فارسی غلط ہوگی، کہنا چاہئے ''این دیوان شامل مثنوی‌ها نیست،، دوسرے الفاظ میں فارسی میں 'شامل' اور 'مشتمل بر' ہم معنی ہیں اور مشمول کو 'جزو' کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے مثلاً کہا جائے گا : ''مثنوی‌ها جزو این دیوان نیست،،۔ اسی طرح اردو میں جہاں کہینگے ''میں بھی اس انجمن کے اراکین میں شامل تھا،، فارسی میں کہنا ہو گا ''من نیز جزو اعضای این انجمن بودم،، ۔ اردو میں جہاں کہتے ہیں ''میں بھی شامل تھا،، فارسی میں کہتے ہیں ''من نیز شرکت داشتم ۔،، لفظ 'شامل' کے صحیح معنی یعنی اصل عربی معنی اردو کے اس استعمال میں ملتے ہیں: ''خدا کی رحمت شامل حال تھی۔،، رحمت محیط ہے یعنی کل اور حال محاط یعنی جزو۔ لفظ 'شامل' کے استعمال میں اردو کا ایک اور تصرف اردو کے علاقائی محاورے مثلاً صوبۂ بہار کے محاورے میں ملتا ہے یعنی 'شامل' بمعنی 'ساتھ' : 'آپ کے شامل میں' بمعنی 'آپ کے ساتھ' اور اسکی مثال 'میں' کے حذف سے متقدمین کے کلام میں بھی مل جاتی ہے :

ع قطرۂ خون بھی اک اشک کے شامل آیا ۔ غالب نے نہ صرف

چھپوا کر شائع کی تھی - یہ کتاب جو ۴۷۳ صفحات پر مشتمل ہے مؤلف نے ۱۲۸۰ھ مطابق ۱۸۶۳ء میں لکھی تھی - اس میں مقدمے کے بعد اصل بحث صفحہ ۲۱ سے شروع ہوتی ہے، جسکی ترتیب یہ ہے کہ پہلے 'برہان' کے عنوان سے 'برہان قاطع' کا متعلقہ اندراج، پھر 'غالب' کے عنوان سے 'قاطع برہان' کا اعتراض اور پھر 'احمد' کے عنوان سے مؤلف کا جواب آتا ہے - کتاب کے آخر میں منظوم و منثور تقریظیں اور تاریخ تالیف کے قطعات ہیں - ان میں ایک مادہ تاریخ ہے : 'تحریر تام طبب' هم 'رد غالب' آمد - پہلا تالیف کا سال ۱۲۸۰ھ اور دوسرا طباعت کا سال ۱۲۸۲ھ ہے -

۶ - کیچ و مکران : کیچ کی دوسری لفظی صورت کیج بھی ہے - مکران کا مقامی تلفظ : Mekran ہے - یہ مقامات سندھ میں ہیں اور یہاں کی اکثر آبادی اقوام بلوچ کی ہے - اس شعر میں ناطق مکرانی پر تعریض اور آغا احمد علی پر اعتراض ہے جنھوں نے ناطق کو ''ایرانی مکرانی'' لکھا تھا (مؤید برہان ص ۳۶۲) لیکن انھیں غالب نے کیچ و مکران کا بلوچ مانا ہے، اور آغا احمد علی پر خوردہ گیری کی ہے کہ انھیں کیوں فارسی میں سند مانا اور فضلای ایران کے برابر جانا، گویا کیچ و مکران کو ایران میں شامل سمجھ لیا - کیچ و مکران کے علاقے میں اقوام بلوچ کی نسلیات اور تاریخ کے لئے دیکھیں :

The Baloochi Race by
M. Longworthdames, London. 1904.

خاص طور سے صفحات ۱۹، ۵۱ برای قبیلہ کیچکی اور صفحات ۱۰، ۱۴، ۵۱ برای مکران - 'کیچ' کیلئے دیکھیں ظفرنامہ شامی، ص ۹۳ اور ظفرنامۂ یزدی، ج ۱ ص ۳۷۰

۱۸۶۸ء میں پتھر کے چھاپے سے شائع ہوا - ۱۸۶۶ء میں احمد علی نے 'رسالہ ترانہ' کے نام سے فارسی رباعی پر ۲۸ صفحات کا ایک رسالہ تألیف کیا، جسے ۱۸۶۷ء میں بلوخمان نے ان کے شاگرد کی حیثیت سے چھپوایا۔ بنگال کی انجمن ایشیائی (Asiatic Society of Bengal) کے لئے آغا احمدعلی نے 'ویس ورامن' (پانچویں صدی ھجری کے شاعر، اسعد گرگانی کی مثنوی) نظامی کا سکندر نامہ بحری (یعنی اقبال نامہ سکندری)* اقبال نامۂ جہانگیری، منتخب التواریخ بدایونی، مآثر عالمگیری اور 'اکبر نامۂ ابوالفضل کے پہلے دو جزو' مرتب کئے - ۱۸۷۲ء میں فارسی زبان کا 'رسالہ اشتقاق' لکھ کر شائع کیا - ایک اور تألیف 'فوائد احمدیہ' ہے جو 'رسالۂ عبدالواسع ھانسوی' کے حاشیے کے طور پر لکھی - ان کی آخری کتاب ان کی تصنیف 'ھفت آسمان' ہے جو 'سکندر نامہ بحری' کے مقدمے کے طور پر انجمن ایشیائی کے لئے لکھی گئی تھی - اس کتاب میں جو ۱۷۴ صفحات پر مشتمل ہے فارسی مثنوی کی تاریخ بیان کی گئی ہے - 'ھفت آسمان' نام اس لئے ہے کہ فارسی مثنویاں عام طور پر سات بحروں میں نظم کی گئی ھیں - صرف امیر خسرو نے دو بحروں کا اضافہ کیا ہے اور مثنوی 'نہ سپہر' نو بحروں میں لکھی ہے - آغا احمد علی اس کتاب کا صرف پہلا حصہ 'آسمان اول' مکمل کر پائے تھے کہ ان کا انتقال ھوگیا - بخار میں مبتلا ھو کر ۶ ربیع الثانی ۱۲۹۰ھ (مطابق جون ۱۸۷۳ء) ڈھاکے میں فوت ھوئے۔ 'ھفت آسمان' کے مقدمے میں مصنف نے بتایا ہے کہ یہ کتاب

---

* - ھفت آسمان کے دیباچے میں آغا احمدعلی نے بتایا ہے کہ سکندر نامے کی دوسری جلد یعنی سکندر نامہ بحری کا پہلا حصہ ڈاکٹر اسپرنگر اور آغا محمد شستری نے مرتب کر کے شائع کیا تھا اور دوسرا حصہ خود آں ہے مرتب کرا کے چھپوایا گیا تھا -

مرادف خمیے و زے، اور قتل کا مشار الیہ لفظ (وی) ہے جس
کے ۱۶ عدد ہیں، اور (وی) کا مشار (عدو) ہے۔ ''بخت فرخ'':
کے ۱۸۸۲، جب اس میں سے ۱۶ کم کئے تو ۱۸۶۶ رہے۔''

(اضافات ج : ق ۳۲، سبد چین غ : ص ۲۲، سبد چیں م : ق
۲۵، باغ دو در : ورق ۸ الف)۔

۳۶

۱: مولوی احمد علی احمد تخلص : ان کی تألیف 'موید برہان'
کے سر ورق پر نام مولوی آغا احمد علی احمد درج ہے، اور 'آسا'
(بحرف غین)۔ اس کتاب کے دیباچے مین ان کے والد کا نام آغا
شجاعت علی درج ہے، اور 'آقا' (بحرف قاف)۔ بلوخمن
(H. Blochmann) نے ان کی ایک دوسری تالیف 'ہفت آسمان' میں
تقریباً ڈیڑھ صفحے کی سوانحی یادداشت ان کے بارے میں انگریزی
میں لکھی ہے۔ اس یادداشت میں بتایا ہے کہ ان کے بزرگ
نادرشاہ کے ساتھ ایران سے ہندوستان آئے تھے۔ آغا احمد علی
ڈھاکے میں پیدا ہوئے۔ تاریخ تولد دہم شوال ۱۲۵۵ھ مطابق
۱۶ دسمبر ۱۸۳۹ء ہے۔ ان کا تاریخی نام مظہر علی تھا۔ ۱۸۶۲
میں انہوں نے کلکتے میں ایک مدرسہ مدرسۂ احمدیہ کے نام سے
جاری کیا تھا جو ان کی وفات تک ان کے زیر نگرانی رہا
۱۸۶۴ء میں وہ پروفیسر کوویل (Professor Cowell) کی سفارش
پر کلکتے کے سرکاری مدرسے میں مدرس فارسی مقرر ہوگئے
۱۸۶۵ء میں انہوں نے 'موید برہان' شائع کی، جس کا جواب غالب
نے 'تیغ تیز' سے دیا۔ پھر احمد علی نے جواب الجواب 'شمشیر
تیزتر' کے نام سے لکھا، جو ۱۰۶ صفحات پر مشتمل کلکتے سے

۲ : 'خجستہ بہار ادب، کے اعداد '۱۲۸۳، ہیں ۔ اس قطعے سے متعلق محولہ خط میں غالب نے لکھا ہے ''خط لکھتے لکھتے خیال میں آیا کہ سید صاحب کی ولادت کی تاریخ لکھی، سیدانی صاحبہ کی بسم اللہ کی تاریخ بھی لکھا چاہیے۔ مادہ ''خجستہ بہار،، ذہن میں آیا ۔ سات عدد کم پائے ''خجستہ بہار،، پر'' ادب،، کے اعداد بڑھائے، شمار میں ۱۲۸۳ نظر آئے۔ دوسرے ورق پر وہ قطعہ مرقوم ہے،، ۔

(اضافات ج : ق ۳۱، سبدچین غ : ص ۳۲، سبدچین م : ف ۲۰، باغ دودر : ورق ۸ الف، اردوئے معلی، حصہ‌اول: ص ۸)

۳۵

۱ : نواب سے مراد نواب رام پور سید کلب علی خاں بہادر اور کونسل سے مراد ہے لیجسلیٹو کونسل جس کے اجلاس اس زمانے میں کلکتے میں ہوتے تھے ۔

رام پور سے نواب صاحب بتاریخ ۲۰ شعبان ۱۲۸۳ھ مطابق ۲۸ دسمبر ۱۸۶۶ء کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لئے کلکتے روانہ ہوئے تھے ۔ گاڑی کی ڈاک میں رام پور سے علیگڑھ اور وہاں سے ریل سے کلکتے گئے تھے۔ (اخبارالصنادید، جلد۲، ص ۱۳۰) ۔

۲، ۳ : یہ قطعہ غالب نے نواب صاحب کو اپنے ۱۸ نومبر ۱۸۶۶ء کے مکتوب کے ساتھ بھیجا تھا اور اجازت چاہی تھی کہ اگر یہ قطعہ پسند آئے تو کسی اخبار میں چھپوا دیا جائے (دیکھیں مکتوب (۲۳)، مکاتیب، ص ۸۵) ۔ اس مکتوب میں غالب نے لفظ اینت اور مادۂ تاریخ کے بارے میں لکھا ہے ''اینت لغت پارسی ہے،

مگر حضرت کے جد امجد کو احمد شاہ درانی نے مخاطب بہ "عز الدولہ" فرمایا ۔ حضرت اگر مناسب جانیں، تو اوس خطاب مع دو جزو "شمس الملک و بہرام جنگ" جناب ملکۂ معظمہ بذریعہ گورمنٹ اپنے واسطے لیں" ۔ (مکاتیب ص ۵۴) ۔

اس عبارت کے آخری جملے پر عرشی صاحب نے ذیل حاشیہ لکھا ہے "میرزا صاحب کے اس خیر خواہانہ عریضہ جواب میں نواب صاحب نے تحریر فرمایا : "استعمال الفاظ دستور این ریاست نبودہ است و حسب الترقیم قصیدہ وسلام مذکور دیوانہا مندرج کنانیدہ خواہد شد ۔ ۲۰ صفر سنہ ۱۲۸۲ ہجر مطابق ۱۰ جولائی ۱۸۶۵"

غالب کا یہ قطعہ اس سلسلے میں منظوم اعتذار نامہ ہے انہوں نے نواب کے اس ۱۵ جولائی (۱۸۶۵ء) کے مکتوب کے موصول ہونے پر ۱۹ جولائی کو نظم کر کے بھیجا ۔

۹ : تاجدار فرنگ سے مراد ہے کوئن وکٹوریہ ۔

(اضافات ج : ف ۳۰، سبدچین غ : ص ۳۱، سبدچین م : ف ۲ باغ دودر : ورق ۷ ب)

۴۴

۱ : بیگم سے مراد نواب میر غلام بابا خاں رئیس سورت صاحبزادی ہیں جن کی بسم اللہ ۱۲۸۳ھ مطابق ۱۸۶۶ء میں ۱۶ مطابق ۱۴ نومبر سے کچھ پہلے ہوئی تھی، غالباً جمادی الثانی آخری تاریخوں میں (دیکھیں غالب کا خط (۷) بنام میر غلام بابا خطوط، مہر، ص ۴۱۶، اردوئے معلی، حصہ اول، ص ۸) ۔

دفعہ آتی ہے : اکتوبر ۱۸۴۸ء اکتوبر ۱۸۴۹ء، اکتوبر ۱۸۵۰ء -
یہ قصیدہ ۱۸۴۵ء کے بعد کا اور ۱۸۵۱ء سے قبل کا ہے، اس لئے کہ
دیوان فارسی کی پہلی اشاعت میں درج نہیں، البتہ نسخہ رامپور مکتوبہ
۱۸۶۱ء میں ہے اور پھر ۱۸۶۳ء کی اشاعت میں درج ہوا ہے -
(اضافت ج : ق ۲۹، سبدچین غ: ص ۳، سبدچینم: ق ۲۲، باغ دو در:
ورق ۶ ب، یادگار غالب : ص ۱۷، انشای نور چشم : ص ۴۷،
تاریخ ٹونک : ص ۴۳)

۲۳

۱، ۲: یہ قطعہ ۱۲۸۲ھ مطابق ۱۸۶۵ء میں ماہ صفر کے آخری
چہار شنبے کو نظم کیا گیا تھا جیسا کہ غالب نے ان ابیات میں
خود بتایا ہے - یہ صفر کی پچیسویں اور جولائی کی انیسویں
تاریخ تھی -

۶ : امیر کلب علی خان بہادر یعنی نواب صاحب رامپور
(ولادت یک شنبہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۲۵۰ھ مطابق ۱۹ اپریل ۱۸۳۵ء
مسند نشینی روز جمعہ ۳۰ ذیقعدہ ۱۲۸۱ھ مطابق ۲۱ اپریل ۱۸۶۵ء
وفات چہار شنبہ ۲۷ جمادی الاخری ۱۳۰۴ھ مطابق ۲۳ مارچ ۱۸۸۷ء
از مکاتیب، ص ۳۸) -

غالب نے ۱۸ جون ۱۸۶۵ء کے مکتوب کے ضمن میں نواب
صاحب کو لکھا تھا "پیر و مرشد ! از راہ خیر خواہی ایک امر
عرض کرتا ہوں - محمد علیخاں ابن وزیر محمد خاں رئیس ٹونک
نے بعد مسند نشینی گورمنٹ کو "یمین الدولہ" اور دو جزو "ملک
اور جنگ" لکھکر دیئے، اور وہاں سے وہ اونکو عطا ہوئے -
حضور کے اجداد امجاد نے سلاطین بابریہ کا خطاب نہ قبول کیا

جناب غلام رسول مہر نے بجا طور پر کہا ہے (غالب، ص ۲۲۶) کہ ہجو کا، اچھوتا اور مؤثر انداز سمجھنا چاہیئے۔ حالی نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اس قطعے کو ''مشکل سے ہجو ملیح کہا جاسکتا ہے'' (یادگار، ص ۷۰)۔ بادی النظر میں یہ قطعہ ہجو ملیح معلوم ہوتا ہے، لیکن غور کریں تو یہ شبہہ دور ہو جاتا ہے۔ اور یہ حقیقت میں ہجو ملیح ہوتی تو غالب اس قطعے کو نواب کی خدمت میں کیوں بھیجتے اور پھر دربار ٹونک کا تاریخ نگار ایسے قطعے کو سراہنے کے انداز میں اپنی کتاب میں درج کیوں کرتا۔

جس خط کا ہم نے اس بحث کے شروع میں حوالہ دیا ہے اس میں دوسرے جزئیات بھی ایسے موجود ہیں جن سے اس خط کا زمانہ ۱۸۴۵ء ہی ثابت ہوتا ہے اور واضح ہو جاتا ہے کہ یہ قضیہ ۱۸۶۱ء کا ہرگز نہیں ہو سکتا۔ یہ جزئیات ہیں: بہادر شاہ کا اس وقت تخت نشین دہلی، ہونا، غالب کا صرف روشناس شاہ ہونا۔ (خط کے انداز سے ظاہر ہے کہ دربار سے وہ خطابات ابھی نہیں ملے ہیں جو ۱۸۵۰ء میں ملے، ورنہ ان کا ذکر اس سیاق میں ضروری تھا،) اکبر آباد میں جمس ٹامسن کا لفٹنٹ گورنر ہونا، جو ۱۸۴۳ء سے اس عہدے پر مامور تھے، تاریخ کے اس تعین کے ساتھ منافات نہیں رکھتا۔

نواب وزیر الدولہ کی مدح میں غالب کا صرف ایک قصیدہ اور ہے: عیدِ اضحیٰ بسر آغاز زمستان آمد۔ تاریخ ٹونک کا مؤلف جس قصیدے کا دربار ٹونک میں بھیجا جانا (۱۲۷۸ء مطابق ۱۸۶۱ء میں) بتاتا ہے وہ یہ قصیدہ بھی نہیں ہوسکتا، اس لئے کہ 'سر آغاز زمستان، میں عیدِ اضحیٰ ۱۸۴۵ء اور ۱۸۶۱ء کے درمیان صرف تین

جواب میں بہت زیادہ تاخیر ہونے پر (دیکھیں خط : ۳ بنام تفضل حسین خاں خبر آبادی، تحقیق نامۂ باغ دو در، ص ۵۲) غالب نے یہ قطعہ کہکر بھیجا تھا ۔ جس خط کا حوالہ دیا گیا ہے اسکی تاریخ تحریر غالب نے یکم ربیع الاول ۱۲۶۱ھ درج کی ہے، جس کی مطابقت ۱۰ مارچ ۱۸۴۵ء سے ہوتی ہے ۔ اسکی بنا پر کہہ سکتے ہیں کہ یہ قطعہ ۱۸۴۵ء میں کہکر بھیجا گیا ہوگا۔ اس کے علاوہ اس خط میں غالب نے بتایا ہے کہ ان کا دیوان فارسی جو کم و بیش سات ہزار ابیات پر مشتمل ہے زیر طبع ہے اور دیوان کی طباعت جلد نواب وزیر الدولہ کی مدح کے قصیدے تک پہنچنے والی ہے ۔ غالب نے اس خط میں یہ بھی کہا تھا کہ اگر دربار ٹونک سے اب بھی کوئی جواب نہ ملا تو میں یہ قصیدہ دیوان سے نکال دوں گا ۔ دیوان کی ۱۸۴۵ء کی اشاعت میں یہ قصیدہ موجود ہے اور نواب ٹونک کی مدح میں اس دیوان میں صرف یہی قصیدہ ہے ۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ زیر بحث قصیدے کا قضیہ ۱۸۴۵ء کا ہے نہ کہ ۱۸۶۱ء کا جیسا کہ تاریخ ٹونک (ص ۳۵) میں درج ہے جو صریحاً غلط ہے، بلکہ یہ قصیدہ ۱۰ مارچ ۱۸۴۵ء سے بہت پہلے اور ۲۹ دسمبر ۱۸۴۱ء کے بعد پیش کیا گیا ہوگا، اس لئے کہ اس تاریخ کے کتابت شدہ دیوان فارسی (نسخہ دوم بانکی پور) میں بھی نہیں ہے ۔ اس بارے میں عرشی صاحب کا حاشیہ (مکاتیب، درسی ایڈیشن، ص ۱۹۲) بھی ۱۸۶۱ء کی تردید میں ہے ۔

اس قطعے کو جو حالی کے الفاظ میں ''بطور تقاضے کے'' (یادگار، ص ۵۰) کہکر بھیجا گیا ''حسن طلب'' کا (جیسا کہ

لاشہ : اس لفظ سے اس بات پر طنز کیا ہے کہ یہ شخص جعفر بیگ ایسا غافل سو رہا تھا کہ بار بار آواز دینے کے باوجود بیدار نہ ہوا جیسا کہ دوسرے شعر میں بتایا ہے۔ البتہ سر پر شور ہوا تو اس نے دو تین دفعہ سوتے میں ٹانگ ضرور ہلا دی تھی، لیکن اٹھا نہیں (جیسا کہ تیسرے شعر میں بیان ہوا ہے) - یہ جعفر غالب کے اس جملے کا 'جعفر بیگ، معلوم ہوتا ہے ''کدارناتھ ڈیوڑھی پر آکر جعفر بیگ، وفادار وغیرہ کی تنخواہ بانٹ گیا یا نہیں،، (اردوئے معلیٰ، حصہ اول،ص۱۷۷؛ خطوط، مہر، ص ۳۸۳) - کسی موقع پر ممکن ہے ڈیوڑھی میں پڑا غافل سو رہا ہو اور غالب پکار پکار کر تھک گئے ہوں - یہ غالب کا ملازم تھا - اس ہجو میں طعن و تشنیع نہیں، ایک خوش طبعی اور مزاح ہے -

۸ : 'شم، 'شوم، کے مخفف کے طور پر صحیح ہے لیکن زبان و بیان کے اس اسلوب میں جو اس قطعے میں استعمال ہوا ہے، یہ لفظ بے آہنگ اور بد رنگ محسوس ہوتا ہے -

(اضافات ج : ق۲۸، سبد چین غ : ص۰۳، سبد چین م :ق ۲۱، باغ دو در : ورق ۴ الف)

۴۲

۲ : نواب سے مراد نواب وزیر الدولہ وزیر محمد خاں والی ٹونک ہیں -

غالب نے نواب وزیرالدولہ کی مدح میں ایک قصیدہ (ای ذات تو جامع صفت عدل و کرم را) گذرانا تھا اور اس کے ساتھ ایک عرضداشت بھی تھی - قصیدے کے صلے اور عرضداشت کے

تتمہ: اہل خانداں کی 'جینا بیگم، اور غالب کی 'مرزا جیون بیگ، یہی محمد سلطان بیگم ہیں (خطوط، مہر حاشیہ ص ۴۱۱) مجھے حمیدہ سلطان صاحبہ موصوفہ نے بتایا تھا ۔

۱۹

یہ قطعہ، جو مئی ۱۸۵۴ء میں کہا گیا (اردوئے معلیٰ)، اس اسلوب بیان کا خاصا کامیاب نمونہ ہے جسے ملک الشعراء بہار نے سبک ترکستانی اورسبک خراسانی کا نام دیا ہے ۔

(اضافات ج : ق ۲۶، اردوئے معلیٰ : حصہ اول ص ۳۲۱، خطوط، مہر، ص ۹۳، سبد چین، غ : ص ۲۹، سبدچین م : ق ۱۹، باغ دو در : ورق ۵ ب)

۲۰

اس قطعے میں زندگی کی واقعیت اور جمالیات کا تصادم جو مزاح کے انداز میں ہے جدید شاعر کے احساسات سے بہت قریب نظر آتا ہے :

جب جیب میں پیسے ہوتے ہیں جب پیٹ میں روٹی ہوتی ہے
اس وقت یہ سبزہ ہیرا ہے اس وقت یہ شبنم ہوتی ہے (جذبی)

(اضافات ج : ق ۲۷، سبد چین غ : ص ۲۹، سبد چین م : ق ۲۰، باغ دو در : ق ۴ الف)

۲

۱، ۲، ۳: جعفر چہارم : تاریخ اسلام میں جعفر ندم کی تین شخصیتیں مشہور و معروف ہیں، حضرت جعفر طیار، حضرت امام جعفر صادقؑ اور جعفر کذاب، اس لئے جعفر بیگ کو جس کی اس قطعے میں ہجو کی گئی ہے جعفر چہارم کہا ہے ۔

18

۱ : میرزا باقر سے مراد باقر علی خاں کامل ہیں، زین العابدین خاں عارف کے بڑے بیٹے، جن کا انتقال یکم جمادی الاولی ۱۲۹۳ھ مطابق ۲۵ مئی ۱۸۷۶ء کو ہوا ۔ فرزند سے مراد انکی بڑی بیٹی محمد سلطان بیگم عرف جندو بیگم ہیں جن کی شادی نواب شجاع الدین احمد خاں تاباں سے ہوئی تھی ۔ فارسی میں فرزند پسر و دختر دونوں کے لئے آتا ہے ۔

۲ : جان غالب، کے اعداد '۱۰۸۷'، میں 'قصیدہ، کے اعداد ۱۹۴، کا تعمیہ ہے جس سے محمد سلطان بیگم کی ولادت کا سال ۱۲۸۱ھ مطابق ۶۵-۱۸۶۴ء حاصل ہوتا ہے ۔ میرزا باقر علی کی شادی بہت کم سنی میں ہوگئی تھی ۔ ان کی بیگم نواب ضیاء الدین احمد خاں نیر رخشاں کی صاحبزادی نواب معظم زمانی بیگم عرف بگا بیگم مرحومہ و مغفورہ تھیں، جن کا انتقال ۱۹۴۰ء میں ہوا ۔ وہ غالب کی زندگی میں بیاہ کر آئی تھیں ۔ غالب و عارف اور میرزا یوسف کے بارے میں انکی باتیں آجکل، دہلی ۱۵ فروری ۱۹۷۰ء میں شائع شدہ مضمون "غالب کی خانگی زندگی کی ایک جھلک"، میں محفوظ ہوگئی ہیں، جو پروفیسر حمید احمد خاں صاحب بالقابہ وائس چانسلر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور کی نگارش ہے ۔ بیگم صاحبہ مرحومہ کی نواسی، ادیبہ مکرمہ حمیدہ سلطان صاحبہ دام مجدہا کی سفارش پر راقم کو مرحومہ کی خدمت میں حاضری بلکہ ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا ۔ اس موقع پر پاندان انکی خادمہ اٹھاکر لائی تھی، لیکن پان انہوں نے مجھے اپنے ہاتھ سے بناکر دیا تھا، جو اس تاریخی خاندان کے اخلاق کے بارے میں میرے حافظے کی ایک تاریخی یاد ہے ۔

(اضافات ج: ق ۲۵، سبد چین غ: ص ۲۹، سبد چین م : ق ۱۸، باغ دو در: ورق ۵ الف)۔

۱۵

خاقانی هند ملک الشعرا شیخ محمد ابراہیم ذوق دہلوی (متولد ۱۱ ذی الحجہ ۱۲۰۴ھ مطابق ۱۷۸۹ء) کی تاریخ وفات شب چہار شنبہ ۲۴ صفر ۱۲۷۱ھ مطابق ۱۸۵۴ء ہے (آب حیات)۔

۲ : مادۂ تاریخ 'دل زار' یعنی الف کے ایک عدد کا تخرجہ ہے جس سے '۱۲۷۱' سال وفات حاصل ہوتا ہے۔

(ضمیمۂ ابر گہر بار : ق ۳، اضافات ج : ق ۲۲، سبد چین غ: ص ۲۹، سبد چین م: ق ۱۵، باغ دو در: ورق ۵ ب)۔

۱۶

اس قطعے کا مضمون عربی کے ان مشہور اشعار سے اختراع کیا گیا ہے۔

وکاس شربت علی لذۃ و آخری تداویت منہا بہا (الاعشی)

دع عنک لومی فان اللوم اغراء
و داونی بالتی کانت ہی الداء (ابونواس)

(اضافات ج : ق ۲۳، سبد چین غ : ص ۲۹، سبد چین م : ق ۱۶، باغ دو در : ورق ۵ ب)

۱۷

۱ : 'نہنبن' متقدمین کی فارسی کا لفظ ہے، جس کے معنی ہیں 'سر پوش'۔ یہ لفظ عام زبان میں صدیوں سے متروک رہا ہے، لیکن شعر و سخن کی زبان میں، خاص طور سے خراسانی اسلوب کی شاعری میں، اس کا استعمال برابر ملتا ہے۔ غالب کا یہ قطعہ خاص خراسانی اسلوب میں ہے، دوسرے قطعات بھی زیادہ تر اسی اسلوب میں ہیں۔

(اضافات ج : ق ۲۴، سبدچین غ : ص ۲۹، سبد چین م : ق ۱۷، باغ دو در : ورق ۵ ب)۔

میں ہوا تھا (تلامذہ غالب) ۔ شاہزادہ خورشید عالم کی ولادت اس قطعے کے مادۂ تاریخ کے مطابق ۱۲۶۹ھ مطابق ۵۳-۱۸۵۲ء میں ہوئی۔ 'نیر اعظم' کے اعداد '۱۲۷۱' ہیں جن میں سے حرف 'ب' کے دو عدد اگلے شعر کے مطابق خارج کر کے '۱۲۶۹' حاصل ہوتے ہیں۔

۴ : اس تخرجے میں سقم یا کم سے کم ابہام ضرور ہے۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حرف 'ب' کے تخرجے کے بعد 'گو' کے '۲۶' عدد 'نیراعظم' کے اعداد '۱۲۷۱' میں جوڑے جائیں گے، لیکن ایسا نہیں ہے۔ 'نیراعظم' کے اعداد سے 'ب' کے اعداد کا تخرجہ ہے۔

(اضافات ج : ق ۲۰، سبدچین غ : ص ۲۸، سبد چین م : ق ۱۳ باغ دو در: ورق ۵ الف) ۔

۱۴

۱ : احسن اللہ خاں یعنی حکیم احسن اللہ خاں دہلوی ۔ 'در دلکشا' سے مراد حکیم صاحب کا بنوایا ہوا دروازہ ہے جس کی تعمیر ۱۲۷۰ھ مطابق ۵۴ - ۱۸۵۳ء میں ہوئی۔ یہ دروازہ اس سڑک پر ہے جو حوض قاضی سے لال کنوئیں اور مسجد فتحپوری کی طرف جاتی ہے اور اس مکان کا دروازہ ہے جو حویلی بدل بیگ خاں کا ایک حصہ تھا جسے بعد میں حکیم صاحب نے خرید لیا تھا۔ واقعات (ص ۱۹۹) میں اس کا ذکر حویلی بدل بیگ خاں کے ضمن میں آیا ہے اور غالب کا قطعہ تاریخ بھی درج ہوا ہے۔ راقم نے اس قطعے کا کتبہ مذکورہ دروازے کے روکار پر قیام دہلی کے دوران (۱۹۳۵ء تا ۱۹۴۷ء) میں دیکھا تھا ۔

(اضافات ج : ق ۲۱، سبدچین غ : ص ۲۸، سبدچین م : ق ۱۴، باغ دو در : ورق ۵ الف)

مکان منشی سعادت علی خاں کے زیرعنوان ص۹۹۷ پر آیا ہے۔ ممکن ہے اسی مقبرے کے متصل یہ رہتے بھی ہوں۔ اسی کتاب میں ص۴۳۹ پر میر باقر علی کی شہادت کا ذکر ہے، جو ۱۱۹۲ھ مطابق ۱۷۷۸ء میں واقع ہوئی۔ یہ عین جوانی میں شہید ہوئے تھے۔ حضرت نظام الدین اولیاء(رح) کے عرس میں شرکت کے لئے شہر سے درگاہ کو روانہ ہوئے تھے کہ راستے میں کسی نے قاتلانہ حملہ کیا۔ واقعات میں ان کی شہادت کا قطعۂ تاریخ بھی درج ہے جو شاہ نصیر نے کہا تھا:

به شب عرس حضرت محبوب
میر باقر علی چو گشت شہید

بے شش و پنج گفتم این تاریخ
ہر کہ او را بکشت بود یزید

میر سعادت علی نے اجمیر میں ایک مسجد اور اس سے متصل ایک کنواں ۱۲۶۹ھ مطابق ۱۸۵۲ء میں بنوایا تھا۔

(اضافات ج: ق ۱۹، سبدچین غ: ص ۲۸، سبدچین م: ق۱۲، باغ دو در: ورق ۵ الف)۔

۱۳

۱: فتح الملک یعنی مرزا غلام فخرالدین عرف مرزا فخرو ولیعہد بہادر شاہ ظفر۔

۳: اس شعر سے ظاہر ہے کہ یہ قطعہ مرزا فخرو کے فرزند مرزا خورشید عالم خورشید کی تاریخ ولادت کا ہے۔ یہ مرزا فخرو کی تیسری بیگم کے بطن سے تھے جن کا نام وزیر بیگم' عرف چھوٹی بیگم اور خطاب شوکت محل تھا۔ مرزا فخرو کا یہ تیسرا نکاح ۱۸۴۴ء

۹

۵ : مرزا خدا بخش متخلص بہ قیصر شاہ عالم ثانی کے نوا
تھے اور فن سخن میں مومن کے شاگرد ۔

یہ قطعہ مومن کے سال وفات ۱۸۵۲ء کے بعد کا معلوم ہوتا ہے
(اضافات ج : ق ۹، سبد چیں غ: ص ۲۸، سبد چیں م : ف
باغ دو در : ورق ۴ب)۔

۱۰

یہ قطعہ ممکن ہے غالب کے واقعہ اسیری کے زمانے کا ہو
(اضافات ج : ق ۱۰،سبدچین غ: ص ۲۸، سبد چیں م : ف
باغ دو در : ورق ۴ب)۔

۱۱

یہ قطعہ بہادر شاہ ظفر کی کسی سالگرہ کے موقعے پر لکھا
گیا ہوگا ۔ (اضافات ج:ق۱۸، سبد چین غ : ص سبدچین م:ف۱۱)
باغ دو در: ورق ۴ب) ۔

۱۲

۱ : میر سعادت علی دہلی کے باشندے سید باقر علی کے بیٹے
تھے ۔ ان کے بھائی کا نام ارادت علی تھا ۔ ان دونوں بھائیوں نے
اپنے نانا شیخ محمد موسی خاں کا مقبرہ جو آستانۂ حضرت نظام الدین
اولیاء(رح) کے مشرق دروازے کے باہرواقع تھا، ۱۲۷۱ھ مطابق ۱۸۵۴م
میں از سر نو بنوایا تھا۔ واقعات دارالحکومت دہلی میں ان کا ذکر

یہ قطعہ غالب نے سر رابرٹ کو ۱۸۶۴ء میں ۱۷ ستمبر اور ۱۰ نومبر کے درمیان بھیجا ہوگا ۔

(ابر گہر بار : ص ۳۸، اضافات ج:ق۶، سبد چین غ :ص ۲۶، سبد چین م: ق۶، باغ دو در: ورق ۳ الف) ۔

۷

یہ قطعہ سر رابرٹ منٹگمری کو ۱۰ جنوری ۱۸۶۵ء سے بہت پہلے بلکہ یکم جنوری سے پہلے بھیجا گیا ہوگا ۔ دیکھیں سابقہ قطعہ اور متعلقہ حوالہ ۔

(اضافات ج : ق ۷، سبد چین غ : ص ۲۷، سبد چین م :ق۷، باغ دو در: ورق ۳ ب) ۔

۸

۸: ولیعہد سے مراد شاہزادہ فتح الملک مرزا فخرو اور بادشاہ سے مراد بہادر شاہ ظفر ہیں ۔ دوسرے مصرعے میں الفاظ 'فتح' اور 'ظفر' اسی رعایت سے آئے ہیں ۔

یہ قطعہ ۱۸۵۲ء اور ۱۸۵۶ء کے درمیان کی تصنیف ہے ۔ پہلا سال مرزا فخرو کی ولیعہدی کے سرکاری اعلان کا ہے اور دوسرا سال اُن کی وفات کا ۔

(اضافات ج : ۸، سبد چین غ : ص ۲۷، سبد چین : م : ۸، باغ دو در : ورق ۴ الف) ۔

پہلا وائسرائے یہی ہے ۔ یہ اس سے پہلے گورنر جنرل تھا ۔

۷ : 'الف دال . . . بعد از شین، یعنی شاد، 'الف نون . . بعد از جیم ، یعنی جان ۔

یہ قطعہ 'مثنوی ابر گہر بار (مطبوعہ ۱۲۸۰ھ مطابق ۱۸۶۳ اکمل المطابع، دہلی) کے ضمیمے کے طور پر 'قطعہ در مد گورنر صاحب بہادر، کے عنوان سے ص ۳۸ پر درج ہے ۔ عنوان م گورنر جنرل کے بجائے گورنر غلط لکھا گیا ہے ۔

(اضافات ج:ق۴، سبد چین غ:ص۲۵، سبدچین م:ق۴، باغ دو در : ور ۲ب) ۔

۵

۱:اس قطعے کا ممدوح ہے سر ڈانلڈ مکلوڈ (Sir Donald Mcleod جو ۱۰ جنوری ۱۸۶۵ء سے صوبہ پنجاب اور صوبۂ شمال مغرب کا لفٹنٹ گورنر تھا ۔

۱۰: بانوی انگلستان سے مراد کوئن وکٹوریہ (تخت نشینی ۲۰ جون ۱۸۳۷ء) ہے ۔

(اضافات ج : ق ۵، سبد چین غ : ص ۲۲، سبد چین م : . . باغ دو در: ورق ۳ الف) ۔

۶

۱:منٹگمری یعنی سر رابرٹ منٹگمری (Sir Robert Montgomery لفٹنٹ گورنر صوبہ پنجاب ۔

۱۳: دیکھیں اس تحقیق نامے کے صفحہ ۶۴ پر خط شمارہ ۳ بنام رجب علی خان ارسطو جاہ، خاص طور پر عبارات (۴) و (۵)۔

اور ماہ صفر کی تیسری تاریخ بروز پنجشنبہ۔ مریم مکانی کا اصل نام بادشاہ بیگم تھا اور یہ غازی‌الدین حیدر بادشاہ اودھ کی زوجہ تھیں (ایضاً، ص ۲۱۶)۔

۲ : سامرہ بغداد سے تقریباً پچھتر میل کے فاصلے پر دریائے دجلہ کے مشرقی کنارے چھوٹا سا قریہ ہے۔ یہاں حضرت امام علی نقیؑ، حضرت امام حسن عسکریؑ، جناب حلیمہ خاتونؑ خواہر امام علی نقیؑ اور جناب نرجس خاتونؑ زوجہ امام حسن عسکریؑ کے مزار ہیں اور وہ بیت الشرف بھی ہے جس میں ان بزرگوں کا قیام تھا۔ اصل قدیم شہر سرمن رأی کے کھنڈر اس مقام سے تقریباً ۳ میل کے فاصلے پر واقع ہیں۔ لفظ سامرہ عربی میں باتشدید را ہے اور اس کی اصل عام طور پر سرمن رای بتائی جاتی ہے، یعنی ایسا مقام کہ جس نے دیکھا وہ خوش ہوا۔ فارسی میں سامرہ بتخفیف رأ بھی رائج ہے جیسا کہ غالب کے اس شعر میں آیا ہے۔

۳:مادہ تاریخ 'باد با بنت رسولؐ ہاشمی انجام او'، کے اعداد ۱۲۶۴، میں 'روی نیاز، یعنی 'ن'، کے '۵۰'، اعداد کا تعمیہ ہے، جس سے سال وفات ۱۲۱۴ھ حاصل ہوتا ہے۔

(اضافات ج: ق ۳ ، سبد چین غ: ص۲۵، سبد چین م : ق ۳، باغ دو در: ورق ۲الف)

۴

۱:'ویسرای'، سے مراد لارڈ کیننگ (Canning) ہے جس کی عہدداری ۱۸۵۶ء سے ۱۸۶۲ء تک رہی۔ انقلاب ۱۸۵۷ء کے بعد

ہے ۔ دوسرا کتبہ قطعۂ تاریخ کا نہیں، صرف ایک مدحیہ
شعر ہے :

بدہلی احسن اللہ خان بنا کرد
یکے گرمابۂ قدسی نشیمن

پے سالش کہ یا رب جاودان باد
بفرق بانی خود سایہ افگن

بشستم روی لفظ آن‌گاہ گفتم
شدہ تعمیر این حمام احسن

تخرجہ اس میں بھی ہے اور غالب کے قطعے میں بھی، لیکن
غالب کے ہاں حمام کی مناسبت سے 'پاشستن' اس قطعے کے 'روشستن'
سے زیادہ بلیغ ہے، جس کے ساتھ 'گوشہ حمام' میں 'راحت' اور
'آرام' کا تعمیہ بہت بر محل ہے، اور زبان و بیان کے لحاظ سے
تو اس قطعے کا غالب کے قطعے سے کوئی مقابلہ ہی نہیں ۔ غالب کا
یہ قطعہ حمام میں کہیں نہ کہیں ضرور نصب کیا گیا ہوگا
لیکن محفوظ نہیں رہا ۔ اسی حویلی کے ایک دروازے پر غالب کا
ایک اور قطعۂ تاریخ دروازے کی تعمیر کا ہے جو سنگ مرمر کی
لوح پر کندہ اس دروازے کے روکار پر نصب ہے اور قیام دہلی کے
دوران میں ۱۹۳۵ء سے ۱۹۴۷ء تک راقم کے مشاہدے میں آتا رہا ہے ۔
اس کا ذکر آئندہ صفحات میں اپنے مقام پر آئے گا ۔
(اضافات ج:ق۲، سبد چین غ:ص ۲۵، سبد چین م: ق۲، باغ دو در:
ورق ۲ الف)

۱ : اس قطعے کی رو سے مریم مکانی کا سال وفات ۱۲۶۶ھ ہے
لیکن تاریخ اودھ (جلد چہارم، ص ۳۲۶) میں ۱۲۶۳ھ درج ہے ۔

یعنی اب سال ۱۲۵۱ھ مطابق ۳۶-۱۸۳۵ء تھا۔ اگرچہ تپاں کا ذکر تذکرے میں نہیں بڑھایا گیا، لیکن قیاس کہتا ہے کہ اس سال کچھ اور اضافہ ضرور ہوا ہوگا، یا پھر اپنی تقریظ کے اضافے کی بنا پر غالب نے ۱۲۵۱ھ کو سال تکمیل قرار دیا۔

(دیوان فارسی مکتوبہ ۱۲۵۴ھ مطابق ۱۸۳۸ء : حاشیہ زیریں ورق ۷ الف، اضافات ج : ق ۱، انتخاب ش : ق ۱۱، سبد چین غ : ص ۴۴، سبد چین م : ق ۱، باغ دو در : ورق ۲ الف۔)

۳

حمام : یہ حمام احترام الدولہ عمدۃ الحکماء معتمد الملک حاذق الزماں حکیم احسن اللہ خاں ثابت جنگ طبیب دربار بہادر شاہ ثانی نے اپنی اس وسیع حویلی کے احاطے میں ۱۲۶۸ھ مطابق ۵۲-۱۸۵۱ء میں بنوایا تھا جو شہر دہلی میں لال کنوئیں سے اجمیری دروازے تک پھیلی ہوئی تھی۔ خود یہ حویلی محمد شاہ بادشاہ دہلی کے وزیر وزیر الملک اعتماد الدولہ نواب قمر الدین خاں کی تعمیر کردہ تھی جس کا ایک حصہ آخر میں حکیم صاحب کی ملکیت میں آ گیا۔ اس قطعۂ تاریخ میں 'گوشہ حمام' کے اعداد '۳۴۰'، میں 'راحت' کے اعداد '۶۰۹' اور 'آرام' کے '۲۴۲' کا تعمیہ اور بقرینۂ 'شست' لفظ 'پا' کے اعداد '۳' کا تخرجہ ہے جس سے سال تعمیر ۱۲۶۸ھ حاصل ہوتا ہے۔ واقعات دار الحکومت دہلی میں بشیر الدین احمد دہلوی نے ص ۱۰۰ پر اس حمام کا ذکر کیا ہے اور اسکے دو کتبے بھی درج کئے ہیں جو سنگ مرمر کی لوحوں پر تھے لیکن ان میں غالب کا قطعہ نہیں ہے۔ ان میں سے ایک کتبے میں کسی کا کہا ہوا حمام کی تعمیر کا حسب ذیل قطعۂ تاریخ

بار ۱۸۴۳ء میں چھپا تھا ۔ تیسری طباعت جو رمضان مبارک ۱۲۹۱ھ
مطابق اکتوبر ۱۸۷۴ء میں ہوئی یہ قطعہ غالب کی تقریظ کے آخر میں
ص ۲۵۹ پر درج ہے (گلشن بیخار طبع سوم، مطبع نولکشور لکھنئو) ۔

'گلشن بیخار، کے اعداد '۱۲۱۳، میں 'جویہای آب، کے اعداد
'۳۸، کا تعمیہ ہے جس سے سال ۱۲۵۱ھ مطابق ۳۶-۱۸۳۵ء حاصل
ہوتا ہے ۔ نظامی بدایونی نے کلیات شیفتہ و حسرتی (نظامی پریس، بدایوں،
۱۹۱۶ء) کے دیباچے میں سال تکمیل ۱۲۵۰ھ درج کیا ہے، جو خود
شیفتہ کے بیان کے مطابق ہے۔ شیفتہ نے کتاب کے دیباچے میں کہا ہے "ابتدای
این کارنامہ در ابتدای سال هزار و دوصد و چهل و هشت بوده وانتهای آن
در سال هزار و دو صد و پنجاه،، ۔ اس کے علاوہ دوسرے شعراء کے قطعات تاریخ
بھی طبع اول کے آخر میں درج ہیں، جن میں اس تصنیف کی تکمیل کا
سال ۱۲۵۰ھ ظاہر کیا گیا ہے ۔ ان قطعات میں حکیم مومن کا قطعہ
بھی ہے ۔ لیکن دوسری طرف ہمیں غالب کا قطعہ تاریخ خود 'انتخاب
شیفتہ، میں ملتا ہے، جس کا مخطوطہ لٹن لائبریری، علیگڑھ میں محفوظ
ہے ۔ اس تباین کا حل یہ ہے کہ تذکرہ ۱۲۵۰ھ میں مکمل ہو چکا
تھا اور شعراء نے تاریخیں بھی کہہ کر دے دی تھیں، لیکن ۱۲۵۱ھ
میں شیفتہ نے تذکرے میں کچھ اضافہ کیا جس کی بنا پر غالب
نے ۱۲۵۱ھ کو سال تکمیل قرار دے کر قطعہ تاریخ کہا ۔ ہمارے
اس قیاس کی تائید غالب کے ایک فارسی خط سے ہوتی ہے جس کے
مکتوب الیہ شیفتہ ہیں ۔ یہ خط پنج آہنگ (طبع اول، ص ۱۵۰) میں
شامل ہے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شیفتہ نے تذکرے کا مسودہ
مکمل کر کے تقریظ کی فرمائش کے ساتھ غالب کو بھیجا تھا ۔ غالب نے
مسودہ واپس کر کے احمد بیگ تپاں کا ذکر تذکرے میں اضافہ کرنے
کی درخواست کی تھی ۔ اس وقت تپاں کے انتقال کو جو جناب قاضی
عبدالودود صاحب کی تحقیق (مآثر غالب، ص ۵۶) کے مطابق
۱۵ مارچ ۱۸۳۲ء سے چند دن پہلے ہوا تھا چار سال گذر چکے تھے'

تعلیقات

(ان تعلیقات میں پہلے 'باغ دو در' کے حصہ نظم سے متعلق اور پھر حصہ نثر کی مختلف نگارشوں اورخطوط کے بارے میں تحقیقی اشارات اور تبصرے ھیں -

ھریادداشت کے عنوان کا ھندسہ نظم کے شمارے کی اور عبارات کے شروع کا یمینی ھندسہ بیت کے شمارے کی نشاندھی کرتا ھے -)

قطعات

۱

۱ : گلشن بیخار : تذکرۂ شعرائے فارسی و اردو مؤلفۂ نواب مصطفیٰ خاں متخلص به شیفته و حسرتی (متولد۱۸۰۶ء مطابق ۱۲۲۰ھ یا ۱۲۲۱ھ، متوفی ۱۸۶۹ء مطابق ۱۲۸۶ھ) -

دوسرے مصرعے میں عربی الفاظ قرآن پاک کے کلمات مبارکه ''جنات تجری من تحتها الانهار،، سے بحذف 'من' ماخوذ ھیں (آیت ۲۵، سوره بقره، پاره ۲ از جمله موارد متعدده در قرآن) -

۲ : گلشن بیخار کی تصنیف کا آغاز ۱۲۴۸ھ مطابق ۱۸۳۲-۳۳ء میں ھوا تھا اور تکمیل ۱۲۵۱ھ مطابق ۱۸۳۵-۳۶ء میں- غالب کی زندگی میں یه تذکره پہلی مرتبه ۱۲۵۳ھ مطابق۱۸۳۷-۳۸ء میں اور دوسـ

منشی هیراسنگھ [درد] کے نام

سعادت و اقبال نشان منشی هیرا سنگھ صاحب سلمه الله بعد
سلام اور آرزوئے دیدار کے بعد باور کریں اور یقین جا
که دل تمھاری طرف لگا ہوا ہے - کیا بات ہوئی که
چار دن گذر گئے اور تشریف نہیں لائے - اگر میں نے
خطا کی ہے تو مجھ کو معاف کردیں اور اگر نه آ
کوئی اور سبب ہے تو مجھ کو اس کی اطلاع دیں، اور
ایسا نہیں ہے تو آئیں اور میرے دل سے غم کا بوجھ اٹھائ
والسلام - اسد الله بیگناه و روسیاه، و عذر خواه -[. . .
۱ تا ۷]

کاتب کا لکھا ہوا خاتمه

[اس] خالق مہر و ماه کا شکر ہے که ان مبارک ایام
کتاب فیض انتساب سبد چین [= باغ دو در] جناب والا
شہنشاه قلمرو سخن گستری، یکه تاز عرصهٔ معنی پروری علامهٔ عص
بانی مبانی نظم و نثر، رشک عرفی و فخر طالب، نجم الدوله دبیر الملک
اسد الله خان غالب رحمة الله علیه، منشی هیرا سنگھ صاحب کوتر
ساکن کوچه گندھی گلی واقع دهلی کی فرمائش پر ا
حضرت مصنف کے شاگردوں میں سے ہیں، احقر العباد عنایت
[سابق ایڈیٹر صادق الاخبار دهلی] کے خط بدنمط سے [کتاب
ہوکر] پنجشنبه، ۷ جولائی ۱۸۷۰ء کو اختتام کو پہنچی

ویسے ہی آپ کو بھیج دیا جائے گا۔ جو خط [حافظ] مغل علی خاں [عالی دہلوی] کے نام کا تھا وہ اُس [عزیز] نامدار کو دے دیا گیا ۔ انھوں نے فوراً جواب لکھا اور میرے سپرد کیا، چنانچہ اس خط کے ساتھ ملفوف آپ کے ملاحظے سے گذرے گا ۔
[۱۵ تا ۲۰]

۴) غیاث الدولہ حکیم رضی الدین حسن خاں کیا کہوں کیا کہتے ہیں اور آپکو کس قدر یاد کرتے ہیں ۔ کوئی دن ایسا نہیں جاتا کہ کئی گھڑی برابر آپکا ذکر خیر ان کی زبان پر نہ رہتا ہو ۔ جس دن آپکا خط آتا ہے اُسی دن آپکے بیس سلام اُس والا جاہ کو پہنچا دیتا ہوں ۔ اُنھوں نے بے شمار سلام میری تحویل میں دئیے ہیں تاکہ جب بھی آپ کو خط لکھوں تحریر [ان کی طرف سے] سلام پر ختم کروں ۔ [بریلی کے] میر کرم علی صاحب بھی [جو اب دہلی کے ساکن ہیں] سلام لکھاتے ہیں ۔ از سداللہ، نگاشتۂ سہ شنبہ ۱۵ مئی و فرستادہ چہار شنبہ ۱۶ ماہ مذکور ۱۸٤۹ء ۔
[۲۰ تا ۲۸]

[اصل فارسی خط میں تیسری سطر کا پہلا لفظ 'مژدہ' طباعت میں حذف ہوگیا ہے ؛ تئیسویں سطر میں 'ناشمردہ' کے بجائے 'تاشمردہ' اور چوبیسویں سطر میں 'تا' کی جگہ 'یا' غلط چھپا ہے ۔]

خجستہ القاب کے قلم کی نگارش کو صفحۂ قرطاس سے صفحۂ
ور آتار لیا - [۱ تا ٤]

تحفۃ الحدائق [اخبار مطبوعۂ دھلی] دوبارہ پہنچنے سے وہ مخد
چیں بہ جبیں نہ ہوں، اس لئے کہ یہ اوراق اتفاقاً ممانعت
حکم پہنچنے سے دو دن پہلے ارسال کئے گئے تھے - اب ممانع
کا حکم جاری ہونے پر اخبار کا [آپکے نام] جاری ہونا رو
دیا گیا ہے - [٤ تا ۷]

(۲) آپ نے حکم دیا ہے کہ بھیجنے کے لئے کوئی دوسرا اخ
انتخاب کرنا چاہئے - بندہ پرور، سوا اس اخبار کے جس
نام تحفۃ الحدائق ہے اور جو شرف قبول حاصل نہ کر -
چار اور اخبار شہر [دھلی] میں چھپتے ہیں :
سراج الاخبار [ھفتہ وار فارسی اخبار] مطبع سلطانی [قلعہ
معلی دھلی] میں، دھلی اردو اخبار مولوی محمد باقر سلمہ
اللہ تعالی کے مطبع [مطبع دھلی اردو اخبار] میں، اور [ارد
کا] قران السعدین [جو منشی دھرم نرائن چھاپتے ھیں] منشی
مدرسہ سرکار انگریزی [مطبع العلوم دھلی] میں - ان تم
پرچوں کو چھوڑ کر پھر وھی سید الاخبار [سید محمد صاحب
دھلوی کا] ہے - [یہ] آپ نے میرے پاس بارھا دیکھا او
راتوں کو [بیٹھکر] پڑھا ہے - ان میں سے جو بھی آپکو
پسند ہو روانہ کیا جائے - [۷ تا ۱٤]

(۳) حکیم احسن اللہ خاں کے نام کا خط ایک معتمد آدمی کے
سپرد کردیا تھا کہ لیجا کر مکتوب الیہ کو دیدے - ابھ
ادھر سے جواب نہیں آیا ہے - جب آنے کا توجیسے ہی آنے

آواز کا بھی کوئی خریدار نہ ہوتا اور میری زندگی یونہی ناکامی اور تیرہ بختی میں گذرتی ۔ [۱۷ تا ۳۶]

) ایک دن دوستان ہمدم میں سے ایک کو میرے حال زار اور میرے کاروبار پر رحم آیا اور ترس کھا کر کہا حیف ہے کہ تجھے اکبر و شاہجہان کے عہد میں پیدا نہ کیا گیا۔ میں نے کہا خدا کی قسم اگر میں اس مبارک عہد میں ہوتا تو اسی طرح خستہ و خوار [اپنی شومی قسمت کو روتا] ۔ خوان روزگار سے میری غذا بجز خون کے کچھ نہ ہوتی اور روزینے کے دو روپے سے زیادہ مجھے کچھ نہ ملتا ۔ غرض آج کے دن سے میں نے عہد کیا ہے کہ ہر ہفتے ایک خط بسبیل ڈاک انگریزی آپکو بھیجا کرونگا اور محصول آپکے ذمے رکھونگا تاکہ مجھے اطمینان رہے کہ خط پہنچ گیا ۔ دیکھوں آپ کب تک عاجز نہیں آجاتے اور [کب تک] جواب نہیں دیتے، والسلام ۔ از اسداللہ، نگاشتہ و فرستادہ دوشنبہ، ۲۴ نومبر ۱۸۴۷ء [اصل خط میں ۲۷ نومبر غلط چھپ گیا ہے] [۳۶ تا ۴۶]

خط ایک دوست [نواب مظفرالدولہ ناصر الملک میرزا سیف الدین حیدر خان سیف جنگ ؟] کے نام

) قلم جو ناطق بے زبان ہے غالب آشفتہ نوا کی زبان سے باتیں کر رہا ہے بیدلوں کی ترجمانی میں اس بیزبان کی گفتگو سننے کے قابل ہے ۔ تفقد نامہ ملا اور جاذبۂ نگاہ شوق نے نواب

[آپ کے پیش دست] مشفقی منشی احمد سلمہ اللہ تعالی [اس وقت
حاضرین انجمن میں نہ ہوں تو میر احمد حسین کو حکم
فرمائیں کہ آپ کی طرف سے چند سطریں مجھ کو لکھ دیں
اور اگر وہ بھی [آپ کی خدمت میں] نہیں آتے ہیں تو
حسبۃللہ خود زحمت فرمائیں اور دو لفظ اپنے دست گہرفشار
[کے قلم] کی جنبش سے رقم فرماویں، کہ شاید یہ نگارش
[میرے لئے] دفع غم کا تعویذ بن سکے۔ [۱۷، تا ۲۲]

(۳) واللہ ان دنوں دہلی میں میرے درد و کرب اور بیتابی کا
وہ عالم ہے جو مچھلی کا آگ میں اور سمندر کا پانی میں
ہوتا ہے:

هر لحظه دل بسوی بیابان کشد مرا
آب و هوای شهر به من ساز گار نیست

[دیار] هند میں کوئی صاحب دولت ایسا نہیں کہ اس گروہ
بے شکوہ سے قطع تعلق کر کے اس کے دامن دولت سے
وابستہ ہو جاؤں۔ کیا کروں، میری جنس بازار میں
شاعری ہے اور اس قلمرو میں اس کا کوئی ٹکے کا خریدار
نہیں۔ گویا میں ساری عمر جھک مارتا رہا۔ افسوس ان
دنوں پر جو مشق سخن میں گذارے۔ کاش میں شروع سے
گانے [بجانے] سے دل لگاتا اور بجتری بن جاتا۔ افسوس میں
کیا کہہ رہا ہوں۔ کیا ان لوگوں کی جماعت میں جو
نوائے سخن کی اجرت لیکر روٹی کھاتے ہیں بینواؤں کا
وجود نہیں۔ اگر مثلاً میرا پیشہ مغنی کا ہوتا تو بھی
میں اس فرقے کے حرمان نصیبوں میں سے ہوتا۔ جیسا
کہ اب شعر و سخن کا کوئی خواہاں نہیں ہے میری

شہر] پہنچے، آپکی قدم بوسی کا شرف حاصل کیا اور پھر مجھے لکھا کہ میں پہنچ گیا ہوں اور خط پہنچا دیا ہے ۔
[۱ تا ۵]

۲) کیسے کہوں کہ مظفرالدولہ بہادر نے میرے خط آپکو نہیں دئیے اور اپنے مکان کی دیواروں کے سوراخوں میں [کہیں] رکھ دئیے ۔ یا الٰہی یہ بے اتفاقی کس راہ سے ہے؟ یا یہ تھا کہ غیاث الدولہ [حکیم رضی الدین حسن خاں] اور دوسرے احباب آپکی خیریت مجھ سے پوچھتے تھے یا [اب] زمانے کی نا سازگاری سے اسکی نوبت آئی ہے کہ میں ہر [گھر کے دروازے سے] آپکی خیر] خبر لیتا پھرتا ہوں ۔ ایک دفعہ میر احمد حسین نے آنجناب کی خیریت حالات مجھے لکھ بھیجی تھی اور نگرانی دیدہ و دل کی چارہ گری کی تھی ۔ ہو نہ ہو اُنہیں آپکی خدمت میں حاضری کا موقع کم ملتا ہے اور التفات کے مشتاق مگر محروم ہیں ۔ مجھے خیال ہوتا ہے کہ آپ نے اُن پر توجہ نہیں کی اور لطف بزرگانہ کا اظہار نہیں فرمایا ۔ آنکی طرف توجہ نہ کرنے اور ان پر لطف نہ فرمانے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ مجھ سے بیزار اور برداشتہ خاطر ہوگئے ہیں ۔ [۵ تا ۱٤]

۳) خاص طور پر ان دنوں جب میں سخت مغموم ہوں اور ظاہر ہے کہ غمزدہ کو غمخواری کی زیادہ احتیاج ہوتی ہے آپکی بےرخی اور بےالتفاقی اتنی دل شکن اور روح فرسا ہے کہ بیان سے باہر ہے ۔ بارے اب من جائیں اور غمزدوں کی طرف ذرا التفات فرمائیں ۔ خط کے جواب سے محرومی اب اس سے زیادہ مجھ سے برداشت نہ ہو پائے گی ۔ اگر

نواب صاحب [موصوف] کی خدمت والا میں پہنچا دیں اور
نواب صاحب مناسب طریقے سے خاقان دارا دربان [واجد علی
شاہ بادشاہ اودھ] کے حضور میں پیش کر دیں اور میری
مدح گستری اور سخنوری اور حضرت فردوس منزل کی بخشش
و عطا کی کیفیت خسرو سپہر بارگاہ کے حضور میں عرض کر دیں
چاہے [میری] قسمت کی نارسائی کے سبب عطیہ بقدر جاہ و
دستگاہ شاہ نہ ہو بارے اسی قدر [صلہ و] بخشش پر قناعت
کرونگا جو فردوس منزل کے عہد سے معمول [ومرسوم] ہے۔
[۲۰ تا ۲۹]

(۴) اب قصیدۂ مدح شاہ اور قطعہ ستایش حضرت والا ہمہ
نواب صاحب قطب الدولہ بہادر کے روانہ کرنے میں میری
طرف سے تاخیر نہیں ہے۔ جیسے ہی حضرت اس عرضداشت
کا جواب اس فقیر کے التماس کو قبول فرماتے ہوئے
سید صاحب [احمد حسین میکش] کو عطا فرمائینگے وہ
مکرمت نامہ مجھکو مل جائے گا اور فوراً قصیدہ اور قطعہ
میر احمد حسین موصوف کے ذریعے سے خدمت عالی میں پہنچ
جائے گا۔ عرضداشت اسد اللہ نگاشتہ در شنبہ، ۲۴ ذیحجہ
۱۲٦۴ھ مطابق [٦ نومبر ۱۸۴۸ء] [۲۹ تا ۳۵]

خط بنام [اعتقاد الدولہ] نوروز علی خان بہادر

(۱) عالیجاہا مخلصان امیدگاہا، ایک مدت ہوگئی والا نامے سے
سرفراز نہیں فرمایا گیا، دو خط [ناظر] حسین میرزا کی وساطت
سے مظفر الدولہ [ناصر الملک میرزا سیف الدین حیدر خاں
سیف جنگ] بہادر کو بھیجے گئے اور ایک خط میر احمد حسین
کے ہاتھ بھیجا گیا میر احمد حسین خود وہاں [یعنی لکھنئو

اس خاکسار کا وجود اور اُس منتخب اعیان روزگار کی ذات ایک اسم کی مربوب رھی ھے تو میں بظاھر روشناس نه سہی حقیقت میں کوئی بیگانگی ھمارے درمیان نہیں ھے ۔ امید ھے که لطف و مرحمت سے دریغ نه فرمائینگے اور میرا حال اس عریضے سے بطور اجمال اور سعادت و اقبال نشان میر احمد حسین طال عمرہ کے بیان سے بتفصیل معلوم کر کے اس درویش کے زخمی دل کے لئے مرھم کی فکر فرمائینگے ۔ [۱ تا ۱٤]

۲) واقعه یه ھے که فردوس منزل نصیرالدین حیدر بادشاہ اودھ کی تخت نشینی کے زمانے سے مجھے صلۂ مدح کے طور پر اس سلطنت کے خوان [عطا] کی زله خواری حاصل رھی ھے ۔ میرا قصیدہ [گر بسنبل کدۂ روضۂ رضوان رفتم] روشن الدوله بہادر [منیرالملک محمد حسین خان بہادر قائم جنگ] کی وساطت سے بادشاہ کے حضور میں گذرا اور پانچ ھزار روپیه عطا ھوا ۔ محمد علی شاہ کے عہد میں مجھے کوئی وسیله میسر نه آیا اور حضرت امجد علی شاہ کے عہد حکومت میں زمانے کی ناسازگاری کے ھاتھوں مجھ پر جو گذری وہ میر احمد حسین جواس راز سے با خبر ھیں عرض کرینگے ۔ [۱٤ تا ۲۰]

۳) اب میں یه چاھتا ھوں که اگر نواب صاحب والا مناقب رفیع الشأن قطب الدوله نواب قطب علی خان بہادر دام اقباله میری مربیانه دستگیری فرمائیں تو قصیدہ برخوردار میر احمد حسین کے اس بھیجدوں تاکه وہ سعادت نشان پہلے حضرت کی نظر کیمیا اثر کے لئے پیش کریں اور اُسکے بعد

آپ سے طول عمر عطا فرمائے دوسرے اس تہیدست بے نوا صلے میں اتنا سرمایہ آئے کہ سفر کا سامان کر کے سر بھل دشت نجف کی راہ لے - [۲۵تا۳٤]

(۹) چونکہ ہرزہ سرائی درویشوں کا طریقہ نہیں اور اس کے خا بزرگوں کا قول ہے کہ :

خواجہ خود روش بندہ پروری داند [حافظ]

اس سے زیادہ زحمت نہیں دیتا اور خط کو دعا پر ختم کرتا ہوں الہی چرخ [پیر] فرماں بردار اور اختر [تقدیر] سازگار رہے - نامہ نگار ہوا خواہ اسد اللہ نگاشتۂ پنجشنبہ یکم ماہ رجب ۱۲۶۵ھ مطابق ۲۴ مئی ۱۸۴۹ء - [۳۵تا۳۹]

خط بنام [قطب] شاہ صاحب

اگرچہ نیک نیم خاک پای نیکانم
عجب کہ تشنہ بمانم سفال ریحانم [صائب]

(۱) شاہ صاحب قبلہ و کعبہ دو عالم کے حضور میں بعجز و نیاز جبین سائی کر کے عرض کرتا ہوں کہ ہائے وہ زمانہ جو اتنی برکتیں ساتھ لایا، مگر میری قسمت کے لئے سازگار ہوا - یہ واقعہ قابل ذکر ہے کہ حضرت نے چند دن بلکہ کئی مہینے اس شہر [دھلی] کے قلعے میں قیام فرما رہے۔ سگ کم نصیب شرف قدم بوسی حاصل نہ کرسکا - اس محرومی پر جتنا بھی افسوس کروں بجا ہے، لیکن جب پردۂ آفرینش پر غور و فکر سے نظر ڈالتا ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ اُ اعیان ثابتہ کے عالم میں جو فیضان قدس کا محل نزول

تھا اور میری مرضی کے بغیر کوئی کام نہ کرتا تھا، اپنا عزم و ارادہ مجھ سے بیان کیا ۔ میں نے اُس کی ہمت پر آفرین کہہ کر خدا سے اس کی کامیابی کے لئے دعا کی ۔ [۱۴ تا ۱۸]

۴) چونکہ میں خود حضرت فردوس منزل [نصیرالدین حیدر پادشاہ اودھ] کے عہد سے اُس دولت ابد مدت کا مدح گو اور زلہ خوار ہوں، میں نے حق مدح گوئی ادا کیا اور قصیدہ [سخن ز روضۂ رضوان بکوی یار کشد] کہہ کر اس [سعادت نشان] کو بھیج دیا ۔ چونکہ بخت مساعد، دولت یاور اور اقبال رہنما تھا اس امیدوار پسندیدہ اطوار میر احمد حسین کو اُس والا جاہ کا دامن ہاتھ آگیا ۔ اختر تقدیر نے کہا مبارک ہو اور فلک کج رفتار نے عذر خواہی [اور سازگاری] کی ۔ میرے دل کو تسکین ہوئی اور غم دل سے دور ہوا ۔ جس کام کا آغاز یہ ہو اُس کا انجام، ظاہر ہے، خیر و خوبی و یمن و برکت ہی ہوگا ۔
[۱۸ تا ۲۵]

۵) غرض دل کو دو گونہ آرزو مندی ہے اور مدح گوئی اور قصیدہ سرائی کا مقصود یہی ہے کہ ابر رحمت یعنی والا جناب جو ایک عالم کے لئے مرجع جود و کرم اور ایک دنیا کے لئے امید گاہ ہیں اپنی دیدہ وری اور ہمت و مروت کے سہارے اقبال نشان میر احمد حسین موصوف کو جہان پناہ کے حضور میں پیش کر دیں اور حقیقت حال کی بطریق مناسب ترجمانی فرما کر یہ دونوں آرزوئیں پوری کردیں، یعنی اول وہ فرخندہ خوی فرخ تبار سلطان فریدون فر دارادربان کے زمرۂ ملازمین میں منسلک ہو کر اپنی عمر وہیں گذارے اور خدا

ایضاً : ۲

خط بنام نواب [قطب الدولہ بہادر]

(۱) بخدمت وافرالمسرت نواب صاحب جمیل المناقب رفیع الشا
امیدگاہ آرزو مندان دام بقاؤہ و زاد علاؤہ، ہدیۂ سلام
پیشکش کے بعد جو سنت سنیہ حضرت خیرالانام ص ہے ...
اُس لطف و مرحمت کا سپاس بجا لاتا ہوں جو برخورد
کامگار میر احمد حسن [میکش] طال عمرہ و زادقدرہ
مبذول فرماتے رہے ہیں اور در حقیقت یہ لطف و کرم ...
جانتا ہوں کہ خود مجھ پر رہا ہے، اور اس کے بعد چ
سطریں تحریر کرتا ہوں جو راقم کی گزارش احوال کے ...
آئینۂ صورت نما ہو سکیں ۔ [۱ تا ۷]

(۲) خاطر عالی پر کہ خرد خداداد کے فروغ سے منور ہے ہویدا
ہو کہ اس سیدزادہ ستودہ خو کو اس کمترین کے ...
پیوند روحانی ہے ۔ پدروالاگہر اس کا میر کرار حسین
سلمہ اللہ تعالی عمائد سادات والا تبار میں سے ہے اور روشناس
شاہ و شہر یار؛ حکام انگریزی کی طرف سے اشرف الوکلا
کے خطاب سے ممتاز ہے ۔ بیٹے کی پرورش ناز و نعمت سے
کی ہے علم و ادب کی تعلیم دی ہے اور سرکار سے وکالت
عدالت کا پروانہ دلایا ہے ۔ [۷ تا ۱۴]

(۳) لیکن اس بلند ہمت اور بلند نظر [نوجوان] کو یہ [وکالت ک
پیشہ پسند نہ آیا اور شاہ سپہر بارگہ اودھ [واجد علی شاہ
خلد اللہ ملکہ و سلطانہ کے خوان جود و کرم پر ریزہ خوار
کی آرزو ہوئی ۔ چونکہ مجھ سے اپنا راز پوشیدہ نہ رکھ

اظہار کے بعد گزارش مدعا یہ ہے کہ ایک طویل مدت گذری [واجد علی شاہ بادشاہ اودھ کی مدح میں] قصیدہ [سخن ز روضہ رضوان بکوی یار کشد] اور ایک عرضداشت [بحضور شاہ] آپ کی خدمت میں بھیج کر بہزار آرزو درخواست کی تھی کہ یہ نظم اور نثر حضرت قدر قدرت ظل الہی خلد اللہ ملکہ و سلطانہ کی نظر ربوبیت اثر کے سامنے پیش کر دیں ۔ حقیقت ہے کہ قصد یہ تھا کہ عطیۂ شاہی حاصل کر کے عتبات عالیات کا رخ کروں ۔ راقم کی ناسازی طالع پر وائے ہو کہ ابھی تک [تصور کی] اس بہار کی جھلک نظر نہیں آ سکی ہے ۔ شاہنشاہ کا دست کرم ابر رحمت ہے جو خار و گل پر یکساں برستا ہے ۔ جہاں بے مانگے لعل و گہر کی کانیں کی کانیں بخشتے ہوں سوال کے بعد سائل کی محرومی کیسے ممکن ہے ؟ [۱تا۱۲]

بات یہ ہے کہ آنجناب نے اس درویش دل‌ریش کی طرف توجہ نہیں فرمائی اور قصیدے اور عرضداشت کو حضرت خدیو آفاق کی نگاہ التفات کے لئے پیش نہیں کیا ۔ وقت گذر رہا ہے ۔ قافلہ روانہ ہو رہا ہے ۔ میرے ہمراہی آمادۂ سفر ہیں اور جلد روانہ ہونا چاہتے ہیں، لیکن میں تہیدستی و بے نوائی کے باعث اسی طرح پا بگل ہوں ۔ خدا را اس گوشہ نشین اندوھگیں پر رحم فرمائیں اور قصیدہ اور عرضداشت بادشاہ کے حضور میں پیش کر دیں اور جس عطئے کا حکم ہو اس طرح کہ تأخیر نہ ہو اس گدائے امیدوار کو ارسال فرماویں ۔ اس سے زیادہ دعائے دوام دولت حضرت ظل سبحانی کے سوا جو ہر دم ورد زبان ہے کیا عرض کروں ۔ نامہ نگار ہوا خواہ اسداللہ، نگاشتہ روز شنبہ، ۱۸ ذیقعدہ، ۱۲۶۵ھ مطابق ۶ اکتوبر ۱۸۴۹ء ۔

آخری عمر ہے اور میں سخت عاجز اور حیران و پریشان ہوں ۔ اس معاملے میں کچھ امید بندھی ہے اور تمہاری توقع پر جی رہا ہوں ۔ اولاد نے بوڑھے باپ کی بڑی خدمت کی ہے ۔ اگر تمہاری سعی و کوشش اور حسن تدبیر سے یہ کام سر انجام پا جائے گا اور بادشاہ اودھ کی طرف سے صلہ اس طرح کہ میرے اور تمہارے سوا کوئی نہ جانے مجھ کو مل جائے گا تو گویا اس کے بعد میری جو زندگی باقی ہے وہ تمہارے احسان کے زیر سایہ خوشی سے گذرے گی ۔ اس وقت اس قرض سے جس کا بار میرے لئے دوش فرسا ہے میں سخت عاجز آ گیا ہوں ۔ جب یہ بھاری بوجھ میرے شانوں پر سے اٹھ جائے گا تو پھر آئندہ میں اس تنخواہ پر قناعت کروں گا جو سرکار انگریزی سے مجھے ملتی ہے اور خشک روٹی پر قناعت کر کے زندگی مستعار کے باقی لمحے گذاروں گا اور آئندہ کبھی قرض نہ لوں گا بلکہ اگر توفیق [الہی] شامل حال رہے گی اور زاد راہ باقی بچے گا تو کعبہ و مدینہ و نجف کا عزم کر کے گھر سے نکلوں گا :

یا رب این آرزوی من چہ خوش است
تو بدین آرزو مرا برسان

والدعا [شنبہ ۲۳ دسمبر ۱۸۴۸ء]

خط بنام قطب الدولہ بہادر

(۱) جناب نواب صاحب جمیل المناقب عمیم الاحسان امیدگاہ مخلصان دام بقاؤہ و زاد علاؤہ کی خدمت مبارک میں ہدیۂ سلام مسنون کی پیشکش اور تمنای ملاقات وافرالمسرت کے

اگر ضرورت ہو تو قطب الدولہ کے نام لکھ کر تمہیں بھیج دوں اور قصیدہ پہنچنے کے بعد کے حالات بھی مجھ کو لکھنا کہ جب نواب صاحب نے قصیدہ دیکھا تو کیا کہا اور جب بادشاہ کے سامنے پیش کیا تو بادشاہ نے کیا کہا۔ غرض یہ تمام باتیں لکھنا اور یہ چیزیں لکھنے کے بعد صلے کے بارے میں تمہاری رائے میں جو بات ضروری ہو تحریر کرنا تاکہ اُس مضمون کا خط تمہارے نام یا نواب صاحب کے نام لکھ کر بھیجوں۔ اس بات کا بھی خیال رکھنا کہ دھلی میں کسی شخص پر یہ امر ظاہر نہ ہونے پائے بلکہ بہتر یہ ہے کہ قصیدہ پہنچتے ہی اُس کے پہنچنے کے بارے میں فوراً مجھے خط لکھنا تاکہ میرے دل کو اطمینان ہو اور اس کے بعد قصیدے کا بادشاہ کے حضور میں پیش ہونا اور بادشاہ کے حکم کا صادر ہونا یہ سب ٹھیک ٹھیک لکھنا اور بتانا کہ مجھے کیا کرنا چاہیے اور یہ کہ تمہارے نام خط لکھنا چاہیے کہ نواب صاحب کے نام اور [اُن کے نام] کس مضمون کا خط لکھا جائے، یہ سب لکھ کر بھیجنا اور ہر بات پر جو میں نے لکھی ہے خوب توجہ کر کے اور پوری دقت فکر سے کام لے کر ایسا جواب مجھے لکھنا جو سراسر صلاح ہو عین صواب ہو۔ کام کا آغاز بڑی خوبی اور خوش اسلوبی سے ہوا ہے اور فی الحقیقت تم نے ایک بڑا کام کیا ہے۔ اگر تمہارے بجائے مثلاً روح الامین کو بھی میں یہ کام سپرد کرتا تو اس سے بہتر طور پر انجام نہ پا سکتا لیکن ہوشیار اورخبردار رہیں کہ انجام بھی اس کام کا ایسا ہی ہو جیسا آغاز اچھا رہا ہے۔ ایسا نہ ہو آخر میں کوئی لغزش ہو جائے یا غفلت واقع ہو اور بنا بنایا کام بگڑ جائے۔ خدا علیم ہے کہ یہ میری

کہ اگر احمد حسین لکھنؤ پہنچا ہوتا تو کیسے ممکن تھا
کہ مجھے نہ لکھتا، چہ جائیکہ وہ لکھنؤ پہنچا اور شادی کی
اور موٹا شکار پکڑا اور مجھے خبر نہ کی ۔ بیچارا تردد میں
رہ گیا اور نہ سمجھ سکا کہ حقیقت کیا ہے ۔ پھر میں نے
اُس سے پوچھا کہ [احمد حسین کی زوجہ] ظفری بیگم اچھی
ہے ۔ کہا، اچھی ہے اور [اب صحت یاب ہو کر] اُٹھنے اور
چلنے پھرنے لگی ہے اور کہتی ہے کہ میرا باپ ٹھیک کہتا
ہے اور تم سب دروغگوئی کرتے ہو ۔ میرے دل میں محبت
آئی، ایک ڈبیا انگور کی، چار رنگترے اور ایک ولائتی انار اس
بچے کو دیا اور کہا کہ یہ ظفری بیگم کو دینا اور اپنی
بہن [ظفری بیگم] کو میری دعا کہنا ۔ یہ چیزیں لے کر وہ
بچہ اور بچے کے ساتھ اُس کا باپ دونوں چلے گئے ۔ میں نے
اپنے دل میں عہد کیا کہ اگر مجھے کہیں سے کچھ مل گیا تو [اس
رقم میں سے] سو ظفری بیگم اور اُس کی ماں [تمہاری خوشدامن]
کو بھیجوں گا اور کہوں گا کہ جب تک تمہارے شوہر
کی کوئی خبر ملے اس رقم کو صرف میں لاؤ ۔ [۸۷ تا ۸۹]

(۷) خط ختم ہوا لیکن غم دل اُسی طرح جوش زن ہے۔ اس لئے
لکھنے کو مکرر لکھتا ہوں ۔ میرے یہ تمام تفکرات صحیح
ہیں ۔ ان میں سے ایک بھی بے بنیاد نہیں ۔ بارے مضمون
[سخن ز روضہ رضوان بکوی یار کشد] پہنچنے کے بعد
مناسب فکر کرنا اور معاملے کے تمام پہلوؤں اور گرد و پیش
کو دیکھ کر اندازہ لگانا کہ کیا کرنا چاہیے ۔ جو مضمون
مطلوب ہو لکھنا تاکہ اُس مضمون کا خط تمہارے نام پر

جہان بیمر و گیتی دشمن و دلدار مستغنی
مرا برآرزوهای ثنائی خندہ می آید [۸تا۵۶]

۱ میری جان، کل دوشنبہ [در اصل جمعہ] بائیس دسمبر اور نصرانیوں کی عید [کرسمس] کا دن تھا۔ یہ خط اس شعر تک لکھ کر میں نے اپنے صندوقچے میں رکھ چھوڑا تھا آج سہ شنبے کو کہ دسمبر کی تیئس ۲۳ ہے میں دیوار کے نیچے بچھے ہوئے تخت پر دھوپ میں بیٹھا تھا کہ اچانک وہ بچہ جو کبھی کبھی تمہارے ساتھ میرے پاس آیا کرتا تھا دروازے سے داخل ہوا اور بولا کہ میرا باپ دروازے پر کھڑا ہے اور آنے کی اجازت چاہتا ہے۔ میں نے کہا کون مانع ہے، آئیں۔ بچہ گیا اور [انہیں] ساتھ لے آیا۔ وہ بیٹھ گئے تو میں نے پوچھا اسم شریف بولے میر امام الدین۔ میں نے کہا کیسے قدم رنجہ فرمایا۔ کہنے لگے میر احمد حسین کی خیریت پوچھنی چاہتا ہوں۔ میں نے کہا کہ میر احمد حسین یہاں سے رام پور اور وہاں سے بریلی پہنچ گئے اور وہاں جاکر بیمار ہوگئے۔ اس کے بعد مجھے خبر نہیں کہ کیا صورت پیش آئی اور وہ کہاں گئے اور اب کہاں ہیں بلکہ میں اُن کی موت و حیات سے بھی بے خبر ہوں۔ وہ بولے میں نے سنا ہے [میکش] لکھنئو پہنچ گیا ہے اور وہاں شادی کرلی ہے اور مالدار عورت سے نکاح کیا ہے جسے سرکار شاہ اودھ سے ڈھائی سو روپیہ ماھانہ ملتا ہے۔ میں نے کہا واللہ باللہ ثم تاللہ اس واقعے کی مجھے کوئی اطلاع نہیں ہے۔ میرا قسم کھانا صحیح تھا اس لئے کہ میں نے یہ خرافات نہیں سنی تھی۔

پانچ ہزار روپے میں سے پانچ سو روپے تم کو دوں
تم چاہو تو یہ رقم وہیں لے لو اور اگر تم یہ چاہو
کہ قطب الدولہ پر یہ بات ظاہر نہ ہو تو لکھو تاکہ
ہنڈوی کی پوری رقم پہنچنے کے بعد میں پانچ سو روپے
تم کو بھیج دوں ۔ پہلی صورت میں ایک الگ سہر شدہ
خط تمہیں بھیج دوں اور تم اپنے نام کا وہ خط نواب صاحب
کے ملاحظے میں لا کر پانچ سو روپے اپنے پاس رکھ لو
اور چار ہزار پانچ سو روپے کی ہنڈوی جیسا کہ میں نے
لکھا ہے نواب صاحب سے لے کر مجھے روانہ کر دو ۔ میں
تم سے کہتا ہوں کہ اگر تمہاری صلاح یہ ہوگی تو میں
تمہارے خط میں یہ نہیں لکھوں گا کہ پانچ سو روپیہ میں
نے تم کو دیا بلکہ پانچ سو روپے کی فلاں فلاں اشیاء
خرید کر تم بھیجو گے ۔ میرے اس سوال کا جواب بہت
لکھ بھیجو ۔ لیکن دوسرا اندیشہ سب سے زیادہ روح فرسا ہے
یعنی میں شہر [دہلی] میں قرضدار ہوں اور [کئی] ڈگری دار
ہیں ۔ اگر انہیں پتہ چل گیا تو اپنی اپنی ڈگری پیش
کر کے قانوناً رقم مجھ سے لے جائیں گے اور میری اور
تمہاری کوشش رائگاں جائے گی ۔ اس زخم کو دو مرہموں
کی احتیاج ہے ایک یہ کہ ہنڈوی میرے نام کی نہ ہو
"صرف شاہ جوگ"، ہو [جو کوئی شخص بھی لے سکتا ہے] ۔
دوسرے یہ کہ جس طرح پہلے قطب الدولہ کے [میرے]
خط بھیجنے کی اطلاع اپنے دوستوں کو لکھ بھیجی تھی
[اس مرتبہ] یہ خبر کسی کو نہ لکھیں اور ایسا کریں کہ
میرے اور تمہارے سوا کسی دوسرے کو پتہ نہ چلے کہ
کیا ہوا اور یہ معاملہ کہاں تک پہنچا، سبحان اللہ سبحان اللہ!

صورت میں مجھے اندیشہ ہے کہ کام بگڑ جائے گا ۔ چارۂ کار
یہی ہو سکتا ہے کہ اس بارے میں نواب صاحب پر یہ
اندیشہ ظاہر کر دیا جائے اور میری طرف سے کہا جائے کہ
غالب کہتا ہے کہ میں گدائے یک در ہوں اور [نواب]
قطب الدولہ کے سوا دوسرے کو نہیں جانتا ۔ اس لئے
قطب الدولہ کو چاہیے کہ مجھے دوسرے کا محتاج نہ کریں
اور قصیدہ خود پیش کریں اور صلہ حاصل کریں اور خود
مجھ تک پہنچائیں ۔ جب یہ کام بن جائے ، وزیر بیچ میں
نہ آئے اور جیسا کہ میں نے کہا کہ نواب قطب الدولہ
ہی کی مہربانی سے مقصود حل ہو جائے تو چونکہ یہ
مقصود رقم ہے اس لئے خود سوچیں کہ رقم لکھنئو سے
مجھ کو کیسے بھیجیں گے ۔ ظاہر ہے ہنڈوی سے بھیجیں گے ۔
شہر [لکھنئو] بیگانہ، شہر کے لوگ عیار پیشہ، اور تم کو
شہر کے ساھوکاروں سے کوئی واقفیت نہیں، ایسا نہ ہو
کوئی قباحت پیدا ہو ۔ اس کا مداوا یہ ہے کہ جب کوئی
رقم عطا ہونے کا حکم مل جائے تو نواب صاحب کی خدمت
میں عرض کریں کہ میں مسافر ہوں، ہنڈوی حاصل
کرنے کا طریقہ نہیں جانتا، حضور کسی قابل اعتماد اور
اپنے متوسل ساھوکار کو بلا کر رقم اس کو دے دیں اور
ہنڈوی اس سے لکھوا کر اپنے خط کے ساتھ ملفوف کر کے
مجھے عطا فرماویں تاکہ میں وہ خط اسداللہ خاں کو بھیج
دوں ۔ لیکن یہاں ایک بات کہنی باقی ہے یعنی میں نے جو
رقم تم کو دینی کی ہے وہ کس طرح تم کو دوں ۔
یہ بات تمہاری مرضی پر منحصر ہے ۔ میں چاھتا ہوں کہ

ربیع الثانی کی گیارھویں اور مارچ کی ساتویں تاریخ [یہ خط]
روانہ کیا گیا ۔

۱۳

(۱) سعادت نشان، سنو اور اس خط کے مضامین کو ذہن نشین
کر لو بلکہ یہ خط اپنے ساتھ رکھو تاکہ کوئی بات بھولو
تو خط دیکھ کر پھر جان لو ۔ [۱ تا ۳]

(۲) پہلے یہ بات کہی جاتی ہے کہ تمہارا خط پہنچا تھا اور
جو رقعہ ناظر [حسین مرزا] صاحب کے نام تھا وہ ناظر صاحب
کو دے دیا گیا ۔
[۳ تا ۵]

(۳) مولوی اکرام الدین [صدر امین دہلی] [کل بروز جمعہ ...
محرم ۱۲۶۵ھ مطابق ۲۲ دسمبر ۱۸۴۸ء] اس دنیا سے رخصت
ہوگئے اور حسرتوں کی ایک دنیا اپنے ساتھ لے گئے ۔ یہاں
تک جو کچھ میں نے لکھا ہے فقط بطور اطلاع ہے ...
یہ باتیں مفید مطلب نہیں ہیں ۔
[۵ تا ۷]

(۴) اب گوش ہوش میری طرف رہے کہ ایسی باتیں کہنی ہیں
جو مفید مطلب ہیں ۔
[۶ و ۷]

(۵) میری جان، قصیدہ پہنچتا ہے، خود پڑھیں اور نواب صاحب
[قطب الدولہ] تک پہنچائیں اور اس کی کوشش کریں کہ
بادشاہ [واجد علی شاہ] کی نظر سے گذرے اور صلہ ملے ۔ مجھے
یقین ہے کہ تمہارے حسن سلوک اور نواب صاحب کی
عنایت سے ضرور بادشاہ تک پہنچے گا ۔ پھر کیا ہوگا؟
لوگ کہتے ہیں کہ لامحالا صلہ دینے کا حکم صادر ہوگا
تو وزیر [امین الدولہ] کے نام صادر ہوگا اور
وزیر کے [توسط کے] بغیر کام نہ ہوسکے گا ۔ ایسی

ساز ما بفکر کار ما فکر ما درکارما آزار ما

بارے اگر مناسب جانو تو میرا سلام نواب صاحب کو پہنچانا، بلکہ اگر ہو سکے اور موقع ملے تو یہ خط اُن کے ملاحظے میں لانا - [۲۶ تا ۳٤]

۷) تم نے [اپنے خط میں] اپنی نسبت مشفقی منشی یحیی علی خاں کے لطف و محبت کا جو ذکر کیا ہے اس سے میرے دل میں اُس فرخندہ گہر کی محبت گھر کر گئی ہے - جو تم کو میری طرح عزیز رکھتا ہو میں اس کو عزیز کیوں کر نہ جانوں - وہ جو شفقت تم پر فرماتے ہیں احسان ہے جو مجھ پر کرتے ہیں - تمہاری تحریر سے معلوم ہوا کہ یحیٰی تخلص فرماتے ہیں اور شعر کہتے ہیں - اُن کو میرا سلام پہنچانا اور مجھ کو اُن کا کلام لکھ کر بھیجنا -

از اسد اللہ نوشتہ سہ شنبہ ۱۰ ربیع الثانی [فارسی متن میں یہاں ربیع الاول درج ہے جو غالب کا سہو یا کاتب کی غلطی ہے] [۱۲۶۵ھ] ٦ مارچ [۱۸٤۹ء] جواب طلب -

۸) چونکہ کل شام تک بلکہ آج چہار شنبے کی صبح تک [نہ میر مہدی نہ میر امام الدین] کسی کا خط نہیں ملا اس لئے میں یہ خط روانہ کر رہا ہوں اور تم کو اطلاع دیتا ہوں کہ اب میں غم روزگار کے ہاتھوں عاجز آ گیا ہوں، دیر ہرگز نہ کرنا اور قطب الدولہ کو اس پر آمادہ کرنا کہ جشن غسل صحت کے موقع پر ہی میرے کام کا سر انجام فرماویں اور تم یہ کرنا کہ اس خط کا جواب جلد لکھنا - بروز چہار شنبہ

(۴) میر مہدی [مجروح] کے نام کا خط میر مہدی کو اور میر امام الدین کے نام کا خط میر امام الدین کو پہنچا دیا گیا - میں آج یہ خط تمھارے نام لکھکر رکھ چھوڑتا ہوں - اگر ان دونوں کے خط بھی آگئے تو اس خط کے ساتھ رکھکر تم کو بھیج دونگا، ورنہ کل صرف اپنا خط ڈاک سے روانہ کر دونگا - [۱۲ تا ۱۶]

(۵) شاہ اودھ [واجد علی شاہ] کے بارے میں نا خوشگوار خبریں سننے میں آرہی تھیں - خدا تم کو ہمیشہ سلامت رکھے تم نے [خط لکھکر] میرے دل کو سکون بخشا - تم نے بیماری کا رفع ہونا اور غسل صحت کا انشاء اللہ بروز پنجشنبہ انجام پانا لکھا، لیکن وہ بات نہ لکھی جس سے دل کو تقویت ہوتی اور امید بندھتی - جشن غسل صحت قصیدہ مدحیہ گذراننے کے لئے پاکیزہ تقریب ہے - کتنا اچھا ہو کہ یہ خط جو میں آج لکھ رہا ہوں اور کل بھیجا جائے ابھی تم کو نہ ملا ہو کہ میرا قصیدہ بادشاہ تک اور بادشاہ کا عطیہ مجھ تک پہنچ جائے - شاعر نے کیا خوب کہا ہے :

جہان بیمہرو گیتی دشمن و دلدار مستغنی
مرا بر آرزوہای تثانی خندہ می آید [۱۶ تا ۱۹]

(۶) میں قطب الدولہ بہادر کے خط نام لکھنا چاہتا تھا کہ لکھکر تم کو بھیجدوں اور تم سے کہوں کہ یہ خط نواب [قطب الدولہ] صاحب کو پیش کرنا اور اس خط کو بنائے گفتگو قرار دینا لیکن پھر میں نے سوچا کہ یہ غیر ضروری ہے - خود موقع شناس ہو، غافل نہیں ہو اور نواب صاحب بھی لطف و مرحمت میں مضایقہ نہیں فرماتے :

۱۲

۱) میری جان سعادت نشان، خط لکھنے کے لئے الفاظ و معانی ابھی دیدہ و دل میں تھے کہ دوسرا خط ملا ۔ اس سے پہلے کے خط میں تم نے جو یہ لکھا تھا کہ جب تک میں دوسرا خط نہ لکھوں جواب نہ لکھا جائے تو اب جواب لکھنے کی اجازت ملنے پر [خط] لکھ رہا ہوں ۔ [۱ تا ٤]

۲) مخفی نہ رہے کہ 'حرون' لفظ عربی ہے اور اس کا املا حای حطی سے ہے ۔ اگر قصیدے [سخن ز روضۂ رضوان بکوی یار کشد، کے شعر ۱۵ : غم است آنکه منش را همی کند هموار رود ز اسب حرون تو سنی چو بار کشد] میں ہای ہوز سے لکھا گیا ہے تو قصور کاتب کا ہے، نہ کہ میرا ۔ یہ لفظ ضرور صحیح کر دیں ۔ لعب عین کے کسرہ کے ساتھ بھی جائز ہے اور عین کے سکون سے بھی جو میرے اس شعر میں آیا ہے : پی گرانی خوابم ز سوء ظن نہ بہ لعب چہ نقش ہا کہ بانگشت بر مزار کشد] کذا فی الصراح ۔ [۵ تا ۹]

۳) تمھارا مشفقی قطب الدولہ بہادر کے زیر سایہ فروکش ہونا تم کو بھی مبارک ہو اور مجھکو بھی ۔ اس جوانمرد صاحب دل سے ہرگز دور نہ رہیں! دولت کی تلاش اسی دروازے پر کریں ۔ جو اتنی غمخواری کر رہا ہے وہ تم کو ناکامی کے حوالے نہ کریگا ۔ [۹ تا ۱۲]

یقین تھا کہ میر احمد حسین جو بمنزلہ میرے فرزند کے ہ
اور سعادت مند ہے عجب نہیں کہ قطب الدولہ کو اس پر
آمادہ کر لے کہ میرا ذکر شاہ اودھ [واجد علی شاہ] سے
کریں اور دربار سلطانی سے میرے نام فرمان طلب بھجوائیں
تاکہ میں لکھنؤ پہنچوں اور بادشاہ سے ملوں اور اس طرح
میری ناکامیوں کا دور ختم ہو، لیکن واہ ری خوبی قسمت
کہ یہ خیالی منصوبہ ختم ہو کر رہ گیا اور تمام امیدیں مبدل
بہ یاس ہوگئیں اور ایسا ہونا ہی تھا اس لئے کہ اقبال نشان
میر مہدی مجروح نے اپنے نام کا خط جو تمہارا لکھا ہوا تھا مجھ
دکھایا۔ خدا جانتا ہے جو اس خط کو دیکھ کر میرا حال ہوا۔
اور دور تک اپنا انجام نظر آنے لگا ہے، آخر یہ کیا ہوگا کہ
تمکو لکھنؤ سے ناکام ہو کر روانہ ہونا پڑے۔ برائے خدا
میکشی میرے غم زدہ دل بیقرار کی چارہ گری کرو۔ تجھے
خداوند قدیر اور ارواح ائمہ اطہار علیہم السلام کا واسطہ ا
حال صحیح صحیح مجھے لکھ۔ جو کچھ تم نے میر مہدی
خط میں لکھا ہے وہ میرے تصور اور میری توقع کے بالکل
بر خلاف ہے۔ تعجب ہے کہ تم نے یہ حالات مجھ
کبھی نہ لکھے۔ اب تمہاری جان کی قسم جب تک تمہ
دوسرا خط میرے نام نہ آئے گا اور تمہارے حالات کی پو
سرگذشت معلوم نہ ہوگی میرے دل کو چین نہ آئے گا
خدا کے لئے جلد از جلد خط بھیجو اور اپنی کیفیت مفصل
لکھو۔ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

اظہار حزن و ملال اور طلب تفصیل حال کے سوا
لکھوں۔ اسد اللہ نامہ سیاہ۔ [۸ تا ۲۹] [(بعد از ۲۳ ستمبر
۱۸۵۰ء]

آرزو رہی کہ کاش مجھے معلوم ہو سکتا ممدوح نے لطافت کلام کو بھی سمجھا [یا نہیں] اور اس قطعے کی تعریف کن الفاظ میں کی جس میں مدح کے سوا ایک حصہ عرض مدعا کا بھی تھا ۔ افسوس کہ سخن فہم دنیا میں نہیں ۔ مجھے پشیمانی ہے کہ میں نے [اعتقادالدولہ] نوروزعلی خاں کو خط کیوں لکھا ۔ میں خود جانتا تھا کہ جواب کیا ہو گا، لیکن تمہاری خاطر لکھا تھا ۔

خدا گر بحکمت ببندد دری
کشاید به بخشایش خود دری
[کذا][کشاید به بخشش در دیگری][سعدی]

دیکھیں کہ خدا کی مرضی کیا ہے ۔ امید ہے تمہیں کامیابی ہوگی اور خدا تمہیں بلند رتبے پر پہنچائے گا والدعا، از اسد اللہ نگاشتہ شنبہ ۱۲ محرم الحرام ۱۲۶۵ھ [مطابق ۹ دسمبر ۱۸۴۸ء]
[۲۰ تا ۳۱]

۱۱

(۱) با آنکه هیچ مطلب ممکن روا نشد
دل خوش نمیکنیم مگر از محال ها

جس دن سے تم لکھنئو میں جا کر رہے ہو اور خود تمہاری تحریروں سے ظاہر ہوتا رہا ہے کہ تمہیں قطب الدولہ کے ساتھ جو بادشاہ [واجد علی شاہ] کے خاص ندیموں میں سے ہیں قرب و انس حاصل ہے، میں دل میں سوچتا رہا ہوں اور کہتا رہا ہوں :

باشد که همین بیضه بر آرد پر و بال [۱ تا ۷]

(۲) غرض میرے دل میں طرح طرح کی ہوسیں تھیں اور مجھے

(۲) نواب [مظفرالدولہ] کا گرامی نامہ میرے دل غم دیدہ کے لئے باعث مسرت ہوا - کام کا آغاز اچھا ہے خدا کرے انجام بھی اچھا ہو - قصیدہ کہنے کا ارادہ ہے اور کہنا شروع بھی کر دیا ہے - تین دن سے بخار کی آگ میں جل رہا ہوں اور اس کشاکش میں فکر سخن نہیں ہو پاتا بہر صورت اس مہینے [محرم، ۱۲۶۵ھ] کے آخر تک یا ماہ صفر کے شروع تک قصیدہ مذہب و مطلا کاغذ پر لکھا ہوا تمہاری خدمت میں پہنچ جائے گا - قطعہ بھی کہنا چاہتا ہوں - اگر خدا نے چاہا تو قصیدہ ختم کرنے کے بعد قطعہ بھی کہوں گا، اطمینان رکھیں - [۷ تا ۱۳]

(۳) ناظر جی [معین الدولہ حسین میرزا] کے نام کا خط انہیں بھیج دیا گیا تھا - اسی دن خود آئے - اور نواب [مظفرالدولہ] کا خط مجھ سے مانگا - میں نے کہا تم نے کیسے جانا کہ نواب [مظفرالدولہ] نے مجھے خط بھیجا ہے - بولے میکش کی تحریر سے - بارے وہ خط میں نے ان کے سامنے رکھ دیا - انہوں نے پڑھا اور پھر مجھ کو دے دیا - اب میرے قلمدان کی زینت ہے - [۱۳ تا ۱۷]

(۴) معلوم ہوا کہ شاہ جی [قطب شاہ] زیادہ التفات نہیں فرماتے - بارے درویشوں کی دعا ہی کافی ہے - اپنا کام دانش خداداد کی قوت سے سر انجام دو اور خدا کی ذات سے امید رکھو - [۱۷ تا ۲۰]

(۵) ہر چند صفر کی بیسویں تاریخ تک عزاداری رہتی ہے لیکن ممکن ہے ان ہی دنوں میں کام سر انجام پا جائے ورنہ اگر زندگی باقی ہے تو بیسویں صفر بھی دور نہیں - مجھے اس کی

کہ آجتک تمہارے لئے کوئی خدمت معین نہ ہوسکی۔ تمہارا وقت ضائع ہو رہا ہے۔ کہاں سے صرف کرتے ہو اور کھانا کہاں سے کھاتے ہو۔ مستقبل میں تمہیں کس چیز کی توقع ہے۔ [۲۰ تا ۲۴]

(۵) حامد علی خاں کا حال تفصیل سے لکھنا اور شاہ سمن خاں پسر علی محمد خاں رسالہ دار کا حال بھی لکھنا جو لکھنؤ آیا ہے اور رضی الدولہ [مصاحب واجد علی شاہ کے عزیزوں میں سے ہے]، اس کا حال معلوم کرکے لکھنا، والدعا۔ از اسد اللہ نگاشتۂ روز یکشنبہ ۲۵ صفر ۱۲۶۵ھ مطابق ۲۱ جنوری ۱۸۴۹ء کل دو شنبے کو بتاریخ ۲۶ صفر و ۲۲ جنوری یہ خط ڈاک میں بھیجا جائے گا انشاء اللہ العزیز العظیم۔ [۲۴ تا ۳۰]

۱۰

(۱) صاحب من، دلنواز نامہ پہنچا اور مفید مشورے دلنشین ہوئے۔ نواب مظفر الدولہ [ناصرالملک میرزا سیف الدین حیدر خاں سیف جنگ بہادر] کے نام کا خط بھیجا جارہا ہے اور اس کے ساتھ [اُن کے چھوٹے بھائی] معین الدولہ یعنی حسین میرزا کا رقعہ بھی جو میرے نام ہے بھیج رہا ہوں۔ مظفرالدولہ کے مسکن کا پتہ اس رقعے سے دیکھ لیں اور تلاش کریں اور وہاں پہنچ کر خط پیش کر کے کتاب لے لیں اور شیخ [قطب الدین] صاحب کو پہنچا دیں اور جب شیخ صاحب واپس کریں تو بسبیل ڈاک مجھ کو روانہ کر دیں۔ [۱ تا ۷]

(۲) تاریخ یمینی [شائع کردہ میر اشرف علی] فی الحال جس قیمت کو بھی مل سکی خرید کرموم جامے میں لپیٹ کر بعد ادائے محصول تمہیں بھیجی ہے ۔ خدا کرے کہ عملۂ پرمٹ شاہی کے اہلکاروں کے تصرف سے محفوظ رہے ۔ اپنی طرف سے راجہ امداد علی خاں بہادر [خیرآبادی] کی خدمت میں پیش کریں اور میرا نام نہ لیں ۔ اس میں تکلف نہ کریں ۔ راجہ صاحب مجھے کیا جانیں کہ میں کون ہوں ۔ خواہ مخواہ میرا بار احسان آن پر کیوں ڈالیں ۔ اپنا ممنون بنائیں کہ تمہاری ناموری میں میری بلند نامی ہے اور بس ۔ بادشاہ کی بیماری کی خبر سن کر قصیدے سے دل ہٹ گیا اور میں ناامید ہوگیا ۔ اب دیکھئے کیا صورت پیش آتی ہے اور اس معاملے کا کیا انجام ہوتا ہے ۔ میری قسمت کو سعی و کوشش سے بنانا ممکن نہیں ۔ میں اپنے طالع بد کو خوب سمجھتا ہوں ۔ پورے تریپن سال سے اپنی شومی طالع کا تماشائی ہوں ۔ خدا تمہاری عمر اور دولت میں اضافہ فرمائے اور تمہاری کوششوں کے نتیجے سے میری زندگی کو کامیاب بنائے ۔ [۵ تا ۱۶]

(۳) پنج آہنگ لکھی جارہی ہے ۔ جب اس کی کتابت ختم ہوگی تو یہ کتاب بھی اسی طرح تمہیں بھیج دی جائے گی ۔ یہ بات واضح رہے کہ میں یہ تاریخ یمینی اور پنج آہنگ تمہیں دے رہا ہوں ۔ راجہ اور منشی کو میں نہیں جانتا ۔ تم خود جس طرح چاہو پیش کرو ۔ [۱۶ تا ۲۰]

(۴) کتاب پہنچنے کی اطلاع اور بادشاہ کے غسل صحت اور قصیدے کی کیفیت مجھے جلد لکھنا اور یہ بھی لکھنا کہ نواب [مظفرالدولہ] کی اتنی نوازشات کے باوجود کیا سبب ہے

ہو جانے سے میں اتنا غمزدہ نہیں ہو جاتا کہ ہلاکت تک نوبت پہنچے ۔ ہرگزہرگز تأمل نہ کریں اور جو کچھ ہوا ہو اچھا ہو یا برا لکھ بھیجیں اور جلد لکھیں، فی‌الفور لکھیں، اپنا حال، کتاب کا پہنچنا، بادشاہ کا حال، حامد علی خاں کا حال ۔ تمھارے حال سے مقصود یہ ہے کہ تمھاری خیریت معلوم کرکے دل کا تردد دور ہو اور دل کو سکون‌واطمینان حاصل ہو ۔ کتاب کے بارے میں یہ چاہتا ہوں کہ پہنچ گئی تو فبہا، ورنہ ڈاک منشی سے جو آشنا ہے بازپرس کروں اور بادشاہ کا حال اس لئے پوچھتا ہوں کہ یہ اندازہ لگا سکوں کہ میرے نصیب کیسے ہیں ۔ حامد علی خاں کا حال محض اپنی اطلاع کے لئے مطلوب ہے کہ علم شئی بہ از جہل شئی والدعاً ۔ از اسد اللہ مرسلہ یکشنبہ، چہارم فروری، ۱۸۴۹ء جواب طلب ۔ [۱۶ تا ۳۳]

۹

(۱) تمھارا خط پہنچا ۔ بادشاہ [واجد علی شاہ] کی بیماری [کی خبر] نے اس گدائے [گوشہ نشیں] کے دل کو بیتاب کردیا ۔ خدایا اسے صحت عطا کرکے بندہ نوازی اور اسکے ہاتھوں میری کار سازی فرما ۔ میر امام الدین کے بارے میں تم نے جو کچھ لکھا تھا وہ مانا کہ ایسا ہی ہوگا لیکن قسم برب کعبہ اس دو دفعہ میں جب وہ میرے پاس آئے ہیں تمھاری نسبت انہوں نے کوئی ایسی ویسی بات نہیں کہی ۔ یقیناً انہیں خیال ہوگا کہ میں تمھاری برائی نہیں سن سکتا ۔ [۱ تا ۵]

لکھو ۔ یہاں ان بیچارے کے بارے میں طرح طرح کی باتیں سننے میں آ رہی ہیں ۔ خدا انہیں قید و بند سے محفوظ رکھے ۔
[از ۱۱۵۹] ۔

(۳) یہ باتیں اپنے مقام پر رہیں، خود بادشاہ اودھ [واجد علی شاہ] کی بیماری کی خبر ایسی گرم ہے کہ مجھے سخت تشویش ہے ۔ خاص طور پر جبکہ تم نے بھی لکھا ہے کہ بادشاہ بیمار ہے ۔ ایسی صورت میں جب ہر طرف سے بھی یہی سننے میں آئے کہ بادشاہ بیمار ہے تو مجھے پریشانی کیوں نہ ہو، لیکن میری سخت تشویش اور پریشانی خاطر کا اصل سبب یہ ہے کہ تمھارا خط نہیں آیا ۔ یہ پریشانی اول تمھاری طرف سے ہے کہ ایسا نہ ہو تم بیمار ہوگئے ہو، پھر شاہ اودھ کے بارے میں ہے کہ مبادا جیسا کہ مشہور ہے بادشاہ کی بیماری نے طول نہ پکڑا ہو ۔ [۱۱۶۹ و]

(۴) اس کے بعد کتاب [تاریخ یمینی] کے باب میں فکر ہے کہ مبادا نہ پہنچی ہو ۔ خدا را یہ کیا انداز ہے ۔ میں نے کہہ رکھا ہے کہ خط بیرنگ بھیج دیا کرو ۔ ایک فرد کاغذ کے سوا تمھارا کیا جاتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بادشاہ بیمار ہے اور امور درہم ۔ فرط محبت کے باعث تمھارا دل نہیں چاہتا کہ ناامیدی کی خبر مجھ کو لکھو ہائے ہائے، تم نہیں جانتے کہ بلا بیم بلا سے بہتر ہے میری جان، میں غم نصیب محروم ازل ہوں اور ناامیدی خوگر ہو گیا ہوں ۔ کسی مقصود و مطلوب کے فوت

(۳) [تمھاری زوجہ] ظفری بیگم کی عرضی ہبر مہدی [مجروح] کی لکھی ہوئی جو [تمھارے خسر] میر امام الدین نے مجھے دی ہے اس خط کے ساتھ ملفوف ہے، پڑھ لیں اور یہ جان لیں کہ امراؤ بیگم زوجۂ [بہادر شاہ] بادشاہ نے میر امام الدین کو جواب دے دیا ہے - بیچارہ گردش روزگار سے پریشان حال ہے اور بیٹی [ظفری بیگم] کی پرورش اس کے لئے دشوار، والدعاً - از اسداللہ نوشتہ پنج شنبہ پنجم جولائی [۱۸۴۹ء] مطابق سیزدہم شعبان ۱۲۶۵ھ - جواب طلب -

۸

(۱) اقبال نشاناا، عام شمار میں بہت دن اور میری پریشانی خاطر کے حساب سے برسوں گذرے تمھارا خط نہیں آیا - سہ شنبہ کا دن جنوری [۱۸۴۸ء] کی تیئیس (۲۳) تھی تاریخ یمنی [= تاریخ یمینی مطبوعہ دھلی باہتمام میر اشرف علی] کا پارسل بعد ادای محصول میں نے ڈاک سے بھیجا تھا - آج کے دن تک کہ یکشنبہ ۴ فروری [۱۸۴۸ء] ہے اس کے پہنچنے کی اطلاع مجھ کو نہیں ملی ہے - کتاب کے دھلی سے لکھنئو اور خط کے لکھنئو سے دھلی پہنچنے کے لئے تیرہ دن کی مدت کم نہیں ہے - [۱تا۷]

(۲) دوسرے میں نے تمھیں لکھا تھا کہ [نواب میر] حامد علی خاں [نواب اعتمادالدولہ میر فضل علی خاں کے داماد] کا حال

کا خیال چھوڑ کر صحیح صحیح بے کم و کاست مجھے لکھو
کہ بادشاہ کی کیا حالت ہے، امور سلطنت کا کیا رنگ ہے،
قطب الدولہ اور دوسرے مصاحبین شاہ [رضی الدولہ،
نجیب الدولہ، وہاج الدولہ، ثابت الدولہ، وحید الدولہ وغیرہ]
پر کیا گذر رہی ہے ۔ یہ بھی لکھو کہ تم نے اپنے لئے
کیا سونچا ہے ۔ میں تو اپنی قسمت کو آزما چکا ہوں اور اس
مصرعے کا مصداق ہوں :

گذشتم از سر مطلب تمام شد مطلب
[حجاب چہرہ مطلوب بود مطلب ھا] [عارف ہروی]
[۱ تا ۳۰]

(۲) یہ تیسری بار ہے [کہ اس طرح نا کامی کا منہ دیکھنا پڑا]
پہلی بار نصیرالدین حیدر نے مدح [قصیدہ : گر بہ سنبل کندۂ
روضۂ رضوان رفتم] سنی اور صلہ دیا؛ روشن الدولہ
[منیر الملک محمد حسین خان بہادر قائم جنگ، وزیر دربار
اودھ] اور منشی محمد حسن کھا گئے اور ایک کوڑی بھی
مجھ تک نہ پہنچی ۔ دوسری دفعہ امجد علی شاہ نے مجھے
ندیم بنایا اور فرمان صادر کیا کہ پانچ ہزار روپیہ صلے کے
طور پر اور پانچ ہزار بطور زادراہ کل دس ہزار روپیہ بھیجا
جائے اور فلاں شخص کو یہاں طلب کیا جائے ۔ ابھی
دستخط نہ ہو پائے تھے اور یہ حکم جاری نہ ہوا تھا کہ
سرطان نکل آیا اور دو ہفتے صاحب فراش رہ کر مر گئے
[بروز شنبہ ۲۶ صفر ۱۲۶۳ھ مطابق ۱۳ فروری ۱۸۴۷ء]
اس دفعہ جو کچھ پیش آیا وہ تم خوب جانتے ہو
اناللہ و انا الیہ راجعون ۔ [۳۰ تا ۳۸]

اور اسے کیا بتائے کہ یہ کیا ہے ۔ فرض کیا کہ یہ بھی ہوا اور قصیدہ ملاحظے میں بھی لایا گیا اور پڑھ کر سنانا شروع کیا لیکن دیوانے نے ہنسنا اور سر ہلانا شروع کیا اور پڑھنے والے کے ہاتھ سے کاغذ لے کر دانتوں میں چبا کر زمین پر پھینک دیا،یا سنا اور کسی دوسرے معاملے کی طرف متوجہ ہوگیا اور سائل کے مقصود کے بارے میں کوئی بھی بات نہ کی [تو کیا نتیجہ ہوا] بالفرض والتسلیم قصیدہ سننے کے بعد بمصداق للجنون فنون خلعت بھیجنے یا ہزار اشرفیاں بخشنے کا حکم بھی دیا تو اس کے حکم کی تعمیل کون کرے، خلعت کون بھیجے اور خزانے سے رقم کون دے ۔ سلطنت کے کار پرداز دیوانے کے حکم دینے پر رقم کیوں دیں اور خلعت کیوں بھیجیں ۔ اگر بادشاہ مجنون ہے تو وزیر [مدارالدولہ منتظم الملک علی نقی خان بہادر سہراب جنگ مخاطب بہ حضور عالم بہادر] تو دیوانہ نہیں ۔ غرض یہ سب باتیں میری نظر میں ہیں اور نیرنگ تقدیر پر حیرت زدہ ہوں ۔ ہر چند تم اس خیال سے کہ میں شکستہ دل اور غمگین نہ ہوں اُمید دلاتے ہو اور اس واقع کو مجھ سے چھپاتے ہو لیکن ایسے بڑے راز کب چھپتے ہیں ۔ یہ بات عالم آشکارا ہے کہ شاہ اودھ بالکل دیوانہ ہے ۔ وزیر کجدار و مریز سے کام لیتا ہے ۔ اس تحریر سے مدعا یہ ہے کہ اس تعلق خاطر سے میں قطع نظر کر چکا ہوں اور کسی طرح کی توقع کا شائبہ بھی باقی نہیں ۔ تمھاری طرف سے فکر مند ہوں اور قطب الدولہ کے بارے میں بھی [جو زیرعتاب ہے] مجھے غم ہے ۔ کچھ نہیں معلوم کہ آخر میں کیا ہوگا۔ اب تم میری امید اور ناامیدی

(۷) بہر حال آج کہ جمعے کا دن اور ماہ محرم [۱۲۶۵ھ] کی چوتھی ہے مخدو
و مولائی [حافظ] سید اکبر علی [شیون] مجھ سے ملنے آئے تو یہ کہنے
لگے کہ کل میکش کو خط بھیج رہا ہوں۔ چنانچہ میں نے یہ
یہ دو تین سطریں لکھ کر سید صاحب موصوف کو دے دیں
کہ اپنے خط میں رکھ کر تمھیں بھیج دیں، والسلام
اسد اللہ [۱۲ تا ۱۷ [جمعہ ۴ محرم ۱۲۶۵ھ مطابق یکم دسمبر
۱۸۴۸ء]

۷

(۱) جانا فرہنگ دانا، خط ملے کئی دن ہو گئے ہیں اور ہم نے
جواب ابھی تک نہیں لکھا۔ لکھیں بھی کیا؟ کام انجام
کو پہنچ گیا۔ اب نہ کہنے کی کوئی بات ہے نہ لکھنے
کی۔ خدا تمھیں طول عمر اور ترقی دولت عطا فرمائے
تم نے معاملے کو کامیابی تک پہنچایا اور منزل مقصو
تک پہنچ گئے لیکن تقدیر سے جنگ نہیں کی جاسکتی،
بادشاہ [واجد علی شاہ بادشاہ اودھ] دیوانہ، سلطنت درہم
و برہم، امور حکومت ابتر، تم کیا کر سکتے ہو اور
قطب الدولہ [قطب علی خاں] کیا کرے۔ اگر ولیعہد
[ابوالحرب فغفور جاہ خاقان حشم، صاحب عالم مرزا
محمد جاوید علی بہادر، شہزادۂ دوم واجد علی شاہ] کا انتقال
[بروز دو شنبہ ۱۲ رجب ۱۲۶۵ھ مطابق ۴ جون ۱۸۴۹ء] بھی
نہ ہوا ہوتا تو بھی کام نہ بن سکتا۔ قصیدہ [سخن ز روضۂ
رضوان بکوی یار کشد] دیوانے کے سامنے کون لے جاتا

(قطب الدولہ سے جواب حاصل کر کے جلد بھیجیں تاکہ شاہ [اودھ، واجد علی شاہ] کی مدح کا قصیدہ بھیجا جائے۔
اسداللہ - [۱۲۶۴ھ] [(بعد از ۱۳ نومبر) ۱۸۴۸ء] -

۶

(سعادت نشانا، تمہارا خط ملا اور قطعے اور اس کے ساتھ کے خط کا مخاطب کے ملاحظے میں آنا معلوم ہوا۔ [۱و۲]

(اب جیسا کہ اس اقبال نشان نے لکھا ہے اُس خط کے لئے چشم براہ ہوں جس میں موصوف کی طرف سے میرے خط کا جواب ملفوف ہوگا۔ [۲تا۴]

(قصیدہ منظوم ہونے کے بارے میں اطمینان رکھیں کہ اس میں تاخیر نہ ہوگی لیکن جیسا کہ اس سے پہلے لکھ چکا ہوں یہ تحریر کرنا کہ موجودہ تاجدار [واجد علی شاہ] اپنے اسلاف کی طرح چالیس دن عزاداری کرتا ہے یا وہی تیرہ دن۔ [۴تا۸]

(دل چاہتا تھا کہ قطعے اور اُس کے ساتھ کے خط کے پڑھے جانے کے وقت اُس مجلس میں جو کیفیت رہی ہو اور ممدوح اور ان کے ہم نشینوں کی زبان پر جو الفاظ آئے ہوں مجھے لکھ کر بھیجو۔ افسوس کہ تم نے یہ بات نہیں لکھی بلکہ اپنی طرف سے بھی کچھ نہیں لکھا اور میری نگارش کی داد نہیں دی کہ میں نے نظم و نثر میں یعنی قطعے میں بھی اور خط میں بھی تمہارا ذکر کس عنوان سے کیا ہے۔
[۷تا۱۲]

۵

(۱) دل و جان من فدای تو، خط پہنچا حالات معلوم ہوئے
پروز شنبہ ۱۳ نومبر ۱۸۴۸ء اکیس روپے بارہ آنے کی ہنڈی
میں نے بھیجی تھی، ضرور پہنچ گئی ہوگی ۔ [۱ تا ۳]

(۲) خط مظفرالدولہ ناصرالملک سید سیف‌الدین حیدر خان بہادر
سیف جنگ عرف نواب بشیر مرزا کی وساطت سے اعتقادالدولہ
نو روز علی خان بہادر کو بھیجا ہے اور تمہارے بارے میں
چند باتیں لکھی ہیں ۔ اب قطب‌الدولہ قطب علی خان
کے نام خط بھیج رہا ہوں جس میں ستائیس شعر کا قطعہ

ایا بکوشش و بخشش رئیس ملت و ملک
ایا بدانش و بینش مدار دولت و دین

بھی ملفوف ہے ۔ اس بات سے ملول نہ ہونا کہ یہ خط کھلا نہیں بھیج
رہا ہوں ۔ میرا طریقہ دنیا والوں سے الگ ہے ۔ نظم و نثر دونوں
میں تمہارے لئے وہ کچھ لکھا ہے کہ مجھے اور میرے خدا کو
معلوم ہے ۔ بارے یہ خط لے جا کر قطب‌الدولہ کو دینا
اور عرض کرنا کہ فلاں شخص نے اسی طرح بند بھیجا
ہے ۔ جب تمہارے سامنے خط کھولا جائے اور پڑھا جائے
تو سننا اور دیکھنا کہ میں نے کیا جادو بیانی کی ہے اور
کیا لکھا ہے ۔ [۳ تا ۱۲]

(۳) شاہ صاحب [قطب شاہ] کی خدمت میں سلام پہنچانا اور
عرض کرنا کہ میں نے حکم کی تعمیل کی ہے اور خط اور
قطعہ قطب‌الدولہ کو بھیج دیا ہے ۔ اب آپ کی طرف سے
امداد کا طالب ہوں اور بس ۔ [۱۲ تا ۱۶]

۳) فی‌الحال کام یہ ہے کہ شاہ صاحب کے نام کی عرضی شاہ صاحب کو پہنچا کر اس کی سبیل نکالیں کہ شاہ صاحب یہ عرضی نواب صاحب [قطب‌الدولہ قطب علیخاں] کو دکھا کر اور اس کی عبارت کا مدعا انہیں بتا کر قصیدہ بھیجنے کی اجازت لے لیں تاکہ میں یہ قصیدہ [سخن ز روضۂ رضوان بگوی یار کشد] تمہیں بھیج دوں۔ اس کا اطمینان رکھیں کہ نواب [قطب‌الدولہ] کی مدح کا قطعہ بھی اس کے ساتھ ہوگا۔

[۱۴ تا ۱۸]

۴) یہ کوشش نہیں کرنی ہے کہ شاہ [اودھ] مجھے اپنے ہاں بلائے۔ پوری کوشش اس بات کی کرنی ہے کہ صلہ مل جائے۔ اس کے بعد اگر شاہ [اودھ] میرے طالب ہوں گے تو زاد راہ کے لئے کچھ اور رقم بھیجیں گے ورنہ میں اس صورت میں کہ قرض کا بھاری بوجھ مجھ پر نہ رہے اس گوشہ و توشہ پر قناعت کروں گا جو مجھے حاصل ہے۔ ایسے موقعے پر میری مختصر تحریر کو بہت سمجھیں۔ انشاءاللہ میرا خدا سے عہد ہے کہ ہمیشہ راست گفتاری سے کام لوں گا۔ حقیقت یہی ہے جو میں نے لکھی۔ منصب و اقتدار، نام و نمود اور خود آرائی مجھے مطلوب نہیں۔ ایک راحت و فراغت چاہتا ہوں اور بس اور اس راحت و فراغت کا حصول اس بات میں ہے کہ قرض ادا ہو جائے اور قرض کا ادا ہونا اتنی رقم سے ممکن ہے جتنی کا میں شاہ اودھ سے بطور صلہ متوقع ہوں، اللہ بس ماسواہ ہوس۔ [۱۸ تا ۲۸] [(قبل از ۱۳ نومبر) ۱۸۴۸ء]

۴

(۱) اقبال ۔ نشانا ۔ تمہارا تیسرا مسرت نامہ پہنچا ۔ نظر جی [معین الدولہ صفدرالملک عمدۃالامراء ذوالفقار جنگ ... ذوالفقار الدین حیدر نظارت جنگ خان بہادر معروف بہ نواب حسین مرزا، ناظر دربار بہادر شاہ ثانی] کے نام کا رقعہ انہیں بھیج دیا گیا ۔ پہلے خط کا جواب انہوں نے ابھی تک لکھ کر نہیں دیا ہے ۔ اس بارے میں تقصیر میری جانب سے نہیں ہے ۔ [۱تا۳] ۔

(۲) تم نے جو کچھ بطور اطلاع لکھا تھا وہ دل غم زدہ کے لئے باعث شادمانی ہوا لیکن جو کچھ میرے لئے بطریق حکم مرقوم تھا وہ میری سمجھ میں نہیں آیا اور اس سے میرے سودائی دل کو کسی قدر پریشانی ہوئی ۔ میرا دیوان فارسی [مطبوعہ ۱۸۴۵ء] دہلی سے مدراس اور حیدرآباد تک اور لاہور سے ہرات و شیراز تک پہنچ چکا ہے ۔ شاہ جم آرامگاہ [امجد علی شاہ بادشاہ اودھ] کی مدح کا قصیدہ [شادم کہ گردشی بسزا کرد روزگار] اس میں درج ہے اور ایک دنیا اس کو دیکھ چکی ہے ۔ یہ ننگ اپنے اوپر کیسے روا رکھوں کہ اسے کسی دوسرے کے نام کر دوں ۔ سیم و زر و لعل و گہر نہیں کہ میری دسترس سے باہر ہو ۔ کلام ہے جو مبدء فیاض سے [مجھے] گنج در گنج عطا ہوا ہے ۔ اطمینان رکھیں، جیسے ہی شاہ صاحب [قطب شاہ] کی طرف سے کا جواب ملے گا نیا قصیدہ اور نیا قطعہ آپ کے پاس پہنچ چکا ہوگا لیکن شرط یہ ہے کہ خلاف واقعہ بات مجھے نہ لکھیں اور جیسا میں کہوں ویسا ہی کریں ۔ [۴تا۱۴]

۲

۱ عزیز تر از جان سعادت نشان میر احمد حسین سلمہ اللہ تعالی کو اسد اللہ کا سلام پہنچے اور یہ معلوم ہو کہ ہم برابر یاد کرتے ہیں ۔ نامۂ دلکشا پہنچا اور باعث مسرت ہوا ۔ [کتنا اچھا ہے کہ] سفر شروع کرتے ہی منزل پر پہنچ گئے ہیں ۔ نواب صاحب [نواب محمد سعید خاں والی رامپور] بڑے عالی ہمت ہیں اور شرفاء کی قدر کرتے ہیں ۔ آج اُن کی ذات مغتنمات سے ہے ۔ ہمارا مشورہ بھی ہے کہ نواب صاحب کی رفاقت ترک نہ کریں ۔ اس امیر بے نظیر کی رفاقت کو اپنے نصیب کی یاوری جانیں ۔ دور دراز کے سفر کرنے کا خیال دل سے نکال دیں اور جو تنخواہ بھی نواب صاحب از راہ عنایت مقرر کریں اُس پر قناعت کریں ۔ اپنے حالات مجھے برابر لکھتے رہیں ۔ زیادہ دعا ۔ نگاشتۂ پنجشنبہ ۲۹ جون ۱۸۴۸ء اسد اللہ ۔ [۱ تا ۱۰]

۳

۱ نور دیدۂ غالب طال عمرہ، کام اتمام تک پہنچ گیا ہے ۔ صبر و حوصلے کی ضرورت ہے ۔ ان لوگوں کی بدسلوکیوں سے آزردہ خاطر نہ ہونا چاہیے ۔ بیگم صاحب [امراؤ بیگم] کی مہر کاغذ کے حاشیے پر لگا کر بھیج رہا ہوں ۔ ضابطے کے مطابق مختار نامہ میر تفضل حسین خاں صاحب [وکیل ریاست ٹونک] کے نام لکھنا چاہیے اور دستور کے مطابق خزانے سے رقم حاصل کرنی چاہیے جو گننے کے بعد [حکیم وارث علی خاں کے صاحبزادے] فیض علی کو دے دی جائے ۔ اسد اللہ ۔ [۱ تا ۶] [قبل از فروری ۱۸۵۴ء]

تمہارا گلہ کرتا تھا کہ تم نے رامپور سے خط کیوں نہیں لکھا ۔ بارے آج سے سہ شنبہ ۱۳ شوال [۱۲۶۴ھ] کو صبح کے وقت میر مہدی صاحب آئے اور تمہارا خط لائے۔ رامپور میں بیس روپے کی تنخواہ پر قناعت نہ کرنا وہاں سے بریلی پہنچنا اور وہاں بیمار ہو کر صاحب فراش، ہو جانا، پھر مسہل لے کر بیماری سے شفا پانا اور اب لکھنئو کے لئے آمادۂ سفر ہونا یہ سب باتیں خط سے معلوم ہوئیں ۔ خدا تمہیں اپنی حفاظت میں رکھے ۔ [۱ تا ۱۰]

(۲) ایک ہفتے کے بعد دوسرا خط اعتقادالدولہ نوروز علی خاں بہادر کو لکھ دیا جائے گا، اطمینان رکھیں، لیکن یہ خاطر میں رہے کہ اعتقادالدولہ بالکل گوشہ نشین ہے ۔ شاہ [واجدعلی شاہ اودھ] اور مقربان بارگاہ سے اُس کا کوئی ارتباط نہیں ۔ میں حیران ہوں کہ وہ کیا کر سکتا ہے اور کیا کام سر انجام دے سکتا ہے ۔ البتہ عالم اسباب میں قطب الدولہ [نواب قطب علی خاں بہادر، مصاحب خاص واجد علی شاہ] سے بالاتر کوئی ذریعہ نہیں ۔ اگر تقدیر تدبیر کے موافق رہی تو اُس کے ہاتھوں یہ کام ہو جائے گا ۔ بارے میری جانب سے سفارشی تحریر کے معاملے میں کوئی کوتاہ قلمی نہ ہوگی والسلام ۔ نگاشتۂ ۱۳ شوال [۱۲۶۴ھ مطابق ۱۲ ستمبر ۱۸۴۸ء] روز سہ شنبہ، وقت چاشت۔ [۱۰ تا ۱۸]

(۳) [لال کنوئیں والے رئیس] خواجہ غلام معین الدین خاں بیگ [دھلوی] سلام لکھاتے ہیں ۔ [۱۸]

کبھی کبھی ہماری طرف بھی ہوتا ۔ شملے، منسوری اور آبو میں قیام کا زمانہ اب ختم ہو رہا ہے اور صاحبان انگریز ان کوہستانی مقامات سے واپس آنے والے ہیں اور چند دن اپنے صدر مقام پر آرام کر کے پھر اپنے دورے شروع کریں گے ۔ اس بیان کا مقصود یہ ہے کہ کیا گرمی اور کیا جاڑے آپ اکثر اوقات زندگی سفر میں گذارتے ہیں ۔ اگر کبھی نہ کبھی ادھر سے ہو کر گذرا کریں تو کوئی گناہ نہ ہوگا ۔ [۲۴ تا ۳۲]

یہ ذوق ہمزبانی ہے اور اس کی فراوانی کہ قلم کی زبان سے باتیں کر رہا ہوں، ورنہ یہ جو کچھ لکھا ہے عقل بتاتی ہے کہ غیر ضروری تھا ۔ فکر کو راہ سخن کھلی ملی اور دل میں آپ کے دیدار کے لئے جو ہوس اور آرزو تھی چھپ نہ سکی اور بے تابانہ آشکار ہو گئی ۔ اس تحریر کو دعا پر ختم کرتا ہوں ۔ گلشن ہستی سدا بہار رہے اور بہارستان عز و ناز بے خزاں ۔ اسد اللہ ۔ [۳۲ تا ۳۷] [اواخر ستمبر ۱۸۵۲ء]

خط بنام میر احمد حسین المتخلص به میکش

۱

برخوردار اقبال نشان کو اسداللہ کی دعا پہنچے ۔ یقین کریں کہ تمہاری طرف سے مجھے بڑی پریشانی تھی ۔ جب بھی سعادت و اقبال نشان میر مہدی [مجروح] میرے پاس آتے تھے تو ہمارے درمیان تمہاری گفتگو رہتی تھی ۔ میں اکثر

(۲) محبت آفرین باتیں جو صریر خامہ سے گوش ہوش میں پہنچیں دل کے لئے اندوہ رہا بنیں۔ [زین العابدین عارف کی تعزیت کا] خط زخم جگر کے لئے پنبۂ مرہم ثابت ہوا اور اس کے سواد تحریر نے شکستگی دل کے لئے مومیائی کا کام کیا ۔ موت سے کیا چارہ ہے اور مرنے والے کے بعد آنکھوں سے کب تک خون بہایا جا سکتا ہے ۔ مجھے خود اپنی زندگی سے شکوہ ہے کہ آزاد رہ کر نہیں جی سکتا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری خلقت کی صورت یہ ہے کہ ایک مجرم کے پاؤں میں بھاری بیڑیاں ڈال دی گئی ہیں اور اسے قید خانے میں بھیج دیا گیا ہے ۔ کہاں میں اور کہاں بند و پیوند اور غم زن و فرزند، جیسا کہ میں نے ایک غزل میں کہا ہے :

به بند زحمت فرزند و زن چه میکشیم
ازین نخواسته غمهای ناگوار چه حظ [۱۰ تا ۱۹]

(۳) شیوۂ تسلیم و رضا کا تقاضا یہ نہیں ہے کہ اگر کبھی دست دوست سے طمانچہ کھائیں تو ابرو پر بل پڑ جائیں یا اگر پتھر برسنے لگیں تو سر چھپاتے پھریں ۔ خدا کا شکر ہے کہ اگرچہ اس نے غم بہت دیا ہے لیکن غمگسار دوست دئے ہیں ۔ یا رب یہ گرانمایہ لوگ کون ہیں کہ مجھ جیسے انسان سے جو کوئی قدر و اہمیت نہیں رکھتا محبت رکھتے ہیں ۔ خدایا تو نے ان لوگوں کو کس جوہر سے خلق فرمایا ہے ۔
[۲۰ تا ۲٤]

(٤) آپ کی اس تحریر سے جس کا جواب لکھ رہا ہوں معلوم ہوا کہ آپ ایک مہینے کے اندر اندر کوہ آبو جا رہے ہیں ۔ کاش دہلی شہر راستے میں ہوتا تا کہ دولت بیدار کا رخ

نہیں لکھا ہے۔ اس کا انتظار ہے کہ وہ مہر استعمال کر کے مجھے لوٹا دیں اور اس سلسلہ جنبانی کے بارے میں اطلاع دیں تو میں انہیں جواب لکھوں۔ [۱ تا ۸]

) انہوں نے یہ بھی لکھا تھا کہ کول [علی گڑھ سے یعنی تمھاری طرف] سے میرے خطوں کا جواب دیر سے آتا ہے اور میں پریشان رہتا ہوں۔ از اسداللہ نگاشتہ ۲۷ جنوری ۱۸۵۴ء۔ [۸ تا ۱۰]

خط بنام جانی بانکے لال وکیل راج بھرتپور

) خدا جس نے سمندر بنایا اور سمندر میں پانی سے موج پیدا کی جانتا ہے کہ اس قطرۂ خون پر جس کا نام دل ہے کیا کیا ستم ہوتے ہیں۔ موحدوں کا عقیدہ ہے اور میرا بھی یہی عقیدہ ہے کہ قطرہ عین دریا ہے لیکن ایسا نہیں ہے کہ دریا کی روانی قطرے کے ساتھ کشاکش نہ رکھتی ہو۔ دریا کا گرداب کی صورت میں پیچ و تاب کھانا اور پیکر حباب میں دم توڑنا ناگزیر ہے۔ اس کے باوصف انصاف یہی ہے کہ دریا اپنی روانی میں قطرے کے درپے آزار نہیں۔ دریا کو بہنا ہے بہتا ہے۔ کہنے والے [سحابی استر آبادی] نے کتنا اچھا کہا ہے:

دریا بوجود خویش موجی دارد
خس پندارد کہ این کشاکش با اوست

[۱ تا ۹]

اُس کا بے اندازہ سپاس مجھ پر واجب ہوگا ۔ میں اتنا ہی جانتا ہوں کہ کاغذ کی آب و تاب کیسی ہو، کس روشنائی سے لکھا جائے ، نگارش میں اسلوب کو کس طرح از اول تا آخر نباہا جائے کہ اُس کے توازن میں فرق نہ آنے پائے ۔ اس کے سوا میں کچھ نہیں جانتا ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اُس رفیق گرامی قدر کو کس فن میں مہارت ہے اور اس کتاب کی خوبصورتی میں کیا اضافہ کر سکتے ہیں ۔ اُمید ہے کہ اس کتاب کو ایسی زینت دو گے کہ اگر لندن جائے تو فرنگستان کے دیدہ ور اور اہل ہنر اس کی وہ تعریف کریں جو شائستہ و بائستہ ہو کہ اس سے مجھے اپنی مراد اور تمہیں شہرت حاصل ہوتی ہے ۔ خدا تمہیں طول عمر اور زندگی میں شادمانی عطا فرمائے ۔ از غالب، یکشنبہ ۲۹ اگست ۱۸۵۸ء [قا ۱۴۴]

۱۱

(۱) تفتہ کو غالب از خود رفتہ کا سلام پہنچے ۔ والا جاہ بالغ نظر بابو بانکے لال رند نے مجھے لکھا تھا کہ راول شیو سنگھ [والی ریاست جے پور] کو خط لکھنا چاہیے ۔ میں نے سوچا کہ کیا لکھوں اور مطلوب تحریر کیا ہو ۔ آخر میں نے اپنی خطابی مہر خط کے ساتھ رکھ کر اُس دوست کی خدمت میں روانہ کر دی ہے تاکہ وہ جو چاہیں لکھ دیں اور مہر لگا دیں اور اس طرح کام کو کامیابی اور خط کو پر پروانہ بخشیں ۔ چنانچہ اسی ہفتے اُن کا خط ملا اور معلوم ہوا کہ مہری نگینہ پہنچ گیا ہے ۔ ابھی میں نے اس خط کا جواب

ہے کہ ایسی مروّت و انسانیت انسانوں میں ڈھونڈنے سے
نہیں ملتی ۔ یہ جوان مرد، معلوم ہوتا ہے، گویا سورج چاند
ستاروں میں سے کوئی نورانی پیکر ہے یا بارگاہ الہی کا کوئی
فرشتہ ۔ اگر تمھاری جگہ میں ہوتا تو ایسے شخص کی خاطر
کسی چیز سے دریغ نہ کرتا ۔ جان کیا چیز ہے آبرو بھی
عزیز نہ رکھتا ۔ [٦ تا ١٠]

یہ خط [جو تمھارے خط میں ملفوف تھا] پڑھنے کے بعد ایک
سادہ ورق میں لپیٹتا ہوں اور یہ رقعہ اس کے ساتھ رکھ کر
تمہارا پتہ لکھتا ہوں اور خط تمہیں بھیجتا ہوں ۔ امید ہے
کہ تم ایسی شریف ہستیوں کو میرا یہ خط دکھا دو گے
۔ کہ حق محبت تمہاری گردن پر نہ رہے، والسلام ۔
از اسد اللہ - [١١ تا ١٢] [سہ شنبہ ۴ جنوری ۱۸۵۳ء]

۱۴

اس فرزانہ، صاحب مہر و محبت کو جو میری جنس کاسد کا
خریدار ہے، نادانی ہوگی، اگر دیرینہ دوست نہ جانوں ۔ مرزا
تفتہ کی دوست نوازی ایسی نہیں کہ دوستی کو دل نہ چاہے
اور دونوں طرف سے دلوں کا رشتہ استوار نہ ہوجائے ۔
[١ تا ٤]

تازہ تصنیف جس کا نام دستنبو ہے اور انقلاب ۱۸۵۷ء کے
پندرہ مہینے کے حالات پر مشتمل ہے پہنچ گئی ہوگی یا
پہنچ جائے گی ۔ یہ کتاب میری روح کا ٹکڑا اور میرا پارۂ
جان ہے ۔ اس کی خوبی و آرائش میں جو اضافہ کرو گے

روز بازار عیش امسالست
ماه خرداد و عید شوالست]

میں بتقریب تہنیت عید گرم رفتار ہے، اصلاح
غصہ نہ کریں ۔ خط پر نظر ڈال کر تمہیں
ہوں ۔ جانی [بانکے لال] جی کے عطیے کے
سوا کچھ کہنا نہیں کہ کر سکیں تو یہ
کہ عید [الفطر] سے پہلے مجھے پہنچ جائے

پس ازان کہ عید
بہ چہ کار خواہی آ

نگاشتۂ جمعہ ۱۹ رمضان، ۱۲۸۰ھ [صحیح
۱۶ جون ۱۸۶۴ء] [۱ تا ۸ ۔ آخر]

۹

(۱) صاحب من دونوں خط یکے بعد دیگرے پہنچے
خط ابھی ابھی ملا ہے ۔ آج سہ شنبہ ۴ جنو
سال [۱۸۶۳ء] کے آغاز کے دن ہیں ۔ ایک
گذری تھی کہ ڈاک کا ہرکارہ آیا اور
[جانی بانکے لال] صاحب کا خط لایا ۔ پریشانی
دل کو سکون ملا ۔ میں صرف اتنا ہی چاہتا
[دیوان ریختہ] با عرضداشت موسومہ راجہ
والی جے پور] کا پہنچنا معلوم ہو ۔ [۱ تا ۶]
(۲) تمہارا خط اور وہ خط [جانی بانکے لال] کا بنام
اس میں لپٹا ہوا تھا پڑھ کر میرے دل پر بہت اثر
یہ نیک خو انسان [جانی بانکے لال] تم سے ایسی محبت

سکھاؤ ۔ اس سلیقے اور طریقے میں میرا کوئی ہمسر نہیں ۔ نوآئین صفیر میرزا جلال اسیر نے کیا خوب کہا ہے :

امانت دار رازم عالمی را
بقدر بیزبانی ہوشں دارم

[۱ تا ۷]

پرسوں جمعہ تھا، دسمبر کی سترھویں تھی، دیوان ریختہ راجہ [سوائی رام سنگھ والی جے پور] کے نام عرضداشت کے ساتھ بابو [جانی بانکے لال] صاحب کی خدمت میں اجمیر بھیج دیا گیا ۔ دیکھیں کب پہنچتا ہے اور پہنچنے کے بعد کیا ہوتا ہے ۔ ان اوراق کی آرائش میں میں نے خست نہیں کی ہے ۔ کچھ رقم صرف کی ہے ۔ کتاب بھی زرنگار ہے اور جزدان بھی نظر فریب ۔ چونکہ بابو صاحب نے اس سلسلہ جنبانی کی تمہیں اطلاع دی ہے اس لئے تم بھی معلوم کرنا ۔ دیکھوں تمہیں کیا لکھتے ہیں ۔ [۸ تا ۱۳]

خدا کرے تمہارا پاؤں ٹھیک ہوگیا ہو اور تم چلنے پھرنے لگے ہو ۔ از راہ نوازش مجھے اس کی اطلاع دینا، والسلام ۔
از اسد اللہ نگاشتۂ صبح یکشنبہ ۱۹ دسمبر ۱۸۵۲ء ۔

[۱۳ تا ۱۶]

۸

جان من اشعار کے اوراق خط کے ساتھ جس کے آخر میں سر دفتر میرزایان کی مہر تھی پہنچے ۔ میں شدت گرما کے ظلم سے مبتلائے آزار اور قلم مدح شاہ [دھلی، بہادر شاہ در قصیدۂ ;

پسند کرتے ھیں اور تمھارے مشتاق ھیں ۔ میں نے دل میں
کہا کہ میں اس باب میں دوست ھو یا بیگانہ کسی
مضائقہ نہیں کرتا ۔ والی جے پور سے اس امر میں کبھو
دریغ کروں ۔ پہلے میں نے بابو [جانی بانکے لال] صاحب کو
لکھا کہ میں اپنا دیوان ریختہ ایک عرضداشت شوقیہ
ساتھ راجہ کو بطور ھدیہ بھیجنا چاھتا ھوں ۔ چونکہ
راجستھان کی ریاستوں کا ریذیڈنسی مرکز ایک ھی ہے یعنی
اجمیر ضرور [آپ کے اور وکیل ریاست جے پور کے درمیان] باھم
مراسم ھونگے ۔ اگر وکیل ریاست جے پور [رائے داتا رام]
کو آپ آمادہ کر سکیں کہ میرا ھدیہ مہاراجہ کے حضور
میں پہنچا دیں تو میں [دیوان کے] یہ چند جزو خط کے
ایک ورق کے ساتھ آپ کو بھیج دوں ۔ یہ بات چونکہ
بابو صاحب نے مان لی تھی اس لئے میں نے دیوان کی
لوح، جدول اور جلد ایسی جو پیشکش کے قابل ھو تیار
کرائی ۔ اگر اس ھفتے میں نہیں تو آیندہ ھفتے میں اجمیر کی
ڈاک سے بابو صاحب کو بھیج دوں گا ۔ قصیدہ سہر نے
نہیں کہا ہے، بس یہی کتاب ہے اور اس کے ساتھ خط
خدا تمھیں طول عمر اور فراوانی دولت زیادہ سے زیادہ عطا
فرمائے ۔ اسداللہ [۱۳ تا ۲۸-آخر] ۔ [ھفتہ دوم ماہ دسمبر ۱۸۶۲ء]

۷۷

(۱) اگر جان بے وفا نہ ھوتی تو میں تمھیں 'جان من' کہہ کر
مخاطب کرتا اور زمانے میں میری آبرو ھوتی تو تمھیں
'آبروئے من' کہتا۔ ان میں سے کوئی بات بھی ممکن نہیں۔ مجبوراً
'اے تفتہ' کہہ کر کہتا ھوں کہ تم رازداری مجھے

۶

(۱) جانِ من تمہارا خط جو منشی ہرگوبند سنگھ کے نام تھا
آنہیں بھیج دیا تھا لیکن واپس آگیا ۔ وہ گنگا کی طرف گئے
ہوئے تھے ۔ دو تین دن کے بعد پھر بھیجا اور اس مرتبہ
آنہیں مل گیا ۔ تمہیں اس کی اطلاع ہوگئی ہوگی ۔

[۱ تا ٤]
(۲) میرے دل میں الجھن تھی کہ نہ معلوم تمہارے پاؤں کا اب کیا حال
ہے کب چلنا پھرنا شروع کرو گے؟ لیکن اس مرتبہ جو تمہارا
خط آیا اس سے ایک الجھن اور بڑھ گئی جسے سوائے تمہارے
اور کوئی دور نہیں کر سکتا ۔ تم نے یہ کیا لکھا ہے کہ
اگر فلاں شخص نے اپنا انداز بدل لیا تو اس کے پاس جائیں
گے ورنہ غالب سے پوچھیں گے کہ اب کیا کرنا چاہیے ۔
اب تمہیں چاہیے کہ دیر کئے بغیر دوسرا خط مجھے لکھو
اور مجھے بتاؤ کہ تمہارے پاؤں کا اب کیا حال ہے اور
چلنے پھرنے کی اب کیا کیفیت ہے اور اس گتھی کو بھی
سلجھاؤ جو میرے لئے باعث اذیت رہی ہے ۔ اس میں ہرگز
دیر نہ کرنا اور جو کچھ ہے جلد لکھنا ۔ [٤ تا ۱۳]

(۳) اب تمہیں وہ بات بتاتا ہوں جو تمہیں ابھی تک نہیں معلوم
ہے ۔ غور سے سنو ۔ ایک مخلص دوست نے جیپور سے مجھے
لکھا تھا کہ نو... راجہ [سوائی رام ... تمہارا کلام
جو اخبار ... الاخبار ...
... مطلع ...
... مرسا نے صنم
... شاہ در قصیدۂ ؛

پر کھاتا ہوں دن چھپے پھر قلعے جاتا ہوں ۔ آج کے دن
تک یہی معمول ہے ۔ کل نہیں معلوم کیا ہوگا ۔ [۱۲ تا ۱۷]

(۴) تمہارے اشعار سرسری نہیں بلکہ دیدہ وری سے دیکھ کر
بھیج رہا ہوں۔ پرسوں دوست جانی [بابو بانکے لال رند] کا
خط ملا جو انہوں نے سروھی [شہر] پہنچ کر لکھا ہے ۔
خدا انہیں ہمیشہ کامیاب و کامران رکھے ۔ ڈاک گاڑی سے
بھرتپور جا رہے ہیں ۔ اس خط میں مجھ کو لکھا ہے کہ اس
سفر کا سب سے بڑا فائدہ تفتہ سے ملاقات اور اُن کی ہستی
ہے ۔ یہ شریف الفطرت دوست تمہیں اس قدر چاہتا ہے
اگر میں دنیا میں سے ہوتا تو آتش رشک سے جل [illegible]
ہوتا ۔ خدا انہیں ہمیشہ سلامت رکھے اور تم [illegible]
زیادہ مہربان رہیں ۔ غم و غصہ جانے دو اور کسی [illegible]
نہ کرو ۔ آبرو اتنی عزیز شے نہیں کہ دوست [illegible]
ایسے دوست کے قدموں پر نچھاور نہ کر دی [illegible]
کو عشق گل میں سرزنش خار کی پرواہ نہیں
پروانہ شوق شمع میں جلنے سے نہیں گھبراتا ۔
کا کوئی رقیب نہ ہو اُس کی زندگی میں کوئی
عشق بے رقیب کی ایسی مثال ہے جیسے [illegible]
شراب بے کیف ۔ اب اور کیا لکھوں خدا [illegible]
دولت سے برخوردار رکھے ۔ از اسد اللہ نگاشتہ [illegible]
شنبہ دھم شوال [از روئے تقویم یازدہم شوال ۱۲۶۹ھ
۱۸ جولائی ۱۸۵۳ء] [۱۵ تا ۲۸]

۶

۱) جانِ من تمہارا خط جو منشی ہرگوبند سنگھ کے نام تھا
انہیں بھیج دیا تھا لیکن واپس آگیا ۔ وہ گنگا کی طرف گئے
ہوئے تھے ۔ دو تین دن کے بعد پھر بھیجا اور اس مرتبہ
انہیں مل گیا ۔ تمہیں اس کی اطلاع ہوگئی ہوگی ۔
[۱ تا ٤]

۲) میرے دل میں الجھن تھی کہ نہ معلوم تمہارے پاؤں کا اب کیا حال
ہے کب چلنا پھرنا شروع کرو گے؟ لیکن اس مرتبہ جو تمہارا
خط آیا اس سے ایک الجھن اور بڑھ گئی جسے سوائے تمہارے
اور کوئی دور نہیں کر سکتا ۔ تم نے یہ کیا لکھا ہے کہ
اگر فلاں شخص نے اپنا انداز بدل لیا تو اس کے پاس جائیں
گے ورنہ غالب سے پوچھیں گے کہ اب کیا کرنا چاہیے ۔
اب تمہیں چاہیے کہ دیر کئے بغیر دوسرا خط مجھے لکھو
اور مجھے بتاؤ کہ تمہارے پاؤں کا اب کیا حال ہے اور
چلنے پھرنے کی اب کیا کیفیت ہے اور اس گتھی کو بھی
سلجھاؤ جو میرے لئے باعث اذیت رہی ہے ۔ اس میں ہرگز
دیر نہ کرنا اور جو کچھ ہے جلد لکھنا ۔ [٤ تا ۱۳]

۱۳ اب تمہیں وہ بات بتاتا ہوں جو تمہیں ابھی تک نہیں معلوم
ہے ۔ غور سے سنو ۔ ایک مخلص دوست نے جیپور سے مجھے
لکھا تھا کہ نوجوان راجہ [سوائی رام سنگھ] تمہارا کلام
جو اخبار سلطانی [سراج الاخبار، دھلی، مطبوعہ مطبع سلطانی،
قلعہ معلی دھلی] میں اُن کی نظر سے گذرتا رہا ہے بہت

پر کھاتا ہوں دن چھپے پھر قلعے جاتا ہوں ۔ آج کے دن تک یہی معمول ہے ۔ کل نہیں معلوم کیا ہوگا ۔ [۱۲ تا ۱۵]

(۴) تمہارے اشعار سرسری نہیں بلکہ دیدہ وری سے دیکھ کر بھیج رہا ہوں۔ پرسوں دوست جانی [بابو بانکے لال رند] کا خط ملا جو انھوں نے سروھی [شہر] پہنچ کر لکھا ہے ۔ خدا انہیں ہمیشہ کامیاب و کامران رکھے ۔ ڈاک گاڑی سے بھرتپور جا رہے ہیں ۔ اس خط میں مجھ کو لکھا ہے کہ اس سفر کا سب سے بڑا فائدہ تفتہ سے ملاقات اور اُن کی ہمنشینی ہے ۔ یہ شریف الفطرت دوست تمہیں اس قدر چاہتا ہے کہ اگر میں دنیا میں سے ہوتا تو آتش رشک سے جل کر مرگیا ہوتا ۔ خدا انہیں ہمیشہ سلامت رکھے اور تم پر زیادہ سے زیادہ مہربان رہیں ۔ غم و غصہ جانے دو اور کسی بات کا رنج نہ کرو ۔ آبرو اتنی عزیز شے نہیں کہ دوست اور پھر ایسے دوست کے قدموں پر نچھاور نہ کر دی جائے ۔ بلبل کو عشق گل میں سرزنش خار کی پرواہ نہیں ہوتی اور پروانہ شوق شمع میں جلنے سے نہیں گھبراتا ۔ جس عاشق کا کوئی رقیب نہ ہو اُس کی زندگی میں کوئی لذت نہیں عشق بے رقیب کی ایسی مثال ہے جیسے نان بے نمک اور شراب بے کیف ۔ اب اور کیا لکھوں خدا تمہیں عمر و دولت سے برخوردار رکھے ۔ از اسد اللہ نگاشتۂ نیم روز دو شنبہ دھم شوال [از روئے تقویم یازدھم شوال ۱۲۶۹ھ] مطابق ۱۸ جولائی [۱۸۵۳ء] [۱۵ تا ۲۸]

کہا گیا ہے گرہ میں باندھ لینا ۔ [۱۶ تا ۱۴]

(۴) بیش از بیش، اور کم از کم، ایسی چیز نہیں جسے [مولانا عبدالرحمان جامی] اور [جلال] اسیر کے کلام میں دیکھے بغیر نہ مان سکیں ۔ یہ استعمال بہت فصیح ہے بلکہ اگر 'بیشتر از بیش، اور 'کمتر از کم، لکھیں تو مضحکہ خیز بات ہوگی ۔ بحث یہ ہے کہ تسویہ کی صورت میں یا منع تسویہ کی صورت میں 'کمتر، لکھ سکتے ہیں نہ کہ 'کم، ۔ جامی کا مقصود تسویہ نہیں بلکہ وہ فرماتے ہیں 'کم از صد غم، یعنی جو ننانوے سے زیادہ نہ ہو ۔ مثلاً 'چاند کی روشنی آفتاب کی روشنی سے کم ہے، اس کی فارسی کرنی چاہیں تو کہیں گے ''روشنی ماہ از فروغ مہر کمتر است، ۔ اسی طرح کہیں گے 'چشم ما از رخنۂ دیوار کمتر نیست، وغیرہ ۔ [۱۴ تا ۲۴]

(۵) جمع الجمع ہمیں پسند نہیں۔ اس معاملے میں ہم [محمد علی صائب تبریزی] کی باتوں میں نہیں آتے ۔ ہمیں اپنی اصلاح و تہذیب سے کام ہے بزرگوں کی عیب جوئی سے کوئی سروکار نہیں ۔ 'حور، حورا کی جمع ہے۔ یہ عربی لفظ ہے اہل فارس 'حوران، لکھتے ہیں، اون کے ساتھ ۔ یہ مسئلہ جمع الجمع کا نہیں ہے بلکہ بات یہ ہے کہ یہ فرزانگان روزگار حور کو مفرد قرار دیتے ہیں اور اس کی جمع اون کے اضافے کے ساتھ بناتے ہیں ۔ ہم بھی ان کے نقش قدم پر چلتے ہیں اور اس لفظ کو اسی طرح استعمال کرتے ہیں اور اس بات پر سب کا اجماع ہے لیکن استعمال لفظ کی غریب اور نادر صورتوں میں پیروی ممکن نہیں ۔ [۲۴ تا ۳۱]

ٹھہرے تھے، راستہ دور کا تھا اور میں بیمار، اس لئے دو
دفعہ سے زیادہ ملاقات کا موقع نہ ملا اور ان کے ساتھ
مل کر بیٹھنے اور باتیں کرنے کی حسرت دل میں رہ گئی
والسلام۔ از اسداللہ، نگاشتہ یک شنبہ ۱۷ نومبر ۱۸۵۰ء
[۴۰ تا ۴۸۔ آخر]

۴

(۱) قلم دوزبان اسداللہ کا ہمزبان، اس دردمند کی زبان سے
کہتا ہے کہ جب مہر و محبت آپس میں زیادہ ہے
اور شکوہ و شکایت کم سے کم، تو بہتر ہے کہ
حرف مدعا لکھا جائے۔ [۱ تا ۴]

(۲) بارش ہو رہی ہے، ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے، رات
شراب نوشی کے سوا میرا کوئی کام نہیں۔ اس عالم
تمہارے تین خط یکے بعد دیگرے پہنچے۔ [۴ تا ۶]

(۳) پہلے خط کا جواب لکھ کر میں نے آگرے روانہ
ڈاک کے رجسٹر میں اس کا اندراج ہے۔ یہ دوشنبے کا دن
اور مارچ [۱۸۵۲] کی بائیس۔ امید ہے بابو صاحب
رکھیں گے اور جب تم آؤ گے تمہارے حوالے کر دیں گے
تیسرا خط میرے لئے حرز جان ہے اور اگر اس اشارے
یہ سمجھو تو کہوں کہ اس خط کے ساتھ میرے
فرخندہ آثار کا خط بھی ہے۔ اس خط کو دیکھ کر
جواب لکھنا شروع کیا اور دل کی باتیں قلم کی زبانی
کہہ ڈالیں۔ اس خط کو توجہ سے پڑھنا اور جو

(٦) والا برادر ستودہ خوی شیوا شیوہ منشی نبی بخش [حقیر]، خدا ان کا مددگار رہے، جب مرسان جا رہے تھے تو انھوں نے مجھے اپنے جانے کی اطلاع دی تھی اور اب مرسان سے اپنے فرزند رشید منشی عبداللطیف کے توسط سے خط بھیجا ہے۔ کل اس خط کا جواب میں نے منشی عبداللطیف طال عمرہ کے پاس علی گڈھ بھجوا دیا ہے۔ [۳۷تا۳۱]

(۷) یہ روشن گہر گرامی دودمان حکیم وارث علی خان جن کا ذکر تم نے خط میں کیا ہے جانتے ہو کون ہیں؟ یہ مجھ آوارہ وطن کے لئے بمنزلہ حقیقی بھائی کے اور برادر باجان برابر بلکہ جان سے عزیز تر ہیں۔ ہم دونوں نے ایک استاد سے کسب فیض کیا ہے اور دونوں ایک مدرسے میں پڑھے ہیں۔ اگر ہزار سال بھی گذر جائیں اور آپس میں ملنے کا اتفاق نہ ہو اور باہم خط و کتابت بھی نہ رہے بیگانگی فراموش اور دل میں اسی طرح محبت کا جوش رہے گا۔ میری آرزو ہے کہ یہ خط انھیں دکھاؤ اور میرا سلام پہنچاؤ اور مجھے لکھو کہ انھوں نے خط دیکھ کر کیا کہا۔ [۳۲تا۴۰]

) اے تفتۂ نظیری نظر فغانی نوا ان دنوں والا جاہ نواب محمد حسن خان بہادر [فرزند نواب روشن الدولہ وزیر اودھ] جنھیں جرنیل صاحب کہتے ہیں ڈاک گاڑی سے شہر [دہلی] آئے ہیں۔ حضرت پیر و مرشد میاں [غلام نصیرالدین کالے صاحب] دامت برکاتہ سے ملنے تشریف لائے تو مجھے بھی سرافراز فرمایا اور مجھ سے تمہارے بارے میں باتیں کیں اور تمہاری سخن‌گوئی کی تعریف کی۔ چونکہ چھاؤنی میں

کہی ھیں اور ان دو غزلوں کے درمیان ایک مختلف زمین کی غزل رکھی ہے۔کتنا اچھا ہو کہ تمہارا دیوان بھی اسی انداز سے ترتیب پائے۔ اب یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ تم نے بھی ترتیب رکھی ہے جیسا کہ میری خواہش تھی۔ اس سے تمہارے کلام کی رونق بڑھی اور میری مسرت میں اضافہ ہؤا۔ [۸ تا ۱۲]

(۳) اس سلسلے کی قدر کریں جو یہ خواہش قائم ہو گیا ہے اور اس تعلق کو آزادگی و قلندری کے منافی نہ سمجھیں۔ خلوت در انجمن اور سفر در وطن سالکان راہ کا شیوہ ہے۔ میں نے بھی بادشاہ [دھلی] کی نوکری پر آمادہ ہو کر متعلقہ خدمت کی انجام دھی قبول کر لی ہے۔ تم بھی راجہ [بھرت پور] کی نوکری کرنے میں میری پیروی کرو اور اس پیروی میں خوش رھو۔ [۱۳ تا ۱۹]

(۴) فرزانۂ فرخ گہر فرخندہ خصال جانی بانکے لال سے ... جارج کے مکان پر جو میرے پرانے دوست ھیں ملاقات ہوئی تھی اور پہلی ھی ملاقات میں روشناسی سے نوبت مہرو ... تک پہنچ گئی۔ وہ حسن صورت، حسن اخلاق اور حسن ... تکلم میں ابھی تک نہیں بھولا ہوں۔ آن کی طرف سے جو لطف و نوازش تم پر ہے اور تمہاری جو قدر و منزلت کرتے ہیں اور آس کا میں منت پذیر اور سپاس گزار ہوں۔ چونکہ برھمن ھیں اور عالم ھیں او ھر جماعت کے بزرگ ... اور ھر قوم کے فرزانوں کو محبوب رکھتا ہوں میری ... سے [فارسی میں] وہ لفظ عرض کرنا جو "پالاگن" کا مفہوم ادا کرے۔ [۱۹ تا ۲۷]

(۴) ایک رات اور ایک دن لگا کر تمہارے شعر دیکھے اور آج
که جمعے کا دن اور انگریزی مہینے کی چوبیسویں ہے یہ
جواب تمہیں لکھا - کل شنبے کو کہ مہینے کی پچیسویں
تاریخ ہے یا پرسوں چھبیس تاریخ کو ڈاک سے بھیجوں گا -
اور اس دوسرے خط کا جواب جس کے روانہ ہونے کی تم
نے اطلاع دی ہے اس کے بعد بھیجا جائے گا کہ تم بھرت پور
یا آگرے سے مجھے خط لکھو - زیادہ کیا لکھوں - از
اسد اللہ نگاشتۂ جمعہ ۲۴ اکتوبر ۱۸۵۱ع - [۲۲ تا ۲۹ - آخر]

۳

(۱) مخلص نوازا، منشی نبی بخش [حقیر] کا خط عرصہ ہؤا آیا تھا
جس سے معلوم ہوا تھا کہ تم اکبر آباد گئے ہو، تمہارے
[فارسی] دیوان کے طبع ہونے کا چرچا ہے اور مہاراجہ
بلونت سنگھ بہادر [راجہ بھرت پور] کے وکیل ریاست
[جانی بانکے لال رند] کی وساطت سے ریاست میں تمہیں بڑی
شہرت حاصل ہوئی ہے - مجھے انتظار تھا کہ یہ سب باتیں خود
تمہارے قلم کی زبانی سننے میں آئیں - پرسوں ڈاک کا ہرکارہ
آیا اور تمہارا نامہ مسرت افزا لایا - دیوان کا چھپ کر شائع
ہونا ہمیں اور تمہیں مبارک ہو - [۱ تا ۷]
(۲) تمہیں یاد ہوگا میں نے تمہارا [قلمی] دیوان دیکھ کر کہا
تھا کہ میرزا عبدالقادر بیدل نے اپنا دیوان غزلیات از اول
تا آخر اس طرح مرتب کیا ہے کہ ہر زمین میں دو غزلیں

جس طرح دل چاہے رہو اور صبح سے شام تک اور شام سے
صبح تک فکر سخن کیا کرو، غزلیں کہا کرو، شراب
پیو اور آزاد رہو ۔ [٤تا٨]

(٣) لکھنؤ کا خاتمہ ہو گیا ۔ خوشامد گوئی میرا آئین نہیں ۔
سچ کہتا ہوں کہ لکھنؤ میں تمہیں اپنا ہم پلہ کوئی شاعر
نظر نہ آئے گا ۔ تمہاری غزلیں میں نے دیکھیں اور پسند
کیں ۔ جہاں جو بات نظر میں آئی لکھ دی ۔ امید ہے پسند
کرو گے اور لطف اٹھاؤ گے ۔ [٨تا١١]

(٤) تم نے جو بابو جانی بانکے لال کی عنایت و نوازش کا ذکر
کیا ہے، محبت کے پردے میں مجھ پر ستم ڈھایا ہے ۔ میں
خوب سمجھتا ہوں یہ سب تمہاری کوششوں اور سلسلہ
جنبانیوں کی بدولت ہے ۔ ہر چند میں اس گروہ سے ہوں
جسے دادوستد میں محابا نہیں ۔ کسی سے کچھ لینے میں مجھ کو
حیا نہیں آتی اور نہ کسی کو کچھ دینے میں احسان جتانا
میرا شیوہ، لیکن تم خود بتاؤ کہ ناکردہ خدمتوں کا صلہ لینے
میں مجھکو شرمساری کیوں نہ ہو ۔ میں شرم سے پانی پانی
ہوں اس درجہ کہ مجال سخن نہیں پاتا، جیسے کوئی پانی
میں ڈوب جائے اس طرح کہ نہ سانس لے سکے نہ بول سکے ۔
کاش بابو صاحب میرے ساتھ یہ شیوۂ کرم نہ برتیں اور
جو کچھ ہو چکا اس پر بس کریں ۔ پچپن سال کی عمر
ہونے آئی کسی کے ساتھ ایسی معاملت کا اتفاق نہ ہوا تھا
کسی کی طرف سے اس طرح پے درپے احسانات میں نے کبھی
قبول نہیں کئے ۔ [١١تا٢٢]

۱۰) فتح پور [سیکری] کے مخدوم زادے اپنے معاملے میں مجھ سے جواب مانگتے ہیں ان لوگوں سے کیا کہوں۔ اس سے پہلے جو خط آپ کی خدمت میں لکھا ہے ۔ اس میں اپنے دل کی تمام باتیں لکھ چکا ہوں زیادہ کیا لکھوں ۔ والسلام مع الا کرام ۔ اسد اللہ [دوشنبہ] ۲ ربیع الثانی [۱۲۷۰ھ] مطابق ۲ جنوری ۱۸۵۴ء - [۳۰ تا ۳۷ - آخر]

۷

۱) آپ کے کمالات علمی اور مکارم اخلاق کا جو عطیۂ الٰہی ہیں غائبانہ گرویدہ ہوں، اور آپ کے طرز تحریر کی دلکشی اور انداز بیان کی جاں پروری نے مجھے اس عالم خاموشی میں گویائی اور خامہ فرسائی پر مجبور کر دیا ہے ۔ آپ کا یہ جاں‌پرور خط جو غیر متوقع طور پر مجھے ملا ہے میرے لئے شرف قبولیت کی خوشخبری ہے ۔ آپ کی یہ خواہش دیکھ کر کہ خط کا جواب لکھوں میرا دل چاہتا ہے کہ نگارش میں وہ انداز بیان برتوں جو فرزانگان‌دیدہ کی نظر میں پسندیدہ قرار پائے۔ تکلف بر طرف اس سے پہلے بھی سخن گذاری اور نکتہ نگاری میں مجھے ایک دستگاہ حاصل تھی لیکن کاش دل کا بار غم اتنا گراں نہ ہوتا اور قلم راہ سخن میں اس روش پر چل سکتا جو اس سے پہلے ممکن تھی۔ لیکن افسوس یہ قلم جو خوش خرامی اور رقاصی میں اپنی روانی اور نواسنجی سے نشاط افروز رہتا تھا، کبک دری کو انداز خرام سکھاتا اور مرغ صبحگاہی کو نغمہ‌سنجی کا

جانشین سمجھتا تھا اس پھوپی کا انتقال ہوگیا، اور اس معظمہ
کے گذر جانے سے مجھ پر وہ گذر گئی جو دشنے سے جگر پر
اور آگ سے خس پر گذرتی ہے ۔ [۱۸ تا ۱۹]

(۳) آج صبح کے بعد مولانا کے ساتھ ہم نشینی اور ہم سخنی کا
موقع ملا ۔ مولوی شاہ محمد (میں انہیں نہیں پہچانتا تھا
یہ اٹھ کر جائیں گے تو مولانا سے دریافت کروں گا
کہ کون ہیں) نام کے ایک صاحب نے گفتگو شروع کی
اور کہا کہ میں ٹونک جا رہا ہوں میں نے کہا کہ
میرا خط لے جا سکتے ہیں کہنے لگے ضرور، میں فوراً جا
رہا ہوں ہاتھ گھوڑے کی باگ پر ہے اور پاوں رکاب میں ہے
چنانچہ میں نے لکھ کر دے دیا ۔ امید ہے کہ یہ سلام و
پیام آپ تک پہنچ جائے گا ۔ [۲۰ تا ۲۶]

(۴) دوست عزیز بابو [جانی] بانکے لال [رند] طال بقاؤہ کے خط
سے راجستھان کے عہد حکومت کا حال معلوم ہوا ۔ تعجب ہے
آپ کو بھی سفر کرنا پڑے اور یہ خط جو شاہ محمد کو
لکھ کر دیا ہے نہ جانے کب پہنچے اور کہاں جا کر آپ
کو ملے ۔ [۲۶ تا ۲۹]

(۵) شاہ محمد ہی سے معلوم ہوا کہ [آپ کے] برادر گرامی
میرارشاد حسین اور فرزند سعید میراحمد حسین طال عمرہ
آپ کے پاس پہنچ گئے ہیں یا جلد پہنچ جائیں گے خدا اس
ملاقات کو مبارک قرار دے اور زیادہ سے زیادہ برکت
عطا فرمائے ۔ بھائی صاحب کو میری طرف سے سلام اور
بھتیجوں [میراحمد حسین اور میرمہدی حسین] کو دعا پہنچے
[۲۹ تا ۳۰] [دو شنبہ ۲ ربیع الثانی ۱۲۶۵ھ مطابق ۲۶ فروری
۱۸۴۹ء]

سننے والا کہے گا پھر کیوں ادھر نہیں آئے ؟ اور نہ آنے کی کوئی توجیہ و تاویل نہیں ہوسکتی سوائے اس کے کہ نہیں آئے۔ خسرو دہلوی نے کیا خوب کہا ہے :

پس از آنکہ من نمانم بچہ کار خواہی آمد
[مصراع اولی: بلب آمدہ است جانم تو بیا کہ زندہ مانم]

[۱۶ تا ۲۰]

۷) کچھ حال اس شہر و دیار کا لکھتا ہوں۔ اس سوز و ساز میں میری روداد بھی معلوم ہو جائے گی ۔ والا برادر فرخ اختر محمد ضیاءالدین خان بہادر [نیر رخشاں] جیسا کہ اُن کا ہرسال کا معمول ہے دو ہفتے ہوئے شملے گئے ہیں ۔ برادر عزیز علی بخش خان بہادر [رنجور] شہر کی سکونت ترک کر کے عرب سرا میں جو مقبرۂ حضرت سلطان المشائخ [نظام الدین اولیاء] کے جوار میں چھوٹی سی آبادی ہے جا رہے ہیں ۔ امین الدین خان بیگانگی اختیار کر ہی چکے ۔ یہ دونوں ہمدم تھے ۔ اب اُن سے ملنے کو ترستا ہوں ۔ [۲۱ تا ۲۷]

۸) اس گوشہ نشینی میں جو میرا مسلک اور معمول ہے پادشاہ سلامت [بہادر شاہ ثانی] نے مجھے [بروز پنجشنبہ، ۲۳ شعبان ۱۲۶۶ھ/م جولائی ۱۸۵۰ء] دربار میں بلایا ۔ خلعت اور خطاب عطا فرمایا اور اپنے بزرگوں کی حکومت و سلطنت کے حالات لکھنے پر مامور فرمایا ۔ میں نے دل میں کہا اے غالب آشفتہ سر منصب سخن گستری کی آبرو رکھنا ضروری ہے اور اگرچہ افسانہ سرائی آزاد مردوں کا شیوہ نہیں طعنہ زنوں کو بھی موقع نہ دینا چاہیے ۔ چنانچہ مبدء فیاض

۵

(۱) یارب یہ نسیم بہشت کا جھونکا اچانک کہاں سے آیا کہ مشام جاں معطر ہوگئی - [۱،۲]

(۲) اس سے پہلے جناب نے خط میں لکھا تھا کہ سفر حجاز کا قصد ہے - بارے یہ نہ ہوا اور قبلہ کعبے نہ گئے - [۲،۳]

(۳) پھر آپ کے برادر گرامی سید ارشاد حسین صاحب کی تحریر سے ہولناک بیماری کی خبر ملی اور میرے بیتابانہ استفسار سے پتہ چلا کہ قادر مطلق نے وہ بلا ٹال دی اور یہ سن کر اطمینان ہوا - [۴تا۶]

(۴) اس موقع پر طالع یار خاں ٹونک سے آئے انھوں نے بتایا کہ حضرت وطن تشریف لے گئے ہیں اور جاتے وقت فرما گئے ہیں کہ واپسی دیر سے ہوگی [۶تا۸]

(۵) میں سمجھتا تھا کہ مخدوم خیر آباد میں اور برادر معظم کوہ‌آبو میں مقیم ہیں اور سوچتا تھا کہ خیرآباد میں انگریزی ڈاک نہیں جاتی اور اگر خط آبو بھیجوں تو ہمارے کے نام کے سوا کوئی اور پتہ بھی ہونا چاہیے اور وہ مجھے معلوم نہیں - ان ہی دنوں میں ایک مبارک دن ڈاک کا تیز رفتار ہرکارہ آیا اور دارالخیراجمیر سے بھیجا ہوا آپ کا خط لایا - دل سودا زدہ کو سکون ملا - پریشانی خاطر رفع ہوئی - [۸تا۱۵]

(۶) آپ نے کتنی دل خوش کن بات لکھی ہے کہ ہم دہلی ہو کر اجمیر جانا چاہتے ہیں - یہ بھی تو سوچئے کہ

قائم رہا ۔ نہ جانے کیا صورت پیش آئی کہ جب پوری
میعاد ختم ہونے آئی تو مجسٹریٹ کے دل میں رحم آیا اور
خود اپنے حکم کی منسوخی اور میری رہائی کے لئے صدر
[عدالت] سے درخواست کی ۔ درخواست منظور کی گئی، بلکہ
مجسٹریٹ کے اس فعل کو سراہا گیا ۔ لوگ کہتے ہیں کہ
زعمائے قوم نے اس خیرہ سر یعنی ظالم مجسٹریٹ کو ملامت
کی تھی اور میری آزادہ روی اور خاکساری اس پر واضح
کی تھی ۔ آخر خود میری رہائی کی درخواست کر کے اس نے
گویا اس طرح عذر خواہی کی اور اس کے سوا بھی بہت
معذرت اور دلجوئی کا اظہار کیا ۔ میں ہر صفت اور ہر
فعل اور ہر امر کو خدا کی طرف سے جانتا ہوں اور خدا سے
جھگڑنا روا نہیں، اس لئے جو کچھ ہوا اس سے وارستہ
اور جو کچھ گذری اس پر خوش ہوں، لیکن چونکہ آرزو
آئین بندگی کے منافی نہیں :

عشق است و صد ہزار تمنا مرا چہ جرم
گر خواہشی کند دل شیدا مرا چہ جرم

اس لئے چاہتا ہوں کہ اب دنیا میں نہ رہوں اور اگر رہوں
تو ہندوستان میں نہ رہوں ۔ روم ہے، مصر ہے ایران ہے، بغداد ہے،
ورنہ پھر خود کعبہ آزادہ روں کی پناہ گاہ اور سنگ آستانہ
رحمۃ للعلمین عاشقوں کی تکیہ گاہ ہے، اس کے سوا کیا چاہیے
وہ وقت کب آتا ہے کہ قید فروماندگی حیات سے جو اس
قید سے جو کٹ گئی کہیں زیادہ روح فرسا ہے نجات پاؤں
اور کسی منزل کو مقصود بنائے بغیر صحرا میں نکل جاؤں ۔
یہ تھا بیان اس کا جو مجھ پر گذری اور یہ ہے وہ آرزو
جو اب دل میں ہے، والسلام ۔ [۱۶ تا ۴۰] [اگست ۱۸۴۷ء]

۱۹ ربیع الآخر ۱۲۶۴ھ ، دوم مارچ ۱۸۴۸ء [handwritten annotation, partly illegible]

اب اجمیر میں نہیں بلکہ ٹونک میں ہیں میں یہی سمجھے ہوئے تھا [کہ حج کو تشریف لے گئے ہیں] جیسا کہ عرض کیا - بارے اب زبانی بھی حال معلوم ہوا اور والا نامہ پہنچا اور باعث مسرت ہوا [۱ تا ۹]

(۲) جب دو آدمی ایک دوسرے سے دور ہوں تو قلم کی زبان سے ہی باتیں کر سکتے ہیں، ہمزبانی کاتب تشنۂ دو بدو تھا، والا نامہ پڑھتے ہی خط لکھنے بیٹھ گیا - خط لکھ رہا ہوں اور جانتا ہوں کہ جب تک یہ نگارش ختم نہ ہو کوئی چین نہیں آئے گا، لیکن ہر آن یہ دغدغہ ہے کہ حضرت ٹونک میں ہیں اور [آپ کے برادرگرامی] سید ارشاد حسین خاں سفر میں - خط لکھا جائے تو کہاں بھیجا جائے - یہ سوچا ہے کہ طالع یار خاں ہی سے پوچھوں اور اس مرد راہ داں کی رہنمائی کے مطابق خط روانہ کروں - [۹ تا ۱۶]

(۳) آپ نے جو اظہار لطف فرمایا ہے اور [میری] سرگذشت پوچھی ہے تو سنئے- کوتوال [فیض الحسن خاں] دشمن تھا اور مجسٹریٹ [کنور وزیر علی خاں] ناآشنا، فتنہ کمین میں موجود اور قسمت خراب - مجسٹریٹ حالانکہ کوتوال کا حاکم ہے لیکن مجھ پر تشدد کے لئے کوتوال کا فرمان بردار بن گیا، اور میری گرفتاری کا حکم صادر کر دیا اور [سشن] جج [. . .] نے اگرچہ میرا دوست تھا، ہمیشہ مجھ پر مہربان رہتا تھا اور بزم مےنوشی میں بارہا میرے ساتھ شریک ہوا تھا، بے اعتنائی اور بیگانگی اختیار کر لی - مقدمہ صدر [عدالت] میں پہنچا، لیکن کسی نے شنوائی نہ کی اور وہی فرمان بیداد بدستور

والی ہے ۔ افسوس کہ میرا خون جگر پینا رائگاں گیا ۔ اس بزرگ کی مدح کا کیوں میرے سر میں سودا سمایا تھا؟ صلے میں نہ دام و درم جیسے بہائے گوہر سخن سمجھوں، نہ اظہار لطف و کرم جس پر قناعت کروں ۔ [۳۳تا۳۹]

(۶) خط کے شروع میں بھی میں نے کہا ہے اور اب آخر میں بھی کہتا ہوں کہ مجھے اپنا بندہ جانیں اور یقین کریں کہ میں آپ سے خوش ہوں ۔ جو کچھ کہتا ہوں از روئے انصاف نظر میں تولیں اور مجھ سے آزردہ نہ ہوں ۔ اس خط کا جواب جلد تحریر فرمائیں، والسلام مع الاکرام ۔ از اسداللہ نگاشتۂ یکم ربیع الاول ۱۲۶۱ھ [مطابق ۱۰ مارچ ۱۸۴۵ء] ۔ [۳۹تا۴۳ آخر]

۴

(۱) داغم ز سوز غم کہ خجل داردم ز خلق
بوی کہ تن ز سوختن استخوان دھد

[از قصیدہ غالب در منقبت امام دوازدہم، دوازدھمین قصیدہ در دیوان فارسی مطبوعہ ۱۸۴۵ء] سبحان اللہ ایک طویل مدت گذر گئی میں یہی سمجھتا رہا کہ قبلہ کعبے میں حجرالاسود کے بوسے لے رہے ھیں ۔ برابر گوش بر آواز رہا کہ کب سننے میں آتا ہے کہ آپ کعبے سے عیاذاً اللہ پھر آئے اور سفر حجاز سے واپس آ گئے ۔ قسم برب کعبہ جب تک طالع یار خاں سے ملنا نہیں ہوا اور ان سے یہ نہیں سنا کہ خان والا شان وطن گئے ہوئے تھے، سات مہینے کے بعد واپس آئے ھیں اور

[عرضداشت کے جواب میں] مکتوب کے نہ آنے کا غم ضرور ہے
ہے ۔ اس باب میں میرا ملول ہونا بیجا نہیں، لیکن ملول
ہونے کے باوجود گلہ نہیں کرتا ۔ یہ جو کچھ کہا برسبیل
حکایت ہے نہ کہ شکایت [۱۰ تا ۲۴]

(۳) اور یہ حکایت اس لئے ہے کہ ان دنوں [ثلث اول سال ۱۸۴۵ء]
میرا فارسی دیوان جو کم و بیش سات ہزار ابیات پر مشتمل
ہے [مطبع دارالسلام، دھلی میں] چھپ رہا ہے ۔ غالباً دو مہینے
کے اندر اندر اس کا چھاپا مکمل ہو جائے گا ۔ ایک جلد ھدیے
کے طور پر جناب کی خدمت میں بھیجوں گا، تاکہ جس طرح
میری نثر کا مجموعہ [پنج آھنگ، قلمی] آپ کے پاس ہے
سفینۂ نظم بھی آپ کی خدمت میں رہے ۔ [۲۴ تا ۲۸]

(۴) چونکہ نواب [ٹونک] نے مجھے در خور اعتناء نہیں سمجھا
اور میری مدح گوئی کو نگاہ میں نہیں لائے اس لئے میں سوچتا
ہوں کہ میں بھی بےحوصلگی سے کام لوں اور اس قصیدے
[ای ذات تو جامع صفت عدل و کرم را، قصیدہ۱۳ در دیوان
فارسی مطبوعہ ۱۸۴۵ء] کو قلم زد کر دوں ۔ دیوان میں
درج نہ کروں، اور چونکہ نواب نے میرا نام اپنے دفتر
[و دربار] میں پسند نہیں کیا میں بھی نواب کا نام نامی اپنے
دیوان میں [درج کرنا] پسند نہ کروں ۔ حضرت اس باب
میں کیا فرماتے ھیں؟ [۲۹ تا ۳۲]

(۵) امیدوار ہوں کہ اس سوال کا جواب دیر سے نہیں بلکہ جلد
عطا فرما کر مسرت بخشیں اور اس تفرقۂ خاطر سے آزادی
دلائیں ۔ ایک ھفتے سے زیادہ جواب کا منتظر نہ رکھیں اس
لئے کہ دیوان کی طباعت جلد اس قصیدۂ نا مقبول تک پہنچے

کیسے کرائیں۔ اس صورت میں مجھے چاہیے تھا کہ مقصود سے قطع نظر کرتا اور آپ کو زیادہ زحمت نہ دیتا اور میرا خدا جانتا ہے قطع نظر کر چکا ہوں اور اپنے کئے پر پشیمان ہو چکا ہوں۔ [۱تا۹]

اس خط سے ہرگز ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ غالب کج اندیش گدائے مبرم ہے۔ یہ خط صرف ایک سوال کی خاطر ہے جس کا جواب چاہتا ہوں۔ حقیقت حال یہ کہ اگرچہ کمترین خلایق اور گوشہ نشین ہوں، لیکن بے نواؤں اور ناداروں کے زمرے میں میری بھی آبرو ہے۔ گدا سہی، لیکن گدائے بارگاہ ہوں اور روشناس شاہ۔ تخت نشین دہلی کی مدح کی ہے تو منشور تفقد شاہانہ میرے نام صادر ہوا ہے اور جب بھی گورنر جنرل کا قصیدہ کہا ہے تو ممدوح نے خوشنودی نامہ مجھے بھیجا ہے، چنانچہ ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ کی ایک توقیع اور جمس ٹامسن [James Thomason] گورنر [صحیح لفٹنٹ گورنر] اکبرآباد [از ۲۲ دسمبر ۱۸۴۳ء تا ۹ ماہ اکتوبر ۱۸۵۳] کا ایک مکتوب میرے پاس موجود ہے۔ ان فرمانرواؤں کے میرے پاس بہت سے مرحمت نامے ہیں، لیکن یہاں ان میں سے صرف ان خطوں کا ذکر کیا ہے جو قصیدہ پہنچنے کی اطلاع اور خوشنودی و مہربانی کے اظہار کے لئے آئے ہیں۔ افسوس نواب عالی جناب [نواب وزیر محمد خان والی ٹونک] نے تحسین کا جواب تحسین سے نہیں دیا اور عرضداشت کا جواب تحریر نہیں کیا۔ صلے اور عطیے اور انعام کے نہ پہنچنے کا غم حاشا و کلا نہیں، لیکن

(۹) دیباچے کے مضمون کی داد پہلے آپ سے اور پھر مخدومی مولوی ظہور الدین علی سے چاہتا ہوں کہ ممدوح کا ذکر کن الفاظ میں کیا ہے اور فن بانک کی تعریف کس انداز سے کی ہے اور اسکے ساتھ دیباچے اور رسالے کی عبارت میں اسلوب بیان کی جدت کو کہیں ہاتھ سے نہیں جانے دیا ہے۔ بیان کا خاص اسلوب برابر قائم رہا ہے۔ با این ہمہ جانتا ہوں کہ اپنی جادو بیانی پر فخر اس وقت کرسکتا ہوں اور مجھے اپنی کاوش کی داد اس وقت ملیگی کہ بندگان نواب صاحب سلطان نشان میرے انداز بیان کو پسند فرمائیں۔ [۲٤ تا ۳۳]

(۱۰) اس عرض مدعا کے بعد قلم ہاتھ سے رکھتا ہوں اور خط کو اس دعا پر ختم کر کے تہ کرتا ہوں 'عمر فراوان باد و دولت روزافزون'۔ [۳۴تا۳۵] [بعد از ۱۸۵۵ء قبل از فروری ۱۸۶۴ء] چار شنبہ چارم ذی الحجہ ۱۲۶۲ھ

۳

(۱) قبلہ جان و دل سلامت، اپنی تقصیر کا عذر خواہ ہوں اور لطف و کرم دوست کا سہارا لے کر لب کشائی کرتا ہوں۔ اس خدا کی قسم جس نے جان و دل کو نور خرد عطا کیا اور کام و زبان کو گنج سخن دیا کہ میں آپ سے خوش ہوں اور جس طرح خدا کے وجود کو مانتا ہوں اسی طرح یہ بھی جانتا ہوں کہ حضرت میری حاجت روائی کے لئے بے حد کوشاں ہیں، لیکن کام ہوتا نہ ہو اور سننے والا کان دھرنے کو اور اس کا دل کچھ کرنے کو آمادہ نہ ہو تو حضرت کیا کریں اور دوسرے سے بجبر میری حاجت روائی

(۵) ایک ہفتے سے زیادہ نہیں گذرا مکرمی قاضی فصیح الدین بداؤنی کا آگرے سے دہلی آنا ہوا ۔ آپ سے مل کر آئے تھے۔ اُن سے آپ کے ٹونک سے متھرا اور متھرا سے اکبر آباد آنے کی اطلاع ملی ۔ انہیں بھی اپنی طرح آپ کی تعریف میں رطب اللسان اور آپ کی مدح و ثنا میں اپنا ہم زبان پایا ۔ [۹تا۱۳]

(۶) اُنہیں مجھ سے رخصت ہوئے آج تیسرا دن ہے ۔ میرا سلام آپکی خدمت میں پہنچائینگے ۔ [۱۳،۱۴]

(۷) شاید آپ بھی جلد ہی آگرے سے ٹونک روانہ ہونے والے ہوں اور وہاں پہنچکر یہ عریضہ جو طالع یار خاں کو دے رہا ہوں آپکی نظر سے گذرے ۔ [۱۴تا۱۷]

(۸) اس دفعہ طالع یار خاں نے جس سے میرے دیرینہ مراسم ہیں مجھ سے ایک بڑے مشکل کام کی فرمائش کی ۔ بانک کے داؤ پیچ پر ایک مختصر ہندی رسالے کا فارسی میں ترجمہ کرنے کو کہا اور یہ مشورہ دیا کہ اس خدمت کی انجام دہی نواب معلی القاب [نواب صاحب، ٹونک، نواب وزیر محمد خان] کی خوشنودی مزاج کا سبب ہوگی ۔ میں چونکہ انکے خوان جود و کرم کا زلہ خوار ہوں اور سپاس نعمت مجھ پر فرض ہے، میں نے اس مشکل کام کے لئے قلم اٹھایا اور ایک رسالہ دیباچے اور خاتمے پر مشتمل ترتیب دیکر اُنہیں کو دے دیا اور ایک عرضداشت بھی لکھکر ساتھ کردی تاکہ اس وسیلہ سے یہ آرزو بر آئے کہ نواب صاحب کی توقیع میرے نام صادر ہو ۔ [۱۷تا۲۴]

(۵) میرزا علی بخش خاں [رنجور تخلص (میرے برادر نسبتی)] سلام کہتے ہیں اور فخرالدین [غلام فخر الدین پسر رنجور] کورنش عرض کرتا ہے [آپکے بھائی] مشفقی مکرمی سید ارشاد حسین کی خدمت میں میرا سلام پہنچے اور میری کوتاہ قلمی کی معذرت بھی - انہیں کسی دوسرے موقعے پر خط لکھوں گا - والسلام مع الاکرام،* اور چونکہ ضروری ہے اس لئے لکھتا ہوں جواب طلب - از اسد اللہ بے ادب - [۳۰ تا ۳۶ آخر] [۱۸۳۶ء] *چہار شنبہ چہار دہم جمادی الثانی مطابق ...

۲

(۱) بخدمت وافرالمسرت حضرت اخوان پناہی مطاع امید گاہی دام بقاؤہ - [۱، ۲]

(۲) قلم کی زبان سے جو ترجمان دل اور سفیر شوق ہے نامہ نگاری کرتا ہوں - [۲، ۳]

(۳) اس سے پہلے مشفقی طالع یار خاں نے جو والانامہ مجھے پہنچایا تھا، اسکا جواب اسی دن لکھکر انہیں دے دیا تھا اور اسکے دو تین دن بعد معلوم ہوا تھا کہ سرکاری ہرکارہ سرسوتی نامی وہ خط لے گیا - [۳ تا ۵] -

(۴) یہ چند دن بڑے اچھے گذرے - طالع یار خاں کا قیام شہر میں تھا - ملاقات ہوتی رہتی تھی اور برابر آپکے اوصاف و محامد کا ذکر رہتا - [۶ تا ۸]

(۳) مجھے یاد ہے والا نامے میں جس کا جواب لکھ رہا ہوں مرقوم تھا کہ آنجناب نے نواب صاحب [وزیرالدولہ نواب ٹونک] کی زبان سے میرے حق میں حکم سنا ہے اور اس کے بعد جناب اس کی تحریک کریں گے کہ وہ حکم باقاعدہ جاری کیا جائے گویا اس حکم کا جاری ہونا تحریک پر موقوف ہے ۔ اس بات سے پریشانی دور ہوئی اور دل کو سکون و اطمینان حاصل ہوا۔
[۱۵ تا ۱۸]

(۴) بات یہ ہے کہ مجھے ان دنوں ایک ایسی ضرورت [بسلسۂ مقدمہ پنشن دوران سال ۱۸۳۶ء] پیش آگئی ہے کہ اکبرآباد جانا پڑے گا اور لفٹننٹ گورنر [Sir Charles Theophilus Metcalfe] سے جو مجھے مدت سے جانتے ہیں اور میرے مربی اور غمخوار ہیں اپنا حال زار بیان کرنا ہوگا ۔ انتظار اس کا ہے کہ ایک دو بارشیں ہو کر ہوا سرد اور زمین خنک ہوجائے تو آگرے روانہ ہوں، اور اس طرح یہ سفر شروع ہونے میں لامحالا ایک مہینہ لگے گا ۔ ایسی صورت میں کتنا اچھا ہو کہ اسی چار ہفتے میں جو جواب مجھے ملنا ہے مل جائے تاکہ ماڈک صاحب [Sir Thomas Herbert Maddock] کا مہر کردہ خط بھی میرے پاس ہو اور اس کا خدشہ بھی نہ رہے کہ شاید آپ کا خط دہلی ایسے وقت پہنچے کہ میں روانہ ہوچکا ہوں اور ڈاک والے مجھے نہ پاکر خط آپ کو واپس کردیں ۔ چونکہ لطف و مرحمت کا درجہ دوراندیشی سے بالا تر ہے مجھے امید ہے کہ آپ آغاز کار کو انجام تک پہنچا دیں گے اور اسی مہینے میں یہ کام اتمام تک پہنچ سکے گا ۔
[۱۸ تا ۳۰]

بنام تفضل حسین‌خان [خیر آبادی]

۱

(۱) حضرت سلامت، تفقد نامہ جے پور سے آیا اور میرے لئے غم زدا بلکہ دلربا بنکر آیا ۔ جے پور میں مخدوم کا مستقل قیام نہیں، اس لئے جواب میں دیر کی اور اب دو ہفتے سے زیادہ ہو گئے ہیں ۔ سمجھتا ہوں آپ جے پور سے اجمیر پہنچ گئے ہونگے چنانچہ یہ عریضہ اجمیر روانہ کر رہا ہوں اور ڈاک کا محصول مخدوم کے ذمے چھوڑ رہا ہوں ۔ عام خیال ہے کہ ڈاک والے محصول کی خاطر بیرنگ خط پہنچانے میں زیادہ اہتمام کرتے ہیں ۔ [۱ تا ۷]

(۲) بندہ پرور، اس سے پہلے میں خود اپنے سے شرمندہ تھا کہ ایک صاحب جاہ کی مدح کر کے دست سوال دراز کیا اور اب آپ کے سامنے شرمسار ہوں کہ آپ کو بار بار زحمت دینی پڑ رہی ہے ۔ اہل فرنگ گداگروں کی سفارش بھی گوارا کر لیتے ہیں ۔ آپ برابر سفارش کرتے رہے اور اب آپ کی تحریر سے مترشح ہے کہ ابھی سفارش کی احتیاج باقی ہے ۔ اگر مراد یہ ہے کہ میں منت‌پذیری اور سپاسگزاری کا اظہار کروں تو خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ منت پذیر بھی ہوں اور سپاسگزار بھی، اور احسان کیوں نہ مانوں اور اپنے کو رہین سپاس کیوں نہ جانوں، اس لئے کہ آپ کی طرف سے لطف و کرم کا حق ادا ہو چکا ۔
[۷تا۱۵]

نظر سے گذرا کہ مجھے رئیس زادوں کی صف سے نکال کر رعایا کے جرگے میں جگہ دی ہے اور نذر کے پچاس روپے اور خلعت کے پچھتر روپے مقرر ہوئے ہیں ۔ سخت حیرت میں ہوں اور حیرت کیوں نہ ہو؟ قدیم روش میں وہ تغیر ہوا ہے، جو کمی نہیں بلکہ ایک بدلی ہوئی صورت ہے جو کسی طرح اُس قدیم روش سے نہیں ملتی - [۱۴ تا ۱۹]

(۴) یہ دیکھ کر خون کھولا - حاکم پنجاب [لفٹنٹ گورنر : سر رابرٹ منٹگمری] کے دربار میں فریاد کی اور عرض داشت [مرسلہ بعد ۱۷ ستمبر ۱۸۶۳ء و قبل ۱۶ نومبر سال مذکور] میں کہا کہ اگر یہ کسی جرم کی سزا میں ہے تو مجھے وہ جرم بتایا جائے اور اگر ایسا نہیں ہے تو میرا مرتبہ نہ گرایا جائے اور جو درجہ مجھے حاصل تھا وہ دلایا جائے ۔ [۱۹ تا ۲۲]

(۵) منٹگمری صاحب بہادر [SIR ROBERT MONTGOMERY] نے اس باب میں کوئی گفتگو نہیں کی اور ولایت چلے گئے - اب دیکھیے میکلوڈ صاحب بہادر [SIR DONALD McLEOD جو ۱۰ جنوری ۱۸۶۵ء سے لفٹنٹ گورنر ہیں] کیا رائے رکھتے ہیں اور کیا حکم دیتے ہیں - [۲۲ تا ۲۴]

(۶) یہ روداد سنا کر آنجناب سے میری استدعا یہ ہے کہ اگر اس بارے میں کسی عنایت کی گنجایش ہو تو عنایت، ورنہ ہدایت فرمائیں [کہ غالب کیا کرے] - زیادہ حد ادب - غالب داد خواہ - [۲۵ تا ۲۷ - آخر] [(بعد، ۱۰ جنوری ۱۸۶۵ء]

۲

(۱) ارسطو جاها سکندر سپاها نصیریان نصیرا حیدریان دستگیرا
میری صورت دیکھ کر ھی سمجھ گئے ھوں گے کہ غالب
کا غم جانگداز ہے۔

زینکہ دیدی بہ جحیم طلب رحم خطاست
سخنی چند ز غمہای نہانی بشنو

کہنا بہت کچھ ہے اور بہت کچھ کہے بغیر اُس درد و
غم کی صورت میں ادا ھوگا، جس کے درمان کی زندگی کو
تلاش ہے۔ [۱ تا ۷]

(۲) میرا چچا سرکار انگریزی میں صاحب جاہ و دستگاہ و ملک
و سپاہ تھا۔ جیسے سیلاب کے بعد زمین نمناک رہ جاتی ہے
اس ثروت و جاہ کے آثار میں سے میرے لئے صرف ایک آبرو
رہ گئی تھی اور بس۔ دربار گورنری میں دائیں صف میں
شائستہ نشست ملتی تھی۔ نذر میں قصیدہ گذرانتا تھا اور
اسی نذر کے مقابل، نہ کہ صلۂ مدح کے طور پر، بلکہ رئیس
زادگی کی رعایت سے، خلعت ھفت پارچہ مع جیغہ و سرپیچ
و مالائے مروارید پاتا تھا۔ گورنمنٹ کی طرف سے خلعت
نذرانہ میرے لئے معاف تھا۔ [۸ تا ۱٤]

(۳) اب دربار لاھور [سال ۱۸۶۳ء برائے وائسرائے سر
SIR JOHN LAIRD MAIR LAWRENCE] کی فرد مہر
Precedence List] مجریہ لاھور ۶ ستمبر ۱۸۶۳ء و سر
بہ دفتر کمشنر دھلی بتاریخ ۱۳ ستمبر سال مذکور]

گورنر کے دربار سے خلعت پا کر جو مجھے بارہا ملا ہے اور سلطان دہلی کی طرف سے پیراہن ملبوس خاص ملنے پر جو ایک بار از راہ مہرشاہانہ مجھے عطا ہوا تھا وہ خوشی نہ ہوئی تھی جو خدا گواہ ہے آپ کی طرف سے اس سبز و سرخ چادر کے ملنے پر ہوئی ۔ یہ شاہانہ خلعت نہیں کہ آزاد مرد اسے نگاہ میں نہ لائیں اور ارباب بصیرت اسے اپنے لئے مایۂ فخر نہ سمجھیں ۔ یہ خلعت‌خانہ آل عبا کا عطیہ ہے، اس میں ظاہر کی سرفرازی بھی ہے اور باطن کی سعادت بھی ۔ [۲ تا ۱۵]

) آج منگل کا دن، دسمبر کی چھبیس ہے ؛ آدھا دن گذرا تھا نیراعظم سمت الرأس پر پہنچا تھا کہ یہ دولت گنج باد آورد کی طرح مجھے ملی ۔ فوراً آدمی بازار بھیج کر سبز ریشم منگایا، دونوں ٹکڑوں کو اسی وقت سلوایا، آئینہ سامنے رکھا اور بصد فخر دستار سر پر باندھ کر یہ عریضہ لکھنا شروع کیا ۔ [۱۵ تا ۲۳]

) آپ نے تحریر کیا ہے کہ یہ چادر مانگے بغیر بھیجی جا رہی ہے ۔ گستاخی نہ ہو تو یہ کہوں کہ بے مانگے نہیں ملی ہے ۔ بظاہر فرمائش میں نے جواہر سنگھ سے کی تھی۔ مگر ملنے کی امید خدا سے رکھتا تھا ۔ آپ کو قرب الٰہی حاصل ہے، کچھ عجب نہیں کہ میرے دل کی مراد اظہار میں آنے سے پہلے آپ کے علم میں آگئی ہو ۔ شاعر نے کیاخوب کہا ہے :

کرد ظرف خواہش ما کوتہی قطرۂ آبی ز دریا خواستیم

والسلام بالوف الاحترام، بندۂ درگاہ اسد اللہ، ۲۶ دسمبر، ۱۸۴۸ء ۔ [۲۴ تا ۳۵]

اور چیز ہے اور تخریب اور ہم آپ کو مقرب سمجھے تھے
نہ کہ مخرب :

خود غلط بود آنچه ما پنداشتیم

افسوس شاہزادے کی زمین بوسی کا ارادہ کرنا اور تم سے
وفا کی امید رکھنا ! ہم فرمانروا پرستوں میں سے عمر
اور کشور کشاؤں کے کف تیغ آزما سے اپنا رزق مقسوم
پاتے ہیں ۔ زاویہ نشینوں سے ہمارا کیا رشتہ اور متفرق
اشخاص سے ہمیں کیا پیوند ۔ یہ نہ سمجھیں کہ اس تحریر
سے میں یہ چاہتا ہوں کہ جناب تلافی کی کوشش فرمائیں،
حاشا وکلا بلکہ میرا مقصد تمامتر یہ ہے کہ یہ نہ سمجھیں
کہ غالب نہیں سمجھتا، والسلام ۔ [۱۸۲۷ء]

مولوی رجب علی خان کے نام

۱

(۱) سپاسی کزان نامہ نامی شود
سخن در گزارش گرامی شود

خدا کے حضور میں اور اس خواجہ مرتضوی تبار کی خدمت
میں بجا لاتا ہوں ۔ [۱۸۲۱]

(۲) پہلی دولت و سعادت جو مجھے حاصل ہوئی وہ یہ ہے کہ
سعادت نشان منشی جواہر سنگھ جوہر کے خط کے ساتھ حضرت
کا والا نامہ ملفوف ملا، اور دوسری نعمت وہ سنہرے حاشیے
کی بہار بداماں سبز سرخ چادر ہے، جو آپ نے بھیجی ہے

اسداللہ گم کردہ راہ کی طرف سے معروضہ بخدمت میر ولایت علی صاحب المخاطب بہ مشرف الدولہ بہادر

خدا کی لعنت ہو مجھ پر کہ میں نے شاہزادہ ماہ لقا [نصیرالدین حیدر ولیعہد شاہ اودھ؟] کے حضور زمین بوسی کی آرزو کی اور وہ بھی آپ کی وساطت سے۔ ہرچند سمجھتا ہوں کہ اہل دانش خوب جانتے ہیں کہ میرے گوہر تاباں کے فروغ میں جو ایک خداداد نور ہے اس فرو گذاشت سے جو مرتبہ ناشناسوں کی طرف سے ہوئی کوئی کمی واقع نہیں ہوئی، لیکن ادائے ناہنجار [میری] طبع [لطیف] کے لئے سازگار کیسے ہو؟ صرف اسی دفعہ میں شاہزادے سے نہیں ملا ہوں، بلکہ اس سے پہلے دو دفعہ اور بھی مل چکا ہوں۔ دونوں مرتبہ فوراً بلایا ہے اور دیر تک بٹھایا ہے اور عزت افزائی کی ہے، لیکن اس مرتبہ شاہزادے کا جو انداز ایسا تھا اسے ہرگز حرکت طبیعی نہیں کہہ سکتے۔ ضرور میرے پہنچنے سے پہلے یہ طے کر لیا گیا تھا کہ گھڑی بھر مجھے پاسبانوں میں بٹھایا جائے، اور جب تک شاہزادے کو صندوقچے کا نظارہ کرنے کے مشغلے میں نہ لگا لیا جائے مجھے حضور میں نہ بلایا جائے، اور جب سامنے آؤں تو صاحب عالم [ولیعہد بہادر] کسی قسم کا اظہار لطف نہ فرمائیں اور مجھے بیٹھنے کے لئے نہ کہیں۔ گویا شاہزادہ ایک ورق سادہ ہے طراحوں اور رنگ آمیزوں کے ہاتھ میں، جس پر [جیسے چاہیں] رنگ چڑھائیں اور [جس طرح کے چاہیں] نقش بنائیں۔ غرض تقریب

(۴) دوسرے یہ کہ یہ خط لالہ هیرا لال لیکر آرہے هیں جو [دہلی کے] شرفای دیار اور خوبان روزگار میں سے هیں۔ ایک عمر [بڑودے کے] حکیم کاظم علی خان کی رفاقت میں گذاری۔ پھر حب وطن کے جذبے میں دہلی [واپس] آکر بیچارگی کا شکار هوئے تو آخرکار خوش و ناخوش، گوالیار کا رخ کیا۔ ان کا خط صاف ہے اور اصول تحریر سے واقف هیں۔ اگر آپ کے لئے مفید هوں تو انہیں اپنے پاس رکھ لیں اور تحریر کا کام ان سے لیں۔ پھر اگر گنجائش هو تو کرنیل [Col. Arthur Spears ریزیڈنٹ گوالیار] صاحب والا مناقب کی سرکار کے متصدیوں میں یا کسی دوسرے افسر کی سرکار میں جگہ دلا دیں، اور اس عریضہ نگار کو ممنون احسان فرمائیں، لیکن اگر یہ دونوں صورتیں امکان پذیر نہ هوں، تو زاد راہ اور سواری عطا فرما کر انکے لئے ایسا اهتمام فرمادیں کہ گوالیار سے بڑودے جاسکیں اور اپنے قدیم مربی کے پاس پہنچ سکیں۔ یہ تینوں صورتیں جو بیان هوئیں ناممکن اور دشوار نہیں هیں۔ گوالیار میں ایک متصدی کو نوکری مل جانا یا ایک بیچارے کا بڑودے تک پہنچ جانا کوئی ایسا مشکل کام نہیں ہے کہ میں گذارش میں تکلف یا سفارش سے اجتناب کروں، خاص طور سے آپ کی خدمت میں جہاں روحانی مودت موجود اور مغائرت مفقود ہے، والسلام نامہ نگار اسد اللہ روسیاہ۔ نگاشتۂ دوم مارچ ۱۸۶۳ء بروز پنجشنبہ کہ کوکب سعد اکبر [یعنی مشتری] سے منسوب ہے۔

[۱۴ تا ۳۰]

جان جیکب (JOHN JACOB) صاحب کے نام

۱) سرور فرخندہ خو، پرسوں منگل فروری کی اٹھائیس کو آپ کی خدمت میں خط ڈاک سے بھیجا ہے - قطعات تاریخ کو بنا دیا ہے اور جہاں [مصرعے] ٹھیک تھے اسی طرح رہنے دیئے ہیں اور جو ورق آپ نے بھیجا تھا، وہی خط کے ساتھ رکھ دیا ہے - اپنے وقت پر [پہنچ جائے گا اور] آپ کی نظر سے گذرے گا - [۱ تا ۵]

۲) غزلوں پر ابھی فکر نہیں کی ہے - چند دن کے بعد ضرور دیکھوں گا - [۶،۵]

۳) یہ خط لکھنے کے خاص طور پر دو مقصد ہیں، ایک یہ کہ جو قصیدہ نواب گورنر جنرل بہادر [Lord Edward Law Ellenborough] کو اس مرتبہ [آغاز سال ۱۸۴۲ء] پیش کیا ہے اور جس کا مطلع یہ ہے :

ای برتر از سپہر بلند آستان تو
تو پاسبان ملک و ملک پاسبان تو

اس میں تین مطلعے اور چالیس شعر ہیں - مجھے اچھی طرح یاد نہیں کہ اس [قلمی] کلیات [فارسی] میں جو آپ کی خدمت میں بھیجا ہے یہ قصیدہ بھی قصائد میں درج ہوا ہے یا نہیں - اگر ہے تو آگاہی بخشیں، ورنہ سید الاخبار دہلی سے دیوان میں نقل کرلیں - [۶ تا ۱۳]

درمانده تر ہو تو ہم جو عقل کے ایک جزو سے زیادہ کے سالک نہیں 'عقل آفرین' کو جاننے میں عاجزو درمانده کیوں نہ ہوں؟ [۱ تا ۹]

(۲) اس سے زیادہ کیا ہوسکتا ہے کہ خدا کو خالق مانیں اور عقل کو خلقت میں کلام کے ساتھ جو عقل کی جلوہ گاہ کا پر تو ہی ہوسکتا ہے ہمدم و ہمراز جانیں ۔ جوہر عقل کو ترازوئے سخن میں تولیں اور سخن کی نواپردازی معیار عقل کے مطابق کریں ۔ زبان و بیان ہو یا علم و حکمت، سب پرتوایزدی اور عطیۂالہی ہے ۔ [۹ تا ۱۳]

(۳) اسکے ساتھ معلم سے اکتساب علم اور راہ سخن کا راہ شناس کی پیروی میں طے کرنا ضروری ہے ۔ [۱۳ تا ۱۴]

(۴) دیکھنا اے ندیم، برادر زادۂ نامور روشندل روشن گہر میرزا علاؤالدین خان بہادر نے خرد خداداد کی روشنی میں میری رهنمائی سے راہ سخن طے کی ہے اور میرے بڑھاپے میں میری جگہ مجھ سے لی ہے ۔ اب جس طرح قربت و قرابت میں وہ میری چشم جہاں بیں کی پتلی ہے ہنرمندی و فرزانگی کی مسند پر میرا جانشین ہے [۱۵ تا ۱۹]

(۵) [الہی] آئین گفتار اس نوجوان کی قوت فکر سے دائم و قائم رہے اور میرے [فن سخن کے] دوستدار اسکے دلداده و گرویدہ رهیں ۱۲ غالب [۱۹ تا ۲۱ آخر] [(قبل از ۱۵ اکتوبر) ۱۸۶۱ء]

مجھ سے لے لیا، جیسا کہ اہل ہند کا قول ہے :

داتا کے تین گن، دے نہ دے، دے کے چھین لے۔[۱تا۱۱]

(۲) القصہ ایک غزل اسی زمین میں میرے مطبوعہ دیوان [دیوان فارسی، مطبوعہ مطبع دارالسلام دھلی، ۱۸۴۵ء] میں ہے، جو میں نے کلکتے میں [۱۸۲۷ء اور ۱۸۲۹ء کے درمیان] کہی تھی۔ اسکی نقل خدمت میں بھیج رہا ہوں۔ بھائی صاحب کی نظر غلط نگر، کے حضور میں پیش کرنا۔ غزل

سوخت جگر تا کجا رنج چکیدن دہیم الخ[۱۲تا۳۴]

[پوری غزل اصل خط میں ص۱۳۶ پر دیکھیں]

[۱۸۶۱ء]

(۱) علوم کاملہ اور افکار بالغہ کو خدائے بزرگ و برتر کے حریم میں، جو رسائی سے باہر ہے، بار حاصل نہیں، اور اس قدر آگہی کے سوا کہ 'ہمہ از وست، یا 'ہمہ اوست، کسی اہل علم و بصیرت کے لئے ادراک و شہود کا دروازہ نہیں کھولا گیا۔ عقل جو مخلوق اول ہے چاہئے کہ، ہمہ‌داں، اور، ہمہ بیں، ہو۔ یقیناً جو کچھ عقل کے بعد معرض وجود میں آیا ہو یا آئے گا یہ ذی استعداد فرشتہ اُسکی ماہیت بتا سکتا ہے۔ کلام اس میں ہے کہ اُس ہست و بود کو وہ کس طرح پہچان سکتا ہے، جو اُسکے وجود سے بھی پہلے سے ہے۔ جب عقل بھی عاجز اور [اس عجز میں] ہم سے بھی

نواب علاؤالدین احمد خان بہادر علائی کے نام

(۱)

(۱) جانشین غالب کو غالب کی دعا پہنچے ۔ تمھارا خط اور
بھائی صاحب [نواب امین الدین احمد خاں] کا پیغام پہنچا ۔
ارے کتنا بیدرد اور بدگمان انسان ہے کہ اسے میری بات
کا یقین نہیں آتا اور سمجھتا ہے کہ مجھ میں طاقت گفتار
باقی ہے ۔

خر و خرس نہیں، آدمزاد ہے؛ جاھل نہیں، عالم ہے؛
طفل نادان نہیں، جوان ہے ۔ خدا اسے [سلامت رکھے اور]
بڑھاپا دکھائے ۔ جس کے پاؤں نہیں، کیونکر چلے ۔ جس کے
ھاتھ نہیں، کام کس طرح کرے ۔ جس کا نہ دل رھا نہ دماغ،
شعر کیونکر کہے ۔ کہے گا کہ دل کیسے نہیں، دماغ کیسے
نہیں، [دونوں موجود ھیں] ۔ ارے ظالم کافرمنش، دل ہے
مگر افسردہ؛ دماغ ہے مگر پژمردہ ۔ جس نے میرے پیکر
وجود میں دل و دماغ ودیعت کیا ہے، قوت فکر اور روشنی
طبع اور ذوق سخن سرائی، اسلوب قافیہ پیمائی یہ سب کچھ

کے ہاتھوں لٹے ہیں، کس سے داد رسی چاہیں اور کس سے جا کر داد خواہی کریں؟ غالب فلک زدہ نے حد ادب کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک غزل میں اس انداز سے فریاد کی ہے :

سپہر را تو بتاراج ما گماشتۂ
نہ ہرچہ دزد ز ما برد در خزانۂ تست

[۱۱ تا ۲۲]

۹) صبر سے کام لیں ۔ ایسی دوا کھائیں جو مقوی دماغ ہو اور ایسا سرمہ استعمال کریں جو آنکھوں کی دھند دور کرے ۔ فکرمند نہ ہوں ۔ غم کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ۔ یہ ظاہری اور باطنی قوتیں ہم نے رقم دے کر نہیں خریدی ہیں؛ ہمیں مفت دی گئی ہیں ۔ واپس لے لیں تو ظلم نہیں ہے ۔ [۲۳ تا ۲۶]

۱۰) از اسد اللہ، نگاشتۂ یک شنبہ ۱۹ دسمبر، ۱۸۵۲ء ۔ [۲۶،۲۷]

گوشے میں آفتاب کی روشنی پھیلی ہوئی ہے - [۱ تا ۳]

(۲) میں نے دل میں کہا ایسے اچھے وقت کس سے بات کی جائے۔ دفعۃً دل میں آیا کول (علی گڑھ) میں تیرا عزیز ہوا تر [حقیر] اور اسی شہر میں ایک یار مہر گستر ہے [تفتہ]۔ کیوں نہ صریر خامہ ان دو عزیزان روشن گہر کے گوش حق نیوش تک پہنچائی جائے اور قلم کی نی بے نوا کی زبان سے ان سے باتیں کی جائیں - میں نے کہا جواب کہاں سے ملے گا - کہا گیا دو تین دن گوش برآواز رہنا، پھر جواب سننا - [٤ تا ۸]

(۳) ایک دو ورقے کے دو کاغذ الگ الگ کئے - ایک کاغذ پر تمھارے نام اور دوسرے پر [مرزا ہر گوپال] تفتہ کے نام نامی کو عنوان قرار دے کر خط لکھا اور ڈاک میں بھیج دیا - اللہ اللہ للجنون فنون - [۸ تا ۱۱]

(۴) یہ معلوم ہو کر دل کے رنج و غم میں اضافہ ہوا کہ اس برادر والا قدر کو کمی بصارت لاحق ہوئی - [کارکنان قضا و قدر] جنھوں نے جمشید سے جام اور سلیمان سے خاتم چھین لی اس کام میں چابک دست ہیں - جب تک رہزنی اور غارتگری نہ کر لیں چین سے نہیں بیٹھتے - ہمارے قافلۂ سروسامان یہی ہے: سننا، دیکھنا، بولنا اور چلنا پھرنا - لوٹنے والے کیوں نہ لوٹیں ، ایک سامعہ سے محروم تھے، اب ہمنشیں کیا بات کرے! ایک باصرہ کے ہاتھوں پریشان ہیں کہ کون آ رہا ہے، کیسے دیکھیے - کوئی پاؤں سے معذور ہو گیا اور کسی کی طاقت رفتار جواب دے گئی - ہم زمانہ

کیا، بلکہ یہ بھی فرمایا کہ لڑکے کی ایسی قابلیت ہے تو اسے بلاتے کیوں نہیں۔ [۵ تا ۱۲]

۲) [رائے عالی پر] مخفی نہ رہے کہ اقبال نشان جواہر سنگھ علم سے بہرہ مند ہے۔ سخن شناسی کا سلیقہ مجھ سے سیکھا ہے، اور جیسا رائے جی کا بیٹا ہے میرا بھی نور نظر ہے۔ [اکثر ملاقات رہتی ہے اور] میں اس سے مل کر خوش ہوتا ہوں۔ ہرچند مجھے اس کی جدائی گوارا نہ تھی، لیکن چونکہ رائے جی نے اس طرح کا ذکر کیا، اس لئے اس کی ناموری اور توانگری کی امید میں اسے رخصت کر کے خوش ہوں اپنے سے بہتر کے سپرد کر رہا ہوں اور اس میں اس کی بھی بہتری ہے اور میری بھی۔ غرض اس موقع پر آپ کے حسن اخلاق کی سپاسگزاری میں رائے جی کا ہم زبان ہوں اور نور چشم منشی جواہر سنگھ کی کامیابی کی صورت میں اُن کا شریک غالب۔ اس باب میں زیادہ عرض کرنے کی حاجت نہیں۔ آفتاب کو تابانی اور دریا کو روانی کون سکھائے گا ع کہ خواجہ خود روش بندۂ پروری داند۔ و السلام بالوف الاحترام۔ [۱۲ تا ۲۲ آخر ۱۸۵۶ء]

منشی نبی بخش [حقیر] مرحوم کے نام

۱ صبح کا وقت ہے۔ ایوان کے پردے گرے ہیں۔ انگیٹھی میں آگ روشن ہے اور میں انگیٹھی کے پاس بیٹھا ہاتھ تاپ رہا ہوں۔ مشرق کی سمت کا پردہ اٹھا ہوا ہے اور اس

مجھ سے آزردہ ہیں تو میری خطا بخش دیں، میری تقصیر
معاف کر دیں اور تشریف لائیں کہ خاص اس معاملے میں
بہت سی باتیں کرنی ہیں - [۱۰ تا ۱۵]

(۴) زیادہ کیا لکھوں - اسد اللہ [۱۵]

(۵) اقبال نشان جواہر سنگھ کو دعا پہنچے - انہیں والد بزرگوار
کے حضور میری شفاعت کرنی چاہئے [۱۵ تا ۱۷ آخر]
[۱۸۵۶ء]

محمد فضل اللہ خان دیوان راج الور کے نام
جواہر سنگھ کی سفارش کا خط

(۱) مخلص نوازا! غمگسارا! اس دفعہ مشفقی رائے چھجمل کا
دہلی آنا ہوا اور عریضہ نگار کے زندان گمنامی میں تشریف
لائے تو ادھر ادھر کی باتوں کے بعد بڑی سپاسگزاری کے
ساتھ آپ کے حسن اخلاق کا دیر تک ذکر کرتے رہے - میرے
خیال کی تائید ہوئی اور مجھے اپنے دعوے کی ایک اور دلیل
مل گئی - [۱ تا ۵]

(۲) رائے جی کہتے تھے کہ روح پیکر مروت محمد فضل اللہ خاں
میرا بہت خیال کرتے ہیں اور مجھ پر کرم کی نظر رکھتے
ہیں - ان کی آرزومندنوازی اور کارسازی سے توقع وابستہ
کرکے جواہر سنگھ کو ساتھ لے جارہا ہوں - میں نے کہا کہ تم
سے پوچھ کر ایسا کرنا چاہئے تھا - کہنے لگے ایک دن میرے
بیٹے کی تحریر جو میرے نام تھی انھوں نے ملاحظہ کی تھی
اس کے طرز تحریر اور قابلیت کی نسبت پسندیدگی کا اظہار

بنام رائے چھجمل کھتری

(۱) مہاراج، مجھ جیسے کے ساتھ کہ میرا محبت کے سوا کوئی کیش نہیں، عتاب کا انداز کیوں اور غصہ کس لئے ؟ کہلا بھیجا ہے کہ میں الور جا رہا ہوں اور پھر رخصتی ملاقات کو نہیں آئے ! لاحول ولا قوۃ الا باللہ [۱ تا ۴]

(۲) سنو کل دن ڈھلے جیسا کہ میرا معمول ہے نواب امین الدین خان کے گھر جا رہا تھا، راستے میں خواجہ رحمت [علی] صاحب مل گئے - چونکہ مدتوں پہلے میر خیراتی [میر محمد حسین عرف میر خیراتی] صاحب خواجہ صاحب سے میری ملاقات کرا چکے ہیں، آپس میں سلام علیک ہوئی - [راستے میں] تھوڑی دیر کھڑے ہو کر ایک دوسرے کی مزاج پرسی کی اور میں نے [محمد فضل اللہ خان] دیوان [راج الور] اور راجہ [انی سنگھ، مہاراجہ الور] کا حال پوچھا - انھوں نے بتایا کہ ایک معمولی سی رنجش ہو گئی تھی، اب دور ہو گئی ہے - میں نے پوچھا اب کیا صورت ہے؟ انھوں نے کہا اب سب کچھ ٹھیک ہے، راجہ خوش ہیں - یہاں تک خواجہ رحمت کی کہی ہوئی بات تھی - [۴ تا ۹] -

(۳) اب میں تم سے کہتا ہوں کہ یہ ہرگز خیال نہ کرنا کہ یہ تحریر مناظرانہ ہے اور میں اپنے خیال کو ثابت کرنے کے لئے دلیل دے رہا ہوں، بلکہ صرف اطلاع دینا مقصود ہے - میں نے نہیں چاہا کہ جو بات میری معلومات میں آئی ہے وہ تمھارے لئے مجہول رہے - برائے خدا اگر بالفرض

مجھے ملا ہے ۔ در اصل میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ
مجھے کیا لکھنا چاہئیے اور اس مجموعے کا کیا کروں ۔ اگر
دیباچہ یا تقریظ در کار تھی تو جو لکھوانا تھا ان اوراق
میں لکھ دیتے اور مجھے بھیج دیتے ۔ میں دیکھ لیتا اور اس
کے مناسب نثر لکھ دیتا ۔ تم نے ایسا نہیں کیا تو اب یہ
کام کرو کہ مجھے لکھ بھیجو کہ میں کیا لکھوں ۔ سیدی
و مولائی [سید رجب علی خان بہادر] کی انجمن میں باریاب
ہو تو میری طرف سے کورنش اور تسلیم عرض کرنا ۔

(۳) از اسداللہ، نگاشتہ پنجشنبہ ۱۳ اگست ۱۸۴۹ء [۸ تا ۱۶ آخر
فوائت : اس مکتوب الیہ کے نام کے خط شمارہ(۳) عبارت ۸
میں ذیل کی توضیحات بہ ترتیب درج ہونے سے رہ گئی ہیں
شاہزادہ شاہرخ [میرزا محمد شاہرخ پسر بہادر شاہ ظفر
مدارالمہام و مختار عام بادشاہ]

وہیں انتقال ہوا [روز چہار شنبہ، ۵ جمادی الاول ۱۲۶۳
مطابق ۲۱ اپریل ۱۸۴۷ء] شہر [دہلی]

کلاری باغ [کلالی باغ، جو شہر دہلی کے باہر مسجد
رسول نما سے دو سو قدم جنوب میں واقع ہے ۔]
شاہزادے کی والدہ [ذکیۃ النساء بیگم بنت شاہزادہ
سلیمان شکوہ]

[تاریخ تحریر : خط ۱ : [۱۲۶۱/۱۸۴۵ء]، خط ۲ : [۱۸۴۵
خط ۳ : [چہار شنبہ ۹ ذی الحجہ ۱۲۶۶/۲۳ اکتوبر ۱۸۵۰
خط ۶ : [۱۶ ربیع الثانی ۱۲۶۶/۱ مارچ ۱۸۵۰ء]

ہے کہ تم پوری طرح اس کے لئے آمادہ رہو کہ وہاں جا کر نوکری کرنی ہے ۔ گوش بر آواز رہو کہ تمہیں کب بلاتا ہوں ۔ عاقلان را اشارۂ کا فیست [غالب نے یہاں عربی مقولہ لکھا ہے : العاقل تکفیہ الاشارہ۔] [٦ تا ١٢ آخر] (فارسی خط میں سطور کی شمارہ بندی میں ۵ کے بجائے ۲۰ اور ۱۰ کے بجائے ۲۵ غلط چھپا ہے) ۔

[(بعد از ۲۷ اپریل ۱۸۳۷ء)]

۱۳

(۱) کامگار سعادت آثار اقبال نشان منشی جوہر سنگھ جوہر کو دعا پہنچے اور جان لیں کہ میں ہمیشہ دعا گو ہوں ۔ [۱،۲]

(۲) تمہارے خط جو رای چھجمل کے نام آتے ہیں برابر دیکھتا ہوں اور تمہاری خیر و عافیت اور سلامتی پر خدا کا شکر ادا کرتا ہوں ۔ [۱ تا ۳]

(۳) کل شام کے وقت قرۃالعین ہیرا سنگھ تمہارا خط جو تمہارے والد کے نام تھا، لیکر آیا ۔ میں نے خط پڑھا اور دیکھا کہ تمہاری صریر خامہ میری شکوہ سنج ہے ۔ میری جان: کوئی خط تمہارا ایسا نہیں رہا جس کا میں نے جواب نہ دیا ہو اور تم لکھتے ہو کہ میں نے خط لکھے اور فلاں شخص نے جواب نہیں دیا ۔ تمہیں بتاؤ کہ جو خط آئے ہی نہ ہوں اُن کا جواب کیسے دیا جائے ۔ [۴ تا ۸]

(۴) ہاں وہ مجموعہ جس کے پہنچنے کی میں نے اطلاع نہیں دی

که خط میں اپنا حال تفصیل سے لکھو - یه بھی لکھو
که قرض کا مقدمه اور دوسری ادھر آدھر کی نالشیں
ختم ہوئیں یا ابھی اس ہنگامے کا سلسله کچھ باقی ہے
والدعاء از اسدالله، رواں داشته روز شنبه، ۶ مئی ۱۸۵۴ء

۱۲

(۱) اسد الله کی دعا پہنچے - باوجود اسکے که مجھے تم نے
بھلا دیا ہے، تم برابر یاد آتے ہو - [۲،۱]

(۲) تمہارے خط جو رائے [چھجمل] جی کے نام آتے ہیں اُن سے
مترشح ہوتا ہے که تمہارا اراده تجارت کا ہے - ایسا
نه ہو نفع کی ہوس میں سرمایه بھی گنوا بیٹھو - مجھے
تمہارا یه خیال ٹھیک نہیں معلوم ہوتا - میں تمہیں اس
سے روکتا ہوں - نوکری کی کوشش کرو اور کسی
ولینعمت کا دامن پکڑو تاکه زندگی میں کامیاب ہو سکو
خواه مخواه وقت ضائع نه کرو [۲ تا ۶]

(۳) لکھنؤ کا حال تم سے مخفی نہیں ہے، شروع میں اگرچه امجدعلی شاه
کے مر جانے سے مجھے مایوسی ہوگئی تھی، لیکن پھر صورت
حال سازگار ہوگئی ہے،اور معلوم ہوا ہے که [اعتقادالدوله]
نو روز علی خان کی رسائی نئے بادشاه [واجد علی شاه]
تک اس سے بھی زیاده ہے جتنی سابق بادشاه تک تھی
[نو روز علی خان] نے مجھے لکھا ہے که میں فرمان
طلب جلد بھجواؤنگا - غرض (اس لکھنے سے) مدعا یه

۱۱

(۱) میری جان، اس موقع پر پریشانی حد سے زیادہ تھی اور دل [تمھارا] حال معلوم کرنے کے لئے بیچین تھا۔ هیرا سنگھ نے تمھارا خط، جو اسکے نام آیا تھا، مجھے لاکر دکھایا۔ معلوم ہوا کہ تم پیشور پہنچ گئے ہو، اور شہر کی آب و ہوا موافق آئی ہے۔ خدا تندرست رکھے اور پہلے سے بہتر کام اور برتر عہدہ دلائے۔ [۱ تا ۵]

(۲) دیوان [زین العابدین خان] عارف رای [چھجمل] صاحب کو دیدیا گیا۔ والا جاہ ضیاء الدین [احمد] خان [نیر رخشان] نے قیمت طلب نہیں کی ہے۔ جب طلب کرینگے دے دی جائیگی۔ ایسی کیا جلدی ہے۔ اگر میں سمجھتا کہ جلد ادائگی کرنی ہے، تو تمھارے کہنے کی تعمیل کرتا اور اور گیارہ روپے [اُنھیں] بھیج دیتا۔ کوئی تقاضا [اُدھر سے] نہیں ہے، تو جلدی کیا ہے۔ [۵ تا ۹]

(۳) تمھارے گھر کے لوگ یہیں ہیں؛ امروہے نہیں گئے ہیں۔ هیرا سنگھ کہتا تھا ہر طرح خیر و عافیت ہے۔ [۱۰، ۱۱]

هیرا سنگھ کی بیوی کے مرنے کی خبر تمھیں پہنچ چکی ہوگی۔ ہائے جوان موت، بلکہ کہنا چاہئے بچین کی موت۔ هیرا سنگھ تنہا رہ گیا۔ میں دیکھتا ہوں بہت اداس ہے۔ [۱۱ تا ۱۳]

(۵) تم سے اس خط کا جواب جلد چاہتا ہوں، اور چاہتا ہوں

مجھے پہلے سے معلوم ہے ؛ اس لئے کہ تم نے [یہاں
غالب نے ''عزیز تراز جاں،، کہکر مخاطب کیا ہے]
مجھے بتکرار لکھا ہے۔ خدا [تمھیں] اپنی حفظ و امان
میں رکھے ۔[۲ تا ٤]

(۳) هیراسنگھ عارف [زین العابدین خاں] مرحوم کا دیوان
اسی طرح جیسے مہرنمیروز بھیجی تھی بھیج رہا ہے
اپنے وقت پر پہنچ جائے گا ۔ [٤ تا ٦]

(۴) مولوی رجب علی خاں دو دفعہ دہلی آئے تھے ۔ پہلی
دفعہ آئے، چند روز آرام کر کے جودھ پور، جہاں
[اُن دنوں] راجستھان کے صاحب ایجنٹ بہادر [کرنل
هنری لارنس] تھے چلے گئے ۔ پھر واپس ہوئے تو پھر
دہلی آئے اور چند روز یہاں قیام کر کے وطن [جگراؤں]
واپس گئے ۔ یہ کسی کو نہیں معلوم ہوا کہ کیوں
گئے تھے اور کیسے واپس آئے؟ انکے بڑے بیٹے [موبود
سید شریف حسن خاں] راجستھان کے ایجنٹ کی سرشتہ‌داری
میں ملازم ہیں؛ یقیناً اُن سے ملنے گئے ہونگے ۔ اپنے
چھوٹے بیٹے [مولوی شریف حسین خاں] اور اپنے چھوٹے
بھائی [سید رستم علی خاں] کو پہلی دفعہ [ادھر سے
گزرتے ہوئے] ساتھ لے گئے تھے؛ واپسی میں وہ دونوں
ساتھ نہیں تھے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صاحب ایجنٹ
بہادر کے پاس چھوڑ آئےہونگے، تا کہ انہیں کسی کام
پرلگادیں ۔ [٦ تا ١٥]

(۵) آرزوئے دیدار کے سوا اور کیا لکھوں۔ از اسداللہ، نگاشتۂ
روز شنبہ، ۱۲ مئی ۱۸۵۵ء ۔

۹

(۱) نور دیدہ و سرور سینۂ غالب منشی جواہر سنگھ عمر و دولت میں کامگار رہیں۔ خط پہنچا، لنگی پہنچی، غزل پہنچی۔ خط سے تمھاری خیر و عافیت معلوم ہوئی اور معلوم ہوا کہ مہر نیمروز تمھیں مل گئی ہے۔ یقیناً خط کے آنے کی خوشی ہوئی، چوما اور آنکھوں سے لگایا، لیکن لنگی اور غزل کی بات یہ ہے کہ دونوں کا ہونا نہ ہونا برابر ہے ۔ لنگی مجھے اس لئے درکار ہے کہ سر پر باندھوں تم خود ہی انصاف کرو کہ کیا یہ لنگی سر پر باندھی جاسکتی ہے! بارے بے مصرف بھی نہیں ہے! گرمیوں میں رات کو بستر کی چادر، اور جاڑوں میں دن کو حمام کی لنگی بن سکتی ہے؛ دستار نہ بن سکے نہ سہی ۔ اسی طرح غزل بھی مہمل ہے ۔ لنگی دوبارہ بھیجو اور غزل دوسری کہو، والدعاء ۔ از اسداللہ، نگاشتۂ شنبہ ۲۰ مارچ ۱۸۵۸ء ۔

۱۰

(۱) سعادت و اقبال نشان منشی جواہر سنگھ عمرو دولت میں کامگار رہیں ۔ خط باعث مسرت ہوا [۲۰۱]

(۲) آب و ہوا کا خراب اور پہاڑی لوگوں کا بد خو ہونا

جیسا کہ مولانا نے لکھا ہے [موصوف نے] دو چادریں دی ہیں؛ تم نے فی الحال ایک بھیجی ہے، دوسری رکھ چھوڑی ہے کہ چند دن کے بعد اپنی طرف سے بھیجو اور میری فرمائش پوری کرنے سے بچ جاؤ۔ [۱۵ تا ۱۶]

(۵) اس لطیفے کے بعد جو از راہ محبت و مسرت ہے یہ بات کہنی ہے کہ تمہارے خط میں تھا کہ لنگی کا پارسل آج بھیجا ہے اور یہ بات ۳۱ دسمبر کی تھی، لیکن آج دسمبر کی تیئیس ہوگئی، پارسل مجھے نہیں ملا۔ تم نے لکھا ہے پندرہ دن کے اندر مل جائے گا۔ یا الٰہی انگریزی ڈاک کو کیا ہوگیا ہے کہ لاہور سے دہلی دو ہفتے میں پہنچے گی! کیا یہ چھ مہینے کی مسافت ہے؟ مظفرالدولہ سیف الدین حیدر خاں، نواب حسین مرزا (یعنی معین الدولہ ذوالفقار الدین حیدر خاں ذوالفقار جنگ) کے بڑے بھائی نے لکھنؤ سے ایک کتاب کا پارسل بھیجا ہے، تین دن میں لکھنؤ سے دہلی پہنچ گیا ہے۔ [دہلی سے] ان دو بڑے مقامات، لاہور اور لکھنؤ کی مسافت برابر ہے۔ خدا کی پناہ اگر وہ چادر کسی منزل بہ منزل پیادہ جانے والے مسافر کو دی ہوتی تو کیا ہوتا۔ لامحالہ دسمبر ۱۸۴۹ یعنی آئندہ سال جاڑوں میں پہنچتی۔ [اس مقام پر اصل متن میں 'برسد' ہے، لیکن قرینے سے ظاہر ہے کہ 'میرسید' تھا جو غلطی سے 'برسد' لکھا گیا]۔ بہر حال یہ مسئلہ جواب چاہتا ہے۔ [۱۷ تا ۲۶]

(۶) تمہارے والدین، تمہارا بھائی اور تمہارے متعلقین سب بخیر و عافیت ہیں۔ از اسد اللہ، مرسلہ شنبہ، ۲۳ دسمبر ۱۸۴۸ء

۸

(۱) اقبال نشانا، تمھارا ۱۳ دسمبر کا لکھا ھوا خط ملا ، دل خوش ھوا اور اس خط میں مولانا [سید رجب علی خاں بہادر] کا خط دیکھکر خوشی اور بھی بڑھ گئی ۔ معلوم ھوا کہ مولانا نے کوئی ھدیہ بھیجا ھے ۔ میرے لئے یہ ھدیہ بخشش ایزدی اور توقیع سرفرازی ھے ۔ [۱ تا ٤]

(۲) لوگ شاھوں اور شہزادوں کے آگے زمین بوس ھوتے ھیں، اور اُن سے خلعت پاکر ھزار فخر کرتے ھیں؛ میں جو بندۂ علی بن ابیطالب علیہ الصلواۃ و السلام ھوں مجھے اُنکی اولاد میں سے ایک منتخب ھستی کی طرف سے عطیہ ملے تو اپنے اوپر ناز کیوں نہ کروں؟ [٤ تا ۸]

(۳) مولانا کے خط کا جواب ابھی میں نے نہیں لکھا ھے ۔ چاھتا ھوں کہ میرے لئے یہ سامان فخر و ناز مجھ تک پہنچے تو جواب میں سپاسگزاری کا اظہار کروں ۔ [۸ تا ۱۰]

(٤) اور ھاں [جوھر] عزیز تر از جان یہ کیا معاملہ ھے کہ حضرت [مولانا] دو چادریں یعنی دو لنگیاں لکھتے ھیں اور تم ایک بتارہے ھوا خط چونکہ خود حضرت مولانا نے لکھا ھے، یہ سہو کاتب بھی نہیں ھو سکتا ۔ یقیناً

گراں بہا عطیہ، یعنی دستار کا کپڑا مجھے ملا ۔ خط اس
کے ساتھ نہ تھا ۔ ڈاک کے ہرکارے نے بھی مجھ سے
کچھ نہیں مانگا ۔ عنوان پر پوسٹ پیڈ لکھا تھا، لیکن
چونکہ میں جانتا تھا اس میں کیا ہے ، لانے والے کو
انعام دے دیا ۔ پارسل کھولا ۔ کپڑا دیکھکر جامے
میں پھولا نہ سمایا ۔ اسی وقت کپڑے کے دونوں
ٹکڑے جوڑ کر سر پر دستار باندھی ۔ [۳ تا ۹]

(۳) مگر بھئی یہ کپڑا مجھے اس لئے چاہئے ہے کہ سر پر
باندھوں اور دستار ہر سر نکلوں ۔ دھلی والوں کی طرح
[رومال سموسہ بنا کر] شانوں پر نہیں ڈالتا ۔ بارے مولانا کا
جواب اور عطیے کا سپاس لکھکر اور اسی ورقے میں
تمھارے نام کا خط رکھکر حضرت مخدوم [مولانا
رجب علی خان بہادر] کی خدمت میں بھیج رہا ہوں
[۹ تا ۱۳]

(۴) [اپنے بھانجے، مرزا] عباس بیگ [کی نوکری] کا
تمھارے خط سے معلوم کرکے خوشی ہوئی ۔ یہ حضرت
مولانا کی سرپرستی کی بدولت ہے ۔ خدا اس عالی نسب
مخدوم کو سلامت باکرامت رکھے ۔ [۱۳ تا ۱۵]

(۵) اب تمیں لکھتا ہوں کہ تمھارے ہاں سب خیریت
ہیں ۔ کنبھ لگن میں [یعنی یکشنبہ، ۱۱ فروری ۱۸۴۹
مطابق ۱۷ ربیع الاول ۱۲۶۵ھ و ۴ پھاگن سمت ۱۹۰۵
[تمھارے چھوٹے بھائی] ھیرا سنگھ کی شادی ہو
اسد اللہ، ۲۶ دسمبر ۱۸۴۸ء روز سہ شنبہ [۱۳ تا ۱۸]

رقم یا قیمتی زرتار لنگی نہ بھیجنا؛ خدا کی قسم میں نہیں لوں گا - [۱۵ تا ۱۹]

(۴) انگریزوں کی فتح اُس جماعت کے ہواخواہوں کو مبارک ہو، اور سکھوں کی شکست کا غم ہنگامہ پسندوں کو - میں ان دونوں گروہوں میں سے کسی میں نہیں ہوں - بارے تم نے مجھ پر کرم کیا کہ یہ خبر لکھ بھیجی - انگریزوں کے بارے میں بے بنیاد خبریں سنانے والوں کو یقین نہیں آتا تھا؛ اب تمھاری تحریر سے میں نے اُن کے منہ بند کر دئے - [۱۹ تا ۲۳]

(۵) پندرہ شعر میں نے بنا دئے، تین قلم زد کردئے؛ بارہ رکھے - آخری شعر کو مقطع بنا دیا اور اس کے مصرع ثانی کا انداز بدل دیا - پہلے مصرعے میں 'شب و روز' اور دوسرے مصرعے میں 'مہر و ماہ' محسنات کلام میں سے ہے - اسداللہ، نگاشتۂ شب جمعہ، صبح کو مارچ کی دوسری ہے، والدعا - [۲۳ تا ۲۷]

۷

(۱) سعادت و اقبال نشانا جانا، تمھارا خط اور اُس میں ملفوف مولانا [سید رجب علی خان بہادر] کا عطوفت نامہ مجھے ملا، اور اب عطیے کا امیدوار ہوں - [تمھارے اِس خط کا جواب لکھکر میں نے تمھیں بیرنگ بھیجا ہے - [۱ تا ۲]

(۲) آج منگل کا دن، دسمبر کی چھبیسویں تاریخ ہے - وہ

(۲) لنگی [دستار] کا کپڑا تم نے ڈاکخانے کے ذریعے
بھیجا تھا ۔ رائے جی کے آنے پر ڈاک سے
آن سے مجھے ملا ۔ چونکہ میرے ڈھب کا
واپس کر دیا، یعنی تمہارے والد کو لوٹا
اس بارے میں فکر نہ کرنا ۔ میں نہ رقم
نہ لنگی ۔ میرے حکم کی تعمیل کرنا اور
لکھتا ہوں ہرگز اس کے خلاف نہ کرنا، یعنی نظر
رکھنا کہ جب ملتان کا راستہ کھلے اور
لنگیاں لاہور آئیں، تو ایک لنگی خرید کر مجھے
ایسی جیسی میں لکھتا ہوں، لیکن جلدی
جب بھی عمدہ میری پسند کی اور ارزاں ملے، اس
لے کر بھیجنا ۔ یہ لنگی ایسی ہو کہ ریشم اور
کے تار اس کی بناوٹ میں قطعاً نہ ہوں، نہ
نہ بانے میں فقط 'ریسمان' [= فارسی 'نخ'] کی
ہو جسے ہند کی زبان میں سوت کہتے ہیں ۔
یا نیلے ہوں اور کپڑا باریک دھاریوں کا، کالی
یا زرد دھاریوں کا، باریک بناوٹ کا نرم اور
ہو، غرض ایسے نمونے کا کپڑا ہو جیسا
اور قلندر منش لوگوں کو زیب دیتا ہے [۵ تا ۱۵]

(۳) اس وقت میرے پاس مولانا [سید رجب علی] کی عطا
دو لنگیوں میں سے ایک اور ایک حضرت کالے صاحب
[حاجی غلام نصیر الدین] کی بخشیدہ ہے ۔ یہ دونوں
استعمال میں ہیں؛ سر پر باندھتا ہوں ۔ مولانا
عطا کردہ لنگیوں میں سے ایک، میں نے یوں کہہ
'زرین طیلسان' میں نے اپنے گھر میں دیدی ہے ۔ دیکھو

(۹) اچھا اب میں نے جو یہ خبریں لکھی ہیں تو اس عزیز سعادت آئین سے مکافات بالمثل کا طالب ہوں، یعنی خبروں کے عوض خبریں - [۳۷ ، ۳۸]

(۱۰) اول میرے مخدوم [سید رجب علی] کی خیروعافیت لکھو، اور یہ لکھو کہ اس خط کے ملاحظے کے بعد انہوں نے دعا و سلام کے طور پر کیا ارشاد فرمایا ۔ پھر یہ بتاؤ کہ تم کیسے ہو اور آنے کے بارے میں، جیسا کہ میرا خیال ہے، کیا ارادہ ہے ۔ تیسرے اس علاقے [پنجاب، ملتان] کی کچھ کیفیت بھی تحریر کرو کہ مولراج کے بارے میں کیا حکم ہوا ہے اور [راجہ شیر سنگھ اور [راجہ کے باپ] چترسنگھ کے لئے کیا کر رہے ہیں، نیز یہ کہ افاغنہ [سرحدی افغانوں] کے غلبے کا کیا مداوا کریں گے، والدعاء اسداللہ،

نگاشتہ سہ شنبہ، ۲۰ فروری ۱۸۴۹ء، جواب طلب ۔ [۳۹ تا ۴۵]

۶

(۱) سعادت نشانا، ۲۰ فروری کا تحریر کردہ خط اور ۲۵ فروری کا لکھا ہوا خط یک بعد دیگرے ملے، پہلا رانے چھجمل کی امروہے سے واپسی سے پہلے اور دوسرا ان کے آنے کے دو دن بعد ۔ میں نے پہلا خط بھی رکھ چھوڑا تھا، اب دونوں خط رانے جی کو دکھائے ۔ انہوں نے پڑھکر خدا کا شکر ادا کیا کہ تم بخیر و عافیت ہو ۔ [۱ تا ۵]

(۶) میر احمد حسین جو فن سخن میں تمھارے رفیق
شاگرد غالب] ہیں اور میکش تخلص
لکھنؤ گئے ہوئے ہیں۔ ہر خط میں، جو مجھے لکھتے ہیں
تمھارے نام سلام ضرور ہوتا ہے۔ [۲٤، ۲۵]

(۷) غیاث الدولہ حکیم رضی الدین حسین خاں بہادر
ہر شنبے کو تشریف نہیں لاتے، کبھی آ جاتے ہیں
کبھی نہیں۔ تمھیں پوچھتے ہیں تو تمھارا سلام کہہ
دیتا ہوں۔ نقل مکان کی وجہ سے وہ بزم نہ رہی اور
مجمع احباب منتشر ہو گیا۔ [۲۶ تا ۲۹]

(۸) تم نے سنا ہو گا کہ [شہزادہ شاہرخ کے برادر حقیقی
شہزادہ [میراں شاہ] دارا بخت ولیعہد بہادر شاہ کا انتقال
ہوگیا جو [ذکیۃالنساء بیگم بنت مرزا سلیمان شکوہ کے
بطن سے تھے] ۔ اب بادشاہ دہلی چاہتے ہیں کہ
سب سے چھوٹے بیٹے جواں بخت کو، جو زینت محل
بنت صمصام الدولہ احمد قلی خاں کے بطن سے ہیں ولیعہد
بنائیں۔ [مرزا محمد سلطان] فتح الملک المعروف
[غلام فخرالدین] فخرو [رمز تخلص] اس بنا پر کہ
سلطان کے فرزند اکبر ہیں خود ولیعہدی کے مدعی
ہیں ۔ ابھی اس امر کا تصفیہ نہیں ہوا ہے اور گورنمنٹ
[ایسٹ انڈیا کمپنی] کی طرف سے اس باب میں کوئی
فرمان نہیں پہنچا ہے۔

ع تا یار کرا خواہد و میلش بہ کہ باشد۔

[۳۰ تا ۳۶]

ادا کیا ہے اور جواب لکھا ہے ۔ امید ہے کہ ہر چیز
اپنے وقت پر اُس خواجۂ بندہ نواز کی نظرگاہ التفات میں
گذری ہوگی ۔ تم سے یہ چاہتا ہوں کہ میری طرف
سے عرض نیاز کرنا اور یہ خط جو تمھارے نام ہے
مولانا کے ملاحظے میں لانا اور میری منت پذیری کا مکرر
یقین دلانا ۔ چند دن کے بعد ایک اور عرضداشت میں
قلم کو سجدہ گزاری کا موقع ملے گا ۔ تمھیں میری
جان کی قسم سہل انگاری نہ کرنا، اس تحریر کو ضرور
سیدی و مولائی [سید رجب علی] سلمہ اللہ تعالی کی
نظر میں لاکر آب و تاب بخشنا ۔ [۵ تا ۱۶]

(۳) رائے چھجمل، جو بعض اعزہ اور احباب کے ساتھ
امروہے گئے ہوئے ہیں ابھی واپس نہیں آئے ہیں ۔
امید ہے اسی ہفتے میں آجائیں گے ۔ خدا خیریت سے
لائے ۔ [۱۶ تا ۱۸]

(۴) ہیرا سنگھ کی تقریب کتخدائی تمھیں مبارک ہو ۔
[۱۸ تا ۱۹]

(۵) خدا کا شکر ہے اوباشوں کا بلوا [پنجاب اور ملتان
کا ہنگامہ] ختم ہوا اور خلق خدا کو امن اور فتح
[یعنی فتح ملتان] نصیب ہوئی ۔ جو خرخشہ باقی ہے وہ
بھی جلد ختم اور ملک خار و خس سے پاک و صاف
ہو جائے گا ۔ غالباً اس فساد کے فرو ہونے کے بعد
تمھارا افسر تمھیں اجازت دے دے اور ادھر آ سکو اور
ہم سب تمھیں دیکھ سکیں ۔ [۱۹ تا ۲۳]

کہ الگ الگ کاغذوں پر مسودہ لکھ کر پھر اس
مسودہ کو تمھاری بھیجی ہوئی کتاب میں صاف کر کے
لکھتا ہوں اور تمھارے لئے محفوظ رکھتا ہوں ۔ کاہل
قلم ہوں، بیمار ہوں، بیدل و بیدماغ ہوں، دیر میں
لکھتا ہوں، تھوڑا تھوڑا کر کے لکھتا ہوں اور کبھی
کبھی لکھتا ہوں ۔ بہر حال جس رنگ سے جو کچھ
لکھتا ہوں تمھارے لئے تمھاری کتاب میں جمع کرتا
رہتا ہوں ۔ آؤ دیکھو اور لطف اٹھاؤ ۔ [۶۳ تا ۶۸]

۵

(۱) اقبال نشانا! ۱۲ فروری کا لکھا ہوا خط پہنچا ۔
تمھاری مہر کا نقش دیکھا ۔ اس مصرعے سے جو اتحاد
نمایاں ہے وہ تمھاری نظر سے مخفی نہ ہوگا ۔ ہم نے
بھی اس اتحاد کے بارے میں تمھارا دعویٰ تسلیم
کیا ہے ۔ امید ہے کہ فن سخن میں بلند رتبے کو
پہنچو گے اور اس نام سے تمھیں ناموری حاصل ہوگی ۔
[۱ تا ۵]

(۲) مولانا [سید رجب علی] مدظلہ العالی کے مکرمت نامے کا
جواب نہ پہنچنے پر تمھیں حیرت ہے اور مجھے تمھاری حیرت
پر تعجب ۔ ان مبارک ایام میں ولی نعمت [سید رجب علی]
کی طرف سے دو دوپٹوں کا ریشمی کپڑا، ایک سرخ
شال اور دو توقیع نامے مجھے ملے، اور میں نے ان تینوں
عطیوں اور دونوں مکرمت ناموں کا الگ الگ سپاس

کرتا تھا ۔ اب اُس کا بیٹا مٹرو اگرچہ باپ کے قدم بہ قدم چل رہا ہے، مگر جو مال باپ لاتا تھا وہ نہیں لا پاتا ۔ اب تم [یہاں غالب نے نور چشم کہہ کر خطاب کیا ہے] آھی رہے ہو اور جاڑے ابھی بہت باقی ہیں ۔ یہ چیزیں خریدنے کے لئے بہت وقت ملے گا ۔ [۳۸ تا ۴۶]

(۸) آج چہار شنبہ اور اکتوبر کی تیئیس ہے اور صبح کا وقت ۔ میں یہ خط لکھ رہا تھا اور سوچتا تھا کہ ڈاک کے لئے بھیج دوں ۔ اتنے میں ہیرا سنگھ دوڑا آیا اور رائے صاحب [یعنی چھجمل] کا حکم لایا کہ جواہر سنگھ کے نام خط لکھا ہو تو بھیج دو تاکہ میں اپنے خط کے ساتھ رکھ کر روانہ کردوں ۔ میں نے یہی کیا اور یہ خط پتہ لکھے بغیر ہیرا سنگھ کو دے دیا ۔ خدا کرے کہ تمھارا باپ آج ھی ڈاک سے بھیج دے ۔ والدعاء ۔ اسداللہ ۔ [۴۶ تا ۵۲]

(۹) ایک بات لکھنی میں بھول گیا تھا ۔ اب خط ختم کرنے کے بعد لکھتا ہوں ۔ تم بار بار لکھتے ہو کہ تاریخ سلاطین تیموریہ [مہر نیمروز] جتنی لکھی جا چکی ہو تمہیں بھیج دی جائے ۔ میری جان یہ صرف کتاب کا لکھنا نہیں ہے، جگر کا خون کرنا ہے، آج کے دن تک حمد، مدح، نعت ثنا اور سبب تألیف کتاب اور امیر تیمور کے حالات و واقعات تمام کے تمام اور بابر کے حالات، جو ابھی ادھورے ہیں، کسی قدر تحریر ہوئے ہیں ۔ میرا طریقہ یہ ہے

چھجمل میرے دیرینہ دوست ہیں ۔ ہر ہفتے دو
دفعہ میرے پاس آتے ہیں اور بہت بیٹھتے ہیں ۔
اُن کے درمیان اگر کوئی جھگڑا تھا تو قماربازی
اور اب وہ بساط اٹھ گئی ہے تو محبت ہی محبت
کوئی نزاع نہیں ۔ غرض خط میں نے اُنھیں دے دیا ۔
پڑھ کر بہت خوش ہوئے ۔ [۸ تا ۳۱]

(٦) کہنے لگے [یعنی رائے چھجمل] ان دنوں میں اس
کا آنا میرے لئے بہت مناسب اور بہت مفید ہوا ۔ میرے
پوچھنے پر کہا کہ جواہرسنگھ کی ساس نے ابھی
کو امروہے بلایا ہے ۔ مجھے اُس کی جدائی شاق تھی
اور اُن لوگوں کی خواہش کو نہ ماننے کی کوئی وجہ
نظر نہ اتی تھی ۔ اب یہ خط میں امروہے بھیج دوں
اور ان لوگوں کو لکھ دوں گا کہ اُس کا شوہر آرہا ہے
آپسے امروہے کیسے بھیج دوں ۔ لالہ چھجمل کی
جو انھوں نے مجھ سے کہی یہاں ختم
[۳۱ تا ۳۷]

(۷) کل وہ [یعنی چھجمل] آئے تھے تو دو قسم کی شال
لائے تھے ۔ ان میں سے ایک کا تمھارے لئے میں نے
انتخاب کر دیا ۔ اس سے پہلے ایک اور کپڑا
اُنھوں نے بھیجا ہے ۔ وہ بھی میں نے تمھارے
پسند کیا تھا ۔ جس دن سے تم نے واسکٹ
شال دریز کے لئے لکھا ہے تمھارا باپ بیچارہ
ڈھونڈتا پھرتا ہے ۔ کاش فرنگی مل زندہ ہوتا ۔ اس
طرح کی واسکٹیں اور قسم قسم کا کپڑا وہ لایا

شوقین آدمی ہوں گے، جنھوں نے نگینے بھیج کر کشمیر میں مہریں کھدوائی ہیں اور سب ہی کو پچھتانا پڑا ہے۔ اب تم اس درد سر میں نہ پڑنا اور دوسری مہر کھدوانے کو نہ دینا۔ آج اس فن میں بدرالدین [بدرالدین علی خان نقشی مرصع رقم] دہلوی کا مثل و نظیر دنیا میں نہیں۔ اب اُس نے بھی برا لکھا تو میری قسمت و سرنوشت کی خوبی ہے۔ [۱۲ تا ۱۶]

(۳) بارے اس خط سے جس کے ساتھ رکھ کر تم نے مہر کا نگینہ بھیجا ہے یہ اسی آشکار ہوا کہ تم آ رہے ہو اور جلد آ رہے ہو۔ آؤ اور دیدۂ دیدار طلب کی داد رسی کرو۔ [۱۶ تا ۱۸]

(۴) کل عجیب بات ہوئی۔ شام ہونے والی تھی کہ [تمھارا چھوٹا بھائی] ہیرا سنگھ آیا۔ اُس کا معمول ہے روز مدرسے سے چھٹی ہوتے ہی میرے پاس آ جاتا ہے اور ایک دو گھنٹے بیٹھتا ہے، چنانچہ تھوڑی دیر بیٹھا اور چلا گیا۔ ہیرا سنگھ ابھی گیا ہی تھا کہ ڈاک کا ہرکارہ آیا [اور تمھارا خط لایا]۔ ورق کھولا تو اُس میں میری مہر اور رائے جی [چھجمل] کے نام کا خط تھا۔ میں سوچنے لگا کاش ہیرا سنگھ نہ گیا ہوتا اور یہ خط لے جاتا۔ اتنے میں رائے چھجمل آگے آگے اور رام دیال اُن کے پیچھے پیچھے بغل میں بقچہ لئے آئے۔ میں نے مہر صندوقچے میں رکھ لی تھی، اپنے نام کا خط چاک کر دیا تھا اور اُن [رائے جی] کے نام کا خط میرے ہاتھ میں تھا۔

مرا مایہ گر دل وگر جان بود
ازو دانم ار خود زیزدان بود
[۷٤ تا ۸۱]

(۱۶) از اسد اللہ، نگاشتۂ سہ شنبہ ۲۷ اپریل سنہ ۱۸٤۷ء
جواب طلب - [۸۲ و ۸۳]

۴

(۱) میری جان، ایک دن مجھے خط ملا، تحریر تمھاری، [illegible]
مہر میری - میں نے کہا سبحان اللہ کیا یگانگی اور [illegible]
کہ خط میرے ھی نام کا اور میری ھی مہر کا!

خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گل کوزہ خود [illegible]
خود برسر آن کوزہ خریدار بر آمد بشا کیست و [illegible]
[۱ تا [illegible]]

(۲) قسم بجان جوھر فرخندہ گوھر کہ جب یہ [illegible]
ملا ھے (اور اُس وقت کوئی دوسرا میرے پاس نہ [illegible]
اپنے نام کے خط پر اپنا نقش نگیں دیکھ کر [illegible]
وجد طاری ھوگیا - پھر حال مہر کا مجھے [illegible]
کل سہ شنبہ ۲۲ اکتوبر کو مجھے ملی - معلوم [illegible]
کشمیر میں اب کوئی مہرکن نہیں رھا - ع [illegible]
بر شکست تماشا بما رسید - [٦ تا ۱۱]

(۳) معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ دھلی میں کوئی

پہنچانا اور یہ خط میرے اُس مخدوم قدسی صفات کے ملاحظے میں لانا اور درخواست کرنا کہ از اول تا آخر پڑھ لیں تاکہ میری ارادت و عقیدت کا اندازہ کر سکیں ۔ [۶۰ تا ۶۶]

اور ہاں جواہر سنگھ ، یہ خیال دل میں نہ لانا ، کہ غالب خوشامد گو اور دنیادار ہے ۔ تم جانتے ہو کہ میں فقر میں غنی اور تہیدستی میں توانگر ہوں ۔ آسمان اور آسمان کے ستاروں کے سامنے سر نہیں جھکاتا اور شاہوں اور شہزادوں کی خوشامد گوئی نہیں کرتا ۔ تم نے جو لکھا کہ مولوی سید رجب علی خان بہادر کا مسلک و مشرب حیدرپرستی و حیدرستائی ہے تو یہ لکھ کر گویا مجھے اُن کا بندہ بے درم بنا دیا اور میرے دل میں اُن کی محبت کا چراغ جلا دیا ۔

تم جانتے ہو کہ میں بندۂ علی بن ابیطالب ہوں [illegible] جیسے [illegible] ہوں [illegible] خدا [illegible] سمجھ [illegible] نور [illegible] کا [illegible] بکوش [illegible] ہوں ۔ [۶۶ تا ۷۳]

کنم از نبی روی در بوترابم
به مه بنگرم جلوهٔ آفتاب

[illegible]زدان نشاطم به حیدر بود
[illegible]زم به جو آب کمتر بود

[illegible] به پیمان او
[illegible]

پہنچانا اور یہ خط میرے اُس مخدوم قدسی صفات کے ملاحظے میں لانا اور درخواست کرنا کہ از اول تا آخر پڑھ لیں تاکہ میری ارادت و عقیدت کا اندازہ کر سکیں - [۶۰ تا ۶۶]

(۱۴) اور ہاں جواہر سنگھ ، یہ خیال دل میں نہ لانا ، کہ غالب خوشامد گو اور دنیادار ہے - تم جانتے ہو کہ میں فقر میں غنی اور تہیدستی میں توانگر ہوں - آسمان اور آسمان کے ستاروں کے سامنے سر نہیں جھکاتا اور شاہوں اور شہزادوں کی خوشامد گوئی نہیں کرتا -
تم نے جو لکھا کہ مولوی سید رجب علی خان بہادر کا مسلک و مشرب حیدرپرستی و حیدرستائی ہے تو یہ لکھ کر گویا مجھے اُن کا بندہ بے درم بنا دیا اور میرے دل میں اُن کی محبت کا چراغ جلا دیا -

تم جانتے ہو کہ میں بندۂ علی ابن ابیطالب ہوں اور جسے سنتا ہوں کہ اُن کا بندہ ہے اُسے اپنا آقا و خداوند سمجھتا ہوں اور اُس کا حلقہ بگوش ہو جاتا ہوں - [۶۶ تا ۷۳]

(۱۵) کنم از نبیؐ روی در بوترابؑ
به مه بنگرم جلوۂ آفتاب

ز یزدان نشاطم به حیدرؑ بود
ز قلزم به جو آب کمتر بود

نبیؐ را پذیرم به پیمان او
خدا را پرستم به ایمان او

معلوم ہے کہ فارسی اور انگریزی میں ہر مہینے ہر
طرف سے میرے نام دو چار خط آتے ہیں اور پتہ اس
سے زائد نہیں ہوتا کہ دہلی میں اسد اللہ کو ملے
تمہارے خیال میں فرومایہ اور گمنام سہی ، اور عزت
کے سوا اپنے نام کا مستحق نہ سہی ، لیکن دوسرے
لوگ تمہارے خلاف مراد مجھے نامور گردانتے ہیں ۔
خصوصاً ڈاک لانے والے جو میرے مسکن کا
رستہ جانتے ہیں اگر پتے میں صرف میرا نام ہو خط
پہنچا سکتے ہیں ۔ تمہارے خط کے جواب میں ...
بات ہوئی ۔ [۵۷ تا ۵۴]

(۱۱) اب یہ کہنا ہے کہ ہرگز کوئی دوسرا خیال دل میں
نہ لانا اور اس شہر و دیار میں در بدر نہ پھرنا ۔ ...
وقار اور اپنی خوش‌نصیبی اسی میں سمجھنا ...
حضرت مولوی معنوی [سید رجب علی خاں بہادر]
دامن مضبوط پکڑے رہو ۔ قسم بخدا یہ بزرگ ...
مروت و شرافت و سخاوت میں پروردگار عالم کی ...
میں سے ہے ۔ [۵۶ تا ۵۹]

(۱۲) افسوس تم نے ایک الگ ورق پر ان کے قیمتی ارشاد
مجھے لکھکر نہ بھیجے ۔ [۶۰]

(۱۳) تمھیں میری قسم کہ جب یہ خط تمھیں ملے تو ...
کے بعد "آستین" [غلاف] میں رکھکر مولوی سید رجب
علی خان بہادر کی خدمت میں لے جانا ۔ میرا ...
بصد ہزار اشتیاق دیدار اور بصد ہزار تمنائے زبان ...

... کے لئے ایک طویل مدت چاہیئے ۔ اس کے بعد ممکن ہے کہ راجہ جوالا پرشاد اور [وقار] اعتقاد الدولہ نوروز علی خان میرے لئے پھر کوشش شروع کریں اور میرے نام [دربار اودھ سے] فرمان طلب [دعوت نامہ] بھجوائیں ۔ [۲۷ تا ۳۶]

(۸) شاہزادہ شاہرخ کی موت پر تمھیں حیرت کیوں ہے؟ کیا شاہوں اور شاہزادوں پر موت کا قابو نہیں چل سکتا؟ شاہرخ شکار سے واپس ہوتے ہوئے میرٹھ کے قریب پہنچا تھا کہ ہیضہ ہوگیا اور وہیں انتقال ہوا ۔ جنازہ شہر میں لا کر کلاری باغ میں شاہزادے کی والدہ کے پائین پا دفنایا گیا ۔ [۳۸ تا ۴۲]

(۹) حیرت کی بات ہے کہ تم نے مجھے خط لکھا اور یہ نہ لکھا کہ تمھیں خط لکھوں تو خط پر پتہ کیا لکھوں ۔ اس دفعہ یہ تحریر تمہارے باپ رائے چھجمل کو دے رہا ہوں کہ اپنے خط کے ساتھ رکھکر تمھیں بھیجدیں۔ اب اس کے بعد ، اپنی قیام گاہ کا پتہ لکھنا تاکہ آئندہ میرا خط تمھیں (فارسی متن میں اس مقام پر یعنی صفحہ ۱۱۸ سطر ۴۷ لفظ 'بواسط، غلط چھپ گیا ہے 'بیواسطہ، ہونا چاہئے) براہ راست ملا کرے ۔ [۴۳ تا ۴۷]

(۱۰) پھر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ خط کا پتہ لکھنے میں تم نے پوری جگہ میرے نامۂ اعمال کی طرح سیاہ کیوں کر ڈالی ہے اور عرف اور تخلص اور چاہ و گذر تک سب کچھ لکھ ڈالا! اسکی آخر کیا ضرورت تھی ؟ تمھیں

[عارف] کے نام کا میرے پاس ہے ۔ وہ نواب علی محمد خاں [والی جھجر] کے ساتھ جھجر گئے ہوئے ہیں ۔ جب انھیں خط لکھوں گا تو تمھارا خط بھی ساتھ بھیج دوں گا ۔ [۲۰ تا ۲۳]

(۶) حضرت مولوی گل [علی] شاہ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ [اس زمانے کے محاورے میں دام ظلہ یا دام بقاؤہ کا مترادف] کی خیریت تمھارے خط سے معلوم ہوئی ۔ حق نہ ہے کہ تم نے مجھ پر بڑا احسان کیا ہے جو ایک دوست کی خیریت سے مجھے اطلاع دی ہے ۔ میری طرف سے انھیں بہت بہت پوچھنا، میرا سلام کہنا اور میری طرف سے اظہار ارادت کرنا ۔ [۲۳ تا ۲۷]

(۷) لکھنئو کا اب اور عالم ہے ۔ جس بادشاہ [امجد علی شاہ] کی میں مدح گوئی کرتا تھا اور میرے ایک دوست [اعتقادالدولہ نوروز علی خان] کو اس بادشاہ تک رسائی حاصل تھی اس کی اچانک وفات ہو گئی ۔ اس کا بیٹا [واجد علی شاہ] جو اب تخت‌نشین ہوا ہے بدحواس اور بدتدبیر ہے ۔ اس نے ہندوؤں کے مندروں کو گرانے کا حکم دے دیا، چنانچہ ایک فتنہ و فساد برپا ہوگیا ۔ شہر کے غنڈوں نے وزیر دربار [امین‌الدولہ نواب امداد حسین خان] کو بازار میں پکڑ کر تلوار کے دو تین وار کئے اور زخمی کر ڈالا اور وہیں بازار میں پڑا چھوڑ گئے ۔ بادشاہ کو نغمہ بجانے والوں کے سوا کسی سے دلچسپی نہیں، عقل و تدبیر سے بے بہرہ ہے ۔ اب یہ ہنگامہ فرو ہونے اور قیام امن

نہ ہو تجارت میں کامیابی کی امید نہیں کی جا سکتی ۔ دکان کی کمائی سے دکان چلانی ممکن نہیں ۔ [۷تا۸]

(۳) غالب نے لکھا ہے کہ خدا کا شکر ہے تم ایسی جگہ پہنچ گئے ہو کہ اب اپنی مراد کو پہنچ جانا مشکل نہیں ۔ مولوی سید رجب علی خان جن سے اب تمہاری

امیدیں وابستہ ہیں شرافت و مروت کی روح و رواں ہیں ۔ ان کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنا ۔ [۸ تا ۱۱]

(۴) جوہر نے لکھا تھا کہ کچھ اپنا کلام نظم و نثر بھیجئے ۔ غالب پوچھتے ہیں کہ اگر میرا مجموعہ نظم [یعنی دیوان فارسی مطبوعہ ۱۸۴۵ء] جو منشی نورالدین احمد کے مطبع [دارالسلام، دہلی] میں چھپا ہے وہاں پہنچ چکا ہے اور اس کے بعد جو کہا ہے وہ مانگتے ہو تو فتح پنجاب کے تہنیتی قصیدے کے سوا میں نے کچھ نہیں کہا ہے اور اگر میرا یہ دیوان ابھی کوئی اس علاقے میں [پنجاب] نہیں لے گیا ہے تو تمہیں یہ مجموعہ [دیوان] مانگنا چاہئیے تھا نہ کہ متفرق اشعار ۔ بہر حال اگر اب لکھو گے تو میں دیوان تمہیں بھیج دوں گا تا کہ میری طرف سے حضرت مولانا [سید رجب علی] کی خدمت میں پیش کر کے میری عقیدت کا اظہار کر سکو ۔ [۱۲ تا ۲۰]

(۵) تمہارا خط اقبال نشان مرزا زین العابدین خان بہادر

معلوم ہے مجھے جان سے زیادہ عزیز ہیں۔ دریا کے راستے
کشتی سے اکبر آباد گئے ہیں، مگر آج تک کسی جگہ
سے خط یا زبانی پیغام نہیں بھیجا ہے۔ مجھے سخت تشویش
ہے۔ شہر میں اُن کا پتہ کرنا اور اگر کانپور چلے
گئے ہوں تو مجھے اطلاع دینا اور اگر وہیں ہوں تو
اُن سے ملنا اور میرا سلام پہنچانا اور لکھنا کہ کیسے
ہیں اور اب کیا ارادہ ہے۔ اکبر آباد میں کب تک
ٹھہرینگے۔ اس بارے میں تاکید جانو اور جواب جلد
دو والدعا۔ [۲۳ تا ۳۰ آخر]

۳

(۱) غالب کو جوہر کا خط کئی خط لکھنے کے بعد ملا ہے۔
غالب لکھتے ہیں کہ جواب نہ آنے سے اب تک جو
اذیت خاطر رہی تھی اُس کی اس خط سے تلافی ہو گئی۔
ع عمرت دراز باد کہ اینہم غنیمت است (فارسی متن
میں یہ مصرعہ غلطی سے خط کی چوتھی سطر پر چھپ
گیا ہے۔ تیسری سطر میں شمار کرنا چاہیئے) [۱ تا ۳]

(۲) جوہر تجارت کا سلسلہ شروع کرنا چاہتے تھے۔ اب
[۱ تا ۳] اُن کے خط سے معلوم ہوا کہ تجارت کا خیال
چھوڑ دیا ہے۔ جوہر کے والد تجارت کرانا پسند نہیں
کرتے تھے۔ غالب نے جوہر کو لکھا ہے کہ تمھارے
والد کا خیال بیجا نہیں۔ واقعی جب تک خاصہ سرمایہ

(۲) پھر جوہر کو لکھتے ہیں کہ تمہارے باپ رائے چھجمل تمہیں بے انتہا چاہتے ہیں اور تم سے جدا رہ کر بیحد مغموم ہیں۔ اکثر میرے پاس آتے اور تمہاری باتیں کر کے غم غلط کرتے ہیں۔ تمہاری جدائی اس لئے گوارا کی ہے کہ تم زندگی کا تجربہ اور کاروکوشش کی تربیت حاصل کر کے ترقی کر سکو اور اعلیٰ مراتب پر پہنچ سکو۔ اگر یہاں [اکبر آباد (آگرے) میں] ایسا ممکن نہیں ہے اور تم پریشان ہو تو وطن [دہلی] واپس چلے آؤ۔ بوڑھے باپ پر ہرگز بار نہیں ہو اور تمہارے واپس چلے آنے میں تمہارے لئے کسی طرح کی سبکی یا شرمندگی کی بات قطعاً نہیں ہے۔ [۱۰ تا ۱۷]

(۳) جوہر نے خان صاحب [ضیاالدین احمد خان] کی خیریت پوچھی تھی۔ غالب لکھتے ہیں کہ تمہارے سامنے کچھ بیمار سے تھے۔ اب اچھے ہیں۔ پرسوں شنبے کو غسل صحت کیا ہے۔ [۱۷ تا ۲۰]

(۴) جوہر کا کوئی کام تھا۔ غالب نے لکھا ہے کہ اس کا کوئی سرانجام ہوتا نظر نہیں آتا، بلکہ خود اس کام کا کوئی سر پیر ہی نہیں ہے۔ بہر حال اس بارے میں جو کچھ ہوگا تمہیں لکھ دیا جائے گا۔ [۲۰ تا ۲۳]

(۵) رائے چھجمل نے جوہر کے نام خط لکھ کر دیا تھا۔ غالب لکھتے ہیں کہ یہ خط جس پر پتہ نہیں ہے میرے خط کے ساتھ ملفوف تمہیں ملے گا۔ [۲۲ و ۲۳]

(۶) اعتقاد الدولہ نو روز علی خان خواجہ سرا جیسا تمہیں

(۱۰) خط ختم کرتے ہوئے جوہر کو لکھتے ہیں: تمھارے
باپ رائے چھجمل صاحب سلمہ، میرے پاس بیٹھے ہیں۔
میں ان سے باتیں کر رہا ہوں اور تمھیں یہ خط لکھ
رہا ہوں۔ وہ [رائے جی]، تمھاری والدہ، بھائی اور بیوی
سب تندرست ہیں اور ہر طرح خیریت ہے، والدعا۔
[۳۴ تا ۳۷ آخر]

۳

(۱) رای جواہر سنگھ جوہر کا خط اکبرآباد [آگرے] سے
آیا تھا۔ غالب نے اس کا جواب مولانا [مولوی سراج الدین
احمد] کے خط کے ساتھ رکھ کر بھیجا کہ مولانا یہ
خط جوہر کو دے دیں۔ اس بارے میں جوہر کو
اطمینان دلاتے ہیں کہ میں تم سے ہر طرح خوش ہوں
اور یہ جو تمھارے نام کا خط مولانا کے خط کے ساتھ
رکھ کر بھیجا ہے صرف اس مقصد سے کہ مولانا کے
ساتھ جو مجھے خصوصیت اور اخلاص ہے اس کا اظہار
تم پر ہو جائے اور سمجھ لو کہ غالب اور مولوی
سراج الدین احمد ایک ہیں، تاکہ مولانا کو میری جگہ
سمجھو اور اکبر آباد میں انھیں اسی طرح اپنا سرپرست
ہمدرد جانو جیسا [دھلی میں] مجھے جانتے ہو
[۱ تا ۹]

میں درد اُٹھا تھا اور جسم پر پھوڑا نکل آیا تھا ۔ تین مہینے صاحب فراش رہا ۔ نواب امین الدین احمد خان بہادر کے مکان اور اپنی حرم‌سرا تک چل کر نہیں جا سکتا تھا ۔ اب یہ دونوں تکلیفیں دور ہوئی ہیں تو پورے بدن پر سرخ دانے نکل آئے ہیں ۔ ان میں جلن ہوتی ہے ۔ حکیم امام الدین خان کے مشورے سے فصد کھلوائی ہے اور شاہترے کا عرق پی رہا ہوں ۔ [۱۸ تا ۲۶]

(۶) اس کے بعد لکھا ہے : اس عالم میں سخن سرائی کا حوصلہ کہاں تھا ۔ ہاں ایک قصیدہ مولوی صدرالدین خان بہادر کی مدح میں کہا ہے ، چنانچہ اس کی نقل اس خط کے ساتھ مولانا [سراج الدین احمد] کی خدمت میں بھیج رہا ہوں ۔ تم یہ قصیدہ مولانا سے مستعار لے کر اپنے لئے نقل کر لینا ۔ [۲۷ تا ۳۰]

(۷) دیوان فارسی منشی نورالدین احمد کے مطبع [مطبع دارالسلام ، دہلی] میں چھپ رہا ہے ۔ طباعت قصائد تک ہو چکی ہے ۔ ایک نسخہ تمہارے لئے بھیجوں گا ۔ [۳۰ تا ۳۲]

(۸) تمہارا خط مرزا زین العابدین خان بہادر [عارف] کو دے دیا ہے ۔ [۳۲ تا ۳۳]

(۹) آخر میں بتایا ہے کہ یہ خط جمعرات کی صبح کو لکھا ہے ، ربیع الاول کی چوتھی اور مارچ کی تیرہ تاریخ ہے ۔ [۳۳ تا ۳٤]

همه وقت غالب کے پاس حاضر رهتے تھے اور یه کیفیت
تھی که غالب کی صحبت میں آنھیں گھر بار اور گھر
کے کام کاج کی بھی فکر نه رهتی تھی - اب غالب نے
لکھا هے: مولانا سراج‌الدین احمد کو میری جگه سمجھیں
بلکه میرے پاس کیا تھا، سوائے سلیقۂ شعر کے، جو
نه دنیا کے کام کا نه دین کے، مولانا سے وابستگی پیدا
کریں که علم بھی حاصل هو اور دنیوی ترقی کے ذرائع
بھی هاتھ آئیں - [۷ تا ۱۰]

(۳) جوهر نے میجر [جان جا کوب] کا حال پوچھا تھا - غالب
لکھتے هیں که میں نے آنھیں قلعه [معلی] کے دانه و
دام سے آج تک بچائے رکھا هے، اور کچھ خود بھی
اهل قلعه کی روش دیکھ کر آدهر سے دل برداشته
هو گئے هیں - [۱۱ تا ۱۳]

(۴) جوهر نے خیال ظاهر کیا تھا که بزم‌سخن آراسته
رهتی هوگی، طرحیں دی جاتی هوں گی اور میجر صاحب
اور [نواب] محمد ضیاالدین احمد خان بہادر غزلیں کہتے
هوں گے- غالب نے لکھا هے که یہاں آج کل سخن سرائی
کا قطعاً کوئی سلسله نہیں - میجر صاحب اب یہاں
[بلیماران میں] ٹھہرے هوئے نہیں، یہاں سے کوٹھی
فیض طلب خان [فیض‌بازار، دریا گنج] چلے گئے هیں، جو
اُنهوں نے کرائے پر لے لی هے- وهیں رهتے هیں -
[۱۳ تا ۱۹]

(۵) غالب جوهر کو اپنے بارے میں لکھتے هیں: جس دن
سے تم گئے هو میں برابر بیمار چلا آتا هوں - شامک

تلخیص

مکاتبات باغ دو در بزبان اردو

یاد داشت :

خط کے مضامین کا ترتیبی شمارہ قوسین میں اور عبارت کے درمیان ہماری طرف سے توضیحات قلابین میں درج ہیں۔ اسی طرح ہر مضمون کے آخر میں خط کی سطور کا حوالہ بھی قلابین میں ہے۔

خطوط بنام منشی جواہر سنگھ جوہر

خط : ۱

(۱) جواہر سنگھ جوہر نے [اکبر آباد سے] غالب کے خط کا جواب تأخیر سے دیا تھا۔ غالب کو اور جوہر کے والد [رائے چھجمل کھتری] کو [جو دہلی میں ہیں] تشویش رہی تھی۔ [۱ تا ۴]

(۲) غالب نے جوہر کو مولانا [سراج الدین احمد اکبر آبادی] سے وابستہ رہنے کی ہدایت کی تھی اور اُن سے جوہر کی سفارش کی تھی، لیکن [جوہر کے خط سے] غالب کو اندازہ ہوا کہ وہ مولانا کے پاس بہت کم جاتے ہیں۔ غالب نے پھر تاکید کی ہے کہ مولانا سے متوسل رہیں اور اُن کی خدمت میں حاضر رہ کر علم بھی حاصل کریں اور زندگی کی تربیت بھی، تاکہ اُن کی سرپرستی ترقی درجات کا ذریعہ بن سکے۔ جوہر جب تک دہلی میں تھے

ترتیب

باغ دو در کے خطوط کی اہمیت کی بنا پر اُن کے
مضامین کی ترتیبی تلخیص کو، جو اردو میں پیش کی
جا رہی ہے، اس تحقیق نامے میں مقدم رکھا گیا ہے۔
اس کے بعد منظومات پر اور پھر منثورات پر تحقیقی تبصرے
اور اشارات ہیں۔

عابدی

تحقیق نامہ

باغ دو در

تالیف

سید وزیرالحسن عابدی

۱۷٤ : ۷ : ۹	جنبانید	جنباند
۱۷۹ :۱۰: ۱۲	از انجام	انجام
۱۸۰ :۱۰: ۱۸	میکنند	میکند
۱۸۲ :۱۲: ۵	حرون	حزون
۱۹۰ : بنام قطب الدوله بهادر : ۲۱	ذیقعده	ذیقعد
۱۹۱ : ۲ : ۱۱	انگلیسیه	انگلسیه
۱۹۱ : ۲ : ۲۵	بالجمله	باالجمله
۱۹۷ : بنام منشی هیرا سنگه: ۲	سلام و آرزوی	سلام آرزوی

فائت فهرست خطا و صواب

صفحه: شمارهٔ نثر: سطر	نادرست	درست
۹٦ : ۱ : ٤٤	دانسان	بدانسان
۱۲۰ : ٤ : ۱۲	بژوهش	پژوهش
۱۳۳ : به‌مهد فضل الله خان: ۱۱	روشن	روشنی
۱٤۲ : ۲ : ۲۱	رانم	بدانم
۱٦۸ : بنام جانی: ۲٤	اینان	واینان
۱۷۹ : ۸ : ٤	چهارم	چارم

١٣٣: به‌مهدفضل الله خان: ١١	روشنی	روشنی
١٤١: بنام‌مولوی‌رجب علیخان: ١٥	بست‌وششم	بست ششم
١٤١: ،، : ٣٣	خواستیم	خواستم
١٤٢: ٢ : ١٧	هر	بر
١٤٢: ٢ : ١٧	بشگفتی	شگفتی
١٤٣: ١ : ٤	پیشن	پیش
١٤٣: ١ : ٥	برات	برآت
١٤٤: ١ : ٢٩	وخواهم	خواهم
١٤٦: ٢ : ٢٩	جریده‌نوی	جریده‌رازنوی
١٤٧: ٣ : ٣٤	پیش	پیش]
١٤٩: ٤ : ٢٠	ششن(کذا)	ششن
١٥٠: ٥ : ١	ناگه	ناگهه
١٥٢: ٥ : ٤	نگزاردم‌شرمسارم	نگزاردم‌وشرمسارم
١٥٢: ٦ : ١١	بالفضل	باالفضل
١٥٣: ٦ : ١٥	سوم	سیوم
١٥٦: ٢ : ٨	برد	مبرو
١٦٦: ١٠ : ٤	دستنبو	دستنبوی
١٦٨: بنام‌جانی‌بانکے لال: ٥	نبازد	بنازد
١٧٠: ٢ : ٣	بجائی	بجای
١٧٤: ٧ : ٣	،،	،،
١٧٤: ٧ : ٢	نویسیم	نویسم
١٧٤: ٧ : ٥	پادشاه	پادشه

فائت پاورقی‌های متن باغ دو در
درچاپ حاضر

صفحه:منظومه:بیت	تصحیح ما	دراصل
۳۰ : ٤۵ : ۲	شد	شده
صفحه: نثر:سطر		
٩٤ : ١ : ٩	پامزد	پامژد
٩٦ : ” : ٤۵	آینه	آئینه
٩٩ : ۲ : ۲۰	ناشناسان	ناشناسا
١٠٠ : ۲ : ٤٦	گنه	گنهه
١٠٠ : ۲ : ٤٨	آذر	آدر
١٠٠ : ۲ : ۵١	سوی	سومی
١٠٨ : ۵ : ۳	امان	آمان
١١٠ : ٦ : ١۳	ذکراست	دکراسمه
١١٠ : ٦ : ١٤	به	بهه
١١۲ : ٧ : ٨	بستایشگری	ستایسنگری
١۲۵ : ٦ : ١٩	انگلیسیان	انگلستان
١۲٧ : ٨ : ١۵	دومین	دویمین
١۲٨ : ٨ : ١٩	سوم	سیوم
١۳٠ : ١١ : ١۵	درج کنید	درج کنند
١۳٠ : ١١ : ١۵	برنگارید	برنگارند

۱۹۵ : ایضاً : ۳۷	کارویار	کاربار
۱۹۶ : ایضاً : ۳۹	اگر	که اگر
۱۹۶ : ایضاً : ۴۴	نا	تا
۱۹۶ : ایضاً : ۴۵	فرمائند	فرمائید
۱۹۶ : ایضاً : ۴۶	نومبر	نوامبر
۱۹۷ :بنام‌دوستی:۱۸	همان	رسیدن همان
۱۹۷ : ایضاً : ۲۱	وقد	وچه قدر
۱۹۷ : بنام منشی	بیگناه‌وروسیاه	بیگنـــاه روسیـــاه
	و عذرخواه	عذرخواهٌ

هیراسنگھ‌صاحب : ۶

۱۹۸ : خاتمه کاتب : ۳	قلرو	قلمرو
۱۹۸ : ایضاً : ۵	اسد الله	میرزا اسد الله
۱۹۸ : ایضاً : ۶	گندی	گندهی
شمارهٔ صفحه :	۱۸۹	۱۹۱
,,	۱۹۰	۱۹۲
,,	۱۹۱	۱۸۹
,,	۱۹۲	۱۹۰

۱۷۹ : ۹ : ۳۳	۱۲٤۵	۱۲٦۵
۱۸۰ : ۱۰ : ۱۸	خود	کارخود
۱۸۰ : ۱۰ : ۱۹	دانش دانش	دانش
۱۸۰ : ۱۰ : ۲۳	قطعهٔ را	و قطعه را
۱۸۰ : ۱۰ : ۲۸	بخایش	بخشایش
۱۸۰ : ۱۰ : ۲۹	ینگرند	ننگرند
۱۸۳ : ۱۲ : ۲۹	بذل وتفقد	بذل تفقد
۱۸۳ : ۱۲ : ۳۵	منشی	منشی بهد
۱۸۵ : ۱۳ : ۲۰	صله	صلهٔ خود

صفحه : نثر : سطر	نادرست	درست
۱۸۸ : ۱۳ : ۱۰	فرارسیده	وارسیده و فرار
۱۸۹ : ۱۳ : ۱۱۸	زادراه	بقدر زاد راه
۱۹۰ : خط بنام قطب الدوله بهادر : ۱۰	ناخواست معدن	ناخواسته
۱۹۰ : عنوان: ۲۲	٤	۲
۱۹۰ : ۲ : ٦	بجای	بجا
۱۹۱ : ۲ : ۲۷	تفقد	به تفقد
۱۹۲ : نامه بنام نامی شاه صاحب : ۱	(مصراع اول بیت باید مصراع [illegible] باشد)	
۱۹۵ : نامه بنام نامی نوروز علیخان بهادر: ۳۰	میپیمودم	پیمودم
۱۹۵ : ایضاً : ۳۲	آموختی	آموختمی
۱۹۵ : ایضاً : ۳٤	سخن	سخنم

۱۵۷ : ۳ : ۱۱	غزل	غزلی
۱۵۷ : ۳ : ۱۶	و خلوت	خلوت
۱۵۸ : ۳ : ۱۷	راهرانست	رهروانست
۱۵۸ : ۳ : ۱۸	فرمان	و فرمان
۱۵۸ : ۳ : ۳۳	باگویم	باشماگویم
۱۵۹ : ۳ : ۳۷	نومبر	نوامبر
۱۵۹ : ٤ : ۸	ملازمان	بوکه ملازمان
۱٦۰ : ٤ : ۱۷	کمتر	و کمتر
۱٦۰ : ٤ : ۱۸	جوازجامی	جواز
۱٦۰ : ٤ : ۱۹	تسویه	جامی تسویه
۱٦۰ : ٤ : ۲۳	و چشم	چشم
۱٦۳ : ٦ : ۹	نامهٔ،دیگر	نامهٔ دیگر
۱٦۳ : ٦ : ۱٤	میدهیم	میدهم
۱٦۸ : خط بنام جانی بانکے لال		
وکیل راج بهرتپور : ۱۵	پا	پای
۱٦۸ : ایضاً : ۲٤	واینان	واپنان
۱٦۹ : ایضاً : ۳٦	وانجام	انجام
۱۷۲ : ٤ : ۲۷	منحصر	منحصراست
۱۷۳ : ۵ : ۸	مهر شما	بهرشما
۱۷٤ : ۷ : ٤	رسیدند	رسیدید
۱۷۵ : ۷ : ۱۸	غمگین	غمین
۱۷۵ : ۷ : ۲۳	نمانده‌است	نمانده
۱۷۵ : ۷ : ۲۷	اندیشیده‌اید	اندیشیده باشید
۱۷۵ : ۷ : آخرین سطر	کشایش	کشاکش
۱۷٦ : ۸ : ۱۲	درین	درین

۱٤٤ : ۱ : ۳٤	اسدالله	از اسد الله
۱٤۵ : ۲ : ۳	میزد	میزند
۱٤۵ : ۲ : ٤	آن	پاسخ آن
ایضاً	هم	وهم
۱٤۵ : ۲ : ۷	افتاده	افتاد
۱٤۵ : ۲ : ۲۵	مولوی	حضرت مولوی
۱٤۷ : ۳ : ۲۵	کم‌وبیش	کما بیش
۱٤۷ : ۳ : ۳۲	نه‌نپسندم	نپسندم
۱٤۸ : ٤ : ۱۰	پیداست	وپیداست
۱٤۸ : ٤ : ۱۱	زد.	زد
۱٤۹ : ٤ : ۱۵	اندیشیده‌ام	این‌اندیشیده‌ام
۱۵۰ : ۵ : ۱۵	بن	بن
۱۵۲ : ٦ : ۲	راهرو	رهرو
۱۵۲ : ٦ : ۱۰	نه‌هفت‌اختر	ونه‌هفت‌اختر
۱۵۲ : ٦ : ۱۱	بالفضل	وبالفضل
۱۵۲ : ٦ : ۱۲	رابه	را
۱۵۳ : ٦ : ۱۸	آن	این
۱۵٤	ایضاً : ۶	ایضاً : ۷
۱۵۵ : خطوط‌بنام‌منشی		
هرگوپال تفته: ٤	لاچرم	لاجرم
۱۵۵ : ایضاً: ۵	هرق	عرق
۱۵٦ : ۲ : ۸	برد	مبرو
۱۵٦ : ۲ : ۲٦	ڈاک	به‌ڈاک[روان]
۱۵۷ : ۲ : ۲۸	گفتی	گفتنی

صفحہ : کالم : سطر	غلط	صحیح
۱۳۷ : ۲ : ۱۵	ای ندیم هان بنگر	هان ای ندیم بنگر که
۱۳۷ : ۲ : ۱۷	در پیری من	در پیری من و برنائی خویش به بزمستان سخن گستری
۱۳۷ : خطبنام جان جاکوب صاحب: ۱	فرخنده خو	فرخنده خوی
ایضاً	بست و هشتم	بست هشتم
۱۳۸ : ایضاً: ۸	آنبست	اینست
۱۳۹ : میر ولایت علی المخاطب به مشرف الدوله بهادر: ۳	آفتاب	فرتاب
۱٤۰ : بنام مولوی رجب علی خان: ۳	حالی	فالی
۱٤۰ : ایضاً: ۱	این	آری این
ایضاً	ان	بدان
۱٤۱ : ایضاً: ۱۳	بخانه	بخامه
۱٤۱ : ایضاً: ۳۵	۱۲۱۸ء	۱۸٤۸
۱٤۲ : ۲ : ۱٦	زر	نذر
۱٤۲ : ۲ : ۲۰	مکافات	بمکافات
۱٤۳ : ۱ : ۲	امیدافزائی	امیدفزائی
۱٤۳ : ۱ : ۷	بیرنگه	بیرنگ
۱٤٤ : ۱ : ۱۷	یس	پس
۱٤٤ : ۱ : ۲۹	دوراندیشی	در اندیشه
ایضاً	و خواهم	خواهم
۱٤٤ : ۱ : ۳۲	حسین	حسین صاحب

۱۲٦ : ۷ : ۳	نیشته	نبشته
۱۲٦ : ۷ : ٤	رسد	رسید
۱۲٦ : ۷ : ۱۲	پیچیده	پیچیدم
۱۲۷ : ۷ : ۱٤	پدیه	پدید
۱۲۷ : ۸ : ۷	التحیهٔ	التحیة
ایضاً	زمده	زبده
۱۲۷ : ۸ : ۸	رسید	رسد
۱۲۸ : ۸ : ۱۰	سپاس	سپاس عطیه
۱۲۷ : ۸ : ۱۱	عزیز	عزیز تو
۱۲۷ : ۸ : ۱۵	چند	چند بنام
۱۲۸ : ۸ : ۱۸	نامه	نامهٔ شما
۱۲۸ : ۸ : ۲۰	میداند	میدادند.
۱۲۸ : ۸ : ۲٦	برسد	برسند
۱۳۱ : ۱۲ : ۱۹	این را	این رای را
۱۳۱ : ۱۳ : ٦	مینویسید	مینویسی
۱۳۱ : ۱۳ : ۱۰	سفینه	این سفینه
۱۳۲ : بنام رای چهجمل		
کهتری : ۱	چومنیّ	چون منی
۱۳۲ : ایضاً : ۱٤	آورند	آرند
۱۳۵ : بنام منشی نبی بخش		
مرحوم: ۲۲	خزانه در تست	در خزانهٔ تست
۱۳۵ : ۱ : ۲	سخن	سخن من
۱۳۵ : ۱ : ۵	بائی	بهای
۱۳۷ : ۲ : ۵	پیدائی	بهدائی

۱۱۷ : ۳ : ۲۲	خان	خان‌بهادر
۱۱۷ : ۳ : ۲٦	سلام من	سلام
۱۱۷ : ۳ : ۳٦	ع	بیت
۱۱۸ : ۳ : ٤٦	فرو آمدن	فرود آمدن
۱۱۸ : ۳ : ۵۸	دامن	دامان
ایضاً	این	این بزرگوار
۱۱۹ : ۳ : ۷۱	که	که من
۱۲۱ : ٤ : ۲٦	ردآمد	در آمد
۱۲۱ : ٤ : ۲۷	بوی	وی
۱۲۱ : ٤ : ٤۳	وای	وای که
۱۲۲ : ٤ : ۵۵	بشمار	بشما
۱۲۲ : ٤ : ۵٦	حمدومدح و نعت	حمد و نعت و مدح شاه و ثنا
۱۲۳ : ۵ : ۱۲	منت پذیری	منت پذیری های
۱۲۳ : ۵ : ۲۰	خس	خسی
۱۲۳ : ۵ : ۲٤	میکش	میکش
۱۲٤ : ۵ : ۲۵	میفوستد	میفرستد
۱۲٤ : ۵ : ۲۸	آن	وآن
۱۲٤ : ۵ : ۲۹	شهزاده	شهزاده که
۱۲۵ : ٦ : ۳	داشه	داشته
۱۲۵ : ٦ : ۱۳	من	متن
۱۲۵ : ٦ : ۱۷	بهر	از بهر
۱۲٦ : ٦ : ۲٤	درازده	دوازده
۱۲٦ : ۷ : ۲	به	به

٩٩ : ٢ : ٣٥	لغات	لغت
ایضاً	ننگاشته	ننگاشته اند
١٠٠ : ٢ : ٤٦	کات	کاست
١٠٠ : ٢ : ٤٧	داری	دارای
١٠٠ : ٢ : ٥٣	و نبشین ببین	بنشین و ببین
١٠٠ : ٢ : ٦٠،٦١	سخندان‌خرد‌راستی جوی	سخندان راستی جو
١٠١ : ٢ : ٦٦	داده	داده اند
ایضاً	آوردهٔ	فراز آوردهٔ
١٠٣ : ٣ : ١٦	با	یا
١٠٨ : ٥ : ٤	آوردند	آورند
١٠٩ : ٦ : ٥	یاشی	یابش
١٠٩ : ٦ : حاشیه	ارزد	آرزو
١١٠ : ٦ : ١٤	سخن	سخنی
١١٠ : ٦ : ١٨	آموزگا است	آموزگار است
١١٠ : ٦ : ١٩	علی	علی خان
١١٢ : ٧ : ٣	گفقار	گفتار
١١٢ : ٧ : ٥	اسم ـ	اسم سامی
١١٢ : ٧ : ١٢	یاد	باد. فقط
١١٤ : ١ : ٣٧	زن	زن شما
١١٥ : ٢ : ٧	سراج‌دین	سراج‌الدین
١١٥ : ٢ : ٢٢	خواهیم	خواهم
١١٦ : ٢ : ٢٤	سرای از	سرای را از
١١٦ : ٣ : ٦	دولاب	به دولاب
١١٦ : ٣ : ٩	بر برگ	به برگ

۷۶	۵	*(بیت ۹)	هراناری راکه افشاریم از وی خون چکد هر نهالی را که بنشانیم دل بار آورد
۷۹	۸	غزل:۷	غزل:۸
۷۹	" ۷	بزم باغ	بزم و باغ
۸۰	۱۰ ۷	رازق	رزاق
۹۲	حاشیه ۳	طبیب	طبیب

منثورات

صفحه : نثر:سطر	نادرست	درست
۹٤ : ۱ : ٤	نه	ونه
۹۵ : ۱ : ۱٤	هفتادوسه	هفتادسه
۹۵ : ۱ : ۱۷	کوتا	کوتاه
۹۵ : ۱ : ۱۹	سودائی	سوادی
۹۵ : ۱ : ۳۳	زاید	زایده
۹۵ : ۱ : ۳٤	روی‌دست‌تازی	نقدروی دست پای عربی وکاف تازی
۹۵ : ۱ : ۳۵	مشهدی	مشهد
۹۶ : ۱ : ٤۹	مجموعه	مجموع
۹۶ : ۱ : ۵۵	چشم	اما چشم
۹۶ : ۱ : ۵۷	سر	که سر
۹۷ : ۱ : حاشیه	۵۵	۶۰
۹۸ : ۲ : ۱۶	هر که	هر در که
۹۹ : ۲ : ۲۹	منم که	منم

صفحه	منظومه	بیت	نادرست	درست
۵۸	قصیده:۴	۸	ملک	فلک
۵۹	,,	۱۵	بدین خرام بدین قامتت بدین رفتار(نادرست) بدین خرام و بدین قامت و بدین رفتار (درست)	
,,	,,	۱۶	فانی	جانی
,,	,,	۲۲	زنده دلان	زنده دل‌آن
۶۰	,,	۲۴	رفت آن	رفت و آن
۶۰	,,	*(بیت ۲۷)	من‌آن کسم که زافراط ورزش‌اخلاص نه‌غیبت‌است مرادعوی‌دوام حضور	
		*(بیت ۲۸)	توئی‌رحیم دل و من سقیم دوری‌به مباد رنجه شوی از نظارهٔ رنجور	
۶۱	قصیده:۵	۱	بختیاری	بختیارک
,,	,,	*(بیت ۷)	بمهر روی نو گردیدم آفتاب پرست نه ایرجم که‌عبث‌تن‌دهم‌بدین‌خواری	
		*(بیت ۸)	سپس بمذهب تورج که بود ماه پرست ترا پرستم‌ازین‌رو که ماه رخساری	
۶۲	,,	,, ۱۵	خوب	چوب
۷۰	,,	۷ ۲۶	صلهٔ گرنفرستی	صله گرمی‌نفرستی
۷۲	غزل:۱	۵	شد نشین	شه نشان
۷۴	۳	۱۱	بر	برد
,,	,,	۱۳	بهر	بحر

صفحه	منظومه	بیت	نادرست	درست
۲۲	۲۸	۱۰	قعطه:۲۸	قطعه:۲۸
۲۳	۳۰	٤	تفتهٔ اسد الله	تفته‌جان اسد الله
۲٤	۳۰	۱٤	پوت	پوٹ
۲۸	۳۸	۱	باما	بابا
۳۱	٤۵	۹	بود	بدی
۳٤	ترکیب بند	*(بیت ۲۱)	آه‌ازین‌خانه که‌روشن‌نه‌شود‌درشب‌تار جز‌بدان‌خواب که‌درچشم‌نگهبان‌سوزد	
۳٦	ترکیب بند	٤۷	مرگ عزادار	مرگ، عزادار
٤۰	ترجیع بند	٤	رابطه	رابطهٔ
٤۳	مثنوی:۱	۸	پیری	پیر
,,	,,	ع	یافث	یافت
٤۷	قصیده:۱	٤	برین	بدین
٤۸	,,	۱٦	خواهد	خواهم
٤۹	,,	۲۱	گوم	گویم
